# آپ کے مسائل

## اور اُن کا حل



جلد نہم

ڈارون کا نظریہ اور اسلام، اعضاء کی پیوند کاری، خودکشی سے بچانے کے لئے تین طلاق کا حکم، کمیٹی لاٹری کی صورت میں رشوت کا حکم، القرآن ریسرچ سینٹر کا شرعی حکم وغیرہ۔

حضرت مولانا
محمد یوسف لدھیانوی
شہید رحمۃ اللہ علیہ

# آپ کے مسائل

اور

# اُن کا حل

جلد، نہم

مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مکتبہ لدھیانوی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں!

حکومت پاکستان کاپی رائٹس رجسٹریشن نمبر ۱۱۷۲۴

قانونی مشیر اعزازی : --------- حشمت علی حبیب ایڈووکیٹ

اشاعت : ---------------- نومبر ۱۹۹۹ء

قیمت : ------------------

ناشر: ---------------- مکتبہ لدھیانوی

18- سلام کتب مارکیٹ، بنوری ٹاؤن کراچی

برائے رابطہ: ------------ جامع مسجد باب رحمت

پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ، کراچی

فون: 7780337-7780340

# پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ:

مرشد العلما حکیم العصر شیخ کامل مرشدی و مولائی مخدومی نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی زادہ اللہ شرفا نے اقراْ اسلامی صفحہ میں "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کے نام سے جو فقہی مسائل کا سلسلہ شروع فرمایا تھا، آج دنیا بھر کے مسلمان حضرت اقدس دامت برکاتہم کے اس روحانی سلسلے سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔

الحمد للہ اس سلسلے کی نویں جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے جس میں

ڈارون کا نظریہ اور اسلام، سائنس دانوں کے الحاد کے اسباب، مذہب اور سائنس میں فرق، خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت، ائمہ اربعہ کے حق پر ہونے کا مطلب، اکابر دیوبند کا مسلک، مسئلہ حاضر و ناظر، اعضا کی پیوند کاری، مسئلہ تقدیر کی وضاحت، رافضی پروپیگنڈا، خودکشی سے بچانے کے لئے تین طلاق کا حکم، تجارتی کمپنیوں میں پھنسی ہوئی رقوم پر زکوۃ کا حکم، پرائز بانڈ کی پرچیوں کا حکم، پوسٹمارٹم کی شرعی حیثیت، کنٹیکٹ لینز کی صورت میں وضو کا حکم، القرآن ریسرچ سینٹر کا شرعی حکم، غیبت اور حقیقت واقعہ، ٹی وی ایک

اصلاحی ذریعہ، اسلام شعائر کی توہین، خیالات فاسدہ اور نظر بد کا علاج، حقوق والدین یا اطاعت امیر، جیسے اہم موضوعات شامل ہیں۔

اس کتاب کی تدوین و ترتیب کے سلسلے میں حضرت اقدس کے معاون ورفیق مولانا سعید احمد جلال پوری صاحب، مولانا محمد نعیم امجد، برادرم عبداللطیف طاہر، برادرم مولانا محمد طیب لدھیانوی، برادرم عتیق الرحمٰن لدھیانوی نے جو محنت وکاوشیں کیں اللہ تعالیٰ ان کا بیش بہا بدل عطا فرمائے۔

رب العزت سے امید واثق ہے کہ یہ کتاب انشاء اللہ حضرت اقدس دامت برکاتہم کے ساتھ مندرجہ بالا احباب اور جناب میر خلیل الرحمٰن مرحوم، میر جاوید الرحمٰن، میر شکیل الرحمٰن اور ان کی والدہ محترمہ کے علاوہ ان تمام حضرات کے لئے صدقہ جاریہ ہوگی جو اس میں کسی بھی حد تک شریک سفر رہے اور تمام قارئین کے لئے علمی ذخیرہ ہوگی۔

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔

خاکپائے حضرت اقدس

محمد جمیل خان

نائب مدیر "اقرا روضۃ الاطفال

# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| آنحضرت ﷺ کا معجزہ رد شمس | ۹ |
| اکابرؒ دیوبند کا مسلک | ۱۴ |
| سائنس دانوں کے الحاد کے اسباب | ۱۸ |
| خواب میں زیارت نبوی ﷺ | ۳۲ |
| مذہب اور سائنس میں فرق | ۴۶ |
| مسئلہ حاضر وناظر اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ | ۶۶ |
| ڈارون کا نظریہ ارتقا اور اسلام | ۸۲ |
| ائمہ اربعہؒ کے حق پر ہونے کا مطلب | ۱۱۶ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| انبیاکرامؑ کے فضلات کی پاکی کامسئلہ | ۱۲۶ |
| فیض الباری اور رافضی پروپیگنڈا | ۱۳۷ |
| مسئلہ تقدیر کی مزید وضاحت | ۱۴۷ |
| فقہ حنفی کی چند نصوص کی صحیح تعبیر | ۱۵۶ |
| انسانی اعضا کی پیوند کاری اور خون کامسئلہ | ۱۶۷ |
| انسانی اعضا کی حرمت | ۱۷۷ |
| کیانو سال کی عمر میں کوئی لڑکی بالغ ہو سکتی ہے ؟ | ۱۸۱ |
| پہلی بیوی کو خودکشی سے بچانے کے لئے تین طلاق کا حکم | ۱۸۵ |
| ہوٹلوں میں مرغی کا گوشت | ۲۲۰ |
| تجارتی کمپنیوں میں پھنسی ہوئی رقوم پر زکوۃ کا حکم | ۲۲۱ |
| جائیداد میں حصہ | ۲۲۷ |
| پرائزبانڈ کی پرچیوں کی خریدوفروخت | ۲۲۷ |
| سر کا صدقہ | ۲۲۸ |
| مشروبات پر دم کرنا | ۲۲۹ |
| ماشاء اللہ انگریزی میں لکھنا | ۲۲۹ |
| جو تانہ پہننے کی منت ماننادرست نہیں | ۲۳۰ |
| یتیم بچوں کی پرورش کا حق | ۲۳۱ |
| پوسٹ مارٹم کی شرعی حیثیت | ۲۳۳ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| جھوٹے حلف نامے کا کفارہ | ۲۳۴ |
| مسجد سے قرآن گھر لے جانے کا حکم | ۲۳۶ |
| گٹر کے ڈھکن کے نیچے اخبار لگانا | ۲۳۶ |
| تاریخی روایات کی شرعی حیثیت | ۲۳۷ |
| غیر مسلموں کا مساجد میں سیر و معائنہ کے لئے داخلہ | ۲۳۹ |
| کیا یونین کے غلط حلف کو توڑنا جائز ہے؟ | ۲۴۰ |
| کنٹیکٹ لینز کی صورت میں وضو کے مسائل | ۲۴۲ |
| شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ ہو گیا | ۲۴۳ |
| چار شادیوں پر پابندی اور مساوات کا مطالبہ | ۲۴۴ |
| مذہب سے باغی ذہن والے کا خواب اور اس کی تعبیر | ۲۴۷ |
| کیا میں زندگی میں وصیت کر سکتا ہوں؟ | ۲۵۰ |
| کمپیوٹر اور انٹرنیٹ پر کام کرنے کا حکم | ۲۵۳ |
| عیسائی عورت سے نکاح کا شرعی حکم | ۲۵۳ |
| قبر پر اذان دینا | ۲۵۶ |
| ترکہ میں سے شادی کے اخراجات نکالنا | ۲۵۷ |
| اردو ترجمہ پر قرآن مجید کا ثواب | ۲۵۷ |
| معاش کے لئے کفر اختیار کرنا | ۲۵۹ |
| خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں | ۲۶۰ |

| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شادیوں پر شبہات کی وضاحت | ۲۷۲ |
| صحیح بخاری پر عدم اعتماد کی تحریک | ۲۸۰ |
| حقانی صاحب کی جج تجاویز | ۲۸۷ |
| القرآن ریسرچ سینٹر تنظیم کا شرعی حکم | ۲۹۴ |
| امر بالمعروف اور نہی عن المنکر عذاب الٰہی روکنے کا ذریعہ ہے | ۳۳۰ |
| ٹی وی..... ایک اصلاحی ذریعہ | ۳۳۴ |
| سنت کے مطابق بال رکھنے کا طریقہ | ۳۳۷ |
| دین پر عمل کرنے کی راہ میں رکاوٹیں | ۳۳۹ |
| غیبت اور حقیقت واقعہ | ۳۴۰ |
| "السلام علیکم پاکستان" کہنا اسلامی شعائر کی توہین ہے | ۳۴۱ |
| بدامنی اور فسادات.... عذاب الٰہی کی ایک شکل | ۳۴۳ |
| خیالات فاسدہ اور نظر بد کا علاج | ۳۴۵ |
| والدہ کی قبر معلوم نہ ہو تو دعائے مغفرت کیسے کروں؟ | ۳۴۶ |
| وہم کا علاج کیا ہے؟ | ۳۴۷ |
| حقوق والدین یا اطاعت امیر؟ | ۳۴۸ |
| ہوائی جہاز کے عملہ کے لیے سحری وافطاری کے احکام | ۳۵۲ |
| تبلیغی جماعت پر اعتراضات کی حقیقت | ۳۵۷ |
| کیا رؤیت ہلال میں فلکیات پر اعتماد کیا جاسکتا ہے؟ | ۴۶۵ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ :

# آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ رد شمس

**سوال** :۔۔۔۔ گزشتہ دنوں ایک مولانا صاحب نے مقامی مسجد میں اتباع رسول کے موضوع پر وعظ کرتے ہوئے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے زانو پر سر رکھ کر لیٹے کہ اتنے میں انہیں نیند آگئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سوگئے ادھر عصر کا وقت ختم ہو رہا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں جگانا مناسب نہ سمجھا' انہوں نے سوچا کہ نماز تو پھر مل جائے گی مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس طرح کی قربت نہ جانے پھر نصیب ہوگی یا نہیں؟ اتنے میں سورج غروب ہوگیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کھلی تو سورج غروب ہوچکا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جاگ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ نماز پڑھنا چاہتے ہو یا قضا پڑھو گے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ قضا نہیں پڑھنا چاہتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کو حکم دیا' سورج دوبارہ نکل آیا اور حضرت علیؓ نے نماز پڑھی۔ خلاصہ کلام یہ ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی نماز تو قضا کرلی مگر زانو سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ جگایا۔

اس میں تفصیل طلب بات یہ ہے کہ آیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود نماز پڑھی یا نماز پڑھنے سے پہلے سوگئے یا دونوں نے نماز نہیں پڑھی۔ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں بیٹھے رہے اور انہوں نے نماز نہیں پڑھی' اور پھر نبی جب سوتا ہے تو غافل نہیں ہوتا' نبی کا دل جاگ رہا ہوتا ہے' بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ نبی سوجائے' اس کی اپنی نماز قضا ہوجائے یا اس کے رفیق کی؟

مولانا کی گفتگو سے مندرجہ بالا اشکالات میرے ذہن میں آئے' امید ہے کہ ان کا جواب دے کر ممنون فرمائیں گے اور بتلائیں گے کہ آیا یہ واقعہ صحیح احادیث سے ثابت ہے یا واقعہ کی حد تک ہے۔

**جواب :** ------حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے رد شمس کی حدیث امام طحاویؒ نے مشکل الآثار (ص۹ ج۲) میں حضرت اسما بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے' بہت سے حفاظ حدیث نے اس کی تصحیح فرمائی ہے' امام طحاویؒ نے اس کے رجال کی توثیق کرنے کے بعد حافظ احمد بن صالح مصریؒ کا یہ قول نقل کیا ہے :

"لاینبغی لمن کان سبیله العلم التخلف عن حفظ حدیث اسماء الذی روی لنا عنه' لانه من اجل علامات النبوة"۔

(مشکل الآثار ص۱۱ ج۲)

ترجمہ :"جو شخص علم حدیث کا راستہ اختیار کیے ہوئے ہو اسے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث کے' جو

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، یاد کرنے میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ یہ جلیل القدر معجزات نبوت میں سے ہے۔"

حافظ سیوطیؒ "اللآلی المصنوعہ" میں لکھتے ہیں :

"ومما يشهد بصحة ذالک قول الامام الشافعیؒ وغيره ما اوتی نبی معجزة الا اوتی نبينا صلی الله عليه وسلم نظيرها او ابلغ منها وقد صح ان الشمس حبست علی يوشع (عليه السلام) ليالی قاتل الجبارين فلابد ان يكون لنبينا صلی الله عليه وسلم نظير ذلک فكانت هذه القصة نظير تلک۔" (مشکل الآثار ص۳۴۱ ج۱)

ترجمہ :"اور منجملہ ان امور کے جو اس واقعہ کے صحیح ہونے کی شہادت دیتے ہیں، حضرت امام شافعیؒ اور دیگر حضرات کا یہ ارشاد ہے کہ کسی نبی کو جو معجزہ بھی دیا گیا ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی نظیر عطا کی گئی، یا اس سے بھی بڑھ کر، اور صحیح احادیث میں آچکا ہے کہ سورج حضرت یوشع علیہ السلام کے لئے روکا گیا تھا، جب کہ انہوں نے جبارین سے جہاد کیا، پس ضروری تھا کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بھی اس کی نظیر واقع ہوتی، چنانچہ یہ واقعہ حضرت یوشع علیہ السلام کے واقعہ کی نظیر ہے۔"

امام ابن جوزیؒ نے اس قصہ کو موضوعات میں شمار کیا ہے' اور حافظ ابن تیمیہؒ نے بھی "منہاج السنۃ" میں بڑی شد ومد سے اس کا انکار کیا ہے' حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں :

"وھذا ابلغ المعجزات وقد اخطا ابن الجوزی فی ایراده فی الموضوعات' وکذا ابن تیمیة فی کتاب الرد علی الروافض فی زعم وضعه۔ واللہ اعلم"۔

(ص ۲۲۲ ج ٦)

ترجمہ :"رد شمس کا یہ واقعہ حضرت یوشع علیہ السلام کے واقعہ سے بلیغ تر ہے' ابن جوزیؒ نے اس واقعہ کو موضوعات میں درج کرکے غلطی کی ہے۔ اسی طرح ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب میں جو رد روافض پر لکھی گئی' اس کو موضوع قرار دے کر غلطی کی ہے"۔

حافظ سید مرتضٰی زبیدیؒ شرح احیا میں لکھتے ہیں :

"وھذا تحامل من ابن الجوزی' وقد رد علیه الحافظان السخاوی والسیوطی' وحاله فی ادراج الاحادیث الصحیحة فی حین الموضوعات معلوم عند الائمة' وقد رد علیه وعابه کثیرون من اھل عصره ومن بعدھم کما نقله الحافظ العراقی فی اوائل نکته علی ابن الصلاح فلا نطیل بذکره' وھذا الحدیث

صححه غير واحد من الحفاظ حتى قال السيوطى ان تعدد طرقه شاهد على صحته فلا عبرة بقول ابن الجوزیؒ"۔

(اتحاف شرح احیاء ص۱۹۲ ج۷)

ترجمہ :"اس واقعہ کو موضوعات میں شمار کرنا ابن جوزیؒ کی زیادتی ہے' حافظ سخاویؒ اور حافظ سیوطیؒ نے ان پر رد کیا ہے' اور ابن جوزیؒ جس طرح صحیح احادیث کو موضوعات میں ذکر کرجاتے ہیں وہ ائمہ کو معلوم ہے' ان کی اس روش پر ان کے معاصرین نے بھی اور بعد کے حضرات نے بھی ان کی عیب چینی کی ہے' جیسا کہ حافظ عراقیؒ نے اپنی کتاب "نکت ابن صلاح" کے اوائل میں ذکر کیا ہے اور اس حدیث کو بہت سے حفاظ حدیث نے صحیح کہا ہے۔ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ اس کے طرق کا متعدد ہونا اس کی صحت پر شاہد ہے' اس لئے ابن جوزیؒ کے قول کا کوئی اعتبار نہیں۔"

بہرکیف یہ واقعہ صحیح ہے اور اس کا شمار معجزات نبویؐ میں ہوتا ہے' رہا آپ کا یہ کہنا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھ لی ہو اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہ پڑھی ہو؟ اس کا جواب خود اسی حدیث میں موجود ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام سے بھیجا تھا' جب وہ اس کام سے واپس آئے تو نماز ہوچکی تھی' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سمجھا کہ یہ نماز پڑھ چکے ہوں گے۔

اور آپ کا یہ کہنا کہ نبی سوتا ہے تو اس کا دل جاگتا ہے' پھر نماز کیسے قضا ہوسکتی تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نماز کے اوقات کا مشاہدہ کرنا دل کا کام نہیں' بلکہ آنکھوں کا کام ہے' اور نیند کی حالت میں نبی کی آنکھ سوتی ہے' دل جاگتا ہے' یہی وجہ ہے کہ لیلۃ التعریس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رفقا کی نماز فجر قضا ہوئی۔ واللہ اعلم

## اکابرؒ دیوبند کا مسلک

س... کیا فرماتے ہیں علما دین ایسے شخص کے بارے میں جو ایک مسجد کا امام ہے اور درس قرآن کریم بھی دیتا ہے' مسجد علما دیو بند کے منتسبین کی تھی اور اس امام صاحب کو بھی ایک دیو بندی ہونے کی حیثیت سے رکھا گیا تھا مگر ان کے خیالات یہ ہیں :

۱:... سورۂ یوسف کے درس میں حضرت یوسف علیہ السلام اور زلیخا کے نکاح کی بحث میں زلیخا کے متعلق کہا کہ وہ زانیہ' بدکارہ اور کافرہ تھیں' بعض شرکا درس نے جب عرض کیا کہ فلاں فلاں تفسیر میں لکھا ہے کہ نکاح ہوا تھا مثلاً معارف القرآن میں تو فرمانے لگے کہ جنھوں نے لکھا ہے وہ بھی بے ایمان لعنتی ہیں۔

۲:... تبلیغی جماعت کی سخت مخالفت کرتا ہے' جماعت کو مسجد میں ٹھہرنے نہیں دیتا ہے اور حضرت شیخ الحدیثؒ کے

متعلق کہا کہ وہ مشرک مرگیا اور گالی دے کر کہا کہ اس نے تبلیغی نصاب میں گند اور شرک بھردیا ہے، تبلیغی نصاب کی توہین کرتے ہوئے اس کو "کتابڑی" "شتابڑی" کے نام سے یاد کرتا ہے۔

۳:.... بعض اکابرین علما دیو بند مثلاً حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ، اور حضرت محدث العصر مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے بارے میں کہا کہ یہ حضرات مشرک تھے اور حالت شرک ہی میں مرے ہیں۔

۵:.... وسیلہ بالذوات الفاضلہ (مثلاً انبیا علیہم السلام اور صلحا امت) کو شرک اور کفر کہتا ہے اور جو کوئی کسی بزرگ کے وسیلہ سے دعا مانگے اس کو مشرک کہتا ہے۔

۵:.... انبیا علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات برزخی فی القبور کا انکار کرتا ہے اور قائلین حیات علما دیو بند کو مشرک کہتا ہے۔

۶:.... سماع موتی کے قائلین کو بھی مشرک کہتا ہے۔

۷:.... اپنی رائے کے متعلق کہتے ہیں کہ وہ آخری اور حتمی ہے میں کسی اور عالم حتی کہ اپنے اساتذہ تک کو بھی نہیں مانتا ہوں۔

اب اہل محلہ اشتعال میں ہیں کہ ایسے آدمی کو ہم امام نہیں رکھیں گے، اب اس سلسلے میں آپ سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:

۱ :.... کیا ایسا آدمی اہل سنت والجماعت میں سے ہے؟
۲ :.... کیا ایسا آدمی دیوبندی کہلائے گا؟
۳ :.... کیا ایسے آدمی کو مستقل امام رکھنا اور اس کے پیچھے نمازیں ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟
۴ :.... آیا وہ آدمی عامی کفر کے حکم کا مستحق ہوگا اور اس کی بیوی مطلقہ ہوگی؟

جواب : سوال میں جن صاحب کے نظریات درج کئے گئے ہیں اگر وہ واقعی ان نظریات کا حامل ہے تو یہ اہل سنت والجماعت سے خارج ہے' کیونکہ کسی مسلمان کو (خصوصاً کسی مسلّم الثبوت عالم اور بزرگ کو) بے ایمان' لعنتی اور مشرک جیسے الفاظ کے ساتھ یاد کرنا عقیدہ اہل سنت کے خلاف ہے۔ وسیلہ بالوجہ المشروع کے اہل سنت قائل ہیں' اسی طرح حیات برزخی فی القبور کو مانتے ہیں اور سماع موتیٰ صحابہؓ کے دور سے مختلف فیہ چلا آرہا ہے' اس لئے سماع موتیٰ کے قائلین کو مشرک کہنا گویا نعوذ باللہ صحابہؓ کو مشرک قرار دینا ہے۔ نعوذباللہ من الزیغ والضلال۔

الغرض اس شخص کے نظریات روافض وخوارج کا سرقہ ہے اس لئے اہل سنت سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔

۲ :.... حضرات اکابر دیوبند بھی اہل سنت ہی کا ایک مکتب فکر ہے جو کتاب وسنت پر عامل' حنفیت کا شارح' سنت کا داعی' بدعت کا ماحی' ناموس صحابہؓ کا علم بردار' حضرات اولیاء اللہ کا کفش بردار ہے' لہٰذا جو شخص اہل سنت سے منحرف ہو وہ دیوبندی نہیں ہوسکتا' اکابر دیوبند کے نظریات زیر بحث مسائل میں وہ ہیں جو "المھند علی المفند" میں ہمارے شیخ المشائخ

حضرت اقدس مولانا الحاج الحافظ الحجۃ الثقۃ الامین السیدی خلیل احمد سہارن پوری ثم مہاجر مدنی نے قلمبند فرمائے ہیں اور اس پر ہمارے تمام اکابر کے دستخط اور تصدیقات ہیں' جو شخص اس رسالہ کے مندرجات سے متفق نہیں وہ دیوبندی نہیں' ہمارے اکابر دیوبند واقعۃً اس شعر کا مصداق تھے :

در کف جام شریعت در کف سندان عشق
ہر ہوسناکے نہ داند جام وسنداں باختن

۳ :۔ چونکہ یہ شخص طائفہ منصورہ اہل سنت سے منحرف ہے اس لئے اس کی اقتدا میں نماز جائز نہیں اور یہ اس لائق نہیں کہ اس کو امام بنایا جائے' اہل محلّہ کا فرض ہے کہ اس کو امامت کے منصب سے معزول کردیں۔

۴ :.... تکفیر کے مسئلہ میں یہ ناکارہ احتیاط کرتا ہے' اس لئے اس شخص کو توبہ وانابت کا اور اہل حق سے وابستگی کا مشورہ دیتا ہے' اس شخص کا اصل مرض خود رائی ہے' جس کی طرف سوال نمبرے میں ان الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے :

"اپنی رائے کے متعلق کہتے ہیں کہ وہ آخری اور حتمی ہے' میں کسی اور عالم کو حتی کہ اپنے اساتذہ تک کو نہیں مانتا"۔

یہی خود رائی اکثر اہل علم کے ضلال وانحراف کا سبب بنتی ہے' خوارج وروافض سے لے کر دور حاضر کے کجرو لوگوں کو اسی خود رائی نے

ورطہ ضلالت میں ڈالا ہے' اس لئے جو شخص صراط مستقیم پر چلنے اور راہ ہدایت پر مرنے کا متمنی ہو اس کو لازم ہے کہ اپنی رائے پر اعتماد کرنے کے بجائے اکابر کے علم و تقویٰ پر اعتماد کرے کہ یہ حضرات علم و معرفت' فہم وبصیرت' صلاح و تقویٰ اور اتباع شریعت میں ہم سے بدرجہا فائق تھے۔ واللہ اعلم۔

## سائنس دانوں کے الحاد کے اسباب

س۔۔۔ ماہنامہ "بینات" کراچی بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ میں جناب پروفیسر مجتبیٰ کریم صاحب کا ایک مضمون سائنس کی ابتدائی معلومات پر شائع ہوا ہے' موصوف نے پہلے پیراگراف میں لکھا ہے :

> "کہا جاتا ہے کہ سائنس پڑھنے والا دہریہ ہوتا ہے' مگر یہ واقعہ نہیں ہے' سائنس کے اصولوں کو غور سے دیکھا جائے تو خداوند قدوس کے کرشموں کا اعتراف کئے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا' سائنسدانوں پر دہریہ ہونے کا الزام غلط ہے"۔

ج..... راقم الحروف کے خیال میں یہ بات جزوی طور پر تو صحیح ہے لیکن امریکہ' یورپ' روس اور کمیونسٹ ممالک کے سائنسدان اکثر و بیشتر نیم ملحد اور دہریے نظر آئیں گے۔ اس میں شک نہیں کہ سائنسی ایجادات نے عقل کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا' اور مادی سطح پر انسان کی راحت و سہولت کی وہ صورتیں وجود میں آئیں جن کا کچھ مدت پہلے تصور بھی نہیں کیا

جاسکتا تھا، مگر سائنس دان حقیقت کبریٰ تک رسائی سے محروم رہے۔ "ایٹم" کا جگر چیر کر اس کے بنیادی عناصر اور اس کی پنہاں قوت کی دریافت میں وہ ضرور کامیاب ہوئے مگر انسانیت کے اجزاء ترکیبی اور اس کی قدر وقیمت کا معمہ ان سے حل نہ ہوسکا۔ انہوں نے تمام علویات و سفلیات کے نظام ارتقا کی کڑیاں بڑی محنت سے تلاش کیں، مگر خود انسان کی معراج ارتقا اور اس کا مبدأ و منتہیٰ کیا ہے؟ اس کا جواب ان سے نہ بن پڑا، وہ کائنات کی ایک ایک چیز کے اوصاف و خواص کو ڈھونڈتے پھرے، مگر انسانیت کے اخلاق واقدار، اور اس کے بننے اور بگڑنے کے اسباب کی جستجو سے وہ ہمیشہ عاجز رہے۔ انہوں نے مختلف اعراض وجواہر کی پیمائش کے مختلف آلات ایجاد کیۓ، مگر پیمائش انسانیت کا پیمانہ ان کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا۔ انہوں نے بڑی حساس خورد بینوں کے ذریعہ چھوٹے سے چھوٹے جراثیم تک دیکھ ڈالے، مگر انہیں "خود شناسی" کی کوئی خوردبین میسر نہ آئی، جس سے انہیں خود اپنے نفس کا کوئی جرثومہ نظر آتا، الغرض سائنس کی ترقی نے ایک دنیا بدل کر رکھ دی، مگر افسوس کہ مشرق ومغرب کے ملحد سائنس دان "خدا شناسی" اور "انسان شناسی" کی دولت سے تہی دامن ہی رہے۔ بلاشبہ ایسا نہیں ہونا چاہئے تھا، مگر ہوا، اور سب کے سامنے ہو رہا ہے، ایسا کیوں ہوا؟ آیئے اس "کیوں" کا جواب کسی "خضر راہ" سے دریافت کریں۔ حضرت موسیٰ وخضر (علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام) کا جو قصہ قرآن مجید میں ذکر کیا گیا اسی قصہ میں حضرت خضر علیہ السلام کا ایک ایسا فقرہ صحیح بخاری کی حدیث میں مروی ہے جس سے یہ عقدہ حل ہوجاتا ہے، یعنی موسیٰ علیہ السلام نے جب طالب علمانہ حیثیت میں حضرت خضر علیہ

السلام کی رفاقت کی درخواست کی تو اس کے جواب میں حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا :

"یا موسیٰ انی علی علم من علم اللّٰہ علمنیہ لاتعلمہ انت' وانت علی علم من اللّٰہ علمک اللّٰہ' لااعلمہ"

(صحیح بخاری ص ۶۸۸ ج ۲)

ترجمہ :"اے موسیٰ! میں اللہ کی جانب سے (عطا کردہ) ایک ایسے علم پر ہوں' جس کو آپ نہیں جانتے اور آپ اللہ کی جانب سے (عطا شدہ) ایک ایسے علم پر (حاوی) ہیں جس کو میں نہیں جانتا"۔

اور دوسری روایت میں اس کے بجائے یہ الفاظ ہیں :

"اما یکفیک ان التوراۃ بیدیک؟ وان الوحی یاتیک' یا موسی ان لی علما لاانبغی لک ان تعلمہ وان لک علما لاینبغی لی ان اعلمہ"

(ص ۶۸۹ ج ۲)

ترجمہ :"کیا آپ کو اتنا کافی نہیں کہ آپ کے ہاتھوں میں تورات موجود ہے نیز آپ کے پاس وحی آتی ہے؟ اے موسیٰ! میرے پاس جو علم ہے اس کا سیکھنا آپ کے شایان شان نہیں' اور آپ کے پاس جو علم ہے اس پر حاوی ہو جانا میرے بس کی بات نہیں"۔

حضرت خضر علیہ السلام کے اس حکیمانہ فقرے میں جو کچھ سمجھایا گیا' اس کی تشریح کے لئے مندرجہ ذیل نکات ملحوظ رکھے جائیں :

۱ : ------- حق تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کو دو قسم کے علم عطا کئے گئے ہیں' ایک کائنات کے اسرار و رموز' اشیاء کے اوصاف و خواص اور فوائد و نقصانات کا علم جسے "علم کائنات" یا "تکوینی علم" کہا جاتا ہے' تمام انسانی علوم اور ان کے سینکڑوں شعبے اسی "علم کائنات" کی شاخیں ہیں مگر معلومات خداوندی کے مقابلہ میں انسان کا یہ کائناتی علم سمندر کے مقابلہ میں ایک قطرہ کی اور پہاڑ کے مقابلہ میں ایک ذرہ کی نسبت بھی نہیں رکھتا۔ اور دوسرا وہ علم جو خالق کائنات کی ذات و صفات' اس کی مرضیات و نامرضیات اور انسان کی سعادت و شقاوت کی نشاندہی کرتا ہے' اسے "علم الشرائع" یا "تشریعی علوم" سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

۲ : ------- یہ دونوں علم حق تعالیٰ شانہ کی جانب سے ہی بندوں کو عطا کئے جاتے ہیں' مگر دونوں کے ذرائع الگ الگ ہیں' قسم اول کے لئے احساس' عقل' تجربہ اور فہم و فراست عطا کئے گئے ہیں اور جہاں انسانی عقل و خرد کی رسائی نہیں ہو سکتی وہاں وحی اور الہام سے اس کی راہنمائی کی جاتی ہے' چنانچہ انسان کی دنیوی زندگی سے متعلقہ تمام علوم کے مبادیات وحی الہام کے ذریعہ سکھائے گئے۔ "وعلم آدم الاسماء کلھا"۔ مزید برآں انسان کی فطرت میں عقلی و تجرباتی علوم میں ترقی کی وافر استعداد رکھی گئی۔ اسی علم کا ایک شعبہ حضرت خضر علیہ السلام کو وہبی طور پر عطا کیا گیا۔ اور خالق کائنات کی ذات وصفات کی معرفت اور اس کی مرضیات و نامرضیات کی

پہچان چونکہ انسانی ادراک سے بالاتر تھی' بنابریں اس کا مدار محض عقل و تجربہ پر نہیں رکھا گیا بلکہ اس کی تعلیم کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کا ایک مستقل سلسلہ جاری کیا گیا۔ جس کی ابتداء آدم علیہ السلام سے ہوئی اور انتہا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوئی۔ حضرات انبیاء علیہم السلام کو معرفت ذات وصفات' مبدا و معاد' سعادت و شقاوت' فضائل ورذائل' عذاب وثواب کی تفصیلات سے بذریعہ وحی مطلع کیا گیا۔ ان کے سامنے حق تعالیٰ تک پہنچنے کا صاف ستھرا راستہ کھولا گیا' ان کو اس صراط مستقیم کی دعوت پر مامور کیا گیا' اور ان حضرات کو اولاد آدم کا مقتدا بناکر پوری انسانیت کی سعادت وشقاوت کو ان کے قدموں سے وابستہ کردیا گیا یہی وہ علم تھا جو موسیٰ علیہ السلام کو عطا کیا گیا۔

۳:۔ انبیا کرام (علیہم السلام) بھی چونکہ انسانی برادری کا ایک معزز گروہ ہے اور انہیں بھی اس ناسوتی زندگی کی ضروریات بہرحال لاحق ہیں' اس لئے وہ انسان کی دنیوی حاجات سے بے خبر نہیں' نہ کسب معاش کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں' نہ اس زندگی سے متعلقہ علوم کی نفی کرتے ہیں' بلکہ بشرط ضرورت خود بھی کسب معاش کرتے ہیں۔ البتہ زندگی کی حرکت وسکون اور کسب معاش کے ہر طور وطریق پر وہ اس نقطہ نظر سے بحث کرتے ہیں کہ یہ حق تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ہے یا نہیں' اور یہ مسافر آخرت کے لئے زاد راہ ہے' یا اس کی منزل کو کھوٹا کرتا ہے؟ الغرض وہ ہر شعبہ زندگی کے متعلق ہر شخص کو ہدایات دیتے ہیں' جائز وناجائز.... بتاتے ہیں' اچھے اور برے کی نشاندہی کرتے ہیں' مگر خود کسی علم اور فن کو اپنا موضوع نہیں بناتے' بلکہ "انتم اعلم بامور دنیاکم" کہہ کر آگے بڑھ

جاتے ہیں، گویا دنیا کے کسی علم و فن اور فلسفہ و سائنس کو موضوع بنانا ان کی اعلیٰ وارفع شان سے فروتر چیز ہے۔ یہی مطلب ہے حضرت خضر علیہ السلام کے اس ارشاد کا کہ "اے موسیٰ! میرے پاس جو علم ہے اس کا سیکھنا آپ کے شایان شان نہیں"۔ یہی وجہ ہے کہ مادیات کی جو ترقی ان کے امتیوں کے ہاتھوں ہوئی خود ان حضرات کے ہاتھ اس سے ملوث نہیں ہوئے، اور غالباً یہی نکتہ ہے کہ جہاں تک دین کی ترقی کا تعلق تھا ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی محنت کو پایہ تکمیل تک پہنچایا اور جب اس پر فتوحات کا دروازہ کھلا تو ہاتھ جھاڑ کر دنیا سے تشریف لے گئے، اور یہ کام اپنے خلفا کے سپرد فرمایا۔

۴ : ــــــ انبیا کرام علیہم السلام پر جو علوم کھولے گئے ہیں، وہ صرف انہیں کے لئے نہیں ہیں بلکہ تمام انسانیت ان کی محتاج ہے، اس لئے کہ دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا دانشور، حکیم، سائنس دان اور فلاسفر ان علوم کو انبیاء علیہم السلام کی وساطت کے بغیر حاصل نہیں کرسکتا۔ عام انسانوں کا کمال یہی ہے کہ وہ ان علوم نبوت کا کچھ حصہ ان حضرات کے ذریعہ حاصل کرسکیں۔ نہ وہ تمام علوم نبوت کا احاطہ کرسکتے ہیں، اور نہ انبیا علیہم السلام سے مستغنی ہوکر انہیں علوم نبوت کا کوئی شمہ نصیب ہوسکتا ہے، یہی مطلب ہے حضرت خضر علیہ السلام کے ارشاد کا کہ "اور آپؑ کے پاس جو علم ہے اس پر حاوی ہوجانا میرے بس کی بات نہیں"۔ اگر پرائمری کا طالب علم ریاضی کے دقیق مسائل یا ایٹمی نظریہ کی تشریحات سمجھنے سے قاصر ہے تو اس میں قصور ان مسائل کا نہیں بلکہ طالب علم کی پست ذہنی کا ہے۔ انبیا کرام علیہم السلام

کے سامنے دنیا بھر کے عقلا و حکما اور افلاطون و جالینوس طفل مکتب ہیں' نہ وہ ان اساتذہ فطرت (علیہم السلام) سے مستغنی ہوسکتے ہیں نہ ان کے علوم پر حاوی ہونے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

فلسفہ و سائنس کے ماہرین علم و دانش اور عقل و فہم کے جس مرتبہ پر فائز ہیں اس کی وجہ سے کائنات کی بو قلمونیوں سے بہ نسبت دوسروں کے زیادہ واقف اور فطرت کی نیرنگیوں کے سب سے زیادہ شناسا ہیں' ان سے یہ توقع بے جا نہیں تھی کہ وہ قدرت خداوندی کے سامنے سب سے زیادہ سرنگوں ہوں گے' رسالت و نبوت کی ضرورت و اہمیت اور انبیاء کرام علیہم السلام کی قدر و منزلت سب سے زیادہ انہی پر کھلے گی۔ وحی الٰہی سے' جو انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل ہوتی ہے' سب سے زیادہ استفادہ وہی کریں گے' انبیا کرام علیہم السلام سے وفاداری و جانثاری اور اطاعت و فرمانبرداری کا مظاہرہ سب سے بڑھ کر انہی کی جانب سے ہوگا' لیکن بدقسمتی سے سائنس کی قیادت جن ہاتھوں میں آئی وہ معرفت کے دروازے پر پہنچ کر واپس لوٹ آئے' انہوں نے انبیا کرام علیہم السلام کی اطاعت کو عار سمجھا اور تعلیمات نبوت سے استغنا کا مظاہرہ کیا' یوں ارشاد خداوندی "واضله الله علی علم" (اور گمراہ کردیا اس کو اللہ تعالیٰ نے باوجود علم کے) ان پر صادق آیا۔ دور قدیم کے فلاسفہ' انبیا کرام علیہم السلام کی عظمت کے قائل تھے مگر ان کا کہنا تھا کہ یہ حضرات تو عوام کی اصلاح کے لئے تشریف لائے ہیں جب کہ ہم تہذیب و تربیت کے اس مرتبہ پر فائز ہیں جہاں سے نبوت سے استفادہ کی ضرورت نہیں رہ جاتی ۔ونحن قوم هذبنا انفسنا۔ ادھر دور جدید کے فلاسفہ (سائنس دان) غرور و تکبر میں ان سے ترقی یافتہ ثابت

ہوئے' انہوں نے انبیاء کرام علیہم السلام اور ان کے مشن کو بنظر حقارت دیکھا' انبیا کرام کے زہد و قناعت اور دنیا سے بے رغبتی' جس کی دعوت انبیا کرام کا خاص موضوع ہے' اس سے نفرت و بیزاری کا اظہار کیا' اور وہ مخصوص علوم' جو انبیا کرام کو عطا کئے جاتے ہیں' ان کے بارے میں نہ صرف شک و شبہ بلکہ ضد و عناد کا مظاہرہ کیا' نتیجۃً وہ نہ صرف نور ایمان سے محروم رہے بلکہ انسانیت کے اعلیٰ اخلاق و اقدار سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔ اب ان کی محنت "انسان" اور "انسانیت" کے بجائے مٹی اور مٹی سے نکلنے والی چیزوں پر صرف ہو رہی ہے' چیزیں بن رہی ہیں اور انسانیت بگڑ رہی ہے۔

سائنس اپنی تمام تر افادیت کے باوجود ان مغرور سائنس دانوں کو دہریت و الحاد کے بھنور سے نہ نکال سکی' بلکہ اس کے برعکس وہ سائنس کو ملحد اور دہریہ بنانے میں کامیاب ہوگئے' سائنس کے ان نیم پختہ ادھورے نظریات کی بنا پر (جن کو آج شد و مد سے ثابت کیا جاتا ہے' اور کل ان کے غلط ثابت کرنے پر دلائل دئے جاتے ہیں) سائنس کے بہت سے مسلم طلبہ نے اسلام کے مقابلہ میں دہریت کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنا شروع کردیا' یوں دہریت اور بد دینی سائنسی دور کا فیشن بن کر رہ گئی' انبیا کرام کے مقابلہ میں سائنس دانوں کی اس متکبرانہ روش کا سبب مادیت کا غلط نشہ تھا۔ علمائے سائنس نے یہ فرض کرلیا کہ مادیت کا یہ عروج' یہ برق اور بھاپ' یہ سیارے اور طیارے' یہ ایٹم اور قوت انسانیت کا کمال بس انہی چیزوں کی خیرہ سامانی ہے' فضاؤں میں اڑنا' دریاؤں میں تیرنا' چاند پر پہنچنا' سورج کے طول و عرض کو ناپنا اور زہرہ و مشتری کی خبریں لانا' بس یہی

انسانیت کی آخری معراج ہے' اور یہ ترقی چونکہ انبیا علیہم السلام کے زمانے میں نہیں ہوئی اس لئے نہ صرف یہ کہ سائنسی دور' دور نبوت سے افضل ہے' بلکہ یہ ترقی یافتہ لوگ خود تمام انسانوں سے بڑھ کر ہیں' اور اس کا پروپیگنڈا اس شدت سے کیا گیا کہ آج بہت سے مسلمان بھی موجودہ دور کو "مہذب دور" سے اور دور قدیم کو (جو انبیا علیہم السلام کا دور تھا) "تاریک دور" سے تعبیر کرتے ہوئے نہیں شرماتے۔ انا للہ۔

حالانکہ نبوت سے کٹ کر جس ترقی پر آج کی دنیا پھولی نہیں سماتی انبیا کرام علیہم السلام کی نظر میں اس کی قیمت پرکاہ کے برابر بھی نہیں' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

"لو كانت الدنيا تعدل عند الله جناح
بعوضة لما سقى كافراً منها شربة"

(مشکوٰۃ)

ترجمہ :"اگر اللہ کے نزدیک پوری دنیا کی قیمت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو اس میں سے پانی کا ایک گھونٹ تک نہ دیتے"۔

انبیا کرام علیہم السلام کے سامنے آخرت کی لامحدود زندگی ہے' جہاں کی نعمت ولذت اور راحت و آرام کا تصور بھی یہاں نہیں کیا جاسکتا۔ انسان کی کوئی چاہت ایسی نہیں جو وہاں پوری نہ کی جائے' اور کسی قسم کا غم اور اندیشہ ایسا نہیں جس کے لاحق ہونے کا خطرہ وہاں درپیش ہو' زندگی ایسی کہ موت کا احتمال تک نہیں' صحت ایسی کہ مرض کا اندیشہ تک نہیں' جوانی ایسی کہ پیری کا تصور تک نہیں' راحت ایسی کہ کلفت کا نام ونشان

تک نہیں۔ سلطنت اتنی بڑی کہ اس کے مقابلہ میں یہ زمین و آسمان بیضہ مور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ظاہر ہے جس کی آنکھوں کے سامنے آخرت کی یہ بے حد ونہایت زندگی اپنی تمام تر جلوہ افروزی ونعمت سامانی کے ساتھ پھیلی ہوئی ہو وہ ہماری مکروہات وحوادث سے بھرپور زندگی کو کھیل تماشہ سے تعبیر نہ کرے تو اس سے زیادہ صحیح تعبیر اور کیا ہو سکتی ہے؟ قرآن کریم نے بار بار یہ کہہ کر خوابیدہ انسانیت کو خواب غفلت سے چونکایا ہے :

"وما هذه الحيوة الدنيا الا لهو ولعب
وان الدار الآخرة لهى الحيوان' لوكانوا
يعلمون۔"

(العنکبوت ر ۶۴)

ترجمہ :" اور یہ دنیوی زندگی (فی نفسہ) بجز لہو ولعب کے اور کچھ بھی نہیں اور اصل زندگی عالم آخرت ہے اگر ان کو علم ہوتا تو ایسا نہ کرتے (کہ فانی میں منہمک ہوکر باقی کو بھلادیتے اور اس کے لئے سامان نہ کرتے)۔"

(بیان القرآن)

چار پانچ سالہ بچہ اگر لکڑی کے چند ٹکڑے ادھر ادھر جمع کرکے اور انہیں کیف ما اتفق جوڑ کر "چاند گاڑی" بنالے تو یہ کھیل اسکی ذہانت کی دلیل ہے اور اگر ابا میاں بھی صاحبزادے کی نقالی میں اس طرح کی "گاڑیاں" بنانے کو زندگی کا موضوع بنالیں تو یہ ذہانت کی نہیں' بلکہ دماغ چل نکلنے کی علامت ہے' آپ ننھے بچوں کو ریت اور مٹی کے گھروندے

بناتے روزانہ دیکھتے ہیں' اور اگر آپ کسی دن کسی "بڑے صاحب" کو یہی شغل فرماتے دیکھ لیں تو ان صاحب کے بارے میں آپ کی رائے کچھ اور ہوگی' کپڑوں کی کترنیں جمع کرکے گڑیاں بنانا ننھی بچیوں کا پسندیدہ مشغلہ ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کے لئے کبھی ان کی امی جان بھی ان کی راہنمائی فرماتی ہیں' لیکن اگر بیگم صاحبہ تمام کاموں کو چھوڑ چھاڑ کر گڑیوں کے کھیل ہی کو زندگی کا مشن بنالیں تو علاج کی ضرورت ہے۔

ٹھیک اسی طرح دنیا کی پوری زندگی اپنی دل فریبیوں او فتنہ سامانیوں کے باجود انبیا کرام علیہم السلام کی نظرمیں ایک کھیل ہے اور جن لوگوں نے اسی کھیل کو اپنی زندگی کا واحد مقصد بنالیا ہے' جن کی ساری محنت اسی پر صرف ہورہی ہے' اور جو اسی کے لئے چلتے پھرتے اور جیتے مرتے ہیں' وہ اگرچہ بزعم خویش بہت بڑے کارنامے انجام دے رہے ہیں' نئی نئی ایجادیں کررہے ہیں' یا بڑی بڑی جمہوریتیں چلارہے ہیں' مگر انبیا کرام کے نزدیک ان کی انسانیت قابل علاج ہے۔

فرمایا گیا ہے :

"قل هل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذين ضل سعيهم فى الحيوة الدنيا وهم يحسبون انهم يحسنون صنعا۔"

(الکھف ر ۱۰۳'۱۰۴)

ترجمہ :"آپ (ان سے) کہئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جن کے کارنامے سب سے زیادہ خسارے میں ہیں؟ (لو سنو!) یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کی کرائی

ساری محنت (یہیں) ضائع ہو کر رہ گئی' اور وہ (بر بنائے جہل) اسی خیال میں ہیں کہ وہ (بڑا) اچھا کام کر رہے ہیں۔"

الغرض انبیا کرام علیہم السلام کے دور میں خود ان کے ہاتھوں مادی ترقی کے نہ ہونے کی وجہ یہ نہیں کہ انکا دور آج کے دور کی بہ نسبت۔ معاذ اللہ۔ تاریک اور غیر مہذب تھا اور انسانیت نے ارتقا کی ابتدائی منزلیں ابھی طے نہیں کی تھیں' بلکہ اس کا اصل سبب یہ ہے کہ ان کے بلند ترین منصب اور عظیم تر مشن کے مقابلہ میں مادیت کا یہ سارا کھیل بازیچہ اطفال کی حیثیت رکھتا ہے' انبیا کرام "ایٹم" کی دریافت کے لئے نہیں آتے' بلکہ وہ اس ذات عالی سے انسانیت کو آشنا کرتے ہیں جن کے ادنیٰ اشارہ "کُن" میں ہزاروں "ایٹم" پوشیدہ ہیں' انکی نگہ بلند صرف کائنات کے باہمی ربط میں کھو کر نہیں رہ جاتی بلکہ وہ اس پر غور کرتے ہیں کہ کائنات کا خالق کی قدرت سے کیا ربط ہے؟ ان کا موضوع چیزوں کی محنت نہیں ہوتا بلکہ انسان سازی کی محنت ہوتا ہے' ان کے نزدیک ان چیتھڑوں کی کوئی اہمیت نہیں جن کو دنیا کے نابالغوں نے بڑی خوبصورتی سے الماریوں میں سجا رکھا ہے' ان مٹی کے گھروندوں کی کوئی قیمت نہیں جن کو یہ نادان بچے نقش و نگار سے آراستہ کرتے ہیں اور دنیا کی ظاہری زرق برق میں ان کے لئے کوئی کشش نہیں جس پر یہ طفلان بے شعور ریجھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اس کی اصل حقیقت کیا ہے؟ وہ ایک فنا پذیر تودۂ خاک کے سوا کچھ نہیں۔ اسی حقیقت کا اظہار بھی وہ ان الفاظ میں کرتے ہیں :

" مالی وللدنیا وما انا والدنیا الا کراکب

ن استظل تحت شجرۃ ثم راح وترکھا۔ "

(مشکوٰۃ)

ترجمہ :" مجھے دنیا سے کیا واسطہ؟ اور میری اور دنیا کی مثال تو ایسی ہے کہ ایک راہرو کسی درخت کے سائے میں اترا' تھوڑی دیر ستایا' پھر اسے چھوڑ کر چل پڑا (اور پھر اسے دوبارہ وہاں لوٹ کر آنے کی نوبت کبھی نہیں آئی)"۔

اور کبھی لوگوں کو اس حقیقت کبریٰ سے یوں آگاہ کرتے ہیں :

"کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل وعد نفسک فی اھل القبور۔ "

(صحیح بخاری)

ترجمہ :"دنیا میں ایسے رہو گویا تم یہاں چند روزہ مسافر ہو یا راہ نورد۔ اور یوں سمجھو کہ تم اہل قبور کی صف میں شامل ہو (آج نہیں تو کل تمہارا نام بھی پکارا جائے گا)۔

مابعد الطبعیات سے اندھی بہری سائنس' جس کے نزدیک کسی چیز کو تسلیم کرنے کے لئے اس کو مشاہدہ کے ہاتھ سے ٹٹول کر دیکھنا شرط ہے' چونکہ اس حقیقت کو سمجھنے سے عاجز ہے اس لئے وہ "ایمان بالغیب" کے تمام سرمایہ نبوت کو ایک خندۂ استہزا کی نذر کردیتی ہے' اور یہاں سے اس کی ملحدانہ شفقت کا آغاز ہوتا ہے۔

الغرض سائنس دانوں کی تمام تر محرومی کا باعث "نبوت" سے انحراف ہے' اور اس انحراف کا باعث جہل وغرور' اگر ان پر کائنات کی اندرونی حقیقت کھل جاتی تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ کائنات صرف یہی نہیں

جس کا تعلق موت سے قبل کے مشاہدے سے ہے' بلکہ یہ تو اصل کائنات کا ایک حقیر ذرہ ہے' اور اس ایک ذرہ کی حقیقت کا بھی ایک ذرہ آج تک ان پر منکشف نہیں ہوا' اگر اصل کائنات اور پھر کائنات سے آگے خالق کائنات کا راز ان پر کھل جائے تو انہیں معلوم ہوجائے کہ کھربوں ڈالر خرچ کرکے چاند سے چار سیر مٹی لے آنا ترقی کی علامت نہیں' بلکہ سفاہت وکم عقلی کا نشان ہے۔ دامن نبوت سے کٹ کر سائنس کی اس "سفیہانہ محنت" نے انسانیت کو بے قراری وبے چینی اور کرب واضطراب کا "تحفہ" عطا کیا اور اس بے چینی کی وقتی تسکین کے لئے مختلف قسم کی مصنوعی تفریحات اور منشیات کا نسخہ تجویز کیا' آج کا مفلوج انسان جن اخلاقی' روحانی' نفسیاتی اور جسمانی امراض کا تختہ مشق بن کر رہ گیا ہے اہل عقل کو تجزیہ کرنا چاہئے کہ ان میں "سائنسی ترقی" کا حصہ کتنا ہے؟ راقم الحروف کا ایمان ہے کہ جب تک سائنس کی تک ودو نبوت کے تابع نہیں ہوجاتی' جب تک سائنس کا رخ دنیا سے آخرت کی طرف نہیں مڑجاتا اور جب تک سائنس دان انبیا کرام کے سامنے اپنے علمی عجز کا اعتراف نہیں کرتے تب تک سائنس بدستور ملحد رہے گی اور اس کا سارا ترقیاتی کارنامہ انسانیت کی ہلاکت اور بربادی کے کام آئے گا۔ رہا یہ سوال کہ کیا سائنس کو نبوت کے دامن سے وابستہ کرنا ممکن ہے؟ اس کا جواب مسلم سائنس دانوں کی جرات وہمت اور فہم وفراست کا منتظر ہے۔

سائنس کے جدید نظریات نے کٹر سے کٹر دہریت نواز سائنس دانوں کو بھی "وجود خدا" کے اعتراف پر مجبور کردیا ہے (اگرچہ وہ اتنی جرأت نہیں رکھتے کہ کھل کر اس کا اعلان کریں) مگر یہ کبھی نہیں بھولنا چاہئے کہ

صرف "وجود خدا" کا مبہم تصور دہریت کے مارگزیدوں کا تریاق نہیں ہے' نہ محض اس تصور سے ایک آدمی "خدا پرست" کہلانے کا مستحق قرار پاتا ہے' بلکہ اسے یقین و ایمان کی روشنی میں اس سے آگے کے مراحل طے کرنا ہوں گے' یعنی خدا کی صفات کیا ہیں؟ اس عالم کی تخلیق کا مقصد کیا ہے؟ اس نے انسان کی اچھائی اور برائی کے کیا معیار تجویز کئے ہیں؟

## خواب میں زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

**سوال :** ------ کیا خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ممکن ہے؟ اگر ممکن ہے تو کیسے پتہ چلے کہ یہ خواب سچا ہے؟ بعض لوگ خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی دوسری شکل میں دیکھتے ہیں کیا وہ بھی صحیح خواب ہوگا؟

**جواب :** ------- صحیحین کی روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد متعدد اور مختلف الفاظ میں مروی ہے کہ :

"من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لایتمثل بی۔"

ترجمہ :" جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھ ہی کو دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا"۔

ایک اور روایت میں ہے :

"من رانی فقد رائی الحق۔"

(مشکوٰۃ ص ۳۹۴)

ترجمہ :"جس نے مجھے دیکھا اس نے سچا خواب دیکھا"۔

خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت شریفہ کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ آپؐ کی اصلی ہیئت وشکل اور حلیہ مبارکہ میں دیکھے۔ دوم یہ کہ کسی دوسری ہیئت وشکل میں دیکھے۔ اہل علم کا اس پر تو اتفاق ہے کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت آپ کے اصل حلیہ مبارکہ میں ہو تو ارشاد نبویؐ کے مطابق' واقعی آپؐ کی زیارت نصیب ہوئی' لیکن اگر کسی دوسری ہیئت وشکل میں دیکھے تو اس کو بھی زیارت نبویؐ کہا جائے گا یا نہیں؟ اس میں علما کے دو قول ہیں' ایک یہ کہ یہ زیارت نبویؐ نہیں کہلائے گی' کیونکہ ارشاد نبویؐ کے مطابق خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا صرف یہ مطلب ہے کہ آپؐ کو اصلی شکل وصورت اور حلیہ مبارکہ میں دیکھے۔ پس اگر کسی نے مختلف حلیہ میں آپؐ کو دیکھا تو یہ حدیث بالا کا مصداق نہیں' اور بعض اہل علم کا قول یہ ہے کہ آپؐ کو خواہ کسی شکل وصورت اور حلیہ میں دیکھے وہ آپؐ ہی کی زیارت ہے' اور آپؐ کے اصل حلیہ مبارکہ سے مختلف شکل میں دیکھنا خواب دیکھنے والے کے نقص کی علامت ہے۔ شیخ عبدالغنی نابلسی "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" میں دونوں قسم کے اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں :

"فعلم ان الصحیح بل الصواب کما
قاله بعضهم ان رؤیاه حق علی ای حالته فرضت
ثم ان کانت بصورته الحقیقیة فی وقت ما
سواء کان فی شبابه او رجولیته او کهولته او
آخر عمره لم تحتج الی تاویل۔ والا

احتیجت لتعبیر یتعلق بالرائی۔ ومن ثم قال بعض علماء التعبیر من راہ شیخا فھو غایة سلم۔ ومن راہ شابا فھو غایة حرب۔ ومن راہ متبسما فھو متمسک بسنتہ۔"

وقال بعضھم من راہ علی ھیئتہ وحالہ کان دلیلا علی صلاح الرای وکمال جاھہ وظفرہ بمن عاداہ۔ ومن راہ متغیر الحال عابسا کان دلیلا علی سوء حال الرائی۔

وقال ابن ابی جمرۃ رؤیاہ فی صورۃ حسنة حسن فی دین الرائی۔ ومع شین او نقص فی بعض بدنہ خلل فی دین الرائی۔ لانہ صلی اللہ علیہ وسلم کالمرآۃ الصقیلة ینطبع فیھا ما یقابلھا۔ وان کانت ذات المرآۃ علی احسن حالہ واکملہ۔ وھذہ الفائدۃ الکبری فی رویاہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ بہ یعرف حال الرائی۔ "

(ج۲ ص۲۷۶، ۲۷۷)

ترجمہ :"پس معلوم ہوا کہ صحیح بلکہ صواب وہ بات ہے جو بعض حضرات نے فرمائی کہ خواب میں آپؐ کی زیارت بہرحال حق ہے۔ پھر اگر آپؐ کے اصل حلیہ مبارکہ میں دیکھا خواہ وہ حلیہ آپؐ کی جوانی کا ہو یا پختہ عمری کا، یا زمانہ پیری کا، یا آخری عمر شریف کا، تو اس کی تعبیر کی حاجت

نہیں، اور اگر آپؐ کو اصل شکل مبارک میں نہیں دیکھا تو خواب دیکھنے والے کے مناسب حال تعبیر ہوگی۔ اسی بنا پر بعض علمائے تعبیر نے کہا ہے کہ جس نے آپؐ کو بڑھاپے میں دیکھا تو یہ نہایت صلح ہے، اور جس نے آپؐ کو جوان دیکھا تو یہ نہایت جنگ ہے، اور جس نے آپؐ کو مسکراتے دیکھا تو یہ شخص آپؐ کی سنت کو تھامنے والا ہے۔

اور بعض علمائے تعبیر نے فرمایا ہے کہ جس نے آپؐ کو اصلی شکل وحالت میں دیکھا تو یہ دیکھنے والے کی درست حالت، اس کی کمال وجاہت اور دشمنوں پر اس کے غلبہ کی علامت ہے، اور جس نے آپؐ کو غیر حالت میں (مثلاً) تیور چڑھائے ہوئے دیکھا تو یہ دیکھنے والے کی حالت کے برا ہونے کی علامت ہے۔

حافظ ابن ابی جمرہؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اچھی صورت میں دیکھنا، دیکھنے والے کے دین کے اچھا ہونے کی علامت ہے، اور عیب یا نقص کی حالت میں دیکھنا، دیکھنے والے کے دین میں خلل کی علامت ہے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال شفاف آئینہ کی سی ہے، کہ آئینہ کے سامنے جو چیز آئے اس کا عکس اس میں آجاتا ہے۔ آئینہ بذات خود کیسا ہی حسین وباکمال ہو (مگر بھدی چیز اس میں بھدی ہی نظر آئے گی) اور خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

زیارت شریفہ کا بڑا فائدہ یہی ہے کہ اس سے خواب دیکھنے والے کی حالت پہچانی جاتی ہے"۔

اس سلسلہ میں مسند الہند شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کی ایک تحقیق فتاویٰ عزیزی میں درج ہے جو حسب ذیل ہے :

"**سوال** : ------- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں اہل سنت اور شیعہ دونوں فرقہ کو میسر ہوتی ہے اور ہر فرقہ کے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لطف وکرم اپنے حال پر ہونا بیان کرتے ہیں اور اپنے موافق احکام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سننا بیان کرتے ہیں، غالباً دونوں فرقہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں افراط کرنا اچھا معلوم نہیں ہوتا اور خطرات شیطانی کو اس مقام میں دخل نہیں تو ایسے خواب کے بارے میں کیا خیال کرنا چاہیے؟

**جواب** : -------یہ جو حدیث شریف ہے "من رانی فی المنام فقد رانی"۔یعنی جناب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے مجھ کو خواب میں دیکھا تو اس نے فی الواقع مجھ کو دیکھا ہے۔ تو اکثر علما نے کہا ہے کہ یہ حدیث خاص اس شخص کے بارہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس صورت مبارک میں دیکھے جو بوقت وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک تھی

اور بعض علما نے کہا ہے کہ یہ حدیث عام ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی وقت کی صورت میں دیکھے تو وہ خواب صحیح ہوگا یعنی ابتدائے نبوت سے تاوقت وفات جوانی اور کلاں سالی اور سفراور حضراور صحت اور مرض میں جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صورت مبارک تھی۔ ان صورتوں میں سے جس صورت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو وہ خواب صحیح ہوگا یعنی فی الواقع اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہوگا۔ اور جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت میں سنّی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے اسی طرح شیعہ نے کبھی نہ دیکھا ہے' اور فرضیات کا اعتبار نہیں۔

تحقیق یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا چار قسموں پر ہے۔ ایک قسم رویائے الہی ہے کہ اتصال تعین کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے۔ اور دوسری قسم ملکی ہے اور وہ متعلقات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنا ہے' مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ورثہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب مطہر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور محبت میں سالک کا درجہ اور اس کے مانند

اور جو امور ہیں تو ان امور کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مقدس میں دیکھنا پردۂ مناسبات میں ہو جو فن تعبیر میں معتبر ہے۔ اور تیسری قسم رؤیائے نفسانی ہے کہ اپنے خیال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صورت ہے اس صورت میں دیکھنا اور یہ تینوں اقسام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنے کے بارے میں صحیح ہیں۔

چوتھی قسم شیطانی ہے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مقدس میں شیطان اپنے کو خواب میں دکھلائے اور یہ صحیح نہیں ہوسکتا' یعنی ممکن نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مقدس کے مطابق شیطان اپنی صورت خبیث بناسکے اور خواب میں دکھلاوے' البتہ مغالطہ دے سکتا ہے' اور تیسرے قسم کے خواب میں بھی کبھی شیطان ایسا کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز اور بات کے مشابہ شیطان بات کرتا ہے اور وسوسہ میں ڈالتا ہے چنانچہ بعض روایات سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سورۂ نجم پڑھتے تھے اور بعض آیات کے بعد جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا تو شیطان نے کچھ عبارت خود بناکر پڑھ دی کہ اس سے بعض سامعین مشرکین کا شبہ قوی ہوگیا اور یہ روایت اوپر ایک مقام میں مفصل مذکور ہوئی ہے تو جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ حیات میں شیطان نے ایسا کیا تو

خواب میں ایسا کیوں نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے شریعت میں ان احکام کا اعتبار نہیں جو خواب میں معلوم ہوں اور خواب کی بات حدیث نہیں شمار کی جاتی۔ اور اگر کاش کوئی بدعتی کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں حکم فرمایا ہے کہ وہ حکم خلاف شرع ہو تو اس بدعتی کے قول پر اعتبار نہ کیا جائے گا۔ واللہ اعلم"۔

(فتاویٰ عزیزی ج ۱ ص ۲۸۵ تا ۲۸۷)

گزشتہ دنوں قادیانیوں کے نئے سربراہ مرزا طاہر احمد صاحب کی "خلافت" کی تائید میں قادیانی اخبار "الفضل ربوہ" میں آسمانی بشارات کے عنوان سے بعض چیزیں شائع کی گئیں ان میں سے ایک کا تعلق خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے ہے اس لیے اس کا اقتباس بلفظہ درج ذیل ہے:

"دیکھا کہ مسجد مبارک (ربوہ) میں داخل ہو رہا ہوں، ہر طرف چاندنی ہی چاندنی ہے، جتنی تیزی سے ورد کرتا ہوں سرور بڑھتا جاتا ہے اور چاندنی واضح ہوتی جاتی ہے۔ محراب میں حضرت بابا گرو نانک رحمتہ اللہ علیہ جیسی بزرگ شبیہہ کی صورت میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد نور کا ہالہ اس قدر تیز ہے کہ آنکھیں چندھیا جاتی ہیں، باوجود کوشش کے شبیہہ مبارک پر نظر نہیں ٹکتی"۔

(الفضل ربوہ ۶ر نومبر ۱۹۸۲ء)

علم تعبیر کی رو سے اس خواب کی تعبیر بالکل واضح ہے۔ صاحب خواب کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سکھوں کے پیشوا کی شکل میں نظر آنا اس امر کی دلیل ہے کہ ان کا دین ومذہب' جسے وہ غلط فہمی سے اسلام سمجھتے ہیں دراصل سکھ مذہب کی شبیہہ ہے' اور ان کے روحانی پیشوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بروز نہیں' بلکہ سکھوں کے پیشوا بابا نانک کے بروز ہیں۔

اور صاحب خواب کو انوارات کا نظر آنا جس کی وجہ سے وہ خواب کی اصل مراد کو نہیں پہنچ سکے۔ شیطان کی وہی تلبیس ہے جس کا تذکرہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے فرمایا ہے اوران انوارات میں یہ اشارہ تھا کہ ان کے پیشوا نے بابا نانک کا بروز ہونے کے باوجود تلبیس وتدلیس کے ذریعہ اپنے آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے جس سے ان کی طرح بہت سے حقیقت ناشناس لوگوں نے دھوکہ کھایا۔

چونکہ خواب کی یہ تعبیر بالکل واضح تھی شاید اسی لئے صاحب خواب کو مرزا بشیر احمد صاحب اور مرزا ناصر احمد صاحب نے خواب کے اظہار سے منع کیا۔ چنانچہ صاحب خواب لکھتے ہیں :

> "پھر (مرزا بشیر احمد صاحب نے) فرمایا کسی سے خواب بیان نہیں کرنی' خلافت ثالثہ کا انتخاب ہوا تو پھر یہ نظارہ لکھ کر (مرزا ناصر احمد صاحب کی خدمت میں) بھجوادیا۔ حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب کے ذریعہ پیغام ملا کہ حضور (یعنی مرزا ناصر احمد صاحب) فرماتے ہیں

کہ خواب آگے نہیں بیان کرنی"۔

(مرزا عبدالرشید وکالت تبشیر ربوہ)

مناسب ہے کہ اس خواب کی تائید میں بعض دیگر اکابر کے خواب وکشوف بھی ذکر کردیئے جائیں۔

۱ : ------- مولانا محمد لدھیانوی مرحوم "فتاویٰ قادریہ" میں لکھتے ہیں :

"مولانا صاحب (مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) نے حسب وعدہ کے ایک فتویٰ اپنے ہاتھ سے لکھ کر ہمارے پاس ڈاک میں ارسال فرمایا جس کا مضمون یہ تھا کہ یہ شخص میری دانست میں غیر مقلد معلوم ہوتا ہے اور اس کے الہامات اولیاء اللہ کے الہامات سے کچھ علاقہ نہیں رکھتے اور نیز اس شخص نے کسی اہل اللہ کی صحبت میں رہ کر فیض باطنی حاصل نہیں کیا معلوم نہیں کہ اس کو کس روح کی اویسیت ہے"۔

(فتاویٰ قادریہ ص ۱۷)

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ نے تو اس سے لاعلمی کا اظہار فرمایا کہ مرزا صاحب کو کس روح سے "فیض" پہنچا ہے۔ مگر الفضل میں ذکر کردہ خواب سے یہ عقدہ حل ہوجاتا ہے کہ مرزا صاحب کو سکھوں کے مذہبی پیشوا سے روحانی ارتباط تھا۔ مرزا صاحب نے جو کچھ لیا ہے انہی سے لیا ہے۔

۲ : ——— "مرزا غلام احمد قادیانی نے شہر لودیانہ میں

آکر ۱۳۰۱ھ میں دعویٰ کیا کہ میں مجدد ہوں۔ عباس علی صوفی اور منشی احمد جان مع مریدان اور مولوی محمد حسن مع اپنے گروہ اور مولوی شاہدین اور عبدالقادر اور مولوی نور محمد مہتمم مدرسہ حقانی وغیرہ نے اس کے دعویٰ کو تسلیم کر کے امداد پر کمر باندھی۔ منشی احمد جان نے مع مولوی شاہدین وعبدالقادر ایک مجمع میں جو واسطے اہتمام مدرسہ اسلامیہ کے اوپر مکان شاہزادہ صفدر جنگ صاحب کے تھا۔ بیان کیا کہ علی الصباح مرزا غلام احمد قادیانی صاحب اس شہرلودیانہ میں تشریف لائیں گے' اور اس کی تعریف میں نہایت مبالغہ کر کے کہا کہ جو شخص اس پر ایمان لائے گا گویا وہ اول مسلمان ہو گا۔

مولوی عبداللہ صاحب مرحوم برادرم نے بعد کمال بردباری اور تحمل کے فرمایا :

"اگرچہ اہل مجلس کو میرا بیان کرنا ناگوار معلوم ہو گا لیکن جو بات خدا جل شانہ نے اس وقت میرے دل میں ڈالی ہے' بیان کئے بغیر میری طبیعت کا اضطرار دور نہیں ہو تا وہ بات یہ ہے کہ مرزا قادیانی جس کی تم تعریف کر رہے ہو بے دین ہے۔ منشی احمد جان بولا کہ میں اول کہتا تھا کہ اس پر کوئی عالم یا صوفی حسد کرے گا۔"

راقم الحروف (مولانا محمد عبدالقادر لودیانویؒ) نے مولوی عبداللہ صاحب کو بعد برخاست ہونے جلسہ کے کہا

کہ جب تک کوئی دلیل معلوم نہ ہو بلا تامل کسی کے حق میں زبان طعن کی کھولنی مناسب نہیں' مولوی عبداللہ صاحب نے فرمایا کہ اس وقت میں نے اپنی طبیعت کو بہت روکا لیکن آخر الامر یہ کلام خدا جل شانہ نے جو میرے سے اس موقع پر سرزد کرایا ہے خالی از الہام نہیں۔

اس روز مولوی عبداللہ صاحب بہت پریشان خاطر رہے۔ بلکہ شام کو کھانا بھی تناول نہیں کیا۔ بوقت شب دو شخصوں سے استخارہ کروایا اور آپ بھی اسی فکر میں سوگئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ میں ایک مکان بلند پر مع مولوی محمد صاحب وخواجہ احسن شاہ صاحب بیٹھا ہوں' تین آدمی دور سے دھوتی باندھے ہوئے چلے آتے معلوم ہوئے۔ جب نزدیک پہنچے تو ایک شخص جو آگے آگے آتا تھا اس نے دھوتی کو کھول کر تہبند کی طرح باندھ لیا۔ خواب ہی میں غیب سے آواز آئی کہ مرزا غلام احمد قادیانی یہی ہے۔ اسی وقت سے بیدار ہوگئے اور دل کی پراگندگی یک لخت دور ہوگئی اور یقین کلّی حاصل ہوا کہ یہ شخص پیراۂ اسلام میں لوگوں کو گمراہ کررہا ہے۔ موافق تعبیر خواب کے دوسرے دن قادیانی مع دو ہندوؤں کے لودھیانہ میں آیا"۔ (اس خواب میں بھی یہی اشارہ تھا کہ یہ صاحب ہندو مت کو اسلام کا لبادہ اوڑھارہے ہیں۔ ناقل)

(فتاویٰ قادریہ ص ۲)

۴۔۳ : ------- مولانا عبد اللہ لدھیانوی ؒ کے ساتھ جن دو شخصوں نے استخارہ کیا تھا ان کے بارے میں مولانا محمد صاحب ؒ لکھتے ہیں :

"استخارہ کنندگان میں سے ایک کو معلوم ہوا کہ یہ شخص بے علم ہے' اور دوسرے شخص نے خواب میں مرزا کو اس طرح دیکھا کہ ایک عورت برہنہ تن کو اپنی گود میں لے کر اس کے بدن پر ہاتھ پھیر رہا ہے جس کی تعبیر یہ ہے کہ مرزا دنیا کو جمع کرنے کے درپے ہے دین کی کوئی پرواہ نہیں"۔

(حوالہ بالا)

۵۔ : ------ اسی فتاویٰ قادریہ میں ہے کہ :

"شاہ عبدالرحیم صاحب سہارنپوری مرحوم نے (جو صاحب کشف و کرامت بزرگ تھے) بروقت ملاقات فرمایا کہ مجھ کو بعد استخارہ کرنے کے یہ معلوم ہوا کہ یہ شخص بھینسے پر اس طور سوار ہے کہ منہ اس کا دم کی طرف ہے۔ جب غور سے دیکھا تو زنار اس کے گلے میں پڑا ہوا نظر آیا جس سے اس شخص کا بے دین ہونا ظاہر ہے' اور یہ بھی میں یقیناً کہتا ہوں کہ جو اہل علم اسکی تکفیر میں اب متردد ہیں کچھ عرصہ بعد سب کافر کہیں گے۔ (زنار بھی بطور خاص کسی کے ہندو ہونے کی علامت ہے اس سے الفضل میں درج شدہ خواب کی تائید ہوتی ہے کہ یہ صاحب ہندوؤں سے مستفید ہیں۔ ناقل)"۔ (حوالہ بالا)

۶۔ مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی "شہادۃ القرآن" میں (جو ۱۳۲۱ھ میں مرزا صاحب کی زندگی میں شائع ہوئی) لکھتے ہیں :

"جب اس فرقہ مبتدعہ مرزائیہ کو کوئی پچھلی تفسیر بتائیں تو کفار کی طرح اساطیر الاولین کہہ کر جھٹ انکار کردیتے ہیں اور اگر ان کے روبرو حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں تو اسے بوجہ بے علمی کے مخالف ومعارض قرآن بناکر دور پھینک دیتے ہیں اور اپنی تفسیر بالرائے کو جو حقیقت میں تحریف و تاویل منہی عنہ ہوتی ہے موید بالقرآن کہتے ہیں (ظاہر ہے یہ طرز عمل کسی مسلمان کا نہیں ہوسکتا۔ ناقل) بیچارے کم علم لوگ اس سے دھوکہ کھاجاتے ہیں اور ورطہ ترددات وگرداب شبہات میں گھر جاتے ہیں' سو ایسے شبہات کے وقت میں اللہ عزیز و حکیم نے مجھ عاجز کو محض اپنے فضل وکرم سے راہ حق کی ہدایت کی اور ہر طرح سے ظاہراً وباطناً معقولاً ومنقولاً مسئلہ حقّہ سمجھایا۔ چنانچہ عنفوان شباب میں ۱۸۹۱ء میں حضرت مسیح علیہ السلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ اس طرح کہ آپ ایک گاڑی پر سوار ہیں اور بندہ اس کو آگے سے کھینچ رہا ہے اس حالت باسعادت میں آپ سے کادیانی علیہ ما علیہ کی نسبت عرض کی' آپ نے زبان وحی ترجمان سے بالفاظ طیبہ یوں فرمایا کہ کوئی خطرے کی بات نہیں اللہ تعالیٰ اس کو جلدی ہلاک کردے گا"۔

(شہادۃ القرآن طبع اول ص ...)

# مذہب اور سائنس میں فرق

س : مولانا صاحب گزارش یہ ہے کہ جو طلبہ سائنس پڑھتے ہیں ان کی نظر میں مذہب کے بارے میں عجیب کشمکش پیدا ہوجاتی ہے' اگر وہ سائنس کو مانتے ہیں تو مذہب کو جھٹلا بھی نہیں سکتے' لیکن سائنس میں بعض ایسے مظاہر ہیں جو ایک شش و پنج کی کیفیت میں مبتلا کردیتے ہیں۔ اب ہم سائنس میں سب سے پہلے نظریہ ارتقا کو لیتے ہیں کہ انسان نے بندروں اور بن مانسوں سے ترقی پائی ہے' لیکن قرآن کریم میں ارشاد ہے کہ پہلے خدا نے انسان کا مٹی کا بت بنایا' پھر جان ڈالی اور حوا کو آدم کی پسلی سے پیدا کیا' جب کہ سائنس کہتی ہے کہ جب سے آدم بنا ہے تو حوا اس کے ساتھ ہے بلکہ اسی نے اس کو جنم دیا ہے' اور آدم کو بہشت سے زمین پر نہیں اتارا گیا' بلکہ اسے پیدا ہی زمین پر کیا گیا ہے۔ اس سے سوال یہ ابھرتا ہے کہ کیا نعوذ باللہ بندر اور بن مانس یا دوسرے جانور بھی جنت یا دوزخ میں جائیں گے کیونکہ سائنس کے مطابق ان کی جان بھی تو ہماری جیسی ہے۔

ایک حدیث مبارکہ میں ہے کہ رات کو سورج اللہ تعالیٰ کے پاس سجدے میں گر جاتا ہے' اور صبح کو اسے مشرق کی طرف سے نکلنے کا حکم ہوتا ہے' لیکن ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ رات کو سورج امریکہ میں ہوتا ہے' یعنی زمین کی دوسری طرف۔

ایک حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ ستارے آسمان کی چھت کے ساتھ رسوں سے باندھے گئے ہیں' قبلہ! اگر خلا میں جاکر دیکھا جائے تو زمین بھی چاند کی طرح آسمان پر نظر آتی ہے یعنی ہر طرف آسمان ہی آسمان نظر آتا ہے۔ اور

سائنس دان کہتے ہیں کہ کوئی چھت نہیں' یہ سب باتیں شک میں مبتلا کردیتی ہیں۔

اور جنّ کے بارے میں یہ عرض ہے کہ کیا جنّ صرف جنوں کو ماننے والوں ہی کو کیوں پڑتے ہیں۔ انگریز اور روسی وغیرہ جو کہ شراب اور دوسری چیزیں جو کہ انسان کے لئے ناپاک سمجھی جاتی ہیں' استعمال کرتے ہیں' لیکن ان کو جنّ نہیں پڑتے۔ کیا یہ تمام خیالات ایک انسان کے دماغ کو منجمد نہیں کردیتے اور وہ بلاوجہ خوف و ہراس کی کیفیت میں رہتا ہے۔ کیا مذہب اور سائنس ایک ساتھ چل سکتے ہیں؟ اگر آپ نے جواب نہ دیا تو میں سمجھوں گا کہ آپ بھی شک میں پڑگئے ہیں۔

ج : آپ کا خط تفصیلی جواب کا متقاضی ہے' جب کہ میں فرصت سے محروم ہوں۔ تاہم اشارات کی زبان میں مختصراً عرض کرتا ہوں۔ پہلے چند اصول ذہن نشین کرلیجئے :

۱ : ------سائنس کی بنیاد مشاہدہ و تجربہ پر ہے' اور جو چیزیں مشاہدہ یا تجربہ سے ماورا ہیں وہ سائنس کی دسترس سے باہر ہیں' ان کے بارے میں سائنس دانوں کا کوئی دعویٰ لائق التفات نہیں' جب کہ وحی اور نبوت کا موضوع ہی وہ چیزیں ہیں جو انسانی عقل' تجربہ اور مشاہدہ سے بالاتر ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے امور میں وحی کی اطلاع قابل اعتبار ہوگی۔

۲ : ------بہت سی چیزیں ہمارے مشاہدہ سے تعلق رکھتی ہیں مگر ان کے مخفی علل و اسباب کا مشاہدہ ہم نہیں کرسکتے بلکہ ان کے علم کے لئے ہم کسی صحیح ذریعہ علم کے محتاج ہوتے ہیں' ایسے امور کا محض اس بنا پر انکار کردینا حماقت ہے کہ یہ

چیزیں ہمیں نظر نہیں آرہیں۔

۳ : ـــــ دو چیزیں اگر آپس میں اس طرح ٹکراتی ہوں کہ دونوں کو بیک وقت تسلیم کرنا ممکن نہ ہو تو یہ تو نہیں ہو سکتا کہ دونوں صحیح ہوں' لامحالہ ایک صحیح ہوگی' اور ایک غلط ہوگی۔ ان میں سے کون صحیح ہے اور کون غلط ہے؟ اس کا فیصلہ کرنے کے لئے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ کس کا ثبوت یقینی و قطعی ذریعہ سے ہوا ہے؟ اور کس کا ظن و تخمین کے ذریعہ؟ پس جس چیز کا ثبوت کسی یقینی ذریعہ سے ہو وہ حق ہے اور دوسری باطل یا مووّل۔

۴ : ـــــ جو بات اپنی ذات کے اعتبار سے ممکن ہو اور کسی سچے خبر دینے والے نے اس کی خبر دی ہو اس کو تسلیم کرنا لازم ہے' اور اس کا انکار کرنا محض ضد و تعصب اور ہٹ دھرمی ہے جو کسی عاقل کے شایان شان نہیں۔

۵ : ـــــ انسانی عقل پر اکثر و بیشتر وہم کا تسلط رہتا ہے' بہت سی چیزیں جو قطعاً صحیح اور بے غبار ہیں' لوگ غلبہ وہم کی بنا پر ان کو خلاف عقل تصور کرنے لگتے ہیں' اور بہت سی چیزیں جو عقل صحیح کے خلاف ہیں غلبہ وہم کی وجہ سے لوگ ان کو نہ صرف صحیح مان لیتے ہیں بلکہ ان کو مطابق عقل منوانے پر اصرار کرتے ہیں۔

یہ پانچ اصول بالکل فطری ہیں' ان کو اچھی طرح سمجھ لیجئے' ان میں سے اگر کسی نکتہ میں آپ کو اختلاف ہو تو اسکی تشریح کردوں گا۔ اب میں ان اصول کی روشنی میں آپ کے سوالات پر غور کرتا ہوں۔

## نظریۂ ارتقا

مسٹر ڈارون کا نظریہ ارتقا تو اب خود سائنسی دنیا میں دم توڑ رہا ہے اور

سائنس دانوں میں بدنام ہوچکا ہے' لیکن آپ اسے قرآنی وحی کے مقابلہ میں پیش کرکے شبہ کا اظہار کررہے ہیں۔ یہ سوال کہ انسان کی آفرینش کا آغاز کیسے ہوا؟ ظاہر ہے کہ یہ ایک تاریخی واقعہ ہے اور کسی اندازے اور تخمینے کی بنا پر اس بارے میں کوئی دو ٹوک بات نہیں کہی جاسکتی۔ موجودہ دور کا انسان نہ تو ابتدائے آفرینش کے وقت خود موجود تھا کہ وہ جو کچھ کہتا چشم دید مشاہدہ کی بنا پر کہتا' نہ یہ ایسی چیز ہے کہ انسانی تجربہ نے اس کی تصدیق کی ہو' ورنہ ہزاروں برس میں کسی ایک بندر کو انسان بنتے ہوئے ضرور دیکھا ہوتا۔ یا کسی ایک بندر کو انسان بنادینے کا اس نے تجربہ ضرور کیا ہوتا۔ پس جب یہ نظریہ مشاہدہ اور تجربہ دونوں سے محروم ہے تو اس کی بنیاد اٹکل پچو تخمینوں' اندازوں اور وہم کی کرشمہ سازیوں پر ہی قائم ہوگی۔ اس کے مقابلے میں خود خالق کائنات کا قطعی' غیر مبہم اور دو ٹوک ارشاد ہے جسے آپ نے سوال میں نقل کیا ہے۔ اب داد انصاف دیجئے کہ ایک مسئلے میں' جو انسانی مشاہدہ و تجربہ سے ماورا ہے' مسٹر ڈارون اور ان کے مقلدوں کا ڈھکل پچو تخمینہ لائق اعتبار ہے یا خدائے علام الغیوب کا ارشاد؟ اگر وحی الٰہی نے اس مسئلہ میں ہماری کوئی راہنمائی نہیں کی ہوتی تب بھی عقل کا تقاضا یہ تھا کہ ہم ڈارون کے غیر مشاہداتی اور غیر تجرباتی تیر تکوں کو قبول نہ کرتے' کیونکہ اہل عقل' عقل کی مانا کرتے ہیں غیر عقلی قیاسات اور تخمینوں پر اندھا دھند ایمان نہیں لایا کرتے۔ پس نظریہ ارتقا کے حامیوں کا انسان کے سلسلہ نسب کو بندر سے ملانا' جب کہ وحی الٰہی اور مشاہدہ و تجربہ اس کی تکذیب کرتے ہیں' تو یہ نظریہ اہل عقل کے نزدیک کیسے لائق التفات ہوسکتا ہے؟

## حضرت آدمؑ اور جنت

نظریہ ارتقا کے موجدوں نے انسان کا سلسلہ نسب بندر تک پہنچاکر انسانی

عقل کی جو مٹی پلید کی ہے اسی سے سمجھا جاسکتا ہے کہ انسان اول کے بارے میں ان کے دیگر تخمینوں اور قیاسات میں کتنی جان ہوگی' خصوصاً ان کا یہ کہنا کہ: انسان اول کو جنت سے نہیں اتارا گیا تھا بلکہ اسی زمین پر بندر سے اس کی جنس تبدیل ہوئی تھی' یا یہ کہ حوا اس کی بیوی نہیں بلکہ ماں تھی۔ کون نہیں جانتا کہ جنت ودوزخ عالم غیب کے وہ حقائق ہیں جو اس عالم میں انسانی مشاہدہ و تجربہ سے بالاتر ہیں' اور جن کے بارے میں صحیح معلومات کا ذریعہ صرف ایک ہے اور وہ ہے انبیا کرام علیہم السلام پر نازل شدہ وحی۔ پس جو غیبی حقائق کہ انسان کے مشاہدہ و تجربہ کی دسترس سے قطعاً باہر ہیں اور مشاہدہ کی کوئی خوردبین ان تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکتی' خود ہی سوچئے کہ ان کے بارے میں وحی الٰہی پر اعتماد کرنا چاہئے یا ان لوگوں کی لاف گزاف پر جو وہم وقیاس کے گھوڑے پر سوار ہوکر ایک ایسے میدان میں ترکتازیاں کرنا چاہتے ہیں جو ان کے احاطہ' عقل وادراک سے ماورا ہے۔ سائنس کے دقیق اسرار ورموز کے بارے میں ایک گھسیارے کا قول جس قدر مضحکہ خیز ہوسکتا ہے اس سے کہیں بڑھ کر ان لوگوں کے اندازے اور تخمینے مضحکہ خیز ہیں جو وحی الٰہی کی روشنی کے بغیر امور الٰہیہ میں تگ وتاز کرتے ہیں۔ یہ مسکین نہیں سمجھتے کہ ان کی تحقیقات کا دائرہ مادیات ہیں' نہ کہ مابعد الطبعیات' جو چیز ان کے دائرہ عقل وادراک سے ماورا ہے اس کے بارے میں وہ جو قیاس آرائی کریں گے اس کی حیثیت رجم بالغیب اور اندھیرے میں تیر چلانے کی ہوگی۔ قطعاً ممکن نہیں کہ ان کا تیر صحیح نشانے پر بیٹھے۔ وہ خود بھی مدۃ العمر وادی ضلالت کے گم گشتہ مسافر رہیں گے اور ان کے مقلدین بھی' مسلمانوں کو اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مارنے اور ان وادیوں میں بھٹکنے کی ضرورت نہیں۔ بحمد اللہ ان کے پاس آفتاب نبوت کی روشنی موجود ہے'

اور وہ ان امور الٰہیہ کے بارے میں جو کچھ کہتے ہیں دن کی روشنی میں کہتے ہیں۔

## سورج کا سجدہ کرنا

سورج کے سجدہ کرنے کی جو حدیث آپ نے نقل کی ہے وہ صحیح ہے' اور وہ کسی سائنسی تحقیق یا عام انسانی مشاہدہ کے خلاف نہیں۔ انسانی مشاہدہ یہ ہے کہ سورج چلتا ہے' لیکن اسکی رفتار خود اس کی ذاتی ہے یا کسی قادر مطلق ہستی کی حکمت و مشیت کے تابع ہے؟ یہ وہ سوال ہے جس کا جواب اس حدیث پاک میں دیا گیا ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ آفتاب کے طلوع و غروب کا نظام خود کار مشین کی طرح نہیں' بلکہ حق تعالیٰ کی مشیت و ارادہ کے ماتحت ہے' اور وہ اپنے طلوع و غروب کے لئے حق تعالیٰ شانہ سے اجازت لیتا ہے۔ ایک وقت آئے گا کہ حسب دستور طلوع کی اجازت لے گا' مگر اس کو اجازت نہیں ملے گی' بلکہ الٹی سمت چلنے کا حکم ہو گا۔ چنانچہ اس دن آفتاب بجائے مشرق کے مغرب سے طلوع ہو گا اور قریباً چاشت کے وقت جتنا اونچا ہو جانے کے بعد پھر مغرب کی جانب لوٹ جائے گا اور اس کے بعد قیامت برپا ہونے تک پھر حسب معمول طلوع و غروب ہوتا رہے گا۔

اب یہاں چند امور لائق توجہ ہیں:

**اول :** ——— یہ کہ نظام شمسی کا حق تعالیٰ شانہ کی مشیت کے تابع ہونا تمام ادیان و مذاہب کا مسلمہ عقیدہ ہے اور جو سائنس دان خدا تعالیٰ کے وجود کا اقرار کرتے ہیں انہیں بھی اس عقیدے سے انکار نہیں ہو گا۔ جو لوگ اس کارخانہ

جہان کو خود کار مشین سمجھتے ہیں اور اسے کسی صانع حکیم کی تخلیق نہیں سمجھتے ان کا نظریہ عقل و حکمت کی میزان میں کوئی وزن نہیں رکھتا۔ صانع عالم کے وجود پر دلائل کا یہ موقعہ نہیں کیونکہ میرا مخاطب بحمد اللہ مسلمان ہے۔ اس لئے اس کے سامنے وجود باری کی بحث لے بیٹھنا غیر ضروری ہی نہیں بے موقعہ بھی ہے۔ یہاں صرف اس بات پر تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ جب یہ مسلم ہے کہ نہ صرف نظام شمسی بلکہ پورا کارخانہ عالم ہی اللہ تعالیٰ کی مشیت وارادہ کے تابع ہے تو آفتاب کے روزمرہ طلوع و غروب کو بھی اسی مشیت کے تابع تسلیم کرنا ہوگا۔ اسی نکتہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کے روزمرہ سجدہ کرنے اور آئندہ دن میں طلوع کی اجازت لینے سے تعبیر فرمایا ہے۔

دوم : ---------- جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے مشاہدہ یہ ہے کہ ہر آن اور ہر لحہ سورج کے طلوع و غروب کا عمل جاری ہے' اگر ایک افق میں ڈوبتا ہے تو دوسرے سے نکلتا ہے' اگر ایک جگہ سفیدہ صبح نمودار ہوتا ہے تو دوسری جگہ تاریکی شب کا آغاز ہوتا ہے۔ اس لئے اس حدیث پاک میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی خاص افق (مثلاً مدینہ طیبہ کا افق' یا عام آبادی کا افق) کو مراد لیا ہو۔ اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ جب آفتاب اس خاص افق میں غروب ہوتا ہے تو اگلے دن کے طلوع کے لئے اجازت طلب کرتا ہے' اور اجازت ملنے پر طلوع ہوتا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ اہل ریاضی نے ہفتہ کے دنوں کی تعیین کے لئے آفتاب کا ایک خاص افق مقرر کر رکھا ہے جسے "ڈیٹ لائن" کہا جاتا ہے۔ اس خط فاصل سے اس طرف جمعہ کا دن ہوتا ہے تو دوسری طرف ہفتہ کا دن۔ اگر یہ صورت اختیار نہ کی جاتی تو

دنوں کا تعین ہی ممکن نہ ہوتا کیونکہ آفتاب تو دنیا میں کبھی غروب ہی نہیں ہوتا۔ اس لئے "ڈیٹ لائن" کے بغیر تاریخ اور دن کے تعین کی کوئی صورت نہیں تھی۔ پس جس طرح اہل فن کو دنوں کی تعیین کے لئے ایک خاص افق مقرر کئے بغیر کوئی چارہ نہیں' اسی طرح اگر اس کے طلوع وغروب کے لئے بھی علم الٰہی میں افق کا کوئی خاص نقطہ متعین ہو جس پر پہنچنے کے بعد اسے اگلے دن کے لئے نئی اجازت لینی پڑے تو اس پر کوئی عقلی اشکال نہیں۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس اجازت طلوع کے لئے کوئی خاص افق متعین نہ کیا جائے بلکہ یہ کہا جائے کہ اس کا کسی بھی افق سے طلوع ہونا اجازت کے بعد ہوتا ہے' اور چونکہ اس کا طلوع ہر لحہ کسی نہ کسی افق سے ہوتا رہتا ہے اس لئے حدیث پاک کا منشا یہ ہوگا کہ آفتاب کی حرکت کا ایک ایک لحہ خدا تعالیٰ کی اجازت ومشیت کا مرہون منت ہے اور ایک لحہ کے لئے بھی اس کی حرکت (جس پر طلوع وغروب کا نظام قائم ہے) اجازت کے بغیر جاری نہیں رہ سکتی۔

سوم :—— رہا سورج کا سجدہ کرنا' سو یہ چیز اگرچہ ہم ایسے عامیوں کے لئے اچھوتی اور اچنبھا معلوم ہوتی ہے لیکن اہل عقل جانتے ہیں کہ کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے سامنے سر بسجود ہے اور ہر چیز اس کی عظمت وتقدس کی تسبیح پڑھتی ہے۔ لیکن ہر چیز کی سجدہ ریزی وتسبیح خوانی اس کی حالت وفطرت اور شان کے مطابق الگ نوعیت کی ہے۔ ہم لوگ چونکہ ان کی "زبان بے زبانی" سمجھنے سے قاصر ہیں اس لئے ہمیں یہ بات ایک اعجوبہ معلوم ہوتی ہے۔ اسی کی طرف قرآن کریم میں یہ کہہ کر اشارہ فرمایا گیا ہے :"ولکن لا تفقھون تسبیحھم" (مگر تم ان چیزوں کی تسبیح کو نہیں سمجھتے)۔ ہم لوگ جو عقل وادراک اور شعور وفہم کا

ایک عام درجہ رکھتے ہیں' یہ کہہ کر دل کو سمجھالیتے ہیں کہ کائنات کی ہرچیز خدا تعالیٰ کے قبضہ وتصرف میں مسخر ہے اور ان کا مسخر ہونا ہی ان کا سجدہ وتسبیح ہے۔ لیکن جو حضرات علم وادراک اور عقل وفہم میں عام انسانوں سے بالاتر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کائنات صرف زبان حال ہی سے خدا تعالیٰ کی تسبیح خوانی اور اس کے سامنے سجدہ ریزی کے فرائض انجام نہیں دیتی بلکہ ہرچیز کو اللہ تعالیٰ نے اس کے حسب حال شعور وادراک کی نعمت عطا کر رکھی ہے' اور ہر ایک کو اس کے مناسب زبان گویائی بھی عطا فرمائی ہے' اس لئے ہرچیز اپنے اپنے شعور وادراک کے مطابق خدا تعالیٰ کو سجدہ کرتی ہے اور اپنی اپنی زبان میں اس کی تسبیح پڑھتی ہے :

خاک وباد وآب وآتش بندہ اند
بامن وتومردہ باحق زندہ اند

بہرحال آفتاب کا حق تعالیٰ کو سجدہ کرنا بلاشبہ حق اور صحیح ہے۔ خود قرآن کریم میں اس کی تصریح موجود ہے۔ اب وہ سجدہ زبان حال سے ہے یا زبان مقال سے' اس کی توجیہ ہر شخص اپنے اندازۂ عقل وپیمانہ فکر کے مطابق کرسکتا ہے' اور اگر کسی کی عقل اس کو محض اس لئے نہ مانتی ہو کہ یہ اعجوبہ ہے' تو اس سے یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ دنیا عجائب قدرت ہی کا نام ہے۔

یہ آتشیں کرہ' جسے ہم آفتاب کہتے ہیں' اس کا وجود بجائے خود عجائب قدرت کا ایک نمونہ ہے اور پھر اس کے طلوع وغروب کا نظام ایک مستقل اعجوبہ ہے' اگر خدانخواستہ سورج کبھی ایک آدھ بار ہی طلوع ہوا ہوتا تو دنیا اس اعجوبہ کے مشاہدہ کی بھی شاید تاب نہ رکھتی' پس جب دنیا میں ہزاروں اعجوبے ہماری

آنکھوں کے سامنے موجود ہیں اور ہم بغیر کسی ہچکچاہٹ اور شرمندگی کے ان عجائبات پر یقین رکھتے ہیں اور محض ان کا اعجوبہ ہونا ہمارے انکار کے لئے وجہ جواز نہیں بنتا' اور اس کے انکار کرنے والے کے حق میں دیوانہ اور پاگل ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں' تو کوئی وجہ نہیں کہ جو چیز ہمارے مشاہدہ و تجربہ' ہمارے علم وادراک اور ہماری عقل وشعور سے بالاتر ہو اور ایک شناسائے راز اور دانائے رموز ہمیں اس کی اطلاع دے ہم محض اعجوبہ ہونے کی بنا پر اس کا انکار کر ڈالیں۔ کیا موجودہ دور کی سائنسی ایجادات ایک عام عقل وفہم کے آدمی کے لئے کم اعجوبہ ہیں؟ کیا ایک سادہ لوح آدمی کے لئے ان کا انکار کردینا محض اس بنا پر جائز ہوگا کہ اس کی عقل ان عجائب کی گرفت سے قاصر ہے؟ نہیں! بلکہ جو شخص اس کی جرأت کرے گا آپ اسے انتہائی درجے کا احمق قرار دیں گے۔ ٹھیک اسی طرح جو لوگ ان عجائبات قدرت کا انکار کرتے ہیں جو صرف نبوت کے علم وادراک میں آسکتے ہیں' یہ لوگ بھی اپنی عقل کی پستی کا اظہار کرتے ہیں۔

چہارم : ——— آفتاب کا طلوع وغروب کے لئے اجازت لینا' اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کی حرکت میں ٹھہراؤ پیدا ہوجائے بلکہ یہ دونوں چیزیں بیک وقت جمع ہوسکتی ہیں کہ اس کی حرکت بھی جاری رہے اور وہ اپنی حرکت جاری رکھنے یا بند کردینے کے لئے اجازت بھی لیتا ہو۔ ہماری جدید دنیا میں اس کی بہت سی مشاہداتی مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔ مگر میں اس نکتہ کی مزید وضاحت وتشریح ضروری نہیں سمجھتا۔ اہل فہم کے لئے صرف اشارہ کافی ہے۔

## ایک حدیث کا حوالہ

آپ نے ایک حدیث کا حوالہ دیا ہے کہ "ستارے آسمان کی چھت کے

ساتھ رسوں سے باندھے گئے ہیں"۔ مجھے ایسی کوئی حدیث یاد نہیں جس کا یہ مضمون ہو' اگر آپ اس کا حوالہ دے سکیں تو اس کے الفاظ و مفہوم و مطالب کے بارے میں کچھ عرض کیا جاسکتا ہے۔ قرآن کریم میں دو جگہ (الاعراف ۷' النحل ۱۶) ستاروں کو "مسخرات بامرہ" فرمایا گیا ہے یعنی ستارے حکم خداوندی کے مسخر ہیں۔ ان کا فضا میں معلق ہونا اسی تسخیر کا ایک مظہر ہے۔ یہی وہ رسے ہیں جن سے یہ فضائی کرے بندھے ہوئے ہیں' اور جب اس کائنات کو درہم برہم کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا تو ان کے یہ رسے کھول دیئے جائیں گے اور ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر جھڑ جائیں گے' ان کا آپس کا تصادم قیامت کبریٰ کا پیش خیمہ ہوگا۔ پس اگر کسی حدیث میں ستاروں کے رسوں سے بندھے ہوئے ہونے کا ذکر آتا ہے تو اس سے ارادہ الٰہی کی یہی آہنی زنجیریں مراد ہیں جنہوں نے فضا میں ان محیر العقول ستاروں کو تھام رکھا ہے' مادی رسوں کی تلاش کی زحمت کیوں اٹھائی جائے۔ اور اگر سائنس ان خلائی کروں کے استقرار و استحکام کے لئے کشش ثقل کا کوئی اصول پیش کرتی ہے تو ہمیں اسے جھٹلانے کی ضرورت نہیں۔ ظاہر بیں نگاہیں تحریر کو دست کاتب کی حرکت کا کرشمہ دیکھتی ہیں لیکن ہاتھ کی حرکت دماغ کی ارتعاشی لہروں کے تابع ہے اور دماغ روح کی حس و حرکت کے تابع ہے اور روح کی روح ارادہ خداوندی ہے۔ اسی طرح ان خلائی سیاروں کے لئے سائنسی دنیا میں جو اصول و نظریات پیش کئے جاتے ہیں وہ اس کی اپنی حد پرواز تک صحیح ہیں۔ اسلام ان کی نفی نہیں کرتا بلکہ ان اصولوں میں ارادہ الٰہی کی کارفرمائی کا عقیدہ پیش کرتا ہے اور اگر کوئی سائنس دان سلسلہ اسباب و علل کی کڑیوں کو درمیان میں ختم کردینے پر اصرار کرتا ہے تو یہ اس کی بصیرت و مشاہدہ کا قصور ہے۔

# جنات کے بارے میں

جنات کے بارے میں دو باتیں قابلِ ذکر ہیں۔ ایک یہ کہ آیا جنات کا وجود ہے یا نہیں؟ دوم یہ کہ جنات آدمی کو کوئی تکلیف پہنچاسکتے ہیں یا نہیں۔ جس کو عرفِ عام میں "جن لگنا" کہا جاتا ہے۔

جہاں تک جنات کے وجود کا تعلق ہے، قرآن کریم میں جنات کا ذکر (جن یا جان کے عنوان سے) ۲۹ جگہ آیا ہے، اور "سورہ الجن" کے نام سے قرآن کریم کی ایک مستقل سورت ہے۔ سورہ الانعام آیت ۱۲۸ میں صرف جنوں کو اور سورہ الانعام آیت ۱۳۰، اور سورۃ الرحمٰن ۳۳ میں "یا معشر الجن والانس" کہہ کر جنّ اور انسان کو خطاب ہے۔ سورۃ الرحمٰن کی آیت "فبای آلاء ربکما تکذبان" میں بھی، جو ۳۱ بار دہرائی گئی ہے، دونوں کو خطاب ہے۔ سورۃ الجن۔۱، اور الاحقاف۔۲۹ میں جنات کی ایک جماعت کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر ایمان لانے کا تذکرہ موجود ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات طیبہ میں بہت سی جگہ جنات کا ذکر آتا ہے، جس کی تفصیل غیر ضروری ہے۔ قرآن کریم اور احادیث شریفہ سے واضح ہوتا ہے کہ :

۱ :..... جنات ایک مستقل مخلوق ہے۔

۲ :..... ان کی پیدائش آگ سے ہوئی ہے۔

۳ :..... انسانوں کی طرح ان میں توالد وتناسل کا سلسلہ جاری ہے۔

۴ :..... انسان کی طرح وہ بھی احکام الٰہیہ کے مکلف ہیں۔

۵ :..... انسان کی طرح ان میں بھی بعض مومن ہیں اور بعض کافر۔

۶ : وہ انسان کی نظر سے اوجھل رہتے ہیں۔

۷ :..... ان میں سے جو کافر اور سرکش ہوں انہیں "شیطان یا مردة الجن" کہا جاتا ہے۔

۸ :..... ان کا جد ابعد ابلیس ہے۔

قرآن کریم اور احادیث نبویہؐ میں جنات کے بارے میں جتنا کچھ ذکر کیا گیا ہے اسے سامنے رکھ کر ایک مستقل کتاب تالیف کی جاسکتی ہے' اور علمائے امت نے اس موضوع پر کتابیں لکھی بھی ہیں جن میں "آکام المرجان فی احکام الجان" عربی میں مشہور کتاب ہے۔ جو لوگ قرآن کریم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں ان کو تو جنات کا وجود تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں' اور جو لوگ ان کے وجود کی نفی کرتے ہیں ان کے پاس اس کے سوا کوئی دلیل نہیں کہ یہ مخلوق ان کی آنکھوں سے اوجھل ہے۔ اس لئے اگر یہ اصول صحیح ہے کہ جو چیز نظر نہ آئے اس کا انکار کردیا جائے تو صرف جنات کے وجود ہی کا نہیں بلکہ ان بیشمار چیزوں کے وجود کا بھی انکار کرنا ہوگا جو آنکھوں سے نظر نہیں آتیں' ان میں سرفہرست انسان کی اپنی روح ہے جسے کسی نے آنکھوں سے نہیں دیکھا۔ موجودہ سائنس نے ایسے جراثیم کا انکشاف کیا ہے جن کو ایک لاکھ گنا بڑا کردیا جائے تب بھی ان کا نظر آنا مشکل ہے۔ پس اگر یہ اصول صحیح ہے تو لوگوں کو مشورہ دینا چاہئے کہ تمام غیر مرئی چیزوں کا انکار کیا کریں' لیکن میں جانتا ہوں کہ ایسے مشورے کو آپ احمقانہ مشورہ کہیں گے اس لئے کہ اگرچہ یہ چیزیں عام انسانوں کو نظر نہیں آتیں' لیکن آثار و قرائن ان کے وجود کا پتہ دیتے ہیں' اور سائنسی ایجادات نے ایسی بہت سی چیزوں کا مشاہدہ کرادیا ہے' میں باادب گزارش کروں گا کہ اگر سائنسی دوربین یا خوردبین سے نظر آنے والے کسی ننھے منے

جرثومہ پر ایمان لانا واجب ہے اور اس کو جھٹلانے والا احمق ہے تو نبوت کی دور بین اور خوردبین جن چیزوں کا مشاہدہ کرکے ان کے وجود کی خبر دیتی ہیں ان کے وجود پر ایمان لانا کیوں ضروری نہیں' اور ان کو جھٹلانا کیوں حماقت نہیں؟ جب کہ جھٹلانے والوں کے ہاتھ میں اس کے سوا کوئی دلیل نہیں کہ ان کی نظر کوتاہ ان چیزوں کے مشاہدہ سے قاصر ہے۔

مجھے آپ سے شکایت ہے کہ جنات کے وجود کی بحث کو آپ نے سائنس سے پیدا شدہ اشکالات میں کیوں جگہ دی؟ سائنس تو (مادیات کی حد تک) علم و تحقیق کا نام ہے جب کہ جنات کے وجود کی نفی کسی علم و تحقیق پر مبنی نہیں بلکہ ناواقفی و جہل پر اس کی بنیاد ہے۔ جنات کا وجود کسی سائنسی اصول سے نہیں ٹکراتا' اور نہ کوئی سائنسی اصول جنات کے وجود کی نفی کرتا ہے' ہمارے اس دور جدید کی ایک مصیبت یہ ہے کہ اس میں جہل کا نام علم رکھ لیا گیا ہے' اور "یہ بات میرے علم میں نہیں" کو اس کے وجود کی نفی پر دلیل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ گویا یہ فرض کرلیا گیا کہ اشیاء کا وجود ہمارے علم کے تابع ہے۔ ہمیں کسی چیز کا علم ہے تو وجود بھی رکھتی ہے اور اگر ہمیں علم نہیں تو سمجھنا چاہئے کہ واقعہ میں وہ اپنے وجود سے بھی محروم ہے۔ یہ ہے دور جدید کا وہ منفرد اصول جس کے ذریعہ حقائق وواقعات کو بڑی جرات سے جھٹلایا جاتا ہے۔

دوسری بحث یہ کہ آیا جنات آدمی کو لگ سکتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عقلاً کوئی چیز اس سے مانع نہیں۔ آج مسمریزم اور عمل تنویم کے ذریعہ دنیا جن عجائبات کا مشاہدہ کررہی ہے وہ کسی صاحب عقل سے مخفی نہیں۔ پس اگر ایک آدمی اپنے خاص مشقی عمل سے معمول کو مسخر اور کچھ دیر کے لئے اسے آپے سے باہر کرسکتا ہے' اس کی روح سے گفتگو کرسکتا ہے اور اس سے جو

چاہے اگلواسکتا ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس امکان کا انکار کیا جائے کہ یہی سب کچھ جنات بھی کرسکتے ہیں۔ جب کہ آدمی اور جن کی قوت کا مقابلہ چیونٹی اور ہاتھی کا مقابلہ ہے۔ پس جو تصرف مسکین چیونٹی کرسکتی ہے کیوں انکار کیا جائے کہ وہی تصرف ہاتھی نہیں کرسکتا۔

یہ گفتگو تو امکان پر تھی' جہاں تک واقعہ کا تعلق ہے' اس میں شبہ نہیں کہ اس بارے میں بہت سے لوگ توہم پرستی کا شکار ہیں' اور وہ معمولی طبی امراض پر بھی "آسیب زدگی" کا شبہ کرنے لگتے ہیں' کسی صحیح معالج کی طرف رجوع کرنے کے بجائے وہ غلط قسم کے عاملوں کے چکر میں ایسے پھنستے ہیں کہ مدۃ العمر انہیں اس جال سے رہائی نصیب نہیں ہوتی' لیکن عوام کی فضول توہم پرستی کا علاج یہ نہیں کہ واقعات کا بھی انکار کردیا جائے۔ واقعہ یہی ہے کہ بعض شاذ ونادر حالات میں آسیب کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ قرآن کریم میں دو جگہ اس کا ذکر آیا ہے۔

ایک جگہ سورۂ بقرہ میں سود خوروں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے :

" الذین یاکلون الربوا لایقومون الا کما
یقوم الذی یتخبطه الشیطان من المس۔

(البقرہ ، ۲۷۵)

ترجمہ :" جو لوگ کھاتے ہیں سود' نہیں اٹھیں گے قیامت کو مگر جس طرح اٹھتا ہے وہ شخص' جس کے حواس کھودئے ہوں جن نے لپٹ کر"۔ (ترجمہ شیخ الہندؒ)

حضرت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں :

" ارشاد ہے کہ جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ نہیں

کھڑے ہوتے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے وہ آدمی جس کو شیطان جن نے لپٹ کر خبطی بنادیا ہو۔ حدیث میں ہے کہ کھڑے ہونے سے مراد محشر میں قبر سے اٹھنا ہے' کہ سود خور جب قبر سے اٹھے گا تو اس پاگل اور مجنون کی طرح اٹھے گا جس کو کسی شیطان جن نے خبطی بنادیا ہو۔

اس جملہ سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ جنات وشیاطین کے اثر سے انسان بیہوش یا مجنون ہو سکتا ہے اور اہل تجربہ کے متواتر مشاہدات اس پر شاہد ہیں۔ اور حافظ ابن قیم جوزی رحمتہ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ اطبا وفلاسفہ نے بھی اس کو تسلیم کیا ہے کہ صرع' بیہوشی یا جنون مختلف اسباب سے ہوا کرتا ہے۔ ان میں بعض اوقات جنات وشیاطین کا اثر بھی اس کا سبب ہوتا ہے جن لوگوں نے اس کا انکار کیا ہے ان کے پاس بجز ظاہری استبعاد کے کوئی دلیل نہیں"۔ (معارف القرآن : ج ا ص ٦٤٧)

دوسری جگہ سورہ الانعام میں ہدایت چھوڑ کر گمراہی اختیار کرنے والوں کی مثال دیتے ہوئے فرمایا گیا ہے :

"کالذی استوته الشیاطین فی الارض حیران له اصحاب یدعونه الی الهدی ائتنا۔

(الانعام /۷۱)

ترجمہ :" مثل اس شخص کے کہ راستہ بھلادیا ہو اس کو جنوں نے جنگل میں' جب کہ حیران ہے' اس کے رفیق

بلاتے ہوں اس کو راستہ کی طرف' کہ چلا آ ہمارے پاس"۔

پہلی آیت سے معلوم ہوا کہ جنات لپٹ کر آدمی کو مخبوط الحواس بنادیتے ہیں اور دوسری آیت میں اسی مخبوط الحواسی کی ایک مثال ذکر کی گئی ہے کہ شیطان اس کو راستہ سے بہکادیتے ہیں۔ وہ حیران و سراسیمہ ہوکر مارا مارا پھرتا ہے۔ اس کے رفقا اس کو آوازیں دیتے ہیں کہ ہم ادھر ہیں ہمارے پاس آجاؤ مگر وہ اپنی اس مخبوط الحواسی کی بنا پر ان کی آواز پر بھی توجہ نہیں کرتا۔

رہا آپ کا یہ شبہ کہ جن صرف ماننے والوں کو کیوں لگتے ہیں؟ آپ کا یہ شبہ بھی اصل حقیقت سے ناواقفیت کی بنا پر ہے۔ تقریب فہم کے لئے عرض کرتا ہوں کہ بطور مثال کسی دور افتادہ بادیہ نشین صحرائی کا تصور کیجئے۔ اسے کوئی خطرناک مرض لاحق ہوتا ہے مگر وہ مسکین اپنی ناواقفی کی بنا پر نہیں سمجھتا کہ اس مرض کے اسباب و علل کیا ہیں۔ اور اس کے علاج کی صحیح تدبیر کیا ہوسکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کے اس جہل کی وجہ سے مرض کے اسباب و علل کی نفی کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہوگا۔ اس مثال کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ امریکہ اور یورپ میں نفسیاتی مریضوں کی جو بہتات ہے وہ ہمارے ہاں بحمد اللہ نہیں۔ ان ممالک میں ایسے مریضوں کے لئے بڑے بڑے شفاخانے بھی موجود ہیں' علاج معالجہ کی سہولتوں کی بھی فراوانی ہے' ہر مرض کے لئے اعلیٰ درجے کے ماہرین اور متخصصین بھی موجود ہیں' نفسیاتی معالج بھی ایک سے ایک بڑھ کر موجود ہے لیکن ان تمام چیزوں کے باوجود ان کے ہاں نفسیاتی مریضوں کی تعداد روز افزوں ہے جن پر کوئی علاج کارگر نہیں ہوپاتا اور آپ ابن قیمؒ کی زبانی اطبا و فلاسفہ کا فیصلہ سن

چکے ہیں کہ ان نفسیاتی امراض کے اسباب میں سے ایک سبب آسیب کا اثر بھی ہو سکتا ہے جب کہ جدید مغرب اس سبب کا ہی منکر ہے اور عرض کر چکا ہوں کہ اس کے اس انکار کا منشا جہل کے سوا کچھ نہیں۔ اندریں صورت مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ جدید مغرب کی مثال اس بادیہ نشین صحرائی کی ہے جو مرض کے اصل سبب سے بے خبر اور جاہل ہے۔ لطیفہ یہ کہ جو لوگ مرض کے اصل سبب کی نشاندہی کرتے ہیں یہ جاہل ان کا مذاق اڑاتا ہے۔ فرمایئے کہ ایسی صورت میں اس کے نفسیاتی مریض لاعلاج نہ ہوں تو اور کیا ہو؟ پس یہ کہنا کہ انگریز اور روسی چونکہ جنات کے وجود ہی سے منکر ہیں اس لئے ان کو جنات بھی نہیں لگتے' حقیقت پسندانہ بات نہیں۔ بلکہ صحیح یہ ہے کہ مشرق میں تو جنات ہزاروں لاکھوں میں سے کسی ایک آدھ کو لگتے ہیں لیکن مغرب میں بڑی کثرت سے لگتے ہیں۔ اور بے شمار لوگوں کو مخبوط الحواس اور نفسیاتی مریض بناتے ہیں۔ فرق اگر ہے تو یہ کہ مشرق جنات کے وجود کا قائل ہے اور نفسیاتی مرض کے اسباب کی فہرست میں "جن" لگنے کو بھی شمار کرتا ہے۔ اس صحیح تشخیص کی بنا پر وہ علاج میں بھی کامیاب ہو جاتا ہے۔ الاماشاء اللہ۔ اس کے برعکس مغرب اپنی ناواقفی' تعصب اور جہل کی بنا پر نفسیاتی امراض کے اس اہم سبب کی نہ تشخیص کر سکتا ہے نہ اس کے علاج ومداوا کی قدرت رکھتا ہے۔ لیکن کیسی ستم ظریفی ہے کہ آپ قصوروار مشرق کو سمجھتے ہیں' اور مغرب کے جہل کو بھی ہنر تصور فرماتے ہیں' اور یہ کھلی ہوئی بات نہیں سوچتے کہ اگر مغرب کو جن نہیں لگتا تو مشرق کے مقابلہ میں اس کے لاعلاج نفسیاتی مریضوں کی اتنی بہتات کیوں ہے؟

# مذہب اور سائنس میں تصادم

رہا آپ کا یہ سوال کہ "کیا مذہب اور سائنس ایک ساتھ چل سکتے ہیں؟" کاش! فرصت ہوتی تو اس نکتہ پر تفصیل سے لکھتا مگر یہاں صرف آپ کے جواب میں اتنا عرض کروں گا کہ مذہب سے مراد اگر وہ غیر فطری اور باطل مذاہب ہیں جو (بطور مثال) "تین ایک اور ایک تین" جیسے نظریات پر اپنی بنیادیں استوار کرتے ہیں تو میرا جواب نفی میں ہے۔ سائنس کے مقابلہ میں ایسے فرسودہ و بوسیدہ مذاہب نہیں ٹھہر سکتے' نہ اس کے ساتھ چل سکتے ہیں' اور اگر مذہب سے مراد وہ دین فطرت ہے جس کا اعلان خالق فطرت نے "ان الدین عند اللہ الاسلام" میں فرمایا ہے تو میرا جواب یہ ہے کہ مذہب سائنس کے ساتھ چل سکتا ہے چلتا ہے اور انشاء اللہ چلے گا۔ کیونکہ سائنس (اگر واقعۃً سائنس ہو) رموز فطرت کی نقاب کشائی کا نام ہے اور اسلام خود فطرت ہے۔ "فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا۔"

فطرت کبھی فطرت سے نہیں ٹکراتی۔ اس لئے اسلام کو سائنس سے کوئی خطرہ نہیں' بلکہ واقعہ یہ ہے کہ سائنس نے بہت سے ان اسلامی نظریات کو قریب الفہم کردیا ہے جن کو قرون وسطی کا انسان حیرت و استعجاب کی نظر سے دیکھتا تھا۔ یہیں سے ہمارے اس یقین میں اضافہ ہوجاتا ہے کہ اسلام بلاشبہ خالق فطرت کا نازل کردہ دین فطرت ہے اور اگر سائنس دان کوئی ایسا راگ الاپتے ہیں جو اسلام کے قطعی نظریات سے ٹکراتا ہے تو ہمیں یقین ہے کہ وہ فطرت کے خلاف کہتے ہیں۔ اگر آج نہیں تو کل ان کے نظریہ کا غلط اور باطل ہونا ان پر آشکار ہوجائے گا۔ بادل کے سیاہ ٹکڑے

آفتاب کو تھوڑی دیر کے لئے نظروں سے اوجھل ضرور کرسکتے ہیں مگر وہ نہ اس کے وجود کو ختم کرسکتے ہیں' نہ اس کی روشنی کو غائب کرسکتے ہیں۔ اسلام' پوری انسانیت کیلئے آفتاب ہدایت ہے' اندھے اس سے آنکھیں بند کرسکتے ہیں' گمراہ اور کج رو لوگ اپنے نظریات کے بادل اٹھاسکتے ہیں لیکن ان بادلوں کو بہرحال چھٹنا ہوگا اور آفتاب اسلام کی تابانی کو بہرحال چمکنا ہوگا۔

الغرض سائنس کا کوئی صحیح نظریہ اسلام سے نہیں ٹکراتا' اور جو نظریات بظاہر اسلام سے متصادم نظر آتے ہیں وہ سائنس کے فطری نظریات نہیں بلکہ یا تو خام عقل لوگوں کی ہواوہوس کو سائنسی نظریہ کا نام دے دیا گیا ہے یا وہ تحقیق و تجسس کے خلا نوردوں کے سفر کی درمیانی منزلیں ہیں جنہیں غلط فہمی و عجلت پسندی سے "حرف آخر" سمجھ لیا گیا ہے۔ اس لئے ہمارے نوجوانوں کو ان نظریات سے خائف ہونے یا شکوک وشبہات کی تاریکیوں میں بھٹکنے کی ضرورت نہیں۔ ان کے پاس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لایا ہوا قطعی پیغام ہدایت اور دین فطرت موجود ہے۔ آسمان وزمین اپنی جگہ سے ٹل سکتے ہیں مگر پیغام محمدیؐ میں بال برابر بھی اونچ نیچ کی گنجائش نہیں' ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے نوجوان ایمان ویقین کی غیر متزلزل قوت سے آراستہ ہوکر آگے بڑھیں۔ خود مسلمان بنیں' اور سائنس کو مسلمان بنائیں۔ سائنس کی مثال تلوار کی ہے اگر وہ غازیان اسلام کے ہاتھ میں ہوگی تو جہاد فی سبیل اللہ کا کام دے گی اور اگر رہزنوں کے ہاتھ میں ہوگی تو فساد فی الارض میں اضافہ کرے گی۔ والسلام

# مسئلہ حاضروناظر اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ

س.... السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ مزاج شریف۔ خلاصتہ المرام اینکہ۔ بندہ ناچیز ماہناہ بینات میں آپ کے مضامین پوری دلچسپی سے پڑھتا ہے جو عقائد واعمال واخلاق میں کافی مفید ثابت ہوتے ہیں' اور بندہ کو آپ کی علمی قابلیت پر کافی اعتماد ہے اس لیے پیش آمدہ اشکالات کے ازالہ کے لیے آپ کی ذات ہی کو منتخب کیا ہے۔ امید ہے کہ آنجناب عالی اپنے قیمتی لحات میں سے کچھ وقت جوابات کے لیے نکال کر محقق بات لکھ کر بندہ کی تسلی وتشفی فرمائیں گے۔

**اشکال نمبرا** : ______ آپ نے اختلاف امت اور صراط مستقیم ص۴۰ پر حاضروناظر کے مسئلہ پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا ہے :

> "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ عقیدہ کہ آپؐ ہر جگہ موجود ہیں اور کائنات کی ایک ایک چیز آپؐ کی نظر میں ہے بداہت عقل کے اعتبار سے بھی صحیح نہیں چہ جائیکہ یہ شرعاً درست ہو' یہ صرف اللہ تعالٰی کی صفت ہے اور اس کو کسی دوسری شخصیت کے لئے ثابت کرنا غلط ہے"۔

ادھر آپ کا نظریہ پڑھا ادھر شیخ اجل حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ اپنے رسالہ "اقرب التوسل بالتوجہ الی سید الرسل بر حاشیہ اخبار الاخیار" ص۱۷۰ میں فرماتے ہیں :

> "وباچندیں اختلافات وکثرت مذاہب کہ در علما امت

ست یک کس را اختلافے نیست کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باحقیقت بے شائبہ مجاز توہم تاویل باقی ست وبراعمال امت حاضروناظراست"۔

اس عبارت سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ حضرت محدث دہلوی" کے زمانے تک حاضروناظر کے مسئلہ میں امت محمدیہ کے کسی ایک فرد نے بھی اختلاف نہیں کیا۔ شاہ صاحب کے زمانے کے بعد کسی کا اختلاف شاہ صاحب کے قول کو باطل نہیں کرسکتا۔ نیز اس میں براعمال امت کا لفظ ہے۔ اگر امت کو امت اجابت ودعوت دونوں کے لیے عام رکھا جائے اور ابتدا سے انتہا تک تمام کائنات کے احوال کو نگاہ رسالت پر منکشف مانا جائے اسمیں کون سا استحالہ لازم آتا ہے؟ جیساکہ شیخ" خود تصریح فرمارہے ہیں:

"ہرچہ در دنیا ست اززمان آدم تا نفخہ اولیٰ بروے صلی اللہ علیہ وسلم منکشف ساختند تاہمہ احوال اورا از اول تاآخر معلوم گردید۔"

(مدارج النبوۃ ج۱)

اور اس بارے میں طبرانی کی حدیث بھی موجود ہے:

"ان اللّٰہ قد رفع لی الدنیا وانی انظر الیھا والی ما ھو کائن فیھا۔"

نیز یہی شیخ رحمتہ اللہ علیہ مدارج النبوۃ جلد ۲ ص۷۸۷ مطبوعہ نولکشور میں فرماتے ہیں:

"بدانکہ وے صلی اللہ علیہ وسلم مے بیند وے
شنود کلام ترا زیراکہ وے متصف است بہ صفات اللہ تعالیٰ
ویکے از صفات الٰہی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی
وپیغمبر را صلی اللہ علیہ وسلم نصیب وافرست ازیں
صفت"۔

نیز مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۹ مطبوعہ نو لکشور میں فرماتے ہیں :

"وصیت میکنم ترا اے برادر۔ بدوام ملاحظہ
صورت ومعنی او اگرچہ باشی تو بتکلف ومستحفر پس نزدیک
است کہ الفت گیرد روح تو بوے، پس حاضر آید تراوے
صلی اللہ علیہ وسلم عیانا ویابی اورا، وحدیث کنی باوے
وجواب دہد تراوی وحدیث گوید باو وخطاب کند ترا۔ پس
فائز شوی بدرجہ صحابہ عظام ولاحق شوی بایشاں انشاء اللہ
تعالیٰ۔"

موجودہ علما کی فہم وفراست بھی مسلم، لیکن متقدمین علما کی فہم وفراست یقیناً بدرجہا فائق ہے۔ جن دلائل کی بنا پر مسئلہ حاضر وناظر کی تردید کی جاتی ہے کیا وہ دلائل حضرت محدث مرحوم کے سامنے نہ تھے؟ اگر حاضر وناظر کا عقیدہ شرک ہوتا تو ایسے عظیم المرتبت شیخ اس عقیدہ کو متفق علیہ علما امت کیسے فرماتے ہیں؟ کیا تمام اکابر شرک میں مبتلا تھے؟ نعوذ باللہ من ذالک۔ اگر آپ کا نظریہ صحیح ہے تو ان عبارات بالا کا کیا جواب ہے؟

امید ہے کہ آپ میری اس بات سے پوری تحقیق سے کامل تشفی فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

# الجواب

مسئلہ حاضر و ناظر کے سلسلہ میں اس ناکارہ نے یہ لکھا تھا :

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ آپؐ روضہ اطہر میں استراحت فرما ہیں اور دنیا بھر کے مشتاقان زیارت وہاں حاضری دیتے ہیں۔ اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ عقیدہ کہ آپؐ ہر جگہ موجود ہیں اور کائنات کی ایک ایک چیز آپؐ کی نظر میں ہے' بداہت عقل کے اعتبار سے بھی صحیح نہیں۔ چہ جائیکہ یہ شرعاً درست ہو۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور اس کو کسی دوسری شخصیت کے لیے ثابت کرنا غلط ہے"۔

حضرت اقدس شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ کا عقیدہ بھی یہی ہے' چنانچہ وہ اپنے رسالہ "تحصیل البرکات بہ بیان معنی التحیات" میں (جو کتاب المکاتیب والرسائل میں اڑتیسواں رسالہ ہے) "السلام علیک ایہا النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ" کے ذیل میں لکھتے ہیں :

"اگر گویند کہ خطاب مرحاضر را بود' و آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دریں مقام نہ حاضر است بس توجیہہ ایں خطاب چہ باشد؟

جوابش آنست کہ چوں ورود ایں کلمہ دراصل یعنی در شب معراج بصیغہ خطاب بود' دیگر تغیرش ندادند وبرہماں اصلی گزاشتند۔

ودر شرح صحیح بخاری میگوید کہ صحابہ در زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بصیغہ خطاب میگفتند وبعد از زمان حیاتش ایں چنیں میگفتند السلام علی النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ' نہ بلفظ خطاب"۔

ترجمہ :"اگر کہا جائے کہ خطاب تو حاضر کو ہوتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس مقام میں حاضر نہیں پس اس خطاب کی توجیہہ کیا ہوگی؟

جواب اس کا یہ ہے کہ چونکہ اصل میں یعنی شب معراج میں یہ کلمہ صیغہ خطاب کے ساتھ وارد ہوا تھا اس لیے اس کو اپنی اصل حالت پر رکھا گیا' اور اس میں کوئی تغیر نہیں کیا گیا۔

اور صحیح بخاری کی شرح میں لکھتے ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں صیغہ خطاب کے ساتھ سلام کہتے تھے اور آپؐ کے وصال کے بعد "السلام علی النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ" کہتے تھے۔ خطاب کا صیغہ استعمال نہیں کرتے تھے۔"

(تحصیل البرکات بہ بیان معنی التحیات' ص ۱۸۹)

اور مدارج النبوۃ باب پنجم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص وفضائل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"وازاں جملہ خصائص ایں را نیز ذکر کردہ اند کہ مصلی خطاب میکند آنحضرت را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بقول خود السلام علیک ایھا النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ وخطاب نمی کند غیراورا۔

اگر مراد بایں اختصاص آں داشتہ اند کہ سلام برغیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بخصوص واقع نہ شدہ است پس ایں معنی موافق است بحدیثے کہ از ابن مسعود رضی اللہ عنہ آمدہ است۔

..... واگر مراد ایں دارند کہ خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باوجود غیبت از خصائص است۔ نیز وجے دارد۔

ووجہ ایں میگویند کہ چوں دراصل شب معراج درود بصیغہ خطاب بود کہ از جانب رب العزت سلام آمد بر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد ازاں ہم بریں صیغہ گزاشتند۔

ودر کرمانی شرح صحیح البخاری گفتہ است کہ صحابہ بعد از فوت حضرت السلام علی النبی میگفتند۔ نہ بصیغہ خطاب۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ :"اور علما نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں ایک یہ بات ذکر کی ہے کہ نمازی آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وسلم کو السلام علیک ایہا النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ کہہ کر خطاب کرتا ہے۔ آپؐ کے سوا کسی دوسرے کو خطاب نہیں کرتا۔

اگر خصوصیت سے علما کی مراد یہ ہے کہ نماز میں

سلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا خصوصیت کے ساتھ کسی دوسرے کے لیے واقع نہیں ہوا تو یہ مضمون اس حدیث کے موافق ہے جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اور اگر علما کی مراد یہ ہو کہ غائب ہونے کے باوجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرنا آپؐ کی خصوصیات میں سے ہے تو یہ بات بھی ایک معقول وجہ رکھتی ہے اور اس کی وجہ یہ بتلاتے ہیں کہ چونکہ دراصل شب معراج میں درود صیغہ خطاب کے ساتھ تھا کہ حضرت رب العزت کی جانب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہا گیا' اس لیے بعد میں اسی صیغہ کو برقرار رکھا گیا۔

اور کرمانی شرح صحیح بخاری میں ہے کہ صحابہ کرامؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد "السلام علی النبی" کہتے تھے صیغہ خطاب کے ساتھ نہیں کہتے تھے۔ واللہ اعلم"۔

(ص ۱۶۵ ج ۱)

حضرت شیخ محدث دہلویؒ کی ان عبارتوں سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر وناظر نہیں سمجھتے' بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غائب تسلیم کرتے ہوئے سلام بصیغہ خطاب کی توجیہ فرماتے ہیں' دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ شیخؒ سے پہلے کے علما بھی آپؐ کے حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ نہیں رکھتے تھے' اور تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی حاضر وناظر کا عقیدہ

نہیں رکھتے تھے۔ چنانچہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات شریفہ کے بعد التحیات میں "السلام علیک ایہا النبی" کے بجائے غائب کا صیغہ استعمال کرتے تھے اور "السلام علی النبی" کہا کرتے تھے۔

واضح رہے کہ شیخؒ نے جو بات کرمانی شرح بخاری کے حوالے سے نقل کی ہے وہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں:

> "جب تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے ہم التحیات میں "السلام علیک ایہا النبی" پڑھا کرتے تھے، مگر جب آپؐ کا وصال ہوگیا تو ہم اس کے بجائے "السلام علی النبی" کہنے لگے"۔
>
> (صحیح بخاری ص۹۲۶ ج۲)

اس ناکارہ نے "اختلاف امت اور صراط مستقیم" میں اس حدیث کو نقل کرکے لکھا تھا:

> "صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا مقصد اس سے یہ بتانا تھا کہ التحیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کے صیغہ سے جو سلام کہا جاتا ہے وہ اس عقیدہ پر مبنی نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وموجود ہیں اور ہر شخص کے سلام کو خود سماعت فرماتے ہیں، نہیں! بلکہ خطاب کا صیغہ اللہ تعالیٰ کے سلام کی حکایت ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج میں فرمایا گیا تھا"۔ (ص۴۷)

اس تمہید کے بعد شیخؒ کی ان عبارتوں کی وضاحت کرتا ہوں جن کا آپ نے حوالہ دیا ہے :

۱: ------" اقرب التوسل "کی جو عبارت آپ نے نقل کی ہے اس میں آپ کے نسخہ میں شاید طباعت کی غلطی سے ایک لفظ رہ گیا ہے جس سے مطلب سمجھنے میں الجھن پیدا ہوگئی ہے' میرے سامنے "المکاتیب والرسائل" مجتبائی نسخہ ہے جو ۱۲۹۷ھ میں شائع ہوا تھا' اس میں یہ عبارت صحیح نقل کی ہوئی ہے' اور وہ اس طرح ہے :

" وباچندیں اختلافات وکثرت مذاہب کہ در علمائے امت است یک کس را خلافے نیست کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحقیقت حیات بے شائبہ مجاز وتوہم تاویل دائم وباقی ہست۔ وبراعمال امت حاضر وناظر۔ ومر طالبان حقیقت را ومتوجہان آنحضرت را مفیض ومربی است۔"

ترجمہ : اور باوجود اس قدر اختلافات اور کثرت مذاہب کے جو علمائے امت میں موجود ہیں ایک شخص کو بھی اس میں اختلاف نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حیات حقیقی کے ساتھ جس میں مجاز اور تاویل کے وہم کا کوئی شائبہ نہیں دائم وباقی ہیں۔ اور امت کے اعمال پر حاضر وناظر ہیں اور طالبان حقیقت اور اپنی طرف متوجہ ہونے والوں کو فیض پہنچاتے ہیں اور ان کی تربیت فرماتے ہیں"۔ (ص ۹۵)

اس عبارت میں زیر بحث مسئلہ حاضر وناظر سے تعرض نہیں بلکہ یہ ذکر کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو روضہ اطہر میں حیات حقیقیہ حاصل ہے۔ آپؐ کی بارگاہ عالی میں امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طالبان حقیقت کو بدستور افاضہ باطنی فرماتے ہیں۔

پس "بر اعمال امت حاضر وناظر" کا وہی مطلب ہے جو عرض اعمال کی احادیث میں بیان کیا گیا ہے۔ حضرت شیخ خصائص نبوی کے بیان میں لکھتے ہیں :

"وازاں جملہ آنست کہ عرض کردہ می شود بر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اعمال امت واستغفار می کند مر ایشاں را وروایت کردہ است ابن المبارک از سعید بن المسیب کہ ہیچ روزے نیست مگر آنکہ عرض کردہ میشود بر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اعمال امت صبح وشام وی شناسد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایشاں را بسیمائے ایشاں واعمال ایشاں"۔

ترجمہ : اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ایک یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور آپؐ ان کے لیے استغفار فرماتے ہیں' ابن مبارک' سعید بن مسیبؒ سے روایت کرتے ہیں کہ کوئی دن نہیں گزرتا مگر یہ کہ امت کے اعمال صبح وشام آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں' اور
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ان کی علامتوں سے
اور ان کے اعمال سے پہچانتے ہیں"۔

الغرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روضہ مقدسہ میں استراحت فرما ہیں اور وہیں آپؐ پر امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں اور انہیں ملاحظہ فرماتے ہیں یہ نہیں کہ آپؐ ہر جگہ موجود ہیں اور ہر شخص کے ہر عمل کو بچشم خود ملاحظہ فرماتے ہیں کیونکہ جیسا کہ اوپر معلوم ہوچکا ہے اس بات کے نہ حضرت شیخ دہلویؒ خود قائل ہیں نہ ان سے پہلے کے اہل علم قائل تھے۔ اور نہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہی یہ عقیدہ رکھتے تھے ورنہ نماز میں السلام علیک ایہا النبی کہنے پر ان کو اشکال نہ ہوتا' اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اس کے بجائے "السلام علی النبی" بصیغہ غائب کہنے کی ضرورت محسوس نہ کرتے۔ واللہ الموفق۔

۲ : ------مدارج النبوۃ جلد اول کے حوالے سے جو ذکر فرمایا ہے کہ :" دنیا اول سے آخر تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف کی گئی ہے اور آپؐ کو اول سے آخر تک اس کے تمام حالات معلوم ہوگئے"۔ اور طبرانی کی جو حدیث نقل کی ہے کہ :"اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے دنیا کو پیش کیا درآں حالیکہ میں اس کی طرف اور جو کچھ اس میں ہونے والا ہے اس کی طرف دیکھ رہا تھا"۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ کائنات کے ذرہ ذرہ کا علم آپؐ کو ہر لحہ رہتا ہے یا یہ کہ کائنات کے ذرہ ذرہ کے پاس آپؐ حاضروناظر ہیں' بلکہ مراد اس سے کشف اور رؤیت ہے اس کی

مثال ایسی سمجھ لیجئے کہ آپ کسی معزز مہمان کو اپنے کارخانے کی سیر کراتے ہیں' پورا کارخانہ اس کی نظر کے سامنے ہے اور اس کے سارے حالات اسے معلوم ہوگئے اس کے باوجود یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس معزز مہمان کو کارخانے کی ایک ایک چیز کا تفصیلی علم ہوگیا اور نہ یہ لازم آتا ہے کہ اس کارخانے کی ادنیٰ ادنیٰ جزئیات اس کے ذہن میں ہر لحظہ محفوظ رہا کریں' حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ لکھتے ہیں :

"واز جملہ معجزات باہرہ وے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بودن اوست مطلع بر غیوب۔ وخبر دادن بانچہ حادث خواہد شد از کائنات۔ علم غیب اصالۃ مخصوص است بہ پروردگار تعالیٰ وتقدس کہ علام الغیوب است وہرچہ بر زبان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وبعضے از تابعان وے ظاہر شدہ بوحی یا بالہام۔ ودر حدیث آمدہ است واللہ انی لااعلم الا ما علمنی ربی۔"

ترجمہ : اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات باہرہ میں سے ایک آپؐ کا مطلع ہونا ہے غیب کی چیزوں پر' اور خبر دینا ہے کائنات کے ان حوادث کی جو آئندہ واقع ہوں گے۔ علم غیب دراصل مخصوص ہے پروردگار تعالیٰ وتقدس کے ساتھ جو کہ علام الغیوب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر یا آپؐ کے بعض پیروؤں کی زبان پر جو کچھ ظاہر ہوا وہ وحی والہام کے ذریعہ ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ اللہ کی قسم! میں نہیں جانتا مگر جو کچھ

میرے رب نے مجھے سکھایا"۔ (مدارج النبوۃ ص۲۴۶ ج۱)

حضرت شیخؒ نے اس مقام پر جو کچھ فرمایا ہے اس ناکارہ نے یہی کچھ "اختلاف امت اور صراط مستقیم" میں رقم کیا تھا' شیخؒ کی اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ علم غیب اور چیز ہے اور غیب کی باتوں پر بذریعہ وحی یا الہام کے مطلع ہوجانا دوسری چیز ہے۔ علم غیب خاصہ خداوندی ہے جس میں کوئی دوسرا شریک نہیں اور اطلاع علی الغیب بذریعہ وحی والہام کی دولت حضرات انبیاء کرامؑ اور اولیاء عظامؒ کو حسب مراتب حاصل ہے۔

۳ : ------ تیسری عبارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تصور اور آپؐ کی صورت مبارکہ کے استحضار سے متعلق ہے۔ حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے اس امر کو بیان فرمارہے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق پیدا کرنے اور آپؐ کی ذات بابرکات سے فیض حاصل کرنے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک ظاہری اور دوسری معنوی۔ اور تعلق معنوی کی دو قسمیں ہیں۔ اول یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ کا دائمی استحضار رکھا جائے (قسم اول : دوام استحضار آں صورت بدلیع مثال)

اور اس استحضار کے مختلف طریقے بتاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر تمہیں کبھی خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال جہاں آرا کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے تو اسی صورت مبارکہ کا استحضار کرو جو خواب میں نظر آئی تھی اور اگر کبھی خواب میں زیارت نصیب نہیں ہوئی تو :

"ذکر کن اورا ودرود بفرست بروے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وباش درحال ذکر گویا حاضر است درپیش در حالت حیات، ومی بنی تو اورا متادب باجلال وتعظیم وہمت وحیا"۔

ترجمہ : آپؐ کو یاد کر، اور آپؐ پر درود بھیج اور یاد کرنے کی حالت میں ایسا ہو کہ گویا تم آپؐ کی حیات میں سامنے حاضر ہو۔ اور تم اجلال وتعظیم اور ہمت وحیا کے ساتھ آپؐ کو دیکھ رہے ہو"۔

آگے وہی عبارت ہے جو آپ نے نقل کی ہے۔ پس یہ ساری گفتگو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معنوی تعلق پیدا کرنے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ کا ذہن میں استحضار رکھنے سے متعلق ہے۔ خود سوچئے کہ ہمارے زیر بحث مسئلہ حاضروناظر سے اسے کیا تعلق ہے؟

۴ : ........اسی طرح آپ کی نقل کردہ آخری عبارت بھی زیر بحث مسئلہ سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ جیسا کہ خود اسی عبارت میں موجود ہے "دوام ملاحظہ صورت ومعنی" کے ذریعہ روح نبویؐ سے تعلق پیدا کرنے کی تدبیر بتائی گئی ہے۔ جس کا حاصل وہی مراقبہ واستحضار ہے۔ اور اس دوام واستحضار کا نتیجہ یہ ذکر فرمایا گیا ہے کہ "پس حاضر آید تراوے صلی اللہ علیہ وسلم عیانا" یعنی بذریعہ کشف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوجانا۔

جس طرح خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی

ہے اسی طرح بعض اکابر کو بیداری میں زیارت ہوتی ہے۔ (اور شیخؒ اسی دولت کے حصول کی تدبیر بتارہے ہیں) مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضروناظر مانا جائے۔ یا یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم روضہ مقدسہ سے باہر تشریف لے آئیں۔ بلکہ خواب کی طرح بیداری میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت متمثل ہوجاتی ہے۔ چنانچہ شیخؒ نے "مدارج النبوۃ" (قسم اول باب پنجم) میں اس مسئلہ پر طویل گفتگو کی ہے اس کے آخر میں فرماتے ہیں :

"وہمچنا کہ جائز است کہ در منام جوہر شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متصور و متمثل گردد بے شوب شیطان، در یقظہ نیز حاصل گردد وآنچہ نائم در نوم می بیند مستیقظ در یقظہ بہ نیند.... وتمثیل ملکوتی بصورت ناسوتی امرے مقرر است، وایں مستلزم نیست کہ آنحضرت علیہ السلام از قبر برآمدہ باشد۔

بالجملہ دیدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد ازموت مثال است۔ چنانچہ در نوم مرئی شود در یقظہ نیز می نماید۔ وآں شخص شریف کہ در مدینہ در قبر آسودہ وحی است ہماں متمثل میگردد ودریک آن متصور بصور متعددہ، عوام رادر منام می نماید وخواص رادر یقظہ"۔

ترجمہ :"جس طرح یہ جائز ہے کہ خواب میں شیطانی تمثل کی آمیزش کے بغیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جوہر شریف متصور اور متمثل ہوجائے اسی طرح بیداری میں بھی

یہ چیز حاصل ہوجائے' اور جس چیز کو سونے والا خواب میں دیکھتا ہے بیدار اسے بیداری میں دیکھ لے... اور ملکوتی چیز کا ناسوتی شکل میں متمثل ہوجانا ایک طے شدہ امر ہے۔ اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس روضہ اطہر سے باہر تشریف لے آئیں۔

خلاصہ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آپؐ کی وفات کے بعد دیکھنا بصورت مثال ہوتا ہے' وہ مثال جیسا کہ خواب میں نظر آتی ہے بیداری میں بھی نظر آتی ہے اور وہ ذات اقدس جو مدینہ طیبہ میں روضہ مقدسہ میں استراحت فرما ہیں اور زندہ ہیں' وہی بصورت مثال متمثل ہوتی ہے اور ایک آن میں متعدد صورتوں میں متمثل ہوتی ہے عوام کو خواب میں نظر آتی ہے اور خواص کو بیداری میں۔"

شیخؒ کی اس عبارت سے واضح ہوجاتا ہے کہ خواب یا بیداری میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بصورت مثال ہوتی ہے یہ نہیں کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبر شریف سے نکل کر دیکھنے والے کے پاس آجاتے ہوں۔ خلاصہ یہ کہ حاضر وناظر کے مسئلہ میں حضرت شیخؒ کا عقیدہ وہی ہے جو اس ناکارہ نے لکھا تھا' شیخؒ کی ان عبارتوں میں جو آپ نے نقل کی ہیں اس مسئلہ سے کوئی تعرض نہیں۔

۵ : ........ شیخ نور اللہ مرقدہ نے اپنی متعدد کتابوں میں بعض عارفین کے حوالے سے لکھا ہے کہ حقیقت محمدیہؐ تمام کائنات میں ساری ہے' چنانچہ "السلام علیک ایہا النبی" کی بحث میں مدارج النبوۃ کی جو عبارت اوپر گزر

چکی ہے اس کے متصل فرماتے ہیں :

"ودر بعضے کلام بعضے عرفا واقع شدہ کہ خطاب از مصلی بملاحظہ شہود روح مقدس آنحضرت وسریان وے درزواری موجودات خصوصاً در ارواح مصلیین است وبالجملہ دریں حالت از شہود وجود وحضور از آنحضرت غافل وذاہل نباید بود' بامید ورود فیوض از روح پر فتوح وے صلی اللہ علیہ وسلم"۔

(مدارج النبوۃ' ص۱۶۵ ج۱)

یہی مضمون تحصیل البرکات' لمعات اور اشعۃ اللمعات میں بھی ذکر فرمایا ہے۔

اس سے بعض حضرات کو یہ وہم ہوا کہ شیخ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں حالانکہ "حقیقت محمدیہ"" "حقیقت کعبہ" اور "حقیقت قرآن" حضرات عارفین کی خاص اصطلاحات ہیں' جن کا سمجھنا عقول عامہ سے بالاتر چیز ہے حضرات عارفین کے حقائق ومعارف اپنی جگہ برحق ہیں' مگر انہیں اپنی فہم کے پیمانے میں ڈھال کر ان پر عقائد کی بنیاد رکھنا بڑی بے انصافی ہے۔

## ڈارون کا نظریہ ارتقا اور اسلام

گزشتہ دنوں یہاں کے ایک ڈاکٹر صاحب نے جو "تنظیم اسلامی" کے بانی ہیں امریکہ جاکر اپنے خطبات میں یہ فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ فرمایا (اور جو احادیث

صحیحہ میں محفوظ ہے) وہ صحیح نہیں، کیونکہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا میدان نہیں تھا، اس لئے اس مسئلہ میں امت کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد لائق التفات نہیں، بلکہ فلاسفہ طبیعیین (ڈارون واتباعہ) نے جو نظریہ ارتقا پیش کیا ہے وہ صحیح ہے۔ اس سلسلہ میں متعدد حضرات نے ہمیں خطوط بھیجے، ان میں سے ایک کا جواب مع اصل خط کے قارئین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ (سعید احمد جلال پوری)

س ـــــ کیا فرماتے ہیں علمادین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام روح ڈالے جانے سے پہلے بھی زندہ تھے مگر حیوان کی شکل میں، اور اس حیوانی شکل میں بھی وہ جمادات ونباتات کے مراحل سے گزر کر پہنچے تھے۔ واللہ انبتکم من الارض نباتا۔ الایۃ۔ اس آیت کریمہ سے وہ شخص اپنے اسی عقیدہ پر استدلال لیتا ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی روح ڈالے جانے سے پہلے کی کیفیت کو وہ شخص "حیوان آدم" قرار دیتا ہے۔

یہ شخص حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کی بابت انہی مراحل سے گزر کر حیوان کی شکل تک پہنچنے کا عقیدہ رکھتا ہے جن مراحل کا تذکرہ ڈارون نے اپنے "نظریہ ارتقا" میں کیا ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صریح صحیح اور واضح احادیث مبارکہ کو یہ شخص درخور اعتنا نہیں سمجھتا، چونکہ اس کے نزدیک صرف وہ احادیث قابل اتباع ہیں جو علم الاحکام یا حلال وحرام سے متعلق ہوں۔ علم الحقائق اور حکمت سے متعلق احادیث کی بات ان کے نزدیک دوسری ہے۔

یہ شخص کہتا ہے کہ جو کوئی سمجھتا ہو کہ حضرت آدم علیہ السلام کا مٹی کا پتلا بنایا گیا تھا اور پھر اس بے جان پتلے میں روح پھونکی گئی تھی تو یہ کفر تو نہیں نا سمجھی ضرور ہے۔

یہ شخص حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق تفصیل و تحقیق کو "امور دنیا" میں سے قرار دیتا ہے' پھر حضور نبی کریم ﷺ کا حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کھجوروں کی پیوند کاری کے بابت انتم اعلم بامور دنیاکم والی حدیث کو اپنے لئے دلیل کے طور پر پیش کرتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق اگر نبی کریم ﷺ نے کوئی واضح موقف اختیار نہیں فرمایا تو کوئی بات نہیں کہ یہ معاملہ امور دنیا میں سے ہے جو حضور ﷺ کا میدان کار نہیں۔

یہ شخص مذکورہ تمام باتیں بر سر منبر جمعہ کے خطبہ میں لوگوں کے سامنے بیان کرتا ہے اس شخص کی متذکرہ بالا باتوں کی روشنی میں دریافت طلب امور یہ ہیں :

○ کیا اس شخص کے مذکورہ بالا عقائد کو اہل سنت والجماعت کے عقائد کہا جاسکتا ہے؟
○ حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق احادیث کے بارے میں اس شخص کا رویہ گستاخی اور گمراہی نہیں ہے؟
○ حضرت آدم علیہ السلام کو "حیوان آدم" کہنا گستاخی نہیں ہے؟
○ کیا یہ شخص تفسیر بالرائے کا مرتکب نہیں ہوا؟
○ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلاف امت کا عقیدہ حضرت آدمؑ کے مٹی کے پتلے سے بنائے جانے کا ہے یا نہیں؟
○ اس شخص کی بیعت یا کسی قسم کا تعلق اس کے ساتھ آپ کے نزدیک کیسا ہے؟

کتاب وسنت کی روشنی میں تفصیلات سے آگاہ فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔

# الجواب

آنجناب نے ان صاحب کے جو افکار و خیالات نقل کئے ہیں مناسب ہو گا کہ پہلے ان کا تنقیدی جائزہ لیا جائے' بعد ازاں آپ کے سوالوں کا جواب عرض کیا جائے۔

آنجناب کے سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بات ان صاحب کے علم میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کے بارے میں کچھ تصریحات فرمائی ہیں جن کو یہ صاحب "امور دنیا" قرار دیتے ہوئے لائق توجہ اور درخور اعتنا نہیں سمجھتے۔ اس لئے یہاں دو باتوں پر غور کرنا ضروری ہے۔

اول یہ کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کے بارے میں امت کو کیا بتایا ہے؟

دوم یہ کہ آیا آنحضرت ﷺ کے یہ ارشادات امت کے لئے لائق توجہ نہیں؟

## امر اول :

## تخلیق آدم علیہ السلام کے بارے میں تصریحات نبویؐ

آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق جسمانی کی کیفیت اور اس تخلیق کے مدارج کے سلسلہ میں جو تصریحات فرمائی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا ارادہ فرمایا تو تمام روئے زمین سے مٹی کا خلاصہ لیا۔ پھر اس میں پانی ملاکر اس کا گارا بنایا گیا۔ پھر اسے ایک مدت تک پڑا رہنے دیا گیا' یہاں تک کہ وہ گارا سیاہ ہو گیا' اس سے بو آنے لگی اور اس میں چپکاہٹ کی کیفیت پیدا ہو گئی' پھر اس گارے سے حضرت آدم علیہ السلام کا ساٹھ ہاتھ لمبا قالب بنایا گیا' پھر یہ قالب کچھ عرصہ پڑا رہا یہاں تک کہ خشک ہو کر اس میں

کھنکھناہٹ پیدا ہو گئی اور وہ ٹھیکری کی طرح بجنے لگا' اس دوران شیطان اس قالب کے گرد گھومتا تھا' اسے بجا بجا کر دیکھتا جاتا تھا اور کہتا تھا کہ اس مخلوق کے پیٹ میں خلا ہے' اس لئے اپنے آپ پر قابو نہیں رکھ سکے گی۔

پھر اس بے جان قالب میں روح پھونکی گئی اور وہ جیتے جاگتے انسان بن گئے جب ان کے نصف اعلیٰ میں روح داخل ہوئی تو انہیں چھینک آئی اور ان کی زبان مبارک سے پہلا کلمہ جو نکلا وہ "الحمد للہ" تھا' جس پر حق تعالیٰ شانہ نے ان کو جواب میں فرمایا "یرحمک ربک" (تیرا رب تجھ پر رحم فرمائے) حضرت آدم علیہ السلام جس وقت پیدا کئے گئے اس وقت ان کا قد ساٹھ ہاتھ لمبا تھا' اور ان کے تمام جسمانی اعضا اور ظاہری و باطنی قویٰ کامل و مکمل تھے' ان کو نشو و نما کے ان مراحل سے گزرنا نہیں پڑا جن سے اولاد آدم گزر کر اپنے نشو و نما کے آخری مدارج تک پہنچتی ہے۔

یہ خلاصہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ان بہت سے ارشادات کا جو حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کے بارے میں مروی ہیں۔ میں ان بہت سی احادیث میں سے یہاں صرف چار احادیث کے ذکر کرنے پر اکتفا کرتا ہوں۔

حدیث اول :

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلق اللہ عز وجل آدم علی صورتہ' طولہ ستون ذراعا' فلما خلقہ قال اذھب فسلم علی اولئک النفر' وھم نفر من الملائکۃ جلوس' فاستمع ما یحیونک بہ' فانھا تحیتک وتحیۃ ذریتک' قال فذھب فقال السلام علیکم' فقالوا السلام علیک

ورحمة اللّٰہ' قال فزادوه "ورحمة اللّٰہ" قال فكل
من يدخل الجنة على صورة آدم وطوله ستون
ذراعا ' فلم يزل الخلق ينقص بعده حتى الآن۔

(صحیح بخاری ص ۹۹ ج۲' صحیح مسلم ص۳۸۰ ج۲' مسند احمد ص۲۴۴
ج۲)

ترجمہ :۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر پیدا کیا تھا' ان کا قد ساٹھ ہاتھ تھا' جب ان کو پیدا کیا گیا تو ان سے فرمایا کہ جاؤ! اس جماعت کو جاکر سلام کہو۔ یہ فرشتوں کی ایک جماعت بیٹھی تھی' پس سنو کہ یہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں' کیونکہ یہی تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام ہوگا' چنانچہ آدم علیہ السلام نے جاکر ان فرشتوں کو "السلام علیکم" کہا۔ انہوں نے جواب میں کہا "وعلیک السلام ورحمہ اللہ"۔ فرشتوں نے جواب میں "ورحمہ اللہ" کے لفظ کا اضافہ کیا' آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جتنے لوگ جنت میں داخل ہوں گے وہ آدم علیہ السلام کی صورت پر ہوں گے اور ان کا قد ساٹھ ہاتھ کا ہوگا' بعد میں انسانوں کے قد چھوٹے ہوتے رہے جس کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔

حافظ الدنیا ابن حجر عسقلانی آنحضرت ﷺ کے ارشاد "اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر پیدا کیا" کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

والمعنٰى ان اللّٰہ تعالٰى اوجده على الهيئة
التى خلقه عليها لم ينتقل فى النشاة احوالا '
ولا تردد فى الارحام اطوارا كذريته' بل خلقه

اللہ رجلا کاملا سویا من اول ما نفخ فیہ الروح' ثم عقب ذلک لقولہ "وطولہ ستون ذراعا"۔

(فتح الباری ص۳۶۶ ج۶ کتاب الانبیاء باب خلق آدم وذریتہ)

ترجمہ :"اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جس شکل وہیئت میں پیدا فرمایا ان کو اسی ہیئت وشکل میں وجود بخشا۔ وہ اپنی ذریت کی طرح پیدائش کے مختلف حالات سے نہیں گزرے' نہ شکم مادر میں ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہوئے' بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تخلیق اس طرح فرمائی کہ نفخ روح کے وقت ہی سے وہ مرد کامل تھے اور ان کی تمام جسمانی قوتیں بدرجہ کمال تھیں' اسی بنا پر اس کے بعد فرمایا کہ اس وقت ان کا قد ساٹھ ہاتھ تھا"۔

اس حدیث کی یہی تشریح اور بہت سے اکابر نے فرمائی ہے۔

**حدیث دوم** : عن ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ خلق آدم من قبضۃ قبضھا من جمیع الارض فجاء بنو آدم علی قدر الارض' منھم الابیض والاحمر والاسود وبین ذلک والسھل والحزن والخبیث والطیب۔

(ترمذی ص۱۳۰ ج۲' ابو داود ص۶۴۴ ج۲۔ مسند احمد ص۴۰۰ ج۴)

(مستدرک حاکم ص۲۶۱ ج۲' صحیح ابن حبان' الاحسان ص۱۱ ج۹)

ترجمہ :"حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا' مٹی کی مٹھی سے جس کو تمام زمین سے لیا تھا۔ چنانچہ اولاد آدم زمین کے اندازے کے مطابق ظاہر ہوئی' ان میں کوئی سفید ہے' کوئی سرخ' کوئی کالا اور کوئی ان رنگوں کے درمیان' کوئی نرم' کوئی سخت' کوئی خبیث' کوئی پاکیزہ"۔

**حدیث سوم :**

عن انس رضی اللّٰہ عنہ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لما صور اللّٰہ آدم فی الجنة ترکہ ما شاء اللّٰہ ان یترک' فجعل ابلیس یطیف بہ ینظر ما ھو' فلما راہ اجوف عرف انہ خلق خلقا لا یتمالک۔

(صحیح مسلم ص ۳۲۷ ج۲' مسند احمد ص۲۴۰ ج ۳'
مسند طیالسی ص۲۷۰' حدیث نمبر ۲۰۲۴)

ترجمہ :"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے جنت میں آدم علیہ السلام کا ڈھانچہ بنایا تو اس کو اسی حالت میں رہنے دیا جتنی مدت کہ اللہ تعالیٰ کو منظور تھی تو شیطان اس کے گرد گھومنے لگا یہ دیکھنے کے لئے کہ یہ کیا چیز ہے۔ پس جب اس نے دیکھا کہ اس کے پیٹ میں خلا ہے تو اس نے پہچانا کہ اس کی تخلیق ایسی کی گئی ہے کہ یہ اپنے اوپر قابو نہیں رکھ سکے گا"۔

## حدیث چہارم :

عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ان الله خلق آدم من تراب، ثم جعله طینا، ثم ترکه حتٰی اذا کان حما مسنونا خلقه وصوره۔ ثم ترکه حتٰی اذا کان صلصالا کالفخار، قال فکان ابلیس یمر به فیقول لقد خلقت لامر عظیم ثم نفخ الله فیه من روحه، فکان اول شیء جری فیه الروح بصره وخیاشیمه، فعطس فلقاه الله حمد ربه، فقال الرب، یرحمک ربک۔ (الحدیث)

(فتح الباری ص۳۶۴ ج۶، مسند ابو یعلیٰ ص۹۷ ج۶

حدیث نمبر ۶۵۴۹، مجمع الزوائد ص۱۹۷ ج۸)

ترجمہ :۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے بنایا آدم علیہ السلام کو مٹی سے، پھر اس مٹی میں پانی ڈال کر اس کو گوندھ دیا، پھر اس کو چھوڑ دیا یہاں تک کہ سیاہ گارا بن گیا تو اس کا قالب بنایا، پھر اس کو چھوڑ دیا، یہاں تک کہ وہ آگ میں پکی ہوئی چیز کی طرح کھنکھنانے لگا۔ ابلیس اس کے پاس سے گزرتا تو کہتا کہ تجھے کسی بڑے کام کے لئے بنایا گیا ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے اس قالب میں اپنی روح ڈالی، پس سب سے پہلی چیز جس میں روح جاری ہوئی وہ حضرت آدم علیہ السلام کی آنکھیں اور نتھنے تھے، پس ان کو چھینک آئی تو اللہ تعالیٰ

نے ان کو "الحمد للہ" کہنے کا الہام فرمایا۔ انہوں نے الحمد للہ کہا تو اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا "یرحمک ربک" تیرا رب تجھ پر رحم فرمائے"۔

ان احادیث شریفہ کا خلاصہ مضمون پہلے ذکر کرچکا ہوں۔ اب اس پر غور فرمایئے کہ ان احادیث مقدسہ میں تخلیق آدم علیہ السلام کے جو مدارج ذکر کئے گئے اور اس تخلیق کی جو کیفیت بیان فرمائی گئی ہے۔ قرآن کریم کی بہت سی آیات میں اس کی تصدیق و تصویب فرمائی گئی ہے۔

**اول** —— یہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق بلاواسطہ مٹی سے ہوئی اور یہ ان کی تخلیق کا نقطہ آغاز اور مبدا اول ہے۔ حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے :

ان مثل عیسٰی عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون۔ (آل عمران۔۵۹)

ترجمہ :"بے شک حالت عجیبہ (حضرت) عیسیٰؑ کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشابہ حالت عجیبہ (حضرت آدمؑ کے ہے کہ ان (کے قالب) کو مٹی سے بنایا' پھر ان کو حکم دیا کہ (جاندار) ہوجا' پس وہ (جاندار) ہوگئے۔" (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

**دوم** —— یہ کہ اس مٹی کو پانی سے گوندھا گیا' حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :

اذ قال ربک للملا ئکۃ انی خالق بشرا من طین۔ (ص۔۷۱)

ترجمہ :"جب آپ کے رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ میں گارے سے ایک انسان (یعنی اس کے پتلے کو) بنانے والا ہوں"۔

(ترجمہ حضرت تھانوی")

سوم ــــــــ یہ کہ یہ گارا ایک عرصہ تک پڑا رہا یہاں تک کہ سیاہ ہو گیا اور اس میں سے بو آنے لگی۔ چنانچہ ارشاد ہے :

ولقد خلقنا الانسان من صلصال من حماء مسنون۔ (الحجر۔۲۶)

ترجمہ :"اور ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے' جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی تھی پیدا کیا"۔

(ترجمہ حضرت تھانوی")

چہارم ــــــــ یہ کہ مزید پڑا رہنے سے اس گارے میں چپکنے کی صلاحیت پیدا ہو گئی' ارشاد ہے :

انا خلقنٰھم من طین لازب۔

(الصافات۔۱۱)

ترجمہ :"ہم نے ان لوگوں کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے۔"

ترجمہ حضرت تھانوی")

پنجم ــــــــ یہ کہ اس گارے سے قالب بنایا جو خشک ہو کر بجنے لگا' ارشاد ہے :

واذ قال ربک للملائکة انی خالق بشرا من صلصال من حماء مسنون۔ (الحجر۔۲۸)

ترجمہ :" اور جب آپ کے رب نے ملائکہ سے فرمایا کہ میں ایک بشر کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے سے بنی ہوگی' پیدا کرنے والا ہوں"۔

خلق الانسان من صلصال کالفجار ○
وخلق الجان من مارج من نار○

(الرحمٰن۔۱۴۔۱۵)

ترجمہ :"اس نے انسان کو ایسی مٹی سے جو ٹھیکرے کی طرح بجتی تھی' پیدا کیا اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

ششم ــــــ یہ کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کا قالب مندرجہ بالا مدارج سے گزر چکا تو اس میں روح پھونکی گئی اور یہ ان کی تخلیق کی تکمیل تھی' ارشاد ہے :

اذ قال ربک للملائکة انی خالق بشرا من طین فاذا سویته ونفخت فیه من روحی فقعوا له ساجدین۔

(ص۔۷۱' ۷۲)

ترجمہ :"جب آپ کے رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ میں گارے سے ایک انسان (یعنی اس کے پتلے کو) بنانے والا ہوں' سو جب میں اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی طرف سے روح ڈال دوں تو تم سب اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

# اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھوں سے بنایا

قرآن کریم میں یہ بھی صراحت فرمائی گئی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھوں سے فرمائی۔ چنانچہ ارشاد ہے :

قال یا ابلیس ما منعک ان تسجد لما خلقت بیدی۔ (ص ۷۵)

ترجمہ :"حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس جس چیز کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اس کو سجدہ کرنے سے تجھ کو کون چیز مانع ہوئی؟"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

یہ تو ظاہر ہے کہ ساری کائنات حق تعالیٰ شانہ ہی کی پیدا کردہ ہے مگر حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں جو ارشاد فرمایا کہ "میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے بنایا"۔ اس سے حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت و شرف کا اظہار مقصود ہے۔ یعنی ان کی تخلیق توالد و تناسل کے معروف طریقہ سے نہیں' بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بدست خود مٹی سے بنایا اور ان میں روح پھونکی' چنانچہ امام ابو السعودؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں :

اے خلقته بالذات من غیر توسط اب وام۔

(تفسیر ابی السعود ص ۲۳۶ ج۷)

ترجمہ :"یعنی میں نے ان کو ماں باپ کے واسطے کے بغیر بذات خود پیدا فرمایا"۔

اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں "خلقت بیدی" (بنایا میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے) فرمانا اس حقیقت کبریٰ کا اظہار ہے کہ

ان کی تخلیق تولید و تناسل کے معروف ذرائع سے نہیں ہوئی۔ یہیں سے اہل عقل کو یہ سمجھنا چاہئے کہ جس شخصیت کی تخلیق میں ماں اور باپ کا واسطہ بھی قدرت کو منظور نہ ہوا اس کے بارے میں یہ دعویٰ کرنا کہ وہ جمادات' نباتات' حیوانات' اور بندروں کی "جون" تبدیل کرتے ہوئے انسانی شکل میں آیا کتنی بڑی ستم ظریفی ہوگی؟ الغرض "خلقت بیدی" کے قرآنی الفاظ سے جہاں حضرت آدم علیہ السلام کے توالد و تناسل کے ذریعہ پیدا ہونے کی نفی ہوتی ہے وہاں ان کے جمادات' نباتات اور حیوانوں اور بندروں سے ارتقائی مراحل طے کرتے ہوئے انسان بننے کی بدرجہ اولیٰ نفی ہوتی ہے' اس لئے اہل ایمان کے نزدیک حق وہی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور جس کی تفصیلات اوپر گزر چکی ہیں۔

## حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں انبیا کرام علیہم السلام کا عقیدہ

قرآن کریم کے ارشاد "خلقت بیدی" (بنایا میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے) کے مفہوم کو اچھی طرح ذہن نشین کرنے کے بعد اب اس پر بھی غور فرمایئے کہ اس بارے میں حضرات انبیا کرام علیہم السلام کا عقیدہ کیا تھا؟

حدیث کی قریباً تمام معروف کتابوں (صحیح بخاری' صحیح مسلم' ابو داود' ترمذی' ابن ماجہ' موطا امام مالک اور مسند احمد وغیرہ) میں حضرت موسیٰ اور حضرت آدم علیہما السلام کا مباحثہ مذکور ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام سے فرمایا:

انت آدم الذی خلقک اللہ بیدہ ونفخ فیک

من روحه واسجد لک ملائکته واسکنک فی جنته (مشکوۃ ص۱۹)

ترجمہ :" آپ وہی آدم (علیہ السلام) ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو اپنے ہاتھ سے بنایا اور اس میں اپنی طرف سے روح ڈالی اور آپ کو اپنے فرشتوں سے سجدہ کرایا اور آپ کو اپنی جنت میں ٹھہرایا"۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس ارشاد میں حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں ٹھیک وہی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں جو مذکورۃ الصدر آیت شریفہ میں وارد ہوئے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کا آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھوں سے بنانا اور ان کے قالب میں اپنی جانب سے روح ڈالنا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ حضرات انبیا کرام علیہم السلام بھی یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا قالب اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اور اس میں روح ڈالی وہ توالد وتناسل کے معروف مراحل سے گزر کر انسان نہیں بنے، نہ جمادات ونباتات اور حیوانوں اور بندروں سے شکل تبدیل کرتے ہوئے آدمی بنے۔

## محشر کے دن اہل ایمان بھی اسی عقیدہ کا اظہار کریں گے

حدیث شفاعت میں آتا ہے کہ اہل ایمان قیامت کے دن شفاعت کبریٰ کے لئے سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور ان سے عرض کریں گے :

انت آدم ابو الناس خلقک اللہ بیدہ
واسکنک جنتہ واسجد لک ملئکتہ وعلمک
اسماء کل شیء۔
(مشکوۃ ص۴۸۸)

ترجمہ :"آپؑ آدم ہیں' تمام انسانوں کے باپ ہیں' اللہ تعالیٰ نے
آپ کو اپنے ہاتھ سے بنایا' اور آپ کو اپنی جنت میں ٹھہرایا' اور
اپنے فرشتوں سے آپ کو سجدہ کرایا' اور آپ کو تمام اشیا کے ناموں
کی تعلیم فرمائی"۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ قیامت کے دن اہل ایمان بھی اسی عقیدے کا اظہار کریں گے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق حق تعالیٰ شانہ نے براہ راست اپنے دست قدرت سے فرمائی۔ مٹی سے ان کا قالب بناکر اس میں روح پھونکی اور ان کو جیتا جاگتا انسان بنایا' ان کی تخلیق میں نہ توالد وتناسل کا واسطہ تھا اور نہ وہ جمادات سے بندر تک ارتقائی مراحل سے گزر کر "انسان آدم" بنے۔

قرآن کریم کی آیات بینات' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات طیبات' حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فرمودات اور میدان محشر میں اہل ایمان کی تصریحات آپ کے سامنے موجود ہیں جو شخص ان تمام امور پر بشرط فہم وانصاف غور کرے گا اس پر آفتاب نصف النہار کی طرح یہ حقیقت روشن ہوجائے گی کہ حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق کے بارے میں حقیقت واقعیہ وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائی اور ان صاحب کا فلاسفہ طبیعیین کی تقلید میں تخلیق آدم علیہ السلام کو کرشمہ ارتقا قرار دینا صریح طور پر غلط اور نصوص قطعیہ سے انحراف ہے۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

# امر دوم :

# احادیث نبویہؐ کے بارے میں اس شخص کے خیالات کا جائزہ

اس شخص کا یہ کہنا کہ اس مسئلہ میں احادیث نبویہؐ لائق توجہ اور درخور اعتنا نہیں چند وجوہ سے جہل مرکب کا شکار ہے :

**اولاً**۔۔۔۔۔۔ اوپر قرآن کریم کی جو آیات بینات ذکر کی گئی ہیں انہیں ارشادات نبویہؐ کے ساتھ ملا کر پڑھئے تو واضح ہو گا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تخلیق آدم علیہ السلام کے سلسلہ میں جو کچھ فرمایا ہے' وہ ان آیات بینات ہی کی شرح و تفصیل ہے' اور جس مسئلہ میں قرآن و حدیث دونوں متفق ہوں کسی مومن کے لئے اس سے انحراف کی گنجائش نہیں رہتی' اور جو شخص فرمان الٰہی اور ارشاد نبویؐ کو تسلیم کرنے سے ہچکچاتا ہے انصاف فرمایئے کہ ایمان و اسلام میں اس کا کتنا حصہ ہے؟۔

**ثانیاً**۔۔۔۔۔۔ بالفرض قرآن کریم سے ان احادیث کی تائید نہ ہوتی تب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی ارشاد کو سن کر یہ کہنا کہ یہ لائق توجہ اور درخور اعتنا نہیں بارگاہ رسالتؐ میں نہایت جسارت اور حد درجہ کی گستاخی ہے' جس کے سننے کی بھی کسی مومن کو تاب نہیں ہو سکتی کہ اس کے سنتے ہی روح ایمان لرز جاتی ہے۔ کجا کہ کوئی مسلمان ایسے موذی الفاظ زبان پر لانے کی جرات کرے' ذرا سوچئے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تخلیق آدم علیہ السلام کے بارے میں ان حقائق کو بیان فرمارہے تھے کوئی شخص (بالفرض یہی صاحب) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ کہہ دیتا کہ نعوذ باللہ "یہ آپؐ کا میدان کار نہیں' بلکہ یہ ڈارون کا میدان تحقیق ہے" تو

فرمایئے کہ ایسا شخص کس صف میں شمار کیا جاتا؟

حافظ ابن حزمؒ لکھتے ہیں :

وکل من کفر بما بلغه وصح عنده عن النبی صلی اللہ علیه وسلم او جمع علیه المومنون مما جاء به النبی علیه السلام فهو کافر کما قال اللہ تعالٰی ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدٰی ویتبع غیر سبیل المومنین نوله ما تولٰی ونصله جهنم

(المحلٰی ص۱۲ ج۱)

ترجمہ :"اور ہر وہ شخص جس نے کسی ایسی بات کا انکار کیا جو اسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچی اور اس کے نزدیک اس کا ثبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح تھا یا اس نے ایسی بات کا انکار کیا جس پر اہل ایمان کا اجماع ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے تو ایسا شخص کافر ہے۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے "اور جس نے مخالفت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی' بعد اس کے کہ اس پر صحیح بات کھل گئی اور وہ چلا اہل ایمان کا راستہ چھوڑ کر تو ہم اسے پھیر دیں گے جدھر پھرتا ہے اور ہم اسے جھونک دیں گے جہنم میں"۔

**ثالثاً** ـــــــ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کی جو تفصیلات بیان فرمائی ہیں ان کے بارے میں قابل غور بات یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا علم کس ذریعہ سے ہوا؟ ظاہر ہے کہ حضرات انبیا کرام علیہم السلام کے پاس وحی الٰہی کے سوا کوئی اور ذریعہ نہیں' لہٰذا دلیل عقل سے ثابت

ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس سلسلہ میں جو کچھ بیان فرمایا اس کا سرچشمہ وحی الٰہی ہی ہو سکتا ہے' اور اس کو رد کرنا گویا وحی خداوندی کو رد کرنا ہے' ظاہر ہے کہ یہ شیوہ کسی کافر و منافق کا ہو سکتا ہے کسی مسلمان کا نہیں۔ خصوصاً جب یہاں اس حقیقت کو بھی پیش نظر رکھا جائے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا واقعہ اس دور کا ہے جس کو مورخین "قبل از تاریخ" سے تعبیر کرتے ہیں' جب اس وقت کوئی انسانی وجود ہی نہیں تھا تو اس دور کی تاریخ اور اس واقعہ کی تفصیلات کون قلم بند کرتا؟ ہاں! اللہ تعالیٰ جو آدم علیہ السلام کی تخلیق فرما رہے تھے یہ پورا واقعہ اس کے سامنے تھا اور اس کی ضروری تفصیلات سے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ کو آگاہ فرمایا اور آنحضرت ﷺ نے ان تفصیلات سے امت کو آگاہی بخشی' اس کے باوجود آنحضرت ﷺ کے ان ارشادات صحیحہ کو رد کر دینا اور فلاسفہ کی ہفوات کی تقلید کرنا کیا کسی صاحب ایمان کی شان ہو سکتی ہے؟

**رابعاً** ــــــ آنحضرت ﷺ کا یہ فرمانا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق اس طرح ہوئی یہ ایک خبر ہے' اور خبر یا تو واقعہ کے مطابق ہوگی' یا واقعہ کے خلاف ہوگی' جو خبر واقعہ کے مطابق ہو وہ سچی کہلاتی ہے' اور خبر دینے والا سچا سمجھا جاتا ہے' اور جو خبر واقعہ کے خلاف ہو وہ جھوٹی کہلاتی ہے' اور خبر دینے والا جھوٹا قرار پاتا ہے۔ اب یہ صاحب جو کہہ رہے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں جو خبریں دی ہیں وہ واقعہ کے خلاف ہیں' اہل عقل غور فرمائیں کہ اس کا مطلب کیا ہو سکتا ہے؟ کیا یہ آنحضرت ﷺ کی صریح تکذیب نہیں؟ اور کیا یہ بات عقلاً ممکن ہے کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی دی ہوئی خبر کو غلط بھی سمجھتا ہو اور آپ پر ایمان بھی رکھتا ہو؟ ہرگز نہیں۔ "ضدان لا یجتمعان"۔ (یہ دونوں ضدیں ہیں جو کبھی جمع نہیں ہو سکتیں)۔

**خامساً**۔۔۔۔۔ان صاحب کا یہ کہنا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا واقعہ امور دنیا میں سے ہے اس لئے اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد لائق التفات نہیں' ان کی دلیل کا صغریٰ و کبریٰ دونوں غلط ہیں اس لئے کہ گفتگو حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں ہے' اور ہر شخص جانتا ہے کہ تخلیق اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور خالقیت اس کی صفت ہے' اب ان صاحب سے دریافت کیا جائے کہ حق تعالیٰ شانہ کی صفات وافعال کو بیان کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا منصب ہے یا۔۔۔۔ نعوذ باللہ۔۔۔۔۔ ڈارون کا میدان کار؟ اور یہ کہ اگر صفات الٰہیہ کے بیان میں بھی۔۔۔۔ بقول اس کے۔۔۔۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات عالیہ لائق التفات نہیں تو پھر اور کس چیز میں آپؐ کی بات لائق اعتماد ہوگی؟ نعوذ باللہ من سوءالفہم وفتنۃ الصدر۔

حق تعالیٰ شانہ کے صفات وافعال وہ میدان ہے جہاں دانش و خرد کے پاؤں شل ہیں' یہ وہ فضا ہے جہاں عقل و فکر کے پر جلتے ہیں' اور عقل انسانی ان حقائق الٰہیہ کا ٹھیک ٹھیک ادراک کرنے سے عاجز ودرماندہ ہے' جہاں سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ فرمانے پر مجبور ہوں :

اللھم لا احصی ثناءً علیک انت کما
اثنیت علٰی نفسک۔

ترجمہ :"یا اللہ! میں تیری تعریف کا حق ادا کرنے سے قاصر ہوں'
آپ بس ویسے ہی ہیں جیسا کہ آپ نے خود اپنی ثنا فرمائی ہے"۔

وہاں کسی دوسرے کی عقل نارسا کے عجز ودرماندگی کا کیا پوچھنا؟ یہی وجہ ہے کہ جن فلاسفہ نے انبیا کرام علیہم السلام کا دامن چھوڑ کر محض اپنی عقل نارسا کے گھوڑے پر سوار ہوکر اس میدان میں ترکتازیاں کیں حیرت وگمراہی کے سوا ان کے

کچھ ہاتھ نہ آیا۔ یہ حق تعالیٰ شانہ کا انعام ہے کہ اس نے حضرات انبیا کرام علیہم السلام کے ذریعہ ان حقائق الٰہیہ میں سے اتنے حصہ کو بیان فرمادیا جس کا انسانوں کی عقل تحمل کرسکتی تھی۔ کیسی عجیب بات ہے کہ ایک مسلمانی کا دعویدار اس انعام الٰہی کا یہ شکر ادا کررہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو ـــــــ نالائق التفات قرار دے کر فلاسفہ ملحدین کی دم پکڑنے کی تلقین کررہا ہے۔

**ساڈساگ** ـــــــ ان صاحب کا یہ کہنا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں کوئی واضح موقف اختیار نہیں فرمایا' خالص جھوٹ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر افترا ہے' کیونکہ گزشتہ سطور میں آپ ملاحظہ فرماچکے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری وضاحت اور کامل تصریح کے ساتھ بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے روئے زمین کی مٹی لے کر اس کو پانی سے گوندھا۔ پھر اس گارے سے آدم علیہ السلام کا ساٹھ ہاتھ کا قالب بنایا پھر اس قالب میں روح ڈالی وغیرہ وغیرہ۔

ان تمام صراحتوں اور وضاحتوں کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ اس مسئلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی واضح موقف اختیار نہیں فرمایا' اور اگر اتنی صراحت ووضاحت اور تاکید واصرار کے ساتھ بیان فرمائے ہوئے مسئلہ کے بارے میں بھی یہ کہاجائے کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی واضح موقف اختیار نہیں فرمایا" تو بتایا جائے کہ اس سے زیادہ "واضح موقف" کن الفاظ میں بیان کیاجاتا؟

## "انتم اعلم بامر دنیاکم" کی تشریح

ان صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد "انتم اعلم بامر دنیاکم" سے یہ کلیہ کشید کرلیا کہ دنیا کے کسی کام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد لائق

التفلت نہیں' اس سلسلہ میں بھی چند گزارشات گوش گزار کرتا ہوں :

**اوّل** ------ان صاحب نے اس حدیث کو دیکھنے اور اسے غلط معنی پہنانے سے پہلے اگر قرآن مبین کو اٹھاکر دیکھنے کی زحمت کی ہوتی تو اسے اس حدیث کو غلط معنی پہنانے کی جرأت نہ ہوتی۔

قرآن کریم میں حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے :

وما كان لمومن ولا مومنة اذا قضى الله ورسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من امرهم ومن يعص الله ورسوله فقد ضل ضلا لا مبينا ۔

(الاحزاب-۳۶)

ترجمہ :"اور کسی ایماندار مرد اور کسی ایماندار عورت کو گنجائش نہیں---- جب کہ اللہ اور اس کا رسولؐ کسی کام کا حکم دے دیں کہ (پھر) ان (مومنین) کو ان کے اس کام میں کوئی اختیار باقی رہے اور جو شخص اللہ کا اور اس کے رسولؐ کا کہنا نہ مانے گا وہ صریح گمراہی میں جا پڑا"۔ (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

یہ آیت شریفہ ایک دنیوی معاملہ کے بارے میں نازل ہوئی جس کا واقعہ مختصراً یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا عقد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کرنا چاہا' چونکہ زید غلام رہ چکے تھے ادھر حضرت زینب بنت جحشؓ قریش کے اعلیٰ ترین خاندان کی چشم وچراغ تھیں اس لئے ان کے خاندان والوں کو خاندانی وقار کے لحاظ سے یہ رشتہ بے جوڑ محسوس ہوا اور حضرت زینبؓ اور ان کے بھائی حضرت عبداللہ بن جحشؓ نے اس

رشتہ کی منظوری سے عذر کردیا۔ اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی تو دونوں بجان ودل سمع وطاعت بجالائے۔

یہاں دو باتیں بطور خاص لائق غور ہیں۔ ایک یہ کہ کسی لڑکی کا رشتہ کہاں کیا جائے اور کہاں نہ کیا جائے؟ ایک خالص ذاتی اور نجی قسم کا دنیوی معاملہ ہے' لیکن کسی شخص کے خالص ذاتی اور نجی معاملے میں دخل دیتے ہوئے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جگہ رشتہ منظور فرمادیا تو قرآن کریم کی اس نص قطعی کی رو سے اس خاندان کو اپنے ذاتی دنیوی معاملے میں بھی اختیار نہیں رہا' بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تجویز کو بدل وجان منظور کرلینا شرط ایمان قرار پایا۔

دوسری قابل غور بات یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رشتہ کی جو تجویز فرمائی تھی کسی روایت میں نہیں آتا کہ یہ تجویز وحی الٰہی سے تھی لیکن قرآن کریم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس ذاتی تجویز کو "اللہ ورسول کا فیصلہ" قرار دے کر تمام لوگوں کو آگاہ کردیا' کسی دنیوی معاملہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتی تجویز بھی فیصلہ خداوندی ہے' جس سے انحراف کرنا کسی مسلمان کے لئے روا نہیں۔

قرآن کریم تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتی رائے کو بھی اللہ تعالیٰ کا حتمی فیصلہ قرار دیتا ہے' مگر اس بدمذاقی کی داد دیجئے کہ کہنے والے یہ کہہ رہے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کسی دنیوی کام میں معتبر نہیں۔

پھر قرآن کریم امت کو تلقین کرتا ہے :

وما آتاکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا۔ (الحشر۔۷)

ترجمہ :" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں جو کچھ دے دیں اسے لے لو

اور جس سے روک دیں رک جاؤ"۔

لیکن آج بتایا جاتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں جو خبر دیں اسے قبول نہ کرو بلکہ ڈارون کی تقلید میں انسان کو بندر کی اولاد قرار دو۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

دوم —— آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی زندگی کے بے شمار پہلوؤں میں انسانیت کی رہنمائی کی اور امور دنیا کی ہزار ہا ہزار گتھیوں کو سلجھایا جس کو علمائے امت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں شمار کیا ہے۔

قاضی عیاض" "الشفا" میں لکھتے ہیں :

ومن معجزاته الباهرة ما جمعه الله له من المعارف والعلوم وخصه به من الاطلاع علىٰ جميع مصالح الدنيا والدين--- الخ۔

ترجمہ :"اور من جملہ آپؐ کے روشن معجزات کے ایک وہ علوم ومعارف ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے لیے جمع فرمائے اور آپؐ کو (انسانی ضرورت کے) تمام مصالح دنیا ودین کی اطلاع کے ساتھ مخصوص فرمایا"۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں جو ہمہ گیر تعلیمات فرمائی ہیں بلاشبہ اسے معجزہ نبوت اور تعلیم الٰہی ہی کہا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر طب ومعالجات کا باب لیجئے۔ ظاہر ہے کہ علاج معالجہ ایک خالص بدنی وجسمانی اور دنیوی چیز ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طب کے ایسے اصول وکلیات اور فروع وجزئیات بیان فرمائے ہیں کہ عقل حیران ہے۔ حافظ شیرازیؒ کے بقول :

نگار من کہ بہ مکتب نرفت وخط ننوشت
بغمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

اہل علم نے طب نبویؐ کے نام سے ضخیم کتابیں لکھی ہیں اور حافظ ابن قیمؒ نے "زاد المعاد" میں اس کا اچھا خاصا ذخیرہ جمع کردیا ہے' یہاں بے ساختہ اس واقعہ کا ذکر کرنے کو جی چاہتا ہے جو صحیح بخاری' صحیح مسلم' ترمذی اور حدیث کی بہت سی کتابوں میں مروی ہے کہ ایک صاحب آئے اور عرض کیا کہ میرے بھائی کو اسہال کی تکلیف ہے' فرمایا : اسے شہد پلاؤ' اس نے شہد پلایا اور آکر عرض کیا کہ میں نے شہد پلایا تھا مگر اس سے اسہال اور بڑھ گئے' فرمایا : اس کو شہد پلاؤ۔ چار بار یہی قصہ پیش آیا کہ اس کے اسہال میں اضافہ ہوگیا' آپؐ نے چوتھی مرتبہ فرمایا کہ :

صدق اللہ وکذب بطن اخیک۔

(جامع الاصول ص۵۱۷ ج۷)

ترجمہ :"اللہ کا کلام سچا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے"۔

اس نے پھر شہد پلایا تو اسہال بند ہوگئے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی آیات کی روشنی میں حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا جو واقعہ ارشاد فرمایا اس کے مقابلہ میں ان صاحب کا یہ کہنا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق اس طرح نہیں ہوئی۔ اس کے بارے میں بھی یہی کہا جاسکتا ہے کہ :

صدق اللہ ورسولہ وکذب داروین والدکتور۔

ترجمہ :"اللہ ورسول کا فرمان برحق ہے اور ڈارون اور ڈاکٹر جھوٹ بولتے ہیں"۔

اور ایک طب اور معالجہ پر ہی کیا منحصر ہے' زندگی کے ایک شعبہ کا تو نام لیجئے

جس میں آنحضرت ﷺ نے رہنمائی نہ فرمائی ہو اور جو آنحضرت ﷺ کی ہدایات سے محروم رہا ہو' چلنا پھرنا' اٹھنا بیٹھنا' سونا جاگنا' بیوی بچوں' عزیز و اقارب اور دوست احباب سے ملنا جلنا' صلح و امن' حرب و ضرب' نکاح و طلاق' بیع و شرا' سیاست وادب الغرض دنیوی امور میں سے کون سا امر ایسا ہے جس میں معلم انسانیت ﷺ کی ہدایات و تعلیمات کے نقوش ثبت نہ ہوں؟ صحیح مسلم' ابوداود' نسائی اور ترمذی کی حدیث میں ہے کہ یہود اور مشرکین نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا :

قد علمکم نبیکم کل شیئی حتٰی الخراءۃ'

قال اجل۔

(جامع الاصول ص ۱۳۲ ج ۷)

ترجمہ :"تمہیں تو تمہارا نبی ہر چیز سکھاتا ہے یہاں تک کہ ہگنا موتنا بھی؟ فرمایا ہاں (ہمیں آنحضرت ﷺ نے بول وبراز کے یہ آداب سکھائے ہیں)"۔

اس اعتراض سے یہودے کا مقصود (واللہ اعلم) یا تو مسلمانوں پر نکتہ چینی کرنا تھا کہ تم ایسے نادان اور کودن ہو کہ تمہیں ہگنا موتنا بھی نہیں آتا۔ تم اس کے لئے بھی نبی کی تعلیم کے محتاج ہو؟ یا اس لعین کا مقصد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنا تھا کہ انبیا کرام علیہم السلام علوم عالیہ سکھانے کے لئے آتے ہیں یہ کیسا نبی ہے کہ لوگوں کو ہگنے موتنے کے طریقوں کی تعلیم دیتا ہے۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ اس کے اس بے ہودہ اعتراض سے مرعوب نہیں ہوئے بلکہ یہ فرمایا کہ "ہاں! ہمیں رسول اللہ ﷺ بول وبراز کا طریقہ بھی سکھاتے ہیں' اور آپؐ نے اس ضمن میں فلاں فلاں آداب کی تعلیم دی ہے"۔ اگر

اس کا مقصود مسلمانوں پر اعتراض کرنا تھا تو اس کا جواب یہ ہوگا کہ اللہ کا شکر ہے کہ ہم نے تو آنحضرت ﷺ سے بیت الخلا میں جانے کا طریقہ سیکھ لیا' تم اپنی فکر کرو کہ تم جانوروں کی طرح یہ طبعی حوائج پورے کرتے ہو مگر تم انسانوں کے طریقہ سے ابھی تک محروم ہو' اور اگر اس کا مقصود آنحضرت ﷺ پر نکتہ چینی کرنا تھا تو جواب کا حاصل یہ ہوگا کہ ہمارے نبی کریم ﷺ کا کمال یہ ہے کہ ان طبعی انسانی ضرورتوں کی ایسی تعلیم فرماتے ہیں کہ انسان کی یہ طبعی حاجات بھی تقرب الی اللہ کا ذریعہ بن جائیں' اور یہ چیزیں بھی عبادات کے زمرے میں شمار ہونے لگیں' بلاشبہ آنحضرت ﷺ کی تعلیمات کی رعایت کرتے ہوئے استنجا خانے میں جانا بھی عبادت کے زمرے میں آتا ہے۔ چنانچہ ہمارے شیخ المشائخ شاہ عبد الغنی مجددی دہلوی مہاجر مدنیؒ حاشیہ ابن ماجہ میں لکھتے ہیں :

"قال علمائنا ان اتیان السنة ولو کان امرا یسیرا کادخال الرجل الایسر فی الخلا ابتداء اولٰی من البدعة الحسنة وان کان امرا فخیما کبناء المدارس"۔ (حاشیہ ابن ماجہ ص۳)

ترجمہ :"ہمارے علما فرماتے ہیں کہ سنت کا بجا لانا اگرچہ وہ معمولی بات ہو' مثلاً بیت الخلا میں جاتے ہوئے بایاں پاؤں پہلے رکھنا' بدعت حسنہ سے بہتر ہے اگرچہ وہ عظیم الشان کام ہو' جیسے مدارس کا بنانا"۔

خلاصہ یہ ہے کہ انسانی زندگی کا کوئی شعبہ اور کوئی گوشہ ایسا نہیں جس میں آنحضرت ﷺ نے امت کی رہنمائی نہ فرمائی ہو' اسی بنا پر آنحضرت ﷺ فرماتے تھے :

انما انا لکم بمنزلة الوالد اعلمکم۔

(ابو داود ص۳)

ترجمہ :"میں تو تمہارے لئے بمنزلہ والد کے ہوں میں تم کو تعلیم دیتا ہوں"۔

اس لئے ان صاحب کا یہ کہنا کہ امور دنیا آنحضرت ﷺ کا میدان نہیں تھا' اس لئے امور دنیا میں آنحضرت ﷺ کا قول ——— نعوذ باللہ ——— لائق التفات نہیں قطعاً غلط در غلط ہے۔

سوم ——— یہ صاحب آنحضرت ﷺ کے ارشاد "انتم اعلم بامر دنیاکم"۔ کا مدعا ہی نہیں سمجھے' اس لئے اس سے کشید کرلیا کہ دنیوی معاملات میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد لائق التفات نہیں' خوب سمجھ لیا جائے کہ اس واقعہ میں آنحضرت ﷺ نے جو کچھ فرمایا تھا وہ بطور مشورہ کے تھا۔ شیخ المشائخ شاہ عبد الغنی محدث دہلویؒ حاشیہ ابن ماجہ میں اس سلسلہ کی روایات کو جمع کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں :

فعلم ان ھذا الامر منہ صلی اللہ علیہ وسلم کان بطریق الاجتھاد والمشورة فما کان واجب الاتباع۔

(حاشیہ ابن ماجہ ص۱۷۸)

ترجمہ :"پس معلوم ہوا کہ اس واقعہ میں آنحضرت ﷺ نے جو کچھ فرمایا وہ بطور رائے اور مشورہ کے تھا' اس لئے واجب الاتباع نہیں تھا"۔

مشورہ اور حکم کے درمیان فرق حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے قصہ سے واضح

ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہؓ کو آزاد کردیا۔ یہ شادی شدہ تھیں۔ آزادی کے بعد انہوں نے اپنے شوہر مغیثؓ کو قبول کرنے سے انکار کردیا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے سفارش فرمائی کہ بریرہ! تم مغیث کو قبول کرلو! انہوں نے عرض کیا' یا رسول اللہ! یہ حکم ہے یا مشورہ؟ فرمایا حکم تو نہیں' مشورہ ہے' عرض کیا کہ اگر مشورہ ہے تو میں قبول نہیں کرتی۔

اس واقعہ سے بھی معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ کا حکم خواہ کسی دنیوی امر میں ہو واجب التعمیل ہے' البتہ اگر بطور مشورہ کچھ ارشاد فرمائیں تو اس کا معاملہ دوسرا ہے۔

## آیت سے غلط استدلال

اس شخص کا آیت شریفہ "واللّٰہ انبتکم من الارض نباتا" سے ڈارون کے نظریہ ارتقا پر استدلال کرتے ہوئے یہ کہنا کہ حضرت آدم علیہ السلام بھی جمادات ونباتات اور حیوانات کے مراحل سے گزر کر "انسان آدم" بنے تھے' سراسر مہمل اور لایعنی ہے کیونکہ :

**اولاً** ۔۔۔۔۔۔ یہ شخص خود تسلیم کرتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق جسمانی کی ایک کیفیت بیان فرمائی ہے جو ان صاحب کے ذکر کردہ نظریہ سے متضاد ہے۔ اب ان صاحب کو دو باتوں میں سے ایک بات تسلیم کرنی ہوگی۔ یا تو یہ کہ خود صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم نعوذ باللہ قرآن کی اس آیت کا صحیح مفہوم نہیں سمجھے۔ کیونکہ اگر آنحضرت ﷺ پر آیت کا وہ مفہوم منکشف ہوگیا ہوتا جو ان صاحب کو القا ہوا ہے تو آنحضرت ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کی

تخلیق جسمانی کے بارے میں اس سے متضاد اور مختلف کیفیت بیان نہ فرماتے' یا ان صاحب کو یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ وہ اپنے ذہن سے تراش کر جو معنی قرآن کریم کو پہنانا چاہتے ہیں وہ سراسر لغو ولایعنی ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اس سے بری ہیں۔

ممکن ہے کہ یہ شخص بھی مرزا غلام احمد قادیانی کی طرح یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ وہ قرآن کے حقائق و معارف کو آنحضرت ﷺ سے بڑھ کر بیان کر سکتا ہے' چنانچہ مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے :

> "پس یہ خیال کہ گویا جو کچھ آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم کے بارے میں بیان فرمایا اس سے بڑھ کر ممکن نہیں' بلیہی البطلان ہے"۔

(کرامات الصادقین ص۱۹' مندرجہ روحانی خزائن ص۶۱ ج۷)

الغرض کسی آیت شریفہ سے کسی ایسے نظریہ کا استنباط کرنا جو آنحضرت ﷺ کی تصریحات کے خلاف ہو اس سے دو باتوں میں سے ایک بات لازم آتی ہے' یا تو اس سے نعوذ باللہ آنحضرت ﷺ کی تجہیل لازم آتی ہے کہ آنحضرت ﷺ اس آیت کا مطلب نہیں سمجھے یا اپنی خام خیالوں کو قرآن کریم میں ٹھونسنا لازم آتا ہے جس کے بارے میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے :

> "من قال فی القرآن برایہ فلیتبوا مقعدہ من النار"۔

(مشکوٰۃ ص۳۵)

ترجمہ :"جس شخص نے اپنی رائے سے کوئی مفہوم قرآن میں ٹھونسا اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنائے"۔

**ثانیاً**۔۔۔۔۔۔یہ آیت شریفہ، جس سے ان صاحب نے نظریہ ارتقا کو حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق پر چسپاں کرنے کی کوشش کی ہے، سورہ نوح کی آیت ہے، جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح (علیٰ نبینا وعلیہ السلام) کا وہ خطاب نقل کیا ہے جو انہوں نے اپنی قوم کے کافروں سے فرمایا تھا۔ جو شخص معمولی غور و فکر سے بھی کام لے گا اس سے یہ بات مخفی نہیں رہے گی کہ حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کے افراد کو ڈارون کے نظریہ ارتقا کی تعلیم و تلقین نہیں فرمارہے بلکہ ان لوگوں میں سے ایک ایک فرد کی تخلیق میں حق تعالیٰ شانہ نے اپنی قدرت کے جن عجائبات کا اظہار فرمایا ہے اس کو ذکر فرمارہے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہ نے زمین کی مٹی سے غذائیں پیدا فرمائیں، ان غذاؤں سے اس قطرہ آب کی تخلیق ہوئی جس سے تم پیدا ہوئے ہو۔ پھر اس قطرہ آب کو شکم مادر میں مختلف شکلوں میں تبدیل کرکے اس میں روح ڈالی اور تم زندہ انسان بن گئے پھر نفخ روح کے بعد بھی شکم مادر میں زمین سے پیدا شدہ غذاؤں کے ذریعہ تمہارے نشو ونما کا عمل جاری رہا، یہاں تک کہ شکم مادر سے تمہاری پیدائش ہوئی اور پھر پیدائش کے بعد بھی تمہارے نشو ونما کا سلسلہ جاری رہا اور یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ نے زمین کی مٹی اور اس سے پیدا شدہ غذاؤں کے ذریعہ کیا، الغرض "واللہ انبتکم من الارض نباتا" میں انسانی افراد کے اس طویل سلسلہ نشو ونما کی جانب اشارہ فرمایا گیا ہے جس سے گزرتے ہوئے ہر انسان نشو ونما کے مدارج طے کرتا ہے، اس سلسلہ کی ابتدا مٹی سے ہوتی ہے اور اس کی انتہا نشو ونما کی تکمیل پر۔ چنانچہ حضرت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر معارف القرآن میں "خلاصہ تفسیر" کے عنوان سے اس آیت شریفہ کی حسب ذیل تفسیر فرمائی ہے، جو حضرت حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ کی بیان القرآن سے ماخوذ ہے :

> "اور اللہ تعالیٰ نے تم کو زمین سے ایک خاص طور پر پیدا کیا
> (یا تو اس طرح کہ حضرت آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے اور یا
> اس طرح کہ انسان نطفہ سے بنا، اور نطفہ غذا سے، اور غذا عناصر

سے بنی اور عناصر میں غالب اجزا مٹی کے ہیں"۔

(معارف القرآن ص۵۶۴ ج۸)

لہٰذا اس آیت شریفہ سے (یا دوسری آیات کریمہ سے) ڈارون کے نظریہ ارتقا کو کشید کرنا اپنی عقل و فہم سے بھی زیادتی ہے اور قرآن کریم کے ساتھ بھی بے انصافی ہے۔

ان صاحب کے جو دلائل آپ نے ذکر کئے ہیں ان کی علمی حیثیت واضح کرنے کے بعد اب میں آپ کے سوالات کے جواب عرض کرتا ہوں' چونکہ بحث طویل ہوگئی' اس لئے نمبروار آپ کا سوال نقل کرکے اس کے ساتھ مختصر سا جواب لکھوں گا۔

**س نمبرا**۔۔۔۔۔۔کیا اس شخص کے مذکورہ بالا عقائد کو اہل سنت والجماعت کے عقائد کہا جاسکتا ہے؟

**جواب**۔۔۔۔ اس شخص کے یہ عقائد اہل سنت والجماعت کے عقائد نہیں۔ ائمہ اہل سنت بالاجماع اسی کے قائل ہیں جو حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق جسمانی کے بارے میں احادیث نبویہؐ میں بیان کیا گیا ہے' اس لئے اس شخص کا یہ نظریہ بدترین بدعت ہے۔

**س نمبر۲**۔۔۔۔۔۔حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق احادیث کے بارے میں اس شخص کا رویہ گستاخی اور گمراہی ہے؟

**جواب**۔۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی جسمانی تخلیق سے متعلق وارد شدہ احادیث کے بارے میں اس شخص کا رویہ بلاشبہ گستاخانہ ہے جس کی تفصیل اوپر عرض کرچکا ہوں اور یہ رویہ بلاشبہ گمراہی و کج روی کا ہے۔

**س نمبر۳**۔۔۔۔۔۔حضرت آدم علیہ السلام کو "حیوان آدم" کہنا گستاخی نہیں ہے؟

**جواب**۔۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کو نصوص قطعیہ اور اجماع سلف کے علی الرغم "حیوان آدم" کہنا اور ان کا سلسلہ نسب بندروں کے ساتھ ملانا "اشرف المخلوقات" حضرت انسان کی توہین ہے' اور یہ نہ صرف حضرت آدم علیہ السلام کی شان میں گستاخی ہے بلکہ ان کی نسل سے پیدا ہونے والے تمام انبیا کرام علیہم السلام کی بھی توہین و تنقیص ہے۔ ظاہر ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام تمام انسانوں کے باپ ہیں۔ اب اگر کسی کے باپ کو "جانور" یا "بندر" کہا جائے تو سوچنا چاہئے کہ یہ گالی ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر کسی کو (مثلاً انہی صاحب کو) "جانور کی اولاد" یا "بندر کی اولاد" کہا جائے تو یہ صاحب اس کو گالی سمجھیں گے یا نہیں؟ اور اس کو اپنی توہین و تنقیص تصور کریں گے یا نہیں؟

**س نمبر۴**۔۔۔۔ کیا یہ شخص تفسیر بالرائے کا مرتکب نہیں؟

**جواب**۔۔۔ اوپر ذکر کرچکا ہوں کہ اپنے مزعومہ نظریہ پر قرآن کریم کی آیات شریفہ کا ڈھالنا تفسیر بالرائے ہے اور یہ شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی "فلیتبوا مقعدہ من النار" کا مستحق ہے' یعنی اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنائے۔

**س نمبر۵**۔۔۔۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلاف امت کا عقیدہ حضرت آدم علیہ السلام کے مٹی کے پتلے بنائے جانے کا ہے یا نہیں؟

**جواب**۔۔۔۔۔۔اوپر ذکر کرچکا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم' صحابہ کرامؓ اور تمام سلف صالحین کا یہی عقیدہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا قالب مٹی سے بنایا گیا' پھر

اس قالب میں روح ڈالی گئی تو وہ جیتے جاگتے انسان بن گئے' فلاسفہ طبیعیین نے اس بارے میں جو کچھ کہا ہے وہ محض اٹکل مفروضے ہیں' جن کی حیثیت اوہام و ظنون کے سوا کچھ نہیں' اور ظن و تخمین کی حق و تحقیق کے بازار میں کوئی قیمت نہیں۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :

وما لهم به من علم ان يتبعون الا الظن وان الظن لا يغني من الحق شيئا۔ (النجم۔۲۸)

ترجمہ :"اور ان کے پاس اس پر کوئی دلیل نہیں' صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں' اور یقیناً بے اصل خیالات امر حق کے مقابلہ میں ذرا بھی مفید نہیں ہوتے"۔

جو قومیں نور نبوت سے محروم ہیں وہ اگر قبل از تاریخ کی تاریک وادیوں میں بھٹکتی ہیں تو بھٹکا کریں' اور ظن و تخمین کے گھوڑے دوڑاتی ہیں تو دوڑایا کریں' اہل ایمان کو ان کا پس خوردہ کھانے اور ان کی قے چاٹنے کی ضرورت نہیں' ان کے سامنے آفتاب نبوت طلوع ہے' وہ جو کچھ کہتے ہیں دن کی روشنی میں کہتے ہیں' ان کو قرآن وسنت کی روشنی نے ظن و تخمین سے بے نیاز کردیا ہے۔

**س نمبر۶** ــــــ اس شخص کی بیعت یا کسی قسم کا تعلق اس کے ساتھ آپ کے نزدیک کیسا ہے؟

**جواب** ــــــ اوپر کی تفصیل سے واضح ہوچکا ہے کہ جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہی برحق ہے' اور اس شخص کا فلاسفہ کی تقلید میں ارشادات نبویہؐ سے انحراف اس کی کج روی و گمراہی کی دلیل ہے' اس لئے اس شخص کو لازم ہے کہ اپنے عقائد و نظریات سے توبہ کرکے رجوع الی الحق کرے اور ندامت کے ساتھ تجدید ایمان

کرے، اور کسی شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو، اس شخص کی ہمنوائی جائز نہیں۔ اگر کوئی مسلمان اس کی بیعت میں داخل ہے تو اس کے خیالات و نظریات کا علم ہو جانے کے بعد اس کی بیعت کا فسخ کر دینا لازم ہے۔

## ائمہ اربعہؒ کے حق پر ہونے کا مطلب

س:--- عرض یہ ہے کہ مسئلہ تقلید میں بندہ ایک عجیب مشکل کا شکار ہے۔ الحمد للہ میں حنفی سنی ہوں۔ کچھ عرصہ قبل مولانا مودودی کے "مسلم اعتدال" کے بارے میں پڑھا تھا۔ ان کی رائے یہ ہے کہ جب چاروں امام حق پر ہیں۔ تو پھر ہم جس وقت جس کے مذہب پر چاہیں عمل کر لیں، کوئی نقصان نہ ہوگا۔ مثلاً کبھی رفع یدین کرے کبھی نہ کرے۔ کبھی امام کے پیچھے سورت پڑھے کبھی نہ پڑھے وغیرہ وغیرہ۔ یہ بات واقعی متاثر کن ہے جس کے بعد درج ذیل سوالات میرے ذہن میں آئے ہیں:

۱ : ------- چاروں امام کے حق پر ہونے کا کیا مطلب ہے؟ ایک امام کے نزدیک امام کے پیچھے قرأت سختی سے منع ہے جب کہ دوسرا امام اسے ضروری قرار دیتا ہے اور نہ پڑھنے سے نماز نہیں ہوتی ہے۔ (اسی طرح کے اور دوسرے فرق ہیں جو آپ کے علم میں ہیں)

۲ : ــــــ اگر کوئی شخص کبھی کبھار چاروں اماموں کے مسلک پر عمل کرلے تو کیا حرج ہے؟

۳ : ــــــ چاروں اماموں کی باتوں پر عمل' کیا قرآن وحدیث پر عمل نہ ہوگا؟

۴ : ــــــ صرف امام ابو حنیفہؒ کی تقلید کو ضروری سمجھ کر دوسروں کے مسلک پر نہ عمل کرنے کے کیا دلائل ہیں؟

۵ : ــــــ عقلی دلائل کے علاوہ چاروں مذہبوں پر عمل نہ کرنے کے شرعی دلائل کیا ہیں؟

۶ : ــــــ نیز تقلید کی اہمیت بھی قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کریں اور اہل حدیث حضرات جو تقلید کی وجہ سے ہم پر طعن کرتے ہیں تو ان کی بات کہاں تک درست ہے۔ (آپ کی کتاب اختلاف امت میں بھی غالباً ان سوالات کے مکمل یا تفصیلی جواب نہیں ہیں)

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ عورت اور مرد کی نماز میں جو فرق ہے تو قرآن وحدیث کے اس سلسلے میں کیا دلائل ہیں کیونکہ اہل حدیث حضرات کی خواتین مردوں کی طرح نماز پڑھتی ہیں اور ہماری خواتین سے یہ لوگ دلیل مانگتے ہیں۔

ج : ــــــ چاروں اماموں کے برحق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اجتہادی مسائل میں ہر مجتہد اپنے اجتہاد پر عمل کرنے کا مکلف ہے۔ چونکہ چاروں امام شرائط اجتہاد کے جامع تھے' اور انہوں نے انسانی طاقت کے مطابق مراد الٰہی کے

پانے کی کوشش کی' اس لئے جس مجتہد کا اجتہاد جس نتیجہ تک پہنچا اس کے حق میں وہی حکم شرعی ہے اور وہ من جانب اللہ اسی پر عمل کرنے کا مکلف ہے۔ اب ایک مجتہد نے دلائل شرعیہ پر غور کرکے یہ سمجھا کہ امام کی اقتدا میں قرأت ممنوع ہے' لقولہ تعالیٰ :"فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون"۔ ولقوله عليه السلام :"واذا قرا فانصتوا"۔ وقوله عليه السلام :"اذا امن القارى فامنوا"۔ تو یہ مجتہد ان دلائل شرعیہ کے پیش نظر مجبور ہوگا کہ اس سے سختی کے ساتھ منع کرے'

دوسرے مجتہد کی نظر اس پر گئی کہ نماز میں سورہ فاتحہ کا پڑھنا ہر نمازی کے لئے ضروری ہے' خواہ امام ہو یا مقتدی' یا منفرد۔ تو یہ اپنے اجتہاد کے مطابق اس کے ضروری ہونے کا فتویٰ دے گا۔

الغرض ہر مجتہد اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرنے اور فتویٰ دینے کا مکلف ہے۔ یہی مطلب ہے ہر امام کے برحق ہونے کا۔

۲ : ——— جو شخص شرائط اجتہاد کا جامع نہ ہو وہ اختلافی مسائل میں کسی ایک مجتہد کا دامن پکڑنے اور اس کے فتویٰ پر عمل کرنے کا مکلف ہے' اسی کا نام تقلید ہے' پھر تقلید کی ایک صورت تو یہ ہے کہ کبھی کسی امام کے فتویٰ پر عمل کرلیا' کبھی دوسرے امام کے فتویٰ پر' یا ایک مسئلہ میں ایک امام کے فتویٰ کو لے لیا اور دوسرے مسئلہ میں دوسرے امام کے فتویٰ کو' لیکن آدمی کا نفس حیلہ جو ہے' اگر اسکی اجازت دے دی جائے تو عام لوگوں کے بارے میں اس کا احتمال غالب ہے کہ اپنے نفس کو جس مجتہد کا فتویٰ اچھا لگے گا' یا جو فتویٰ نفس کی خواہش کے مطابق ہوا کرے گا اس کو لے لیا کرے گا' اس صورت میں شریعت

کی پیروی نہیں ہوگی بلکہ ہوائے نفس کی پیروی ہوگی' اس لئے عوام کو خواہش نفس کی پیروی سے بچانے اور انہیں شریعت خداوندی کا پابند کرنے کے لئے یہ قرار دیا گیا کہ کسی ایک امام کے پابند ہو جائیں۔

اور بعض صورتوں میں اس بے قیدی سے تلفیق لازم آئے گی۔ جس کی چھوٹی سی مثال یہ ہے کہ ایک شخص نے وضو کی حالت میں عورت کو چھوا' یا اپنے عضو مستور کو ہاتھ لگایا' اسنے کہا کہ میں اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہؒ کے قول کو لیتا ہوں۔ ان کے نزدیک ان چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ پھر اس کے بدن سے خون نکلا تو کہا کہ میں اس مسئلے میں امام شافعیؒ کے قول کو لیتا ہوں کہ خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ تو اس شخص کا وضو بالاجماع ٹوٹ گیا' مگر اس نے بزعم خود ایک مسئلہ میں ایک امام کے اور دوسرے مسئلہ میں دوسرے امام کے قول کو لے کر یہ سمجھا کہ اس کا وضو قائم ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی تلفیق شرعاً باطل ہے۔

البتہ بعض صورتوں میں اپنے امام مقتداؒ کے قول کو چھوڑ کر دوسرے امام کے قول کو لینا جائز اور بعض اوقات بہتر ہے' مثلاً دوسرے امام کے قول میں احتیاط زیادہ ہے اور یہ شخص کمال احتیاط کی بنا پر دوسرے امام کے فتویٰ پر عمل کرتا ہے۔ اس کی ایک مثال ابھی گزر چکی ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مس مرأۃ اور مس ذکر ناقض وضو نہیں' دوسرے ائمہ کے نزدیک ناقض ہے۔ تو کوئی حنفی بتقاضائے احتیاط اپنے عمل کے لئے دوسرے ائمہ کے قول کو لے تو یہ ورع و تقویٰ کی بات ہے یا امام شافعیؒ کے نزدیک خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا' اگر کوئی شافعی المذہب اس مسئلہ میں حنفیہ کے فتویٰ پر عمل کرے تو یہ ورع وتقویٰ کی بات ہے۔ لیکن جس مسئلہ میں دوسرے امام کے قول پر عمل کرنے میں اپنے امام کی مخالفت لازم آتی ہے وہاں دوسرے کے قول پر عمل کرنا خلاف

احتیاط ہوگا۔ مثلاً کوئی شخص فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں امام شافعیؒ کے قول پر عمل کرتا ہے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وہ مکروہ تحریمی بلکہ حرام کا مرتکب ہوگا' ایسی حالت میں امام ابو حنیفہؒ کے مذہب پر عمل کرنے والے کے لئے امام شافعیؒ کے فتویٰ پر عمل کرنا احتیاط نہیں' بلکہ ارتکاب حرام کا اندیشہ ہے جو ظاہر ہے کہ خلاف احتیاط ہے۔

اور اسی احتیاط کی ایک نوع یہ ہے کہ ایک شخص اگرچہ درجہ اجتہاد پر فائز نہیں لیکن قرآن وحدیث کے نصوص میں اچھی دسترس رکھتا ہے' شریعت کے اصول ومقاصد اور مبادی پر نظر رکھتا ہے' احکام کے علل واسباب کی معرفت میں اس کو فی الجملہ حذاقت ومہارت حاصل ہے۔ اس کا دل اپنے امام مقتدا کے کسی مسئلہ پر مطمئن نہیں ہوتا بلکہ اس کے مقابلہ میں دوسرے امام مجتہد کا فتویٰ اسے اقرب الی الکتاب والسنہ نظر آتا ہے' ایسے شخص کے لئے اس مسئلہ میں دوسرے امام کی تقلید کرلینا روا ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس دوسرے امام مجتہد کے فتویٰ کے تمام شروط وقیود کا لحاظ رکھے' ورنہ وہی تلفیق لازم آئے گی جس کا حرام بالاجماع ہونا اوپر آچکا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ تفقہ اور اجتہاد بڑی ہی نازک اور دقیق ولطیف چیز ہے۔ ہم ایسے عامیوں کو اسکا ٹھیک ٹھیک سمجھنا بھی مشکل ہے' لہٰذا ہمارے لئے دین وایمان کی سلامتی اور خود رائی وکج روی سے حفاظت اسی میں ہے کہ "یک در گیرد محکم گیر" پر عمل کریں۔ اور یہ جو آپ نے فرمایا کہ "کبھی رفع یدین کرلیا' کبھی نہ کیا' کبھی امام کے پیچھے قرأت کی کبھی نہ کی"۔ ظاہر ہے کہ ایسے شخص کو کبھی یکسوئی نصیب نہ ہوگی' بلکہ ہمیشہ متحیر ومتردد رہے گا کہ یہ صحیح ہے یا وہ "پھر کبھی کیا' کبھی نہ کیا" کا کوئی معیار تو اس کے ذہن میں ہونا چاہئے کہ کبھی کرنے کی وجہ کیا تھی اور کبھی نہ کرنے کا باعث کیا ہوا؟

کرید کر دیکھا جائے تو اس کا سبب بھی وہی تردد و تحیر نکلے گا' اور کبھی دل کی چاہت۔ جب کہ یہ طے شدہ بات ہے کہ چاروں امام اپنے اجتہاد کے مطابق برحق ہیں تو کیوں نہ "یک در گیرد محکم گیر" پر عمل کیا جائے؟

۳ : ــــــــاختلافی مسائل میں بیک وقت سب پر عمل کرنا تو بعض صورتوں میں ممکن ہی نہیں کہ ایک قول کو لے کر دوسرے کو بہرحال چھوڑنا پڑے گا' اور اگر چاروں کے اقوال پر عمل کرنے کا یہ مطلب ہے کہ جس مسئلہ میں جس کے قول پر چاہا عمل کرلیا یا جب جی چاہا ایک ہی مسئلہ میں ایک کے قول پر عمل کرلیا اور جب جی چاہا دوسرے کے قول پر' تو اس کے بارے میں اوپر عرض کرچکا ہوں' بلاشبہ چاروں اماموں کا عمل قرآن وحدیث ہی پر ہے' گو مدارک اجتہاد مختلف ہیں' لہٰذا کسی ایک کی باتوں کو عمل کے لئے اختیار کرلینا بھی قرآن وحدیث پر ہی عمل کرنا ہے۔

۴ : ــــــــکسی ایک امام کی اقتدا کو لازم پکڑنا (خواہ وہ امام ابو حنیفہؒ ہوں یا امام مالکؒ یا امام شافعیؒ یا امام احمدؒ) اس کی ضرورت تو اوپر عرض کرچکا ہوں کہ تشہی اور تلفیق سے دین کی حفاظت ہم عامیوں کے لئے اسی میں ہے۔ یہ دلیل تو تمام ائمہؒ کی تقلید شخصی کی ہے' اس میں امام ابو حنیفہؒ کی تخصیص نہیں' مگر یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ جس امام مجتہدؒ کی پیروی کی جائے اس کے اصول و فروع' راجح مرجوح' قوی وضعیف کا علم ہونا ضروری ہے۔ پاک وہند اور افغانستان سے لے کر مشرق بعید تک امام ابو حنیفہؒ کا مذہب عام طور سے رائج رہا۔ اور ان ممالک میں فقہ حنفی کی کتابوں کا ذخیرہ اور اس مذہب کے ماہرین بہ کثرت رہے' جن سے رجوع کرنا ہر شخص کے لئے آسان تھا۔ دوسرے ائمہ کے مذاہب کا رواج ان

علاقوں میں نہیں تھا' اس لئے ان علاقوں میں امام ابو حنیفہؒ کی تقلید رائج ہوئی۔ جیسا کہ بلاد مغرب میں مالکی مذہب کا عام چرچا رہا' اور دوسرے مذاہب کا رواج وہاں شاذ و نادر کے حکم میں رہا۔ اس لئے ان علاقوں میں امام مالکؒ کی تقلید متعین ہوگئی۔ الغرض ہمارے علاقوں میں امام ابو حنیفہؒ کی تقلید اس بنا پر ضروری قرار پائی کہ یہاں فقہ حنفی کے ماہرین موجود رہے اور بلاد مغرب میں فقہ مالکیؒ کی تقلید ضروری ٹھہری کہ وہاں اس کے ماہرین موجود تھے۔ جہاں دوسری فقہ کے ماہرین ہی موجود نہ ہوں وہاں دوسری فقہ پر عمل کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟ اور اس پر عمل کیسے ممکن ہے؟

۵ :۔ گزشتہ بالا نکات کو اچھی طرح سمجھ لیا جائے تو اس سوال کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی' اس لئے کہ مطلق تقلید یا تقلید شخصی محض عقلی چیز نہیں' بلکہ شریعت مطہرہ کی تعمیل کی عملی شکل ہے اور جو دلائل شریعت کی پیروی کے ہیں وہی ایک عامی کے لئے کسی امام مجتہد کی اقتدأ کے مثبت ہیں۔ اور آیت شریفہ :"فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون"۔ (النحل ر۴۳) اور حدیث نبویؐ :"قتلوه' قتلهم الله' الا سئلوا اذ لم يعلموا فانما شفاء العيى السوال"۔ (مشکوۃ ص ۵۵ بروایت ابی داؤد عن جابرؓ وابن ماجہ عن ابن عباسؓ) میں اسی کا ضروری ہونا ذکر فرمایا گیا ہے۔

۶ : ۔۔۔۔۔ تقلید کی اہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں اوپر واضح ہوچکی ہے۔ اور سچی بات تو یہ ہے کہ جو حضرات تقلید کی بنا پر ہم ضعفا پر طعن کرتے ہیں تقلید سے ان کو بھی مفر نہیں۔ کیونکہ ایک عامی آدمی جو قرآن وحدیث کے فہم میں مرتبہ اجتہاد پر فائز نہیں لامحالہ وہ کسی کی مان کر ہی چلے گا' اور مختلف فیہ

مسائل میں کسی نہ کسی امام مجتہد کی تحقیق پر اعتماد کرنا اسکے لئے ناگزیر ہوگا۔ مگر ہم ضعفا میں اور ان حضرات میں چند وجوہ سے فرق ہے :

**اول** :—— یہ کہ ہم ایک امام مجتہد کی تحقیق پر عمل کرتے ہیں' جس کی امامت اور درجہ اجتہاد پر اس کا فائز ہونا تمام اکابر امت کو مسلم ہے۔ (اس کا خلاصہ میں اختلاف امت اور صراط مستقیم میں قلمبند کرچکا ہوں) اس کے باوجود ہم دوسرے اکابر ائمہ اور ان کے متبعین کے بارے میں زبان طعن دراز نہیں کرتے۔ بلکہ ان کے حق میں ان کے اجتہاد کو واجب العمل جانتے ہیں۔ اور یہ حضرات اپنے سوا باقی سب کو باطل پرست جانتے ہیں۔ ان پر زبان طعن دراز کرتے ہیں' گویا ان حضرات کے نزدیک عمل بالحدیث کا تقاضا پورا نہیں ہوتا جب تک مقبولان الٰہی کی پوستین دری نہ کی جائے اور ان پر گمراہی و باطل پرستی کا فتویٰ صادر نہ کیا جائے۔

**دوم** :——یہ کہ ہم امام ابو حنیفہؒ کی تحقیق پر عمل پیرا ہیں جنہوں نے صحابہ کرامؓ کا زمانہ پایا اور صحابہؓ و تابعینؒ کو دین پر عمل کرتے ہوئے بچشم خود دیکھا اور یہ حضرات اکثر و بیشتر امام بخاریؒ یا شیخ ابن تیمیہؒ کی تحقیق کو اولیٰ و راجح سمجھتے ہیں' اور کبھی ان کو بھی چھوڑ کر حافظ ابن حزمؒ کی تحقیقات کو سرمہ چشم بصیرت سمجھتے ہیں۔ اب یہ حضرات ہی انصاف فرمائیں کہ صحابہؓ و تابعینؒ کے دور میں (جس کو حدیث شریف میں خیر القرون فرمایا گیا ہے) دین پر بہتر عمل ہو رہا تھا یا موخر الذکر اکابرؒ کے زمانے میں؟

**سوم** :——یہ کہ ہم لوگوں کو اپنے عامی ہونے کا اعتراف ہے' اس لئے کسی امام مجتہد کی اقتدا دین کی پیروی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں۔ اس کے

برعکس یہ حضرات اس کے باوجود کہ ایک آیت یا حدیث کا ترجمہ کرنے کے لئے بھی اردو تراجم کے محتاج ہیں' اپنے آپ کو عامی ماننے میں عار سمجھتے ہیں اور اپنے کو ائمہ مجتہدینؒ کے ہم پلہ بلکہ ان سے بھی بالاتر سمجھتے ہیں۔

بہرحال اہل حدیث حضرات اگر ہم عامیوں پر اس لئے طعن کرتے ہیں کہ ہم اپنے جہل کا اعتراف کرتے ہوئے کسی عالم ربانی اور عالم حقانی کی پیروی کو اتباع شریعت کے لئے کیوں ضروری سمجھتے ہیں تو ہم ان کی طعن و تشنیع سے بدمزہ نہیں ہوتے' اللہ تعالیٰ ان کے علم واجتہاد میں برکت فرمائیں' ہم لوگ بھی انشاء اللہ اکابر ائمہؒ کی اقتدا کرتے ہوئے جنت میں پہنچ ہی جائیں گے۔

وہاں پہنچ کر انشاء اللہ ان طعن کرنے والے حضرات کو بھی کھل جائے گا کہ ان کے طعن و تشنیع کی کیا قیمت تھی؟

۷ : ـــــــــ عورت کی نماز کے بارے میں "اختلاف امت اور صراط مستقیم" حصہ دوم کے مسئلہ نمبر ۴ میں ضروری تفصیل لکھ چکا ہوں وہاں ملاحظہ فرمالیا جائے مگر یہاں ایک نکتہ کا مزید اضافہ کروں گا :

میں نے وہاں تین روایات ذکر کی ہیں' دو مرفوع' ایک خلیفہ راشد حضرت علیؓ کا قول۔ نیز میں نے وہاں یہ بھی ذکر کیا کہ قریب قریب تمام ائمہ اور فقہائے امت مرد و عورت کی نماز میں (بعض مسائل میں) فرق کے قائل ہیں۔ جن کی تفصیل ان کی کتب فقہیہ سے معلوم ہوسکتی ہے۔

اہل حدیث حضرات جو نماز کے مسائل میں مرد و زن کی تفریق کے قائل نہیں وہ عموماً احادیث کے عموم سے استدلال کرتے ہیں جن میں فرمایا گیا ہے کہ رکوع اس طرح کیا جائے' سجدہ یوں کیا جائے اور قعدہ یوں کیا جائے۔ ان حضرات نے ان احادیث کو مرد و عورت کے لئے عام سمجھا اور جن احادیث کا میں نے اوپر

حوالہ دیا ان کو ضعیف قرار دے کر مسترد کردیا۔ حالانکہ اگر ان حضرات نے غور فرمایا ہوتا تو انہیں یہ سمجھنا مشکل نہیں تھا کہ چاروں اماموں نے مرد و عورت کی نماز میں بعض مسائل میں جو تفریق فرمائی ہے اس کا منشا ستر ہے' جس کی طرف میں "اختلاف امت" میں اشارہ کرچکا ہوں اور یہ منشا خود احادیث صحیحہ میں مصرح ہے' چنانچہ مردوں کے لئے جمعہ اور جماعت کی حاضری کو لازم قرار دیا گیا ہے لیکن عورتوں کے لئے اسی تستر کی بنا پر ان کا وجوب ساقط کردیا گیا۔ اور ان کے حق میں "وبیوتھن خیر لھن" فرمایا گیا۔ (مشکوٰۃ ص۹۶) اس لئے جن احادیث میں دونوں کی نماز میں تفریق کا مضمون وارد ہوا ہے وہ اگر ضعیف بھی ہوں تب بھی وہ عمومات کے مقابلہ میں لائق ترجیح ہوں گی' کیونکہ عورت کا عورت ہونا خود اس کے تستر کو چاہتا ہے' پھر ائمہ مجتہدینؒ کا بالاتفاق فیصلہ بھی اسی کا موید ہے۔ امام بخاریؒ نے تعلیقاً ام الدرداء کا اثر نقل کیا ہے کہ وہ مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں اور وہ فقیہہ تھیں۔ (ص ۱۱۴' ج۱)

حافظ ابن حجرؒ کی تحقیق یہ ہے کہ "یہ ام الدرداء صغریٰ ہیں جو تابعیہ ہیں اور تابعی کا مجرد عمل خواہ اس کے مخالف موجود نہ ہو حجت نہیں"۔

اس کے مقابلہ میں مسند امام ابی حنیفہؒ کی روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عورتیں کس طرح نماز پڑھا کرتی تھیں؟ فرمایا "پہلے چار زانو بیٹھتی تھیں' پھر انہیں حکم دیا گیا کہ سمٹ کر بیٹھا کریں"۔ (لامع الدراری ص۳۳۱' ج۱)

ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کی خواتین کا عمل جو حکم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے ماتحت تھا' ام الدرداء صغریٰ تابعیہ کے عمل سے اولیٰ اور انسب ہوگا۔ اور چونکہ اس حکم اور عمل کا منشا وہی تستر تھا اس

لئے اس علت سے مردوں اور عورتوں کی نماز میں تفریق دوسری جزئیات میں بھی ثابت ہوجائے گی' جو مذکورہ بالا احادیث میں مصرح ہیں اور ائمہ اربعہ کے درمیان متفق علیہا بھی ہیں۔ وباللہ التوفیق۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

## انبیا کرامؑ کے فضلات کی پاکی کا مسئلہ

**سوال** ------ "ہماری مسجد میں گزشتہ جمعہ میں ایک خطیب صاحب نے اپنے وعظ میں یہ فرمایا تھا کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن میں پیشاب کر کے ایک صحابی کو دیا کہ اس کو باہر پھینک آؤ' ان صحابی نے باہر جا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ محبت کے جذبہ میں وہ پیشاب پی لیا' اس کے بعد تمام زندگی ان کے جسم سے خوشبو آتی رہی ۔اس کے بعد خطیب صاحب ۔نے فرمایا چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بول و براز پاک تھا' اس میں عام انسانوں کی طرح ناپاکی یا بدبو نہ تھی۔ لہٰذا صحابی کے اس عمل پر اعتراض نہیں کیا جاسکتا۔

خطیب صاحب کے اس بیان پر مسجد میں ایک ہنگامہ برپا ہو گیا اکثر لوگوں نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ واقعہ سند سے خالی ہے۔ ایسے خطیب کی امامت جائز نہیں جو خلاف سند واقعات بیان کر کے غیر مسلموں کو اسلام پر تنقید کا موقع دے۔لوگوں کے اعتراضات مندرجہ ذیل تھے :

۱:۔۔۔ ایسا کوئی واقعہ مستند کتب میں نہیں ملتا۔

۲:۔۔۔ اگر ایسا ہوا بھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں بشریت کی کوئی خصوصیت نہ تھی اور وہ مکمل نوری تھے۔

۳:۔۔۔ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابی کو پیشاب پھینکنے کا حکم دیا تھا تو صحابی کے لئے حکم زیادہ اہمیت رکھتا تھا یا محبت کے جذبات؟

۴:۔۔۔ دوسرے مذاہب کے لوگوں پر پیشاب پینے کا اعتراض کیونکر کیا جا سکتا ہے۔ جب کہ وہ بھی عقیدہ رکھتے ہوں کہ ان کے اوتاروں میں بھی ایسے ہی کچھ صفات تھے۔ وغیرہ وغیرہ۔

مولانا صاحب آپ اس مسئلہ پر کچھ روشنی ڈالنا گوارا کریں گے تاکہ لوگوں کو تسلی ہو سکے' کیونکہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اسلام فطرت کے مطابق ہے' اور پیشاب والا معاملہ انسان کی نظر میں خلاف فطرت ہے ہم اپنے مذہب کی اشاعت میں غیر مسلموں کو کیسے قائل کر سکتے ہیں؟"

جواب : لوگوں کے چار اعتراض جو آپ نے نقل کئے ہیں ان میں پہلا اعتراض اصل ہے۔ یعنی یہ کہ یہ واقعہ مستند ہے یا نہیں؟ دوسرے سوالات سب اس کی فرع ہیں' کیونکہ اگر کوئی واقعہ ہی ایسا نہ ہو تو پھر یہ سوالات متوجہ نہیں ہوتے۔

اس واقعہ کو تسلیم کرنے کے بعد مسلمانوں کے ذہن میں سوالات کا پیدا ہونا ضعف ایمان' ضعف محبت اور ضعف علم کی وجہ سے ہے' کیونکہ محبت میں سوالات پیدا نہیں ہوا کرتے اور اگر صحیح علم ہوتا تو یہ توجیہ کر سکتے تھے کہ ممکن ہے یہ حضور

صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہو کہ آپ کے فضلات کا نجس نہ ہونا عام انسانوں سے آپ کی امتیازی خصوصیت کی دلیل ہے۔ یہ دوسرے سوال کی توجیہ ہو سکتی تھی۔

تیسرے سوال کی توجیہ یہ ہو سکتی تھی کہ کبھی کبھی جذبہ محبت غالب آ جاتا ہے۔ اور آدمی اس میں معذور سمجھا جاتا ہے جیسے صلح نامہ حدیبیہ کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا تھا کہ "محمد رسول اللہ" کے لفظ کو مٹا دو۔ انہوں نے عرض کر دیا کہ "میں آپ کے نام پاک کو نہیں مٹا سکتا" یہ بات انہوں نے حکم صریح کے مقابلہ میں غلبۂ محبت کی وجہ سے فرمائی تھی۔ اس لئے اس پر ان کو کوئی عتاب نہیں فرمایا گیا۔

چوتھے سوال کی یہ توجیہ ہو سکتی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پیشاب نوشی کا حکم فرمایا' نہ اس کا قانون بنایا' البتہ ایک مغلوب المحبت کو معذور سمجھا' اب عام لوگوں کے پیشاب پینے کا جواز اس سے کیسے نکل آیا؟

الغرض ضرورت اس بات کی تھی کہ پہلے یہ معلوم کیا جاتا کہ یہ واقعہ ہے بھی یا نہیں؟ پھر یہ معلوم کیا جاتا کہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کا بھی وہی حکم ہے جو ہم ایسے ناپاک لوگوں کے بول و براز کا ہے؟ یا اس سلسلہ میں آپ کی کچھ خصوصیات بھی ہیں؟ اس بارے میں علمائے ربانی کی تحقیق کیا ہے؟ اور امام ابوحنیفہؒ و شافعیؒ اور ان کے اکابر متبعین کیا فرماتے ہیں؟ پھر یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ ایک حکم سب کے لئے یکساں ہوتا ہے؟ یا بعض اوقات موقع و محل کی خصوصیت سے حکم مختلف بھی ہو سکتا ہے؟

جن مولانا صاحب نے ناواقف اور بے سمجھ عوام کے سامنے بغیر تشریح کے یہ واقعہ بیان کر دیا انہوں نے بھی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا' اور جنھوں نے یہ واقعہ سنتے ہی اعتراضات کی بوچھاڑ کر دی اور مسئلہ کی نوعیت معلوم کرنے کی ضرورت نہیں

سمجھی انہوں نے بھی کچھ فہم و دانش کا ثبوت نہیں دیا۔ واللہ اعلم۔

# سائل کا دوسرا خط

"جناب مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانوی ... السلام علیکم

محترم میرے مکتوب کا جواب تو موصول ہو گیا لیکن نامکمل سا ظاہر ہو رہا ہے۔ اصل سوال کا جواب اپنی جگہ قائم ہے۔ یعنی جو واقعہ محترم خطیب صاحب نے بیان کیا تھا اس کا حوالہ کسی مستند راوی یا کتاب کا درکار تھا۔ میں نے چند معترضین کو آپ کا جواب دکھلایا تو وہی سوال کیا گیا کہ اس کتاب اور مصنف کا نام بتایا جائے جس میں اس کا ذکر کیا گیا ہے بلکہ ایک صاحب نے تو یہ بھی فرمایا کہ ایک مرتبہ کسی جلسہ میں مولانا محمد شفیع صاحب اوکاڑوی نے بھی اس واقعہ کا ذکر کیا تھا لیکن جب ان سے اس کی سند مانگی گئی تو وہ بھی نہ دے سکے بلکہ سند مانگنے والے پر ایمان کی کمزوری کا فتویٰ صادر کر کے لعنت و ملامت کرنے لگے جیسا کہ آپ نے اپنے جواب میں فرمایا یعنی "اس واقعہ کو تسلیم کرنے کے بعد مسلمانوں کے ذہن میں سوالات کا پیدا ہونا ضعف ایمان، ضعف محبت اور ضعف علم کی وجہ سے ہے۔"

اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ جو عالم یا خطیب کوئی بھی واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کر کے بغیر کسی حوالے کے بیان کر دے اس کو صدق دل سے تسلیم کر لیا جائے ورنہ ضعف

ایمان کا فتویٰ لگ جائے گا۔ اس طرح تو کچھ علما (جن کو ہم علما سُو ہی کہہ سکتے ہیں) بہت سے اپنے مطلب کے واقعات بیان کر کے لوگوں کو گمراہ کر سکتے ہیں اور آپ اس کو بھی تسلیم کریں گے کہ علما سُو (جو بظاہر عالم ہی ہوتے ہیں) کو عام آدمی شناخت نہیں کر سکتا۔ اس کی پکڑ تو اسی وقت ہو سکتی ہے جب وہ واقعات کے ساتھ مستند حوالہ بھی دے۔

ہمیں یہ تسلیم ہے بلکہ ہمارا ایمان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیا اور بشر میں افضل تر ہیں' ان کے ساتھ خصوصیات بھی تسلیم کرنا ایمان کا تقاضا ہے۔ لیکن اس کا کیا کیا جائے کہ آج کا دور مادیت اور سائنس کا دور ہے' عوام کی اکثریت خاص طور پر مغربی افکار سے متاثر ہے ان کو مطمئن کرنے کے لئے جہاں تک ممکن ہو سکے کچھ نہ کچھ تو کرنا چاہئے۔ لہٰذا اگر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دے سکیں تو لوگوں کی تسلی ہو سکتی ہے :

۱ :۔۔۔۔۔اس واقعہ کا ذکر جس کتاب میں ہے اس کا اور اس کے مصنف کا نام۔

۲ :۔۔۔۔۔ صحابی مذکور کے عمل پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات۔

۳ :۔۔۔۔۔ دوسرے صحابہ کرام پر واقعہ کے اثرات (جب کہ یہ معلوم ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بول و براز نہ صرف پاک ہیں بلکہ خوشبو کے حامل ہیں) اور یہ بھی معلوم ہے کہ صحابہ

کرام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر چیز سے اپنی جانوں سے زیادہ محبت کرتے تھے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن اور وضو کے پانی کو بھی اپنے چہروں پر مل لیا کرتے تھے۔"

جواب : میری گزشتہ تحریر کا خلاصہ یہ تھا کہ اول تو معلوم کیا جائے کہ یہ واقعہ کسی مستند کتاب میں موجود ہے یا نہیں؟ دوم یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کے بارے میں اہل علم و اکابر ائمہ دین کی تحقیق کیا ہے ان دو باتوں کی تحقیق کے بعد جو شبہات پیش آ سکتے ہیں ان کی توجیہ ہو سکتی ہے اب ان دونوں نکتوں کی وضاحت کرتا ہوں :

امر اول یہ کہ یہ واقعہ کسی مستند کتاب میں ہے یا نہیں؟ حافظ جلال الدین سیوطیؒ کی کتاب خصائص کبریٰ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امتیازی خصوصیات جمع کی گئی ہیں۔ اس کی دوسری جلد کے صفحہ ۲۵۲ کا فوٹو آپ کو بھیج رہا ہوں جس کا عنوان ہے "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ خصوصیات کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بول و براز پاک تھا" اس عنوان کے تحت انہوں نے احادیث نقل کی ہیں ان میں سے دو احادیث، جن کو میں نے نشان زد کر دیا ہے، کو مع ترجمہ نقل کرتا ہوں :

۱۔ "واخرج ابو یعلی والحاکم والدارقطنی والطبرانی وابو نعیم عن ام ایمن قالت قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل الی فخارة فبال فیہا فقمت من اللیل وانا عطشانة فشربت ما فیہا فلما اصبح اخبرتہ فضحک وقال اما انک لا یتجعن بطنک ابدا، ولفظ ابی

یعلٰی انک لن تشتکی بطنک بعد یومک ھذا ابدا۔"

ترجمہ :"ابو یعلی، حاکم، دار قطنی، طبرانی اور ابونعیم نے سند کے ساتھ حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت مٹی کے پکے ہوئے ایک برتن میں پیشاب کیا، پس میں رات کو اٹھی، مجھے پیاس تھی، میں نے وہ پیالہ پی لیا۔ صبح ہوئی تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا تجھے پیٹ کی تکلیف کبھی نہ ہوگی، اور ابو یعلیٰ کی روایت میں ہے کہ آج کے بعد تم پیٹ کی تکلیف کی شکایت نہ کروگی۔"

۲۔ "واخرج الطبرانی والبیھقی بسند صحیح عن حکیمۃ بنت امیمۃ عن امھا قالت کان للنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قدح من عیدان یبول فیہ ویضعہ تحت سریرہ فقام فطلبہ فلم یجدہ فسال عنہ فقال این القدح قالوا شربتہ برۃ خادم ام سلمۃ التی قدمت معھا من ارض الحبشۃ فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لقد احتظرت من النار بحظار۔"

ترجمہ :"طبرانی اور بیہقی نے بہ سند صحیح حکیمہ بنت امیمہ سے اور انہوں نے اپنی والدہ حضرت امیمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں لکڑی کا ایک پیالہ رکھا

رہتا تھا جس میں شب کو گاہ و بے گاہ پیشاب کر لیا کرتے تھے' اور اسے اپنی چارپائی کے نیچے رکھ دیتے تھے۔ آپ ایک مرتبہ (صبح) اٹھے' اس کو تلاش کیا تو وہاں نہیں ملا' اس کے بارے میں دریافت فرمایا' تو بتایا گیا کہ اس کو برہ نامی حضرت ام سلمہؓ کی خادمہ نے نوش کر لیا' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس نے آگ سے بچاؤ کے لئے حصار بنالیا۔"

یہ دونوں روایتیں مستند ہیں اور محدثین کی ایک بڑی جماعت نے ان کی تخریج کی ہے اور اکابر امت نے ان واقعات کو بلانکیر نقل کیا ہے اور انہیں خصائص نبوی میں شمار کیا ہے۔

امر دوم: ------ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کے بارے میں اکابر امت کی تحقیق :

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فتح الباری باب الماء الذی یغسل بہ شعرالانسان (۱-۲۷۲ مطبوعہ لاہور) میں لکھتے ہیں :

"وقد تکاثرت الادلة علی طھارة فضلاتہ' وعدالائمة ذالک من خصائصہ فلا یلتفت الی ما وقع فی کتب کثیر من الشافعیة مما یخالف ذالک' فقد استقر الامر بین ائمتھم علی القول بالطھارة۔"

ترجمہ :" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کے پاک ہونے کے دلائل حد کثرت کو پہنچے ہوئے ہیں' اور ائمہ نے اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں شمار کیا ہے' پس بہت سے

شافعیہ کی کتابوں میں جو اس کے خلاف پایا جاتا ہے وہ لائق التفات
نہیں کیونکہ ان کے ائمہ کے درمیان طہارت کے قول ہی پر معاملہ
آن ٹھہرا ہے۔"

۱ : ------حافظ بدر الدین عینیؒ نے عمدۃ القاری ج۲ ص۳۵ مطبوعہ دار الفکر بیروت) میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت کو دلائل سے ثابت کیا ہے' اور شافعیہ میں سے جو لوگ اس کے خلاف کے قائل ہیں ان پر بلیغ رد کیا ہے' اور صفحہ ۷۹ جلد ۱ میں حضرت امام ابو حنیفہؒ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بول اور باقی فضلات کی طہارت کا قول نقل کیا ہے۔

۱ : ----امام نوویؒ نے شرح مہذب (۱۔ ۲۳۳) میں بول اور دیگر فضلات کے بارے میں شافعیہ کے دونوں قول نقل کرکے طہارت کے قول کو مرجح قرار دیا ہے' وہ لکھتے ہیں :

"حدیث شرب المراۃ البول صحیح رواہ
الدار قطنی وقال ھوحدیث صحیح وھوکان فی
الاحتجاج لکل الفضلات قیاسا"۔

ترجمہ :"عورت کے پیشاب پینے کا واقعہ صحیح ہے' امام دار قطنی نے
اس کو روایت کرکے صحیح کہا ہے اور یہ حدیث تمام فضلات کی
طہارت کے استدلال کے لئے کافی ہے۔"

علامہ ابن عابدین شامیؒ لکھتے ہیں :

"صحح بعض ائمۃ الشافعیۃ طھارۃ بولہ
صلی اللہ علیہ وسلم وسائر فضلاتہ وبہ قال

ابوحنیفة کمانقله فی المواهب اللدینة عن شرح البخاری للعینی۔"

(رد المختار ۱۔۳۱۸) مطبوعہ کراچی)

ترجمہ :"بعض ائمہ شافعیہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بول اور باقی فضلات کی طہارت کو صحیح قرار دیا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ بھی اسی کے قائل ہیں جیساکہ مواہب لدنیہ میں علامہ عینیؒ کی شرح بخاری سے نقل کیا ہے"۔

ملا علی قاریؒ جمع الوسائل شرح الشمائل (۲۔۲مطبوعہ مصر۱۳۱۷ھ) میں اس پر طویل کلام کے بعد لکھتے ہیں :

"قال ابن حجر وبهذا استدل جمع من ائمتنا المتقدمين وغيرهم علٰى طهارة فضلاته صلى الله عليه وسلم وهوالمختار وفاقا لجمع من المتاخرين فقد تكاثرت الادلة عليه وعده الائمة من خصائصه صلى الله عليه وسلم"۔

ترجمہ :" ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ ہمارے ائمہ متقدمین کی ایک جماعت اور دیگر حضرات نے ان احادیث سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت پر استدلال کیا ہے متاخرین کی جماعت کی موافقت میں بھی یہی مختار ہے۔ کیونکہ اس پر دلائل بہ کثرت ہیں اور ائمہ نے اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں شمار کیا ہے۔"

امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں :

"ثم مسالة طهارة فضلات الانبياء توجد في كتب المذاهب الاربعة" (فیض الباری ۱-۲۵۰

ترجمہ :"فضلات انبیا کی طہارت کا مسئلہ مذاہب اربعہ کی کتابوں میں موجود ہے۔"

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ لکھتے ہیں :

"وقد صرح اهل المذاهب الاربعة بطهارة فضلات الانبياء الخ۔" (معارف السنن ۱-۹۸)

ترجمہ :"مذاہب اربعہ کے حضرات نے فضلات انبیا کے پاک ہونے کی تصریح کی ہے۔"

الحمد للہ ان دونوں نکتوں کی وضاحت تو بقدر ضرورت ہو چکی' یہ واقعہ مستند ہے اور مذاہب اربعہ کے ائمہ فقہا نے ان احادیث کو تسلیم کرتے ہوئے فضلات انبیا علیہم السلام کی طہارت کا قول نقل کیا ہے۔ اس کے بعد بھی اگر اعتراض کیا جائے تو اس کو ضعف ایمان ہی کہا جا سکتا ہے۔

اب ایک نکتہ محض تبرعاً" لکھتا ہوں' جس سے یہ مسئلہ قریب الفہم ہو جائے گا۔ حق تعالٰی شانہ کے اپنی مخلوق میں عجائبات ہیں جن کا ادراک بھی ہم لوگوں کے لئے مشکل ہے۔ اس نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ سے بعض اجسام میں ایسی محیرالعقول خصوصیات رکھی ہیں جو دوسرے اجسام میں نہیں پائی جاتیں۔ وہ ایک کیڑے کے لعاب سے ریشم پیدا کرتا ہے۔ شہد کی مکھی کے فضلات سے شہد جیسی

نعمت ایجاد کرتا ہے اور پہاڑی بکرے کے خون کو نافہ میں جمع کر کے مشک بنا دیتا ہے۔ اگر اس نے اپنی قدرت سے حضرات انبیا علیہم السلام کے اجسام مقدسہ میں بھی ایسی خصوصیات رکھی ہوں کہ غذا ان کے ابدان طیبہ میں تحلیل ہونے کے بعد بھی نجس نہ ہو بلکہ اس سے جو فضلات ان کے ابدان میں پیدا ہوں وہ پاک ہوں تو کچھ جائے تعجب نہیں۔ اہل جنت کے بارے میں سبھی جانتے ہیں کہ کھانے پینے کے بعد ان کو بول و براز کی ضرورت نہ ہو گی' خوشبو دار ڈکار سے سب کا کھایا پیا ہضم ہو جائے گا اور بدن کے فضلات خوشبودار پسینے میں تحلیل ہو جائیں گے۔ جو خصوصیت کہ اہل جنت کے اجسام کو وہاں حاصل ہو گی۔ اگر حق تعالیٰ شانہ حضرات انبیا علیہم الصلوت والتسلیمات کے پاک اجسام کو وہ خاصیت دنیا ہی میں عطا کر دیں تو بجا ہے۔ پھر جب کہ احادیث میں اس کے دلائل بہ کثرت موجود ہیں' جیسا کہ اوپر حافظ ابن حجرؒ کے کلام میں گزر چکا ہے تو انبیا علیہم السلام کے اجسام کو اپنے اوپر قیاس کر کے ان کا انکار کر دینا' یا ان کے تسلیم کرنے میں تامل کرنا صحیح نہیں' مولانا رومیؒ فرماتے ہیں :

این خورد گردد پلیدی زو جدا
واں خورد گردد ہمہ نور خدا

آخر میں حضرات علمائے کرام اور خطبائے عظام سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ عوام کے سامنے ایسے امور نہ بیان کریں جو ان کے فہم سے بالا تر ہوں۔ وللہ الحمد اولاً و آخراً"۔

## فیض الباری اور رافضی پروپیگنڈا

سوال :۔۔۔۔۔۔ازراہ کرم یہ بتائیں کہ حدیث کی مشہور کتاب بخاری شریف کی علمائے دیوبند نے اب تک کتنی شروح لکھی ہیں اور ان میں سب سے مستند اور بہتر شرح

کون سی ہے جسے اعتماد کے ساتھ پیش کیا جا سکے کہا جاتا ہے کہ علامہ محمد انور شاہ کشمیری صاحب نے کوئی شرح لکھی ہے کیا وہ اپنے صحیح اور مستند متن کے ساتھ مطبوعہ صورت میں مل سکتی ہے اور کیا اس مطبوعہ شرح بخاری کو اعتماد و یقین کے ساتھ پیش کیا جاسکتا ہے۔

**جواب :**—— صحیح بخاری کی کوئی مستقل شرح تو اس وقت ذہن میں نہیں، جو اکابر دیوبند میں سے کسی نے لکھی ہو، البتہ اکابر مشائخ دیوبند کے درسی افادات ان کے تلامذہ نے اپنی عبارت میں قلمبند کر کے شائع کئے، ان میں "لامع الدراری" حضرت گنگوہی کی تقریر ہے۔ جو ان کے تلمیذ حضرت مولانا محمد یحییٰ کاندھلویؒ نے جمع کی تھی۔ اور وہ ہمارے شیخ حضرت مولانا محمد زکریا ابن مولانا محمد یحییٰ کے حواشی کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ اسی طرح امام العصر حضرت العلامہ مولانا محمد انور شاہ کشمیری کے درسی افادات ان کے تلمیذ حضرت مولانا سید بدر عالم میرٹھی مہاجر مدنیؒ نے "فیض الباری" کے نام سے شائع کئے، حضرت شاہ صاحبؒ اردو میں تقریر فرماتے تھے، مولانا سید بدر عالمؒ نے ان کو عربی میں منتقل کر کے قلمبند کیا(اسی طرح حضرت گنگوہیؒ کی مندرجہ بالا تقریر کو بھی حضرت مولانا محمد یحییٰؒ نے عربی میں قلمبند کیا تھا)۔

اس کے بعد ہر سال دورہ حدیث کے طلبہ اپنے اکابر کی تقریریں قلمبند کرتے ہیں ان میں سے بعض شائع بھی ہو چکی ہیں۔ جن میں شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ، مولانا شبیر احمد عثمانی اور مولانا فخر الدینؒ کی تقریریں زیادہ معروف ہیں اور یہ سب اردو میں ہیں۔

**سوال :**—— ایک شخص جو خود کو عالم دین کہلاتا ہو اور خود کو اہل سنت و جماعت

ثابت کرتا ہو وہ قرآن شریف میں تحریف لفظی کا قائل ہو اس کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ جب کہ یہی سنا گیا ہے کہ قرآن شریف میں کسی طرح کوئی تحریف ممکن نہیں کیونکہ اس کی حفاظت خود اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے۔ امید ہے کہ تحقیقی اور قطعی جواب سے نوازیں گے۔

**جواب:** ——— اہل سنت میں کوئی شخص قرآن کریم میں تحریف لفظی کا قائل نہیں بلکہ اہل سنت کے نزدیک ایسا شخص اسلام سے خارج ہے۔ اس مسئلہ کو میری کتاب "شیعہ سنی اختلافات اور صراط مستقیم میں دیکھ لیا جائے۔ میرا خیال ہے کہ آپ کو ان صاحب کے بارے میں غلط فہمی ہوئی ہوگی۔

**سوال:** ——— آپ کی خدمت میں ایک سوال قرآن مجید میں تحریف لفظی کے قائل کے بارے میں شرعی حکم کے جاننے کے لئے پیش کیا تھا۔ آپ نے جواب کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ "میرا خیال ہے کہ آپ کو ان صاحب کے بارے میں غلط فہمی ہوئی ہوگی" اس جملے کے بعد میں نے ضروری سمجھا کہ آپ سے مزید اطمینان کروں تاکہ تحریف لفظی کے قائل کے بارے میں مجھے یقین رہے کہ شریعت کا حکم کیا ہے؟ اس لئے آپ کی خدمت میں اس عالم دین کے اصل الفاظ پیش کرتا ہوں وہ فرماتے ہیں :

> "میرے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ قرآن میں محققانہ طور پر (معنوی ہی نہیں) تحریف لفظی بھی ہے یا تو لوگوں نے جان بوجھ کر کی ہے یا کسی مغالطے کی وجہ سے کی ہے"۔

ان الفاظ میں وہ یہی فرما رہے ہیں کہ قرآن کریم میں تحریف لفظی ہے، جب

کہ ہم نے یہی سنا ہے کہ قرآن کریم اپنے نزول سے آج تک ہر طرح کی تحریف سے محفوظ ہے۔ قرآن میں سامنے سے یا پیچھے سے باطل راہ نہیں پا سکتا اور قرآن کی حفاظت کا اللہ تعالیٰ نے خود ذمہ لیا ہے اور یہی سنا ہے کہ قرآن میں کسی طرح تحریف کا قائل کوئی مسلمان نہیں، اگر کوئی مسلمان کہلانے والا ایسا کہے تو وہ مرتد ہو جاتا ہے اب تک شیعہ فرقہ کے بارے میں سنا تھا کہ وہ قرآن میں تحریف کے قائل ہیں لیکن ایک اہل سنت و جماعت کہلانے والے عالم نے تحقیقی طور پر ایسا کیا ہے اس لئے مجھے بہت تشویش ہوئی کہ قرآن کی ہر طرح حفاظت اللہ نے اپنے ذمہ لی ہے اس کے باوجود قرآن میں تحریف مانی جارہی ہے اس لئے میں نے حقیقت جاننے کے لئے آپ سے رہنمائی چاہی ہے یہ بھی بتایئے کہ ماضی میں بھی کبھی کوئی سنی عالم قرآن میں تحریف معنوی یا تحریف لفظی کا قائل رہا ہے؟ امید ہے کہ آپ قطعی شرعی احکام سے آگاہ فرمائیں گے۔ شکریہ۔

جواب:-----میں پہلے خط میں عرض کرچکا ہوں کہ اہل سنت میں کوئی شخص تحریف فی القرآن کا قائل نہیں، میں نے یہ بھی لکھا تھا کہ "آپ کو ان صاحب کے بارے میں غلط فہمی ہوئی ہو گی" میرا یہ خیال صحیح نکلا، چنانچہ آپ نے جو عبارت ان صاحب سے منسوب کی ہے وہ ان کی عبارت نہیں، بلکہ غلط فہمی سے آپ نے منسوب کر دی ہے۔

اس کی شرح یہ ہے کہ فیض الباری (ص۳۹۵ ج۳) میں حضرت ابن عباسؓ کے قول کی (جو صحیح بخاری ص ۳۶۹ ج۱ میں منقول ہے کہ "اللہ تعالیٰ نے تمہیں (مسلمانوں کو) بتادیا ہے کہ اہل کتاب نے اللہ تعالیٰ کے نوشتہ کو بدل ڈالا، اور کتاب میں اپنے ہاتھوں سے تبدیلی پیدا کر دی ہے" اس کی شرح میں حضرت امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں :

"جاننا چاہئے کہ تحریف (فی الکتب السابقہ) میں تین مذہب ہیں' ا۔ ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ کتب سماویہ میں تحریف ہر طرح کی ہوئی ہے۔ لفظی بھی اور معنوی بھی۔ ابن حزم اسی کی طرف مائل ہیں' ۲۔ ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ تحریف قلیل ہے' شاید حافظ ابن تیمیہ کا رجحان اسی طرف ہے' ۳۔ اور ایک جماعت تحریف لفظی کی سرے سے منکر ہے' پس تحریف ان کے نزدیک سب کی سب معنوی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس (موخرالذکر) مذہب پر لازم آئے گا کہ (نعوذباللہ) قرآن بھی محرف ہو کیونکہ تحریف معنوی اس میں بھی کچھ کم نہیں کی گئی (واللازم باطل فالملزوم مثلہ) اور جو چیز کہ میرے نزدیک محقق ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ان میں (یعنی کتب سماویہ میں) تحریف لفظی بھی ہوئی ہے یا تو انہوں نے جان بوجھ کر کی؟ یا غلطی کی وجہ سے؟ پس اللہ تعالیٰ ہی اس کو بہتر جانتے ہیں۔"

یہ حضرت شاہ صاحب کی پوری عبارت کا ترجمہ ہے' اب دو باتوں پر غور فرمائیے :

اول :— یہ کہ حضرت ابن عباسؓ کے ارشاد میں اہل کتاب کا اپنی کتاب میں تحریف کر دینا مذکور تھا حضرت شاہ صاحب نے اس سلسلہ میں تین مذہب نقل کئے ایک یہ کہ اہل کتاب کی کتاب میں تحریف بکثرت ہے۔ دوم یہ کہ تحریف ہے تو سہی مگر کم ہے' سوم یہ کہ تحریف لفظی سرے سے نہیں صرف تحریف معنوی ہے' حضرت شاہ صاحبؒ ان تین اقوال کو نقل کر کے اپنا محققانہ فیصلہ صادر فرماتے ہیں کہ اہل کتاب کی کتاب میں تحریف لفظی موجود ہے' اب رہا یہ کہ یہ تحریف انہوں نے

جان بوجھ کر کی ہے یا غلطی کی وجہ سے صادر ہوئی ہے؟ اس کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں۔ الغرض گفتگو تمام تر اس میں ہے کہ اہل کتاب کی کتاب میں تحریف لفظی ہوئی ہے یا نہیں' اگر ہوئی ہے تو قلیل ہے یا کثیر؟ اسی کے بارے میں تین مذاہب ذکر فرمائے ہیں اور اسی تحریف فی الکتاب کے بارے میں اپنا محققانہ فیصلہ صادر فرمایا ہے' قرآن کریم کی تحریف لفظی کا دور و نزدیک کہیں تذکرہ ہی نہیں کہ اس کے بارے میں حضرت شاہ صاحبؒ یہ فرمائیں کہ "جو چیز کہ میرے نزدیک محقق ہوئی ہے وہ یہ کہ اس میں تحریف لفظی موجود ہے"۔

دوم :—— شاہ صاحبؒ نے تیسرا قول یہ نقل کیا تھا کہ کتب سابقہ میں صرف تحریف معنوی ہوئی ہے۔ تحریف لفظی نہیں ہوئی' حضرت شاہ صاحبؒ اس کو غلط قرار دیتے ہوئے ان قائلین تحریف کو الزام دیتے ہیں کہ اگر صرف تحریف معنوی کی وجہ سے ان کتب کو محرف قرار دیا جائے تو اس سے لازم آئے گا کہ قرآن کریم کو بھی محرف کہا جائے (نعوذباللہ) کیونکہ اس میں بھی لوگوں نے تحریف معنوی کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی' اس سے دو باتیں صاف طور پر واضح ہوتی ہیں' ایک یہ کہ قرآن کریم کی تحریف معنوی کے ساتھ اس مذہب والوں کو الزام دینا اس امر کی دلیل ہے کہ قرآن میں تحریف لفظی کا کوئی بھی قائل نہیں' دوسری بات یہ واضح ہوتی ہے کہ اگر حضرت شاہ صاحبؒ نعوذ باللہ قرآن کریم کی تحریف لفظی کے قائل ہوتے تو صرف تیسرے مذہب والوں کو الزام نہ دیتے' بلکہ پہلے اور دوسرے قول والوں پر بھی یہی الزام عائد کرتے۔۔۔

یہ میں نے صرف اس عبارت کی تشریح کی ہے جس سے آپ کو حضرت شاہ صاحبؒ کی بات سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے' ورنہ قرآن کریم کا تحریف لفظی سے پاک ہونا ایک ایسی حقیقت ہے جس کا کوئی بھی منکر نہیں ہو سکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ کی

کتاب مشکلات القرآن کا مقدمہ ملاحظہ فرمالیا جائے۔

حسن اتفاق کہ اسی طرح کا ایک سوال امام اہل سنت حضرت مولانا ابو زاہد محمد سرفراز خان صفدر زید مجدھم سے بھی کیا گیا انہوں نے فیض الباری کی اس عبارت کی وضاحت فرمائی ہے جس سے شیعہ تحریف قرآن پر استدلال کرتے ہوئے اسے مناظروں میں پیش کرتے ہیں۔ شیعہ یہ تاثر دینا چاہتے ہیں کہ (نعوذباللہ) فیض الباری میں ہے کہ امام العصر حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیری اور مولانا بدر عالم میرٹھی قدس اللہ اسرارھما بھی تحریف کے قائل تھے۔

حضرت مولانا محمد سرفراز خان دامت برکاتہم العالیہ نے اس پروپیگنڈا کا جواب اور غلط فہمی کی وضاحت اپنے ایک مسترشد جناب مولانا عبدالحفیظ صاحب کے نام ایک مکتوب میں فرمائی اور ہدایت فرمائی کہ اسے عام کیا جائے۔ جس پر موصوف نے اس کی فوٹو اسٹیٹ بھیج کر ہم پر احسان فرمایا ہے۔ چونکہ حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر مدظلہ کے مکتوب سامی میں درج فیض الباری کی عربی عبارتوں کا اردو ترجمہ نہ تھا اس لئے افادہ عام کی غرض سے اس کا اردو ترجمہ کر دیا گیا۔

ذیل میں حضرت مولانا ابو زاہد سرفراز خاں صفدر کی وضاحت انہیں کے الفاظ میں قارئین کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔

## "امام اہل سنت کا مکتوب"

"باسمہ سبحانہ و تعالیٰ"

"عزیز القدر جناب حضرت مولانا عبدالحفیظ صاحب دام مجدھم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

مزاج گرامی :

عزیز القدر ! فیض الباری ج ۴، ص ۳۹۵ میں ہے :

"واعلم ان فی التحریف ثلاثة مذاهب ذهب جماعة الی ان التحریف فی الکتب السماویة قد وقع بکل نحوفی اللفظ والمعنی جمیعا وهوالذی مال الیه ابن حزمؒ وذهب جماعة الی ان التحریف قلیل و لعل الحافظ ابن تیمیةؒ جنح الیه وذهب جماعة الی انکار التحریف اللفظی راسا فالتحریف عندهم کله معنوی، قلت یلزم علی هذا المذهب ان یکون القرآن ایضا والذی تحقق عندی ان التحریف فیه لفظی ایضا اما انه عن عمد منهم اولمغلطة۔فالله تعالٰی اعلم به"

ترجمہ :"معلوم ہونا چاہئے کہ تحریف کے بارے میں تین مذہب ہیں ایک جماعت کا خیال ہے کہ کتب سماویہ میں تحریف لفظی اور معنوی دونوں ہوئی ہیں۔ ابن حزمؒ اسی کے قائل ہیں۔ دوسری جماعت کا نظریہ یہ ہے کہ کتب سماویہ میں تھوڑی سی تحریف ہوئی ہے، غالبًا ابن تیمیہؒ کا جھکاؤ اسی طرف ہے۔ تیسری جماعت کی رائے یہ ہے کہ تحریف لفظی تو نہیں ہوئی البتہ تحریف معنوی ہوئی ہے۔ اس جماعت کے نظریہ کے مطابق لازم آئے گا کہ قرآن مجید بھی تحریف سے خالی نہیں، کیونکہ اس میں بھی تحریف معنوی ہوئی ہے۔ لیکن میرے نزدیک محقق بات یہ ہے کہ اسمیں تحریف لفظی بھی ہوئی

ہے۔ یا تو انھوں نے عمداً ایسا کیا ہے یا پھر مغالطہ کی بنا پر ایسا ہوا ہے۔ واللہ اعلم۔"

عزیزالقدر! اس عبارت میں فیہا کی جگہ فیہ لکھا گیا ہے اصل عبارت یوں ہے:

"ان التحریف فیھا (ای الکتب السماویۃ کالتوراۃ والانجیل وغیرھما) لفظی ایضا۔"

ترجمہ: "فیہا کی ضمیر کا مرجع کتب سماویہ ہیں یعنی کتب سماویہ تورات، زبور و انجیل وغیرہ میں تحریف ہوئی ہے نہ کہ قرآن میں۔ مگر فیہ کی ضمیر مفرد مذکر کی وجہ سے یہ مغالطہ ہوا کہ شاید قرآن میں تحریف ہوئی ہے۔"

اس کی دلیل فیض الباری ج ۴، ص ۵۴۷ کی یہ عبارت ہے :

"واعلم ان اقوال العلماء فی وقوع التحریف ودلائلھم کلھا قد قضٰی عنه الوطر المحشی فراجعه"

بخاری شریف کے پچیس پاروں کا حاشیہ حضرت مولانا احمد علی سہارنپوریؒ نے لکھا ہے۔ فالج کے حملے کے بعد بقیہ پانچ پاروں کا حاشیہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے کیا ہے۔ سوانح قاسمی از مولانا محمد یعقوب صاحبؒ اور اس مقام پر حاشیہ میں محشی یعنی حاشیہ لکھنے والے حضرت نانوتوی نے حاجت پوری کر دی ہے اور مقام کا حق ادا کر دیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

(بخاری ج۲، ص ۱۱۲۷ کا حاشیہ نمبر ۱)

فیض الباری ہی میں اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے حضرتؒ نے لکھا ہے :

والذی ینبغی فیه النظر ههنا انه کیف ساغ لابن عباسؓ انکار التحریف اللفظی' مع ان شاہد الوجود یخالفه' کیف و قدنعی علیهم القرآن انهم کانوا یکتبون بایدیهم ثم یقولون هو من عند الله وما هو من عند الله وهل هذا الا تحریف لفظی ولعل مراده انهم ماکانوا یحرفونها قصدا ولکن سلفهم کانوا یکتبون مرادها کمافهموه ثم کان خلفهم یدخلونه فی نفس التوارة فکان التفسیر یختلط بالتوراة من هذا الطریق انتهی۔

(ص ۳۷' ج۴)

ترجمہ: یہاں قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے تحریف لفظی کے نہ ہونے کا قول کس بناء پر کیا ہے؟ حالانکہ شواہد اس کے خلاف ہیں۔ پھر تحریف لفظی نہ ہونے کا قول کیونکر ممکن ہے' جب کہ قرآن مجید نے ان کے اس فعل قبیح کو ذکر کیا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں سے لکھ کر کہہ دیتے ہیں کہ "یہ اللہ کی طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہے" اور یہی تو تحریف ہے۔ غالباً تحریف لفظی نہ ہونے سے ان کی مراد یہ ہے کہ وہ قصداً ایسا نہیں کرتے بلکہ ان کے اسلاف اپنی کتابوں میں اپنی سمجھ کے مطابق ایک مفہوم لکھ دیتے' لیکن ان کے بعد آنے والوں نے اس (تشریحی

نوٹ) کو تورات کے متن میں شامل کر لیا' جس کی وجہ سے اصل اور شرح میں التباس ہو گیا اور یوں تحریف لفظی ہو گئی۔"

اس ساری عبارت سے واضح ہوا کہ تحریف لفظی توراۃ وغیرہ کتابوں میں ہوئی ہے نہ کہ قرآن کریم میں اور حضرت ابن عباسؓ کے قول کی تشریح بھی حضرتؒ نے کر دی کہ سلف اپنی یاد کے لئے کتابوں میں تفسیری الفاظ لکھتے تھے خلف نے ان کو بھی متن میں شامل کر دیا۔

اس تحریر کو غور سے پڑھیں اور اس کی کاپیاں بنا کر اپنی طرف سے علماء میں تقسیم کریں' بڑی دین کی خدمت ہو گی۔ اہل خانہ کو درجہ بدرجہ سلام اور دعائیں عرض کریں اور مقبول دعاؤں میں نہ بھولیں یہ خاطی بھی داعی ہے۔

والسلام

ابوالزاہد محمد سرفراز۔از گکھڑ

## مسئلہ تقدیر کی مزید وضاحت

سوال : ـــــ آپ نے اپنے جنگ کے کالم میں ایک خاتون کے سوال "تقدیر الٰہی کیا ہے" کا جواب تحریر فرمایا۔ آپ کے جواب نے ذہن میں پڑی ہوئی گرہ کو پھر سے اجاگر کر دیا ہے۔ آپ نے لکھا ہے کہ ہر چیز تقدیر الٰہی کے تابع ہے' انسان کی زندگی سے متعلق تمام باتیں پہلے سے لکھ دی جاتی ہیں۔

کائنات کی ہر شے اللہ تعالیٰ کے تابع ہے یہ بات بالکل عیاں ہے ذہن میں مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب آپ نے یہ تحریر فرمایا کہ انسان کی زندگی کے

تمام معاملات پہلے سے معین اور مقرر کردیئے گئے ہیں۔ مثلاً رزق' شادی وغیرہ کے معاملات۔

پھر انسان کی زندگی میں کرنے کے لئے رہ ہی کیا جاتا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ انسان کے ہزاروں سال کے مشاہدہ میں یہ ضرور آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کچھ معاملات پہلے سے طے فرمادیتے ہیں مثلاً زندگی وموت' شادی جیسے معاملات (حقیقت تو یہ ہے کہ کچھ تعجب نہیں جو پروردگار عالم جوش رحمت میں ان معاملات میں بھی رد وبدل فرمادیتے ہوں) لیکن اگر تمام معاملات میں یہی صورت حال ہے تو انسان خفیف ترین کوشش بھی آخر کس لئے کرے۔

آپ نے زندگی کے تمام معاملات کے لئے جو جواب تحریر فرمایا ہے بلکہ آپ نے فیصلہ کن انداز میں تحریر فرمایا ہے اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ انسان کی ساری کوششیں لاحاصل ہیں اس کی تمام کوششوں کا نتیجہ وہی نکلنا ہے جو اس کی کوشش شروع کرنے سے پہلے لکھا جاچکا ہے' پھر وہ کسی بھی کام کے لئے سعی وکوشش کیوں کرے جب کہ اسے معلوم ہے کہ اس کی ہر ہر سعی کا نتیجہ محض صفر کی شکل میں آنا ہے۔ نہیں! مولانا صاحب نہیں۔ پروردگار اتنے کٹھور نہیں ہوسکتے یہ محض شاعری نہیں۔

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

میں آپ کی توجہ ارشاد باری تعالیٰ کے ان الفاظ کی طرف بھی مبذول کرانا چاہوں گی جس کا ترجمہ ہے کہ :

"ہر شخص کو اتنا ہی ملے گا جتنی اس نے کوشش کی"۔

اب محترم یوسف صاحب یہ دلیل نہ دیجئے گا کہ انسان کی کوشش کا فیصلہ

بھی پہلے کیا جاچکا ہے یعنی یہ کہ وہ کوشش کتنی کرے گا یہ دلیل بحث برائے بحث ہوگی کیونکہ اس کا مطلب وہی ہو جائے گا کہ ہر بات کا فیصلہ پہلے سے کیا جاچکا ہے جب کہ مندرجہ بالا آیت کا یہ مطلب ہرگز نہیں نکالا جاسکتا۔

خدشہ ہے کہ لاکھوں افراد جو یہ کالم پڑھتے ہیں آپ کے جواب سے زندگی کی ساری دلچسپیاں کھو چکے ہوں گے یا فکر میں مبتلا ہو چکے ہوں گے۔

## دعا کا فلسفہ :

آپ کے جواب سے مذہب اسلام میں دعا کا جو فلسفہ اور تصور ہے اور جو اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے کی نفی ہوتی ہے جب آپ کہتے ہیں کہ اللہ تعالٰی انسان کی زندگی کے سارے معاملات پہلے فیصل اور طے کر دیتے ہیں انسان کچھ بھی کرے' ہونا وہی ہے جو اس کی تقدیر میں لکھا ہے اب اللہ کا کوئی بندہ اپنی کسی مشکل یا مصیبت سے نجات کے لئے پروردگار عالم سے التجا اور دعا کرتا ہے تو آپ کے جواب کے موجب وہ گویا دیوار سے سر پھوڑتا ہے کیونکہ اس کی زندگی میں ہونا تو وہی ہے جو پہلے سے اس کی تقدیر میں لکھا جاچکا ہے پھر بھلا دعا کے لئے کیا جگہ باقی رہ جاتی ہے۔ پھر اس کا مطلب کیا ہے :

"اللہ تعالٰی دعا سننے والے ہیں"۔

اور خالق کائنات کے یہ پرشفقت الفاظ کہ "اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو" کیا معنی رکھتے ہیں؟

یہ بھی یاد رکھئے Rigidity اور رحمت یکجا نہیں ہوسکتے آپ نے اپنے جواب میں جو کچھ فرمایا ہے اس کے مطابق تو انسان کو ہمدردی سے پر ان الفاظ کے برخلاف بالکل مایوس ہو جانا چاہئے کیونکہ بقول آپ کے اللہ تعالٰی کے نزدیک

انسان کی دعائیں اس کی التجائیں اوراس کی ساری زندگی کی کوششیں کوئی معنی نہیں رکھتیں۔

تیسری بات جو آپ کے جواب کی تردید کرتی ہے وہ اقوام عالم کی تاریخ ہے آج امریکہ اور پورا یورپ ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے کم از کم مادی ترقی کے لحاظ سے (ویسے اخلاقی لحاظ سے بھی وہ مسلمانوں سے کہیں بہتر ہیں) ان کی یہ ترقی صرف اور صرف ان کی انتھک محنتوں اور مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اب اگر آپ یہ فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تقدیر میں پہلے سے ایسا لکھ دیا ہے تو آپ کو وہ تمام باتیں تسلیم کرنا ہوں گی۔ اول یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان اقوام کی تقدیر میں جن کو ہم کافر اور گمراہ قوم کہتے ہیں کامیابیاں اور آسائشیں لکھی ہیں اور یہ کہ ان کی کوششوں کا ان کو اجر دیتے ہیں۔ دوئم یہ کہ انہوں نے اپنے پیروؤں اور نام لیوا قوموں کی تقدیر میں ناکامیاں اور ذلت لکھی ہے اور ان کی کوششوں کو محض ضائع کرنا لکھا ہے اور یہ کہ آج دنیا بھر میں جو مسلمان ذلت اور رسوائی اٹھا رہے ہیں اور کیڑوں مکوڑوں کی طرح مر رہے ہیں تو ان سب تباہ کاریوں میں وہ بالکل بے قصور اور بری الذمہ ہیں کیونکہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ محض تقدیر کا لکھا ہے۔ محترم یوسف صاحب! یہ قوم پہلے ہی اپنی نااہلی اور Corruption میں انتہا کو پہنچ چکی ہے اب اسے اور بے عملی کا Tranqulizer نہ دیجئے یہ پہلے ہی خواب خرگوش میں بے خود ہے اسے یہ بتائیے کہ :

ستارہ کیا تری تقدیر کی خبر دے گا
وہ خود فراخی افلاک میں ہے خاک زبوں
عطار ہو' رومی ہو' رازی کہ غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا ہے بے آہ سحرگاہی

**جواب :** ـــــــ آپ کے تینوں سوالوں کا جواب میری تحریر میں موجود تھا مگر جناب نے غور نہیں فرمایا بہرحال آپ کی رعایت کے لئے چند امور دوبارہ لکھتا ہوں :

**اول :** ــــــــتقدیر کا عقیدہ قرآن مجید اور احادیث شریفہ میں مذکور ہے اور یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرامؓ اور تمام اہل حق کا متفق علیہ عقیدہ ہے، اس لئے اس عقیدہ سے انکار کرنا یا اس کا مذاق اڑانا اپنے دین و ایمان کا مذاق اڑانا ہے۔

**دوم :** ــــــ آسمان و زمین کی تخلیق سے پہلے اللہ تعالیٰ کو آئندہ ہونے والے تمام واقعات کا علم تھا اس علم کو اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ پر لکھ دیا، دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ کے اسی علم اور اسی نوشتہ کے مطابق ہو رہا ہے، اس کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ بتایئے کہ اس عقیدہ کے کس حصہ سے آپ کو اختلاف ہے؟ کیا آپ کا ایمان نہیں کہ ہر چیز جو وجود میں آنے والی ہے اللہ تعالیٰ کو ازل ہی سے اس کا علم تھا؟ اگر آپ کو اس سے انکار ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ خدا کو بے علم یا بے علم کو خدا مانتی ہیں؟ اور یہ کفر ہے اور اگر آپ کہتی ہیں کہ خدا کو علم تو تھا مگر ضروری نہیں جس طرح اس کو علم تھا اسی طرح چیزیں وقوع میں بھی آئیں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ خدا کا علم غلط نکلا، مثال کے طور پر میرے پیدا ہونے سے لے کر مرنے تک کے حالات، افعال، اقوال، حرکات، سکنات وغیرہ وغیرہ سب اللہ تعالیٰ کو معلوم تھیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو اللہ تعالیٰ کا۔ نعوذ باللہ۔ بے علم ہونا لازم آتا ہے، اور اگر معلوم تھیں تو کیا علم الٰہی کے خلاف ہو سکتا ہے؟ یا نہیں؟ اگر آپ کہیں کہ اس کے خلاف ہو سکتا ہے تو

اللہ تعالیٰ کے علم کا غلط ہونا لازم آیا.... نعوذ باللہ.... اور اگر اس کے خلاف نہیں ہو سکتا تو یہی عقیدۂ تقدیر ہے۔ معلوم ہوا کہ ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہو اس کو عقیدۂ تقدیر پر ایمان لانا لازم ہے ورنہ اس کا دعویٰ ایمان صرف باطل ہے۔

سوم : ــــــ آپ نے یہ دیکھ لیا کہ "ہر شخص کو وہی ملتا ہے جو اس نے کوشش کی" لیکن آپ نے یہ کیوں نہیں دیکھا کہ جس قرآن کا حوالہ آپ دے رہی ہیں اسی قرآن میں یہ بھی تو لکھا ہے :

"انا کل شیء خلقناه بقدر' وکل
صغیر وکبیر مستطر"۔ (سورۂ قمر)

ترجمہ :"ہم نے ہر چیز کو ایک خاص اندازے سے پیدا کیا ہے اور ہر چھوٹی اور بڑی چیز لکھی ہوئی ہے"۔

یہی قدر جس کو قرآن ذکر کر رہا ہے تقدیر کہلاتی ہے اور ہر چیز کے پہلے سے لکھے ہوئے ہونے کا قرآن اعلان کر رہا ہے۔ اب بتائیے کہ یہ تقدیر کا عقیدہ میرا اپنا تراشا ہوا ہے یا قرآن کریم ہی نے اس کو بیان فرمایا ہے؟

چہارم : ــــــ رہا انسان کے مجبور ہونے کا سوال؟ اس کا جواب میں پہلے ذکر کر چکا ہوں کہ تقدیر میں یہ لکھا ہے کہ آدمی فلاں کام کو اختیار وارادہ سے کرکے جزا وسزا کا مستحق ہوگا پس تقدیر سے انسان کے اختیار وارادہ کی نفی نہیں ہوتی' اور انسان کا اختیار تقدیر کے مقابل نہیں بلکہ تقدیر کے ماتحت ہے۔ لیکن اگر یہ بات آپ کی سمجھ میں نہیں آتی تو میں

آپ سے پوچھتا ہوں کہ تقدیر کے ماننے پر تو انسان کا بقول آپ کے مجبور ہونا لازم آتا ہے اور تقدیر کی نفی کی صورت میں اس کا قادر مطلق اور خالق ہونا لازم آتا ہے آپ کے خیال میں انسان کو قادر مطلق اور اپنی تقدیر کا خود خالق ماننا کیا اس کو خدائی کے منصب پر بٹھانا نہیں؟

**پنجم** : ------- آپ کا یہ سمجھنا کہ اگر تقدیر برحق ہے تو انسان کی کوشش لاحاصل ہے۔ یہ اس لئے غلط ہے کہ انسان کو ارادہ واختیار کی دولت دے کر محنت وسعی کا حکم دیا گیا ہے اور تقدیر (علم الٰہی) میں یہ کہلایا گیا کہ فلاں شخص اتنی محنت کرے گا اور اس پر یہ نتیجہ مرتبہ ہوگا۔ جب محنت وکوشش بھی تقدیر پر لکھی ہوتی ہے اور اس پر مرتب ہونے والا نتیجہ بھی نوشتہ تقدیر ہے تو محنت لاحاصل کیسے ہوئی' اور "نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں" تو میرے عقیدہ کی تفسیر ہے۔ تقدیر میں لکھا ہوا ہے کہ فلاں مرد مومن کی نگاہ سے فلاں کام ہوجائے گا' یہ بدلی ہوئی تقدیر بھی اصل تقدیر کے ماتحت ہے اس سے باہر نہیں۔

**ششم** : ------- آپ نے تقدیر کا مسئلہ سمجھا ہی نہیں اس لئے دعا کو تقدیر کے خلاف سمجھ لیا حالانکہ دعا بھی اسباب میں سے ایک سبب ہے اور تقدیر میں تمام اسباب بھی تحریر شدہ ہیں پس تقدیر میں یہ بھی لکھا ہے کہ فلاں بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا اور اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑائے گا تو اس کا فلاں کام ہوجائے گا۔

**ہفتم** : ------- یہیں سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ تقدیر کا عقیدہ نہ تو اسباب کے اختیار کرنے سے روکتا ہے نہ مایوسی پیدا کرتا ہے' بلکہ اس کے

برعکس زیادہ سے زیادہ محنت کی دعوت دیتا ہے اور مایوسیوں کا سب سے بڑا سہارا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ عقیدۂ تقدیر سے جاہل ہیں وہ بسا اوقات حالات سے تنگ آکر خودکشی جیسی حماقت کر لیتے ہیں۔ لیکن آپ نے ایک پکے سچے مومن کو' جو اللہ تعالیٰ پر پورا ایمان اور بھروسہ رکھتا ہو کبھی خودکشی کرتے نہیں دیکھا ہوگا۔ عقیدۂ تقدیر پر ایمان رکھنے والے جتنی دعائیں اور التجائیں اللہ تعالیٰ سے کرتے ہیں دوسرے لوگ نہیں کرتے اور عقیدۂ تقدیر پر ایمان رکھنے والے جتنی محنت کرتے ہیں وہ دوسروں کو نصیب نہیں۔ خود میری مثال آپ کے سامنے ہے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اپنے ضعف و کمزوری کے باوجود تین آدمیوں کے برابر کام کرتا ہوں اس لئے آپ کا نظریہ معروضی طور پر غلط ہے۔

ہشتم :۔ آپ اقوام مغرب کے مقابلے میں کچھ زیادہ ہی احساس کمتری کا شکار ہیں' ان کی مادی ترقی سے مرعوب ہو کر آپ نے ان کو مسلمانوں کے مقابلے میں اخلاقی برتری کی بھی سند عطا کر دی۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ انہیں کون سی اخلاقی برتری حاصل ہے' کیا ان ممالک میں زنا' اور شراب نوشی کی شرح اسلامی ممالک کی نسبت کم ہے؟ آپ کو یاد ہوگا کہ نیویارک میں چند گھنٹوں کے لئے بجلی کی رو چلی گئی تھی تو وہاں چوری' ڈاکہ زنی اور بدمعاشی کا کیسا بازار گرم ہوا تھا؟ کیا ان کی یہی اخلاقی برتری ہے جس کے قصیدے آپ پڑھ رہی ہیں؟ اور پھر آپ ان کا مقابلہ آج کے مسلمانوں سے کر رہی ہیں؟ "جن کو دیکھ کے شرمائیں یہود" کیا ان مسلمانوں کی بدعملی عقیدۂ تقدیر کی وجہ سے ہے؟ بلکہ عقیدۂ تقدیر اور دیگر صحیح عقائد کے دل میں نہ رہنے کی وجہ سے ہے۔ اور اقوام مغرب کی مادی ترقی اول تو

میری نظر میں اس لائق ہی نہیں کہ اس کی طرف التفات کیا جائے۔ ان قوموں کو جو مادی ترقی حاصل ہے کیا ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ سے پہلے کے انبیاء کرام علیہم السلام کو بھی حاصل تھی؟ فرعون اور موسیٰ کے واقعہ پر غور کیجئے' یہ مادیت فرعون کے پاس تھی یا موسیٰ علیہ السلام کے پاس؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے مقابلہ میں نمرود کو دیکھئے جو مادی ساز وسامان اور کروفر نمرود کو حاصل تھا کیا ابراہیم علیہ السلام کو بھی حاصل تھا؟ ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ ﷺ کے ہم عصر قیصر وکسریٰ کو لیجئے کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی وہ مادی ساز وسامان حاصل تھا جو قیصر وکسریٰ کو میسر تھا؟ اگر بقول آپ کے اہل مغرب مسلمانوں سے محض مادی ترقی کی بنا پر فائق ہیں تو ذرا "اقوام عالم کی تاریخ" پر نظر ڈال کر دیکھئے کیا دنیا کی آسائشیں انبیاء کرام علیہم السلام کے مقابلہ میں گمراہ اور بے خدا قوموں کو حاصل نہیں رہیں۔

جہاں تک محنت وسعی کا تعلق ہے میں اوپر بتاچکا ہوں کہ یہ تقدیر کے منافی نہیں اگر بقول آپ کے کافروں کو کامیابیاں اور آسائشیں حاصل ہیں تو یہ ان کی محنت کے صلہ میں نوشتہ تقدیر ہے اور اگر بقول آپ کے مسلمان ذلت ورسوائی اٹھارہے ہیں تو یہ ان کی بد عملی کے نتیجہ میں نوشتہ تقدیر ہے۔

نہم : -------- آپ کا یہ خیال سراسر غلط ہے کہ عقیدۂ تقدیر نااہلی' مایوسی اور بے عملی سکھاتا ہے' کوئی مومن جو تقدیر الٰہی پر صحیح عقیدہ رکھتا ہو وہ کبھی نااہل' مایوس اور بے عمل نہیں ہوسکتا اس نااہلی وبے عملی کا سبب

اپنے دین سے انحراف ہے نہ کہ عقیدۂ تقدیر۔

دہم :۔۔۔ آخر میں گزارش کروں گا کہ عقیدۂ تقدیر کا انکار کرکے قرآن کریم اور حدیث شریف کے فرمودات کی نفی نہ کی جائے' عقیدۂ تقدیر برحق ہے اگر ہم اسے مانیں تب بھی برحق ہے اور اگر انکار کردیں تب بھی برحق ہے اس کا صحیح اور برحق ہونا ہمارے ماننے یا نہ ماننے پر موقوف نہیں اور جب تک اللہ تعالیٰ کے علم وقدرت کی نفی نہ کی جائے عقیدۂ تقدیر کی نفی ممکن نہیں آپ کو اختیار ہے کہ عقیدۂ تقدیر پر ایمان لاکر اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور قدرت کاملہ کو مان لیں یا عقیدۂ تقدیر کا انکار کرکے اللہ تعالیٰ کے علم وقدرت سے بھی دستبردار ہوجائیں۔ مشکل یہ ہے کہ آپ نے دین کے بنیادی عقائد کو باقاعدہ سیکھا نہیں اس لئے ذہن الجھا ہوا ہے اگر آپ دین کو سمجھنا چاہتی ہیں تو اپنی ادھوری معلومات پر اکتفا نہ کریں بلکہ دین کی کتابوں کو صحیح طور پر پڑھیں میرا خیال ہے حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی کتاب "بہشتی زیور" بھی آپ کی نظر سے نہیں گزری آپ اس کا مطالعہ کریں اور پھر کوئی اشکال ہو تو اس کو رفع کرنے کے لئے حاضر ہوں۔

# فقہ حنفی کی چند نصوص کی صحیح تعبیر

سوال۱ : اگر کسی عورت کو اجرت دے کر اس کے ساتھ زنا کرے تو اس پر حد جاری ہوگی یا نہیں؟ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ فقہ حنفی میں اس زنا پر حد نہیں ہے اور اپنی تائید میں یہ حوالہ پیش کرتے ہیں :

"لو استاجر المراۃ لیزنی بھا فزنی
لایحد فی قول ابی حنیفۃ"۔

اس قول کی کیا تعبیر کی جائے گی؟

سوال ۲: یہ کہ کیا فی الواقع فقہ حنفی کے بعض یا اکثر مسائل قرآن اور صحیح حدیثوں کے خلاف ہیں؟

سوال ۳: کیا امام اعظم رحمہ اللہ کے مقلدین کی تقلید ایسی ہے کہ اگر بالفرض امام صاحبؒ کا کوئی مسئلہ قرآن پاک کی آیت یا کسی صحیح حدیث کے خلاف ہو تو حنفی حضرات' قرآن پاک اور حدیث رسولؐ کو یہ کہہ کر چھوڑ دیں گے کہ: چونکہ یہ آیت یا حدیث ہمارے امام کے قول کے مخالف ہے اس لئے ہم اس کو نہیں مانتے۔ ہمارے لئے امام کی تقلید اور ان کا مسئلہ لائق تقلید ہے ایسا کہنے والے کا کیا حکم ہوگا؟

سوال ۴: جس شخص پر شہوت کا غلبہ ہو اور اس کی زوجہ یا لونڈی نہ ہو تو وہ شہوت میں تسکین حاصل کرنے کے لئے استمنا بالید کرسکتا ہے۔ امید ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہ ہوگا اور زنا کا خوف ہو تو پھر استمنا بالید واجب ہے۔

(بحوالہ شامی ص۱۵۶)

امید ہے کہ آں محترم اپنی ضروری مصروفیات میں سے وقت نکال کر مذکورہ سوالات کے جوابات سے مطلع فرمائیں گے۔ والسلام علیکم

**جواب سوال اول** : ---------- جس عورت کو اجرت دے کر زنا کیا ہو صاحبینؒ کے نزدیک اس پر حد ہے' اور در مختار میں فتح القدیر سے نقل کیا ہے کہ :

"والحق وجوب الحد كالمستاجرة الخدمة"۔

(شامی ص۲۹ ج۴)

ترجمہ :"اور حق یہ ہے کہ حد واجب ہے' جیسے خدمت کے لئے نوکر رکھی ہوئی عورت سے زنا کرنے پر حد واجب ہے"۔

حضرت امام ابو حنیفہؒ شبہ کی بنا پر حد کو ساقط فرماتے ہیں (اور تعزیر کا حکم دیتے ہیں) ان کا استدلال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اثر سے ہے جس کو امام عبد الرزاقؒ نے مصنف میں بایں الفاظ نقل کیا ہے :

۱۔ "اخبرنا ابن جريج قال ثنى محمد بن الحارث بن سفيان عن ابى سلمة بن سفيان : ان امراة جاء ت عمر بن خطاب (رضى الله عنه) فقالت : يا امير المومنين! اقبلت اسوق غنمًا' فلقينى رجل' فحفن لى حفنةً من تمر' ثم حفن لى حفنةً من تمر' ثم حفن لى حفنةً من تمر' ثم اصابنى' فقال عمر (رضى الله عنه) : قلت ماذا؟ فاعادت' فقال

عمر بن الخطاب (رضی اللہ عنہ) ویشیر بیدہ
: مہر، مہر، مہر الخ"۔

ترجمہ :"ہم سے بیان کیا جریج نے، وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے بیان کیا محمد بن حارث بن سفیان نے، وہ روایت کرتے ہیں ابو سلمہ بن سفیان سے، کہ ایک عورت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور بیان کیا کہ اے امیر المومنین! میں اپنی بکریاں لارہی تھی، پس مجھے ایک شخص ملا، اس نے مجھے مٹھی بھر کھجوریں دیں، پھر ایک اور مٹھی بھر کھجوریں دیں، پھر ایک اور مٹھی بھر کھجوریں دیں، پھر مجھ سے صحبت کی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو نے کیا کہا؟ اس نے اپنا بیان دہرایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور اپنے ہاتھ سے اشارہ فرمارہے تھے : مہر ہے، مہر ہے، مہر ہے"۔

ب" : وعن سفیان بن عیینة عن الولید بن عبد اللہ عن ابی الطفیل ان امراۃ اصابہا الجوع، فاتت راعیاً فسالتہ الطعام، فابیٰ علیہا حتیٰ تعطیہ نفسہا، قالت فحثیٰ لی ثلاث حثیات من تمر، وذکرت انہا کانت جہدت من الجوع، فاخبرت عمر، فکبر، وقال : مہر، مہر، مہر، کل حفنة مہر، ودرا عنہا الحد۔"

(مصنف عبد الرزاق ص۴۰۶ ج۷)

ترجمہ :"نیز عبدالرزاق روایت کرتے ہیں سفیان بن عیینہ سے' وہ ولید بن عبد اللہ ابن جمیع سے' وہ ابو الطفیل (واثلہ بن اسقع صحابی رضی اللہ عنہ) سے کہ ایک عورت کو بھوک نے ستایا' وہ ایک چرواہے کے پاس گئی' اس سے کھانا مانگا' اس نے کہا جب تک اپنا نفس اس کے حوالے نہیں کرے گی وہ نہیں دے گا' عورت کا بیان ہے کہ اس نے مجھے کھجور کی تین مٹھیاں دیں' اور اس نے ذکر کیا کہ وہ بھوک سے بے تاب تھی' اس نے یہ قصہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا' آپؓ نے تکبیر کہی اور فرمایا۔ مہر ہے' مہر ہے' اور اس سے حد کو ساقط کردیا۔"

ان دونوں روایتوں کے راوی ثقہ ہیں۔ حافظ ابن حزم اندلسیؒ نے یہ دونوں روایتیں المحلی ذکر کرکے ان پر جرح نہیں کی بلکہ مالکیوں اور شافعیوں کے خلاف ان کو بطور حجت پیش کیا ہے' چنانچہ وہ لکھتے ہیں :

" واما المالکیون والشافعیون فعهدنا بهم یشنعون خلاف الصاحب الذی لایعرف له مخالف اذا وفق تقلیدهم وهم قد خالفوا عمرؓ ولایعرف لهم مخالف من الصحابةؓ .... بل هم یعدون مثل هذا اجماعًا' ویستدلون علی ذلک بسکوت من بالحضرة من الصحابة عن النکیر لذلک "

(محلی ابن حزم ص٢٥٠ ج١١)

ترجمہ :"رہے مالکی اور شافعی، تو ہم نے ان کو دیکھا ہے کہ وہ ایسے صحابی کی مخالفت پر تشنیع کیا کرتے ہیں جس کے مخالف صحابہ میں سے کوئی معروف نہ ہو.... بلکہ اس کو "اجماع" شمار کرتے ہیں اور وہ اس اجماع پر استدلال کیا کرتے ہیں۔ ان صحابہؓ کے سکوت سے، جو اس موقع پر موجود تھے مگر انہوں نے اس پر نکیر نہیں فرمائی۔"

جب ان حضرات کا یہ اصول ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مندرجہ بالا واقعہ کو کیوں حجت نہیں سمجھتے؟ باوجودیکہ حضرات صحابہ میں سے کسی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر نکیر نہیں فرمائی؟ شاید کسی کو یہ خیال ہو کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھوک کی مجبوری کی وجہ سے اس کو معذور و مضطر سمجھ کر اس سے حد کو ساقط کردیا ہوگا۔

حافظ ابن حزمؒ اس احتمال کو غلط قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں :

" فان قالوا : ان ابا الطفیل ذکر فی خبره انها قد کان جهدها الجوع، قلنالهم :..... ان خبر ابی الطفیل لیس فیه ان عمر عذرها بالضرورة، بل فیه انه درا الحد من اجل التمر الذی اعطاها۔ وجعله عمر مهرا۔ "

(محلی، ص ۲۵۰ ج ۱۱)

ترجمہ :"اگر مالکی اور شافعی حضرات یہ کہیں کہ ابو الطفیلؓ نے اپنی روایت میں ذکر کیا ہے کہ بھوک نے اس خاتون کو

بے تاب کردیا تھا (شاید اس کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے حد ساقط کردی ہوگی) ہم ان سے کہیں گے کہ.... ابو الطفیلؒ کی روایت میں یہ نہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو اضطرار کی وجہ سے معذور قرار دیا تھا بلکہ اس روایت میں تو یہ ہے کہ آپؓ نے کھجوروں کی وجہ سے حد ساقط کردی جو اس شخص نے دی تھیں' اور آپؓ نے ان کھجوروں کو مہر قرار دیا"۔

اس تفصیل سے دو باتیں واضح ہوگئیں' ایک یہ کہ سوال میں جو کہا گیا ہے کہ "فقہ حنفی میں اس پر حد نہیں"۔ یہ تعبیر غلط ہے' آپ سن چکے ہیں کہ اس مسئلہ میں فقہ حنفی کا فتویٰ صاحبینؒ کے قول پر ہے کہ اس پر حد لازم ہے۔

دوم یہ کہ جو لوگ اس مسئلہ میں حضرت امامؒ پر زبان طعن دراز کرتے ہیں وہ مسئلہ کو صحیح نہ سمجھنے کی وجہ سے کرتے ہیں اور ان کا یہ طعن حضرت امامؒ پر نہیں بلکہ درحقیقت ان کے پیش رو حضرت امیرالمومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ پر ہے' کسی مسئلہ سے اتفاق نہ کرنا اور بات ہے لیکن ایسے مسائل کی آڑ لے کر ائمہ ہدیٰ پر زبان طعن دراز کرنا دوسری بات ہے۔

یہاں اس امر کا ذکر بھی بے محل نہ ہوگا کہ زیر بحث صورت حضرت امامؒ (اور ان کے پیش رو حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کے نزدیک بھی زنا ہے۔ حلال نہیں۔ لیکن شبہ مہر کی وجہ سے حد ساقط ہوگئی' اس لئے یہ سمجھنا بدفہمی ہوگی کہ یہ دونوں بزرگ زنا بالاستیجار کو حلال سمجھتے ہیں' جیسا کہ

بعض لوگوں نے سمجھا ہے' وللبسط محل آخر۔

۲:...یہ کہنا کہ "فی الواقع فقہ حنفی کے بعض یا اکثر مسائل قرآن اور صحیح حدیثوں کے خلاف ہیں" قلت تدبر کا نتیجہ ہے' فقہ حنفی میں مسائل کا استناد قرآن کریم' احادیث نبویہ (علیٰ صاحبہا الصلاۃ والتسلیمات) اجماع امت اور قیاس صحیح سے ہے' البتہ ائمہ مجتہدین کے مدارک اجتہاد مختلف ہیں حضرت امام ابوحنیفہؒ اجتہاد کی جس بلندی پر فائز تھے اس کا اعتراف اکابر ائمہ نے کیا ہے۔

۳:...سوال میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ بھی خالص تہمت ہے' ابھی اوپر مسئلہ مستاجرہ میں آپ نے دیکھا کہ احناف نے حضرت امامؒ کے قول کو چھوڑ کر صاحبینؒ کے قول کو اختیار کیا اور یہ کہا :"والحق وجوب الحد۔" اس قسم کی بہت سی مثالیں پیش کرسکتا ہوں جہاں لوگوں کو بظاہر نظر آتا ہے کہ حنفیہ حدیث صحیح کے خلاف کرتے ہیں وہاں صرف امامؒ کے قول کی بنا پر نہیں' قرآن و سنت اور اجماع امت کے قوی دلائل کے پیش نظر ایسا کرتے ہیں۔ اس کی بھی بہت سی مثالیں پیش کرسکتا ہوں' مگر نہ فرصت اس کی متحمل ہے' اور نہ ضرورت اس کی داعی ہے۔

۴:...در مختار میں ہے :

"فی الجوهرة : الاستمناء حرام وفیه التعذیر۔"

ترجمہ :"جوہرہ میں ہے کہ استمنا بالید حرام ہے اور اس میں تعزیر لازم ہے"۔

علامہ شامیؒ نے اس کے حاشیہ میں لکھا ہے :

" قولہ : الاستمناء حرام اے بالکف اذا کان لاستجلاب الشهوة ' اما اذا غلبته الشهوة وليس له زوجة ولا امة ففعل ذلک لتسكينها فالرجا انه لا وبال عليه ' كما قاله ابو الليث ' ويجب لو خاف الزنا۔ "

(رد المحتار ص ۲۷ جلد ۴ کتاب الحدود)

ترجمہ :"اپنے ہاتھ سے منی خارج کرنا حرام ہے' جب کہ یہ فعل شہوت کو برانگیختہ کرنے کے لئے ہو' لیکن جس صورت میں کہ اس پر شہوت کا غلبہ ہو اور اس کی بیوی اور لونڈی نہ ہو' اگر وہ تسکین شہوت کے لئے ایسا کرلے تو امید کی جاتی ہے کہ اس پر وبال نہیں ہوگا' جیسا کہ فقیہ ابو اللیثؒ نے فرمایا اور اگر زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسا کرنا واجب ہے"۔

اس عبارت سے چند باتیں معلوم ہوئیں :

اول : ـــــــ عام حالات میں یہ فعل حرام ہے' موجب وبال ہے اور اس پر تعزیر لازم ہے۔

دوم : ------- اگر کسی نوجوان پر شہوت کا غلبہ ہو کہ شدت شہوت کی وجہ سے اس کا ذہن اس قدر متوحش ہو کہ کسی طرح اس کو سکون و قرار حاصل نہ ہو' اور اس کے پاس تسکین شہوت کا کوئی حلال ذریعہ بھی موجود

نہ ہو ایسی اضطراری حالت میں اگر وہ بطور علاج اس عمل کے ذریعہ شہوت کی تسکین کرلے تو اللہ تعالیٰ کے رحم وکرم سے توقع کی جاتی ہے کہ اس پر وبال نہ ہوگا۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ رشوت کا لینا اور دینا دونوں حرام ہیں' لیکن اگر کوئی مظلوم دفع ظلم کی خاطر رشوت دینے پر مجبور ہوجائے تو توقع کی جاتی ہے کہ اس مظلوم پر مواخذہ نہ ہوگا' یہ فقیہ ابو اللیثؒ کا قول ہے۔

سوم :۔۔۔۔ اگر شدت شہوت کی بنا پر زنا میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہوجائے تو زنا سے بچنے کے لئے اس فعل بد کا ارتکاب ضروری ہوگا' یہ ایسی صورت ہے کہ کسی شخص کا دو حراموں میں سے ایک میں مبتلا ہوجانا ناگزیر ہے تو ان میں سے جو اخف ہو اس کا اختیار کرنا لازم ہے۔

فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ اس اصول کو ان الفاظ سے تعبیر فرماتے ہیں :

"من ابتلی ببلیتین فلیختر اھونھما۔"

ترجمہ :"جو شخص دو مصیبتوں میں گرفتار ہو اس کو چاہیے کہ وہ جو ان میں سے اھون ہو اس کو اختیار کرلے۔"

شیخ ابن نجیمؒ نے "الاشباہ والنظائر" کے فن اول کے قاعدہ خامسہ کے تحت اس اصول کا ذکر کیا ہے اور اس کی متعدد مثالیں ذکر کی ہیں اس کی تمہید میں فرماتے ہیں :

"چوتھا قاعدہ یہ ہے کہ جب دو مفسدے جمع ہوجائیں تو بڑے مفسدے سے بچنے کے لئے چھوٹے کا

ارتکاب کیا جائے گا۔ امام زیلعیؒ "باب شروط الصلاۃ" میں فرماتے ہیں کہ اس نوعیت کے مسائل میں اصول یہ ہے کہ جو شخص دو بلاؤں میں گرفتار ہو جائے اور وہ دونوں ضرر میں مساوی ہوں تو دونوں میں سے جس کو چاہے اختیار کرلے' اور اگر دونوں مختلف ہوں تو جو برائی ان میں سے اہون ہو اس کو اختیار کرے' کیونکہ حرام کا ارتکاب صرف اضطرار کی حالت میں جائز ہے اور جس چیز کا ضرر زیادہ ہو اس کے اختیار کرنے میں کوئی اضطرار نہیں"۔

(الاشباہ والنظائر مع شرح حموی
ص ۱۲۳ ج ۱ مطبوعہ ادارۃ القرآن' کراچی)

استمنا کی جس صورت کو شامی نے واجب لکھا ہے اس میں یہی اصول کارفرما ہے' یعنی بڑے حرام (زنا) سے بچنے کے لئے چھوٹے حرام (استمنا) کو اختیار کرنا' اس کو یوں سمجھنا کہ استمنا کی اجازت دے دی گئی ہے' یا یہ کہ اس کو واجب قرار دیا گیا ہے' قطعاً غلط ہو گا' ہاں! اس کو یوں تعبیر کرنا صحیح ہو گا کہ بڑے حرام سے بچنے کو واجب قرار دیا گیا ہے خواہ یہ چھوٹے حرام کے ارتکاب کے ذریعہ ہو۔

رہا یہ کہ آدمی کو ضبط نفس سے کام لینا چاہیے' نہ زنا کے قریب پھٹکے' اور نہ استمنا کرے' یہ بات بالکل صحیح ہے' ضرور یہی کرنا چاہیے' لیکن سوال یہ ہے کہ جو شخص نفس و شیطان کے چنگل میں ایسا پھنس چکا ہو کہ زمام اختیار اس کے ہاتھ سے چھوٹ رہی ہو اور اس کو اس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو کہ یا تو فاحشہ کبیرہ کا ارتکاب کرکے روسیاہ ہو' یا اپنے ہاتھ سے

غارتگر ایمان شہوت کو ختم کردے۔ ایسی حالت میں اس شخص کو کیا کرنا چاہیے؟ ذرا عقل و شرع سے اس کا فتویٰ پوچھئے؟ واللہ اعلم

## انسانی اعضا کی پیوند کاری اور خون کا مسئلہ

**س :** ــــــــ مولانا صاحب آج کل انسانی اعضا کی پیوند کاری کا سلسلہ چلا ہوا ہے کیا یہ جائز ہے؟ نئی تحقیقات اور سائنسی ایجادات نے ہمارے لئے ایک چیلنج کی شکل اختیار کرلی ہے بعض لوگ ان تحقیقات سے نفع اٹھانے کو عقل مندی اور اس سلسلہ کی غیر شرعی تحقیقات سے بچنے والے حضرات کو تنگ نظر کہتے ہیں اس طرح خون چڑھانے کا مسئلہ بھی ہے؟

آپ اس سلسلہ میں ہماری رہنمائی فرمائیں۔

**جواب :** ــــــــ اس سلسلہ میں حال ہی میں حضرت مفتی صاحب مد فیضہم کی تازہ تالیف "انسانی اعضا کی پیوند کاری" کے نام سے شائع ہوئی ہے جس میں ان دونوں مسائل کے بارے میں متعدد علما کرام (جن کے اسمائے گرامی حضرت مفتی صاحب نے تمہید میں ذکر کردیئے ہیں) کی متفقہ تحقیق کتاب و سنت اور فقہ اسلامی کے دلائل کی روشنی میں درج کی گئی ہے' اس کا مختصر سا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے' تفصیلی دلائل کے لئے اصل کتاب کا مطالعہ فرمایئے۔

### تمہید

زیر نظر مسئلہ انسانی خون اور انسانی اعضا کے تبادلہ کا معاملہ اس زمانے میں ایک ابتلا عام کا معاملہ ہے اور مسئلہ کتب فقہ میں منصوص نہیں' جب اس کے متعلق پاکستان اور بیرون پاکستان سے متعدد سوالات آئے تو احقر (مفتی صاحب)

نے سنت اکابر کے مطابق مناسب سمجھا کہ انفرادی رائے کے بجائے ماہر علما کی ایک جماعت اس میں غور و فکر اور بحث و تمحیص کرکے کوئی رائے متعین کرے چنانچہ اس کے لئے ایک سوالنامہ مرتب کرکے فقہ و فتویٰ کے مراکز پاکستان میں کراچی' ملتان' لاہور' پشاور وغیرہ اور انڈیا میں دیو بند' سہارن پور' دہلی وغیرہ میں بھیجے' اکثر حضرات کے جوابات موصول ہوئے۔ تو ان پر بھی اجتماعی غور و فکر مناسب تھا مگر ملک گیر وسائل بھی آسان نہ تھے' اس کے لئے جتنے وقت اور طویل فرصت کی ضرورت تھی اس کا میسر ہونا بھی دشوار تھا۔ اس لئے بحکم "مالا یدرک کله لایترک کله" یہ صورت اختیار کی کہ صرف کراچی کے اہل فتویٰ علما کا اجتماع کرکے ان پر غور کیا جائے اور یہ اجتماع جس نتیجہ پر پہنچے اس کو منضبط کرکے ملک اور بیرون ملک کے ارباب فتویٰ کے پاس بھیج کر ان کی آرا اور فتاویٰ حاصل کئے جائیں تاکہ یہ ماہرین اہل فتویٰ کا اجتماعی فتویٰ ہو سکے۔ اس اجتماع میں حسب ذیل حضرات نے شرکت کی۔ اور مختلف تاریخوں کی پانچ چھ نشستوں میں باہر سے آئے ہوئے جوابات اور اس مسئلہ کے ہر پہلو پر غور کیا گیا اور اس معاملہ کے متعلق مذاہب اربعہ کی کتابوں کو سامنے رکھا گیا یہ مجلس اتفاق رائے سے جس نتیجہ پر پہنچی وہ آئندہ صفحات میں مع دلائل کے لکھا جا رہا ہے۔ اسمائے شرکا مجلس یہ ہیں :

## دار العلوم کراچی سے

۱۔ محمد شفیع خادم دار العلوم کراچی

۲۔ مولانا محمد صابر صاحب نائب مفتی

۳۔ مولانا سلیم اللہ صاحب مدرس دار العلوم

۴۔ مولانا سحبان محمود صاحب دارالعلوم کراچی
۵۔ مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب دارالعلوم کراچی
۶۔ مولانا محمد رفیع صاحب دارالعلوم کراچی
۷۔ مولانا محمد تقی صاحب دارالعلوم کراچی

## مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیو ٹاؤن کراچی سے

۸۔ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بنوری شیخ الحدیث و مہتمم مدرسہ
۹۔ مولانا محمد ولی حسن صاحب مفتی مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیو ٹاؤن کراچی
۱۰۔ مولانا محمد ادریس صاحب مدرس مدرسہ عربیہ اسلامیہ

## اشرف المدارس سے

۱۱۔ مولانا مفتی رشید احمد صاحب مفتی و مہتمم مدرسہ

## باہر سے جن حضرات کے تحقیقی فتاویٰ موصول ہوئے ہیں

## وہ حسب ذیل ہیں :

۱۔ حضرت مولانا مفتی مہدی حسن صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند
۲۔ حضرت مولانا مفتی محمد عبد اللہ صاحب مفتی خیر المدارس ملتان
۳۔ مولانا عبد الستار صاحب مفتی خیر المدارس ملتان
۴۔ مولانا محمد اسحاق صاحب نائب مفتی خیر المدارس ملتان
۵۔ مولانا جمیل احمد صاحب تھانوی مفتی جامعہ اشرفیہ لاہور
۶۔ مولانا مفتی محمود صاحب مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان

۷۔ مولانا عبد اللطیف صاحب معین مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان

۸۔ مولانا وجیہہ صاحب مفتی دار العلوم اسلامیہ ٹنڈو الہ یار

اس مجلس نے خون اور اعضا کے مسائل کے علاوہ اسی طرح کے دوسرے اہم اور ابتلائے عام کے مسائل میں بحث و تمحیص کا بھی فیصلہ کیا ہے اور بحمد اللہ اس وقت تک بہت سے اہم مسائل زیر بحث آکر مجلس کی رائے کی حد تک طے کر کے منضبط کر لئے گئے ہیں جس میں مسائل ذیل شامل ہیں :

۱۔ بیمہ زندگی کا مسئلہ ۲۔ پراویڈنٹ فنڈ کے سود اور اس فنڈ کی رقم پر زکوٰۃ کا مسئلہ

۳۔ بلا سود بنکاری کا مفصل نظام۔

۴۔ یہود ونصاریٰ کا ذبیحہ اور ان سے گوشت خریدنے کا مسئلہ ۵۔ مشینی ذبیحہ کا مسئلہ۔

اس وقت خون اور اعضاء کے زیر بحث مسئلے کے متعلق جس قدر جوابات بیرونی حضرات سے وصول ہوئے یا ارکان مجلس نے اپنی تحقیق سے لکھے ان سب پر غور و فکر کے بعد مجلس جس نتیجہ پر پہنچی اس کو ان اوراق میں پیش کیا جاتا ہے۔ ہر ایک کو الگ الگ لکھنے میں تکرار بھی ہوتا اور بے ضرورت ضخامت بھی بڑھتی' اس لئے بحث و تمحیص کے بعد جو کچھ منقح ہوا' اس کو ایک ترتیب لکھ لیا گیا' اور دلائل کے حوالوں کو عوام کی سہولت کے لئے الگ لکھ دیا گیا ہے۔ واللہ المستعان۔

## مقدمہ

### چند اصولی مسائل

مسائل کی تفصیل سے پہلے چند اصولی باتیں سمجھ لینا ضروری ہے' تاکہ

آنے والے مسائل کے سمجھنے میں سہولت ہو۔

**اول : ہر حرام چیز انسانیت کے لئے مضر ہے۔**

خدائے حکیم و برتر نے جن چیزوں کو بندوں کے لئے حرام اور ممنوع قرار دیا ہے خواہ بظاہر ان میں کتنا ہی فائدہ نظر آئے لیکن درحقیقت وہ انسان اور انسانیت کے لئے مضر ہیں اور نفع کے بجائے نقصان کا پہلو ان میں غالب ہے۔ یہ نقصان کبھی جسمانی ہوتا ہے، کبھی روحانی۔ پھر کبھی تو اس قدر واضح ہوتا ہے کہ ہر عام و خاص اسے جانتا ہے، اور کبھی ذرا خفی ہوتا ہے جسے حاذق طبیب اور ماہر ڈاکٹر ہی جان سکتے ہیں، اور کبھی اتنا لطیف ہوتا ہے کہ نہ افلاطون وارسطو کی عقل کی وہاں تک رسائی ہوسکتی ہے، نہ کسی جدید سے جدید آلہ کی مدد سے اسے دریافت کیا جاسکتا ہے، بلکہ صرف حاسہ وحی اور فراست نبوت ہی سے اسے دیکھا اور پہچانا جاسکتا ہے۔ انی اعلم من اللہ مالا تعلمون۔

**دوم : تکریم انسان اور اس کے دو پہلو**

حق تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے انسان کو ظاہری و معنوی شرف و امتیاز بخشا ہے، وہ شکل و صورت میں سب سے حسین اور علم و ادراک میں سب سے فائق پیدا کیا گیا اور اسے کائنات کا مخدوم و مکرم بنایا گیا ہے، اس تکریم و شرف کا ایک پہلو یہ ہے کہ تمام کائنات اسی کی خدمت پر مامور ہے، بہت سی چیزوں کو اس کی غذا یا دوا کے لئے حلال کردیا گیا ہے، اور اضطراری حالت میں حرام چیزوں کے استعمال کی بھی اسے اجازت دی گئی ہے، اور دوسرا پہلو یہ کہ : انسان کے اعضا کو غذا اور دوا کے لئے ممنوع اور ان کی خرید و فروخت کو ناجائز قرار دیا گیا ہے۔

## سوم : علاج میں شرعی سہولتیں

اسلام کی نظر میں انسانی جان درحقیقت امانت الٰہیہ ہے، جسے تلف کرنا سنگین جرم ہے، اس کی حفاظت کے لئے بڑے سامان تیار کئے گئے ہیں جن کے استعمال کا حکم ہے اور ایسی تدابیر اور علاج معالجہ کو ضروری قرار دیا ہے جس سے مریض کی جان بچ سکے، مریض کی سہولت کے لئے نماز، روزہ، غسل، طہارت وغیرہ کے احکام الگ وضع فرمائے ہیں، اس سے بڑھ کر کیا ہوگا کہ اضطرار کی حالت میں جان بچانے کے لئے کلمہ کفر بکنے کی، جو اسلام کی نظر میں بدترین جرم ہے، اجازت دیدی گئی، اسی طرح جو شخص بھوک سے مر رہا ہو اس کے لئے سد رمق تک خنزیر اور مردار کھانے کو مباح بلکہ ضروری کردیا گیا۔

## چہارم : اضطرار کا صحیح درجہ کیا ہے؟

ناواقف حضرات ہر معمولی حاجت کو "اضطراری حالت" کا نام دے لیتے ہیں اس لئے ضروری ہوا کہ اس کی تنقیح کردی جائے۔

علامہ حمویؒ شرح اشباہ میں لکھتے ہیں کہ : یہاں پانچ درجے ہیں : ضرورت (اضطرار) حاجت، منفعت، زینت اور فضول۔

**اضطرار :** ——— یہ ہے کہ ممنوع چیز کو استعمال کئے بغیر جان بچانے کی کوئی صورت ہی نہ ہو، یہی وہ اضطراری صورت ہے جس میں خاص شرائط کے ساتھ حرام کا استعمال مباح ہوجاتا ہے۔

**حاجت :** ——— یہ ہے کہ ممنوع چیز کو استعمال نہ کرنے سے ہلاکت کا اندیشہ تو نہیں لیکن مشقت اور تکلیف شدید ہوگی، اس حالت میں نماز، روزہ، طہارت

وغیرہ کے احکام کی سہولتیں تو ہوں گی مگر حرام چیزیں مباح نہ ہوں گی۔

**منفعت** : ------ یہ ہے کہ کسی چیز کے استعمال کرنے سے بدن کی تقویت کا فائدہ ہوگا' اور نہ کرنے سے نہ ہلاکت کا اندیشہ ہے' نہ شدید تکلیف کا' اس حالت میں نہ کسی حرام کا استعمال جائز ہے' نہ روزہ کے افطار کی اجازت ہے' کسی حلال چیز سے یہ نفع حاصل ہو سکتا ہو تو کرے' ورنہ صبر کرے۔

**زینت** : ------ یہ ہے کہ اس میں بدن کی تقویت بھی نہ ہو' محض تفریح طبع ہو' ظاہر ہے کہ اس کے لئے کسی ناجائز چیز کے جواز کی گنجائش کہاں ہو سکتی ہے؟

**فضول** : ------ یہ کہ تفریح سے بھی آگے محض ہوس رانی مقصود ہو۔

ہماری بحث چونکہ اضطرار کی حالت سے ہے اس لئے یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ اضطرار کی حالت میں کسی حرام چیز کے استعمال کی تین شرطیں ہیں :

الف : مریض کی حالت واقعتًا ایسی ہو کہ حرام چیز کے استعمال نہ کرنے سے جان کا خطرہ ہو۔

ب : یہ خطرہ محض وہمی نہ ہو بلکہ کسی معتمد حکیم یا ڈاکٹر کے کہنے کی بنا پر یقینی ہو' اور کسی حلال چیز سے علاج ممکن نہ ہو۔

ج : اس حرام چیز سے جان کا بچ جانا بھی کسی معتمد حکیم یا مستند ڈاکٹر کی رائے میں عادۃً یقینی ہو۔

ان شرائط کے ساتھ حرام چیز کا استعمال مباح ہو جاتا ہے' مگر پھر بھی بعض صورتیں اس سے مستثنیٰ رہیں گی' مثلاً ایک شخص کی جان بچانے کے لئے

دوسرے کی جان لینا جائز نہیں کہ دونوں کی جان یکساں محترم ہے۔

## پنجم : غیر اضطراری حالت میں علاج کی شرعی سہولت

اگر اضطرار کی حالت تو نہ ہو (جس میں جان کا خطرہ ہوتا ہے) مگر بیماری اور تکلیف کی شدت سے مریض بے چین ہے (اسی حالت کو اوپر حاجت سے تعبیر کیا گیا) تو اس صورت میں حرام اور نجس دوا کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ چونکہ اس کا حکم قرآن و سنت میں صراحتاً مذکور نہیں اس لئے فقہا امت کا اس میں اختلاف ہے، بعض حضرات کے نزدیک جائز نہیں، اور جمہور فقہا مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ اس کی اجازت دیتے ہیں، یعنی کسی معتمد ڈاکٹر یا حکیم کی رائے میں اس کے علاوہ کوئی علاج نہ ہو، اور اس حرام چیز سے شفا حاصل ہونے کا پورا وثوق ہو۔

ان مقدمات کی روشنی میں اب زیر بحث دونوں مسئلوں کا حکم لکھا جاتا ہے۔

## خون کا مسئلہ

**سوال** : ------ایک انسان کا خون دوسرے کے بدن میں داخل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب** : ------خون انسان کا جزو ہے، اور جب بدن سے نکال لیا جائے تو نجس بھی ہے، انسان کا جزو ہونے کی حیثیت سے اس کی مثال عورت کے دودھ کی ہوگی جس کا استعمال علاج کے لئے فقہا نے جائز لکھا ہے (عالمگیری، طبع مصر، ص ۱۱۲ ج ۴) خون کو بھی اگر اسی پر قیاس کر لیا جائے تو یہ قیاس بعید نہیں ہوگا، البتہ اس کی نجاست کے پیش نظر اس کا حکم وہی ہوگا جو حرام اور نجس چیزوں کے استعمال کا اوپر مقدمہ میں ذکر کیا گیا یعنی :

۱۔ جب مریض اضطراری حالت میں ہو' اور ماہر ڈاکٹر کی نظر میں خون دیئے بغیر اس کی جان بچانے کا کوئی راستہ نہ ہو تو خون دینا جائز ہے۔

۲۔ جب ماہر ڈاکٹر کی نظر میں خون دینے کی "حاجت" ہو' یعنی مریض کی ہلاکت کا خطرہ تو نہ ہو لیکن اس کی رائے میں خون دیئے بغیر صحت کا امکان نہ ہو تب بھی خون دینا جائز ہے۔

۳۔ جب خون نہ دینے کی صورت میں ماہر ڈاکٹر کے نزدیک مرض کی طوالت کا اندیشہ ہو' اس صورت میں خون دینے کی گنجائش ہے۔ مگر اجتناب بہتر ہے کما فی الهندية "وان قال الطبيب يتعجل شفاءك فيه وجهان"۔

(ص ۳۵۵ ج ۵)

۴۔ جب خون دینے سے محض منفعت یا زینت مقصود ہو' یعنی ہلاکت یا مرض کی طوالت کا اندیشہ نہ ہو' بلکہ محض قوت بڑھانا یا حسن میں اضافہ کرنا مقصود ہو' تو ایسی صورت میں خون دینا ہرگز جائز نہیں۔

**سوال دوم** : ——— کیا کسی مریض کو خون دینے کے لئے اس کی خرید و فروخت اور قیمت لینا بھی جائز ہے؟

**جواب** : ———خون کی بیع تو جائز نہیں' لیکن جن حالات میں' جن شرائط کے ساتھ نمبر اول میں مریض کو خون دینا جائز قرار دیا ہے' ان حالات میں اگر کسی کو خون بلاقیمت نہ ملے تو قیمت دے کر خون حاصل کرنا صاحب ضرورت کے لئے جائز ہے' مگر خون دینے والے کے لئے اس کی قیمت لینا درست نہیں۔

**سوال سوم** : ———کسی غیر مسلم کا خون مسلم کے بدن میں داخل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب** : ------- نفس جواز میں کوئی فرق نہیں، لیکن یہ ظاہر ہے کہ کافر یا فاسق فاجر انسان کے خون میں جو اثرات خبیثہ ہیں ان کے منتقل ہونے اور اخلاق پر اثر انداز ہونے کا قوی خطرہ ہے، اسی لئے صلحائے امت نے فاسقہ عورت کا دودھ پلوانا بھی پسند نہیں کیا، اس لئے کافر اور فاسق فاجر انسان کے خون سے حتی الوسع اجتناب بہتر ہے۔

**سوال چہارم** : ------ شوہر اور بیوی کے باہم تبادلہ خون کا کیا حکم ہے؟

**جواب** : ------- میاں بیوی کا خون، اگر ایک دوسرے کو دیا جائے تو شرعاً نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑتا، نکاح بدستور قائم رہتا ہے۔ واللہ اعلم۔

## اعضاءِ انسانی کا مسئلہ

**سوال** : ------- کسی بیمار یا معذور انسان کا علاج دوسرے زندہ یا مردہ انسان کے اعضا کا جوڑ لگاکر کرنا کیسا ہے؟

**جواب** : ------ اس وقت تک ڈاکٹروں نے بھی زندہ انسان کے اعضا کا استعمال کہیں تجویز نہیں کیا، اس لئے اس پر مزید بحث کی ضرورت نہیں، بحث طلب مسئلہ وہ ہے جو آج کل ہسپتالوں میں پیش آرہا ہے، اور جس کے لئے اپیلیں کی جارہی ہیں، وہ یہ کہ جو انسان دنیا سے جارہا ہو، خواہ کسی عارضہ کے سبب یا کسی جرم میں قتل کئے جانے کی وجہ سے، اس کی اجازت اس پر لیجائے کہ مرنے کے بعد اس کا فلاں عضو لے کر کسی دوسرے انسان میں لگادیا جائے۔

بظاہر یہ صورت مفید ہی مفید ہے کہ مرنے والے کے تو سارے ہی اعضا فنا ہونے والے ہیں، ان میں سے کوئی عضو اگر کسی زندہ انسان کے کام آجائے،

اور اس کی مصیبت کا علاج بن جائے تو اس میں کیا حرج ہے۔ یہ ایسا معاملہ ہے کہ عام لوگوں کی نظر صرف اس کے مفید پہلو پر جم جاتی ہے اور اس کے وہ مہلک نتائج نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں جن کا کچھ ذکر شروع بحث میں آچکا ہے (اصل کتاب میں اس کے مضر پہلوؤں پر مفصل بحث کی گئی ہے، تلخیص میں وہ حصہ حذف کر دیا گیا)۔

مگر شریعت اسلام کے لئے، جو انسان اور انسانیت کی ظاہری اور معنوی صلاح و فلاح کی ضامن ہے، اس کے لئے مضر اور مہلک نتائج سے صرف نظر کرلینا اور محض ظاہری فائدہ کی بنا پر اس کی اجازت دے دینا ممکن نہیں، شریعت اسلام نے صرف زندہ انسان کے کار آمد اعضا ہی کا نہیں بلکہ قطع شدہ بیکار اعضا و اجزا کا استعمال بھی حرام قرار دیا ہے اور مردہ انسان کے کسی عضو کی قطع و برید کو بھی ناجائز کہا ہے، اور اس معاملہ میں کسی کی رضامندی اور اجازت سے بھی اس کے اعضا و اجزا کے استعمال کی اجازت نہیں دی، اور اس میں مسلم و کافر سب کا حکم یکساں ہے کیونکہ یہ انسانیت کا حق ہے جو سب میں برابر ہے، تکریم انسان کو شریعت اسلام نے وہ مقام عطا کیا ہے کہ کسی وقت کسی حال میں کسی کو انسان کے اعضا و اجزا حاصل کرنے کی طمع دامن گیر نہ ہو، اور اس طرح یہ مخدوم کائنات اور اس کے اعضا عام استعمال کی چیزوں سے بالاتر رہیں جن کو کاٹ چھانٹ کر یا کوٹ پیس کر غذاؤں اور دواؤں اور دوسرے مفادات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس پر ائمہ اربعہ اور پوری امت کے فقہا متفق ہیں، اور نہ صرف شریعت اسلام بلکہ شرائع سابقہ اور تقریباً ہر مذہب و ملت میں یہی قانون ہے۔ واللہ اعلم

## انسانی اعضا کی حرمت

س : ــــــ میں ایم بی بی ایس کے سال آخر کی طالبہ ہوں۔ میں آپ کے

مشورے اخبار جنگ کے کالم میں پڑھتی رہتی ہوں۔ اس وقت میں بھی اپنا ایک مسئلہ لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ اس وقت میری سول اسپتال کے وارڈ SIUT( سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلائیزیشن) میں پوسٹنگ لگی ہوئی ہے۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے پاکستان میں پہلی دفعہ (Cadaver Kidney Transplantation) مردہ جسم سے گردہ نکال کر زندہ آدمی کے لگانا) ہوا ہے۔ یہ S.I.U.T میں ہی پرفارم کیا گیا ہے اور آج کل میں دوسرا اس نوعیت کا آپریشن ہونے والا ہے۔ یہ دونوں گردے جو مردہ اشخاص کے جسم سے نکالے گئے باہر کے ملک سے بھیجے گئے ہیں۔

اب مسئلہ یہ ہے کہ اس وارڈ کی جو ایڈمنسٹریٹر ہیں وہ ہم سب اسٹوڈنٹس کے ساتھ مل کر یہ ڈسکشن کرنا چاہتی ہیں کہ آیا اگر کوئی ہم سے کہے کہ ہم مرنے کے بعد اپنے جسم کا کوئی عضو کسی مرتے ہوئے انسان کی جان بچانے کے لیے دے دیں تو ہمارا کیا رد عمل ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ کچھ لوگ اسلامی نقطہ نظر سے اس بات کو غلط سمجھتے ہیں تو سعودی عرب بھی ایک اسلامی ملک ہے اور وہاں شاید ۷ یا ۸ سال سے کیڈ اور ٹرانسپلانٹ ہو رہا ہے۔ میری کچھ اور دوستوں کا کہنا یہ ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک انسان کی جان بچانا ساری انسانیت کی جان بچانا ہے۔ تو اس لئے اگر ہم Donorcard بھر دیں کہ ہمارے مرنے کے بعد ہمارے جسم سے ہمارا کوئی بھی عضو نکال کر کسی کے لگادیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میرا اپنا اس بارے میں یہ خیال ہے کہ اس طرح کرنا مردے کی بے حرمتی ہے اور یہ اسلام میں جائز نہیں۔ اب میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ آپ قرآن وسنت کی روشنی میں یہ فرمایئے کہ آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے؟

پلیز آپ اپنے دلائل ثبوت کے ساتھ دیجئے گا تاکہ مجھے آپ کا موقف دوسروں تک پہنچانے اور سمجھانے میں آسانی رہے۔

**جواب** : ------اس مسئلہ میں آپ کا موقف صحیح ہے اور آپ کی رفیقاؤں کا موقف غلط ہے اس سلسلہ میں چند باتیں ذہن میں رکھی جائیں :

۱ :—— آپ کی تحریر سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص مرنے سے پہلے ایسی وصیت کرجائے کہ اس کے جسم کے اجزا نکال کر کسی ضرورت مند کے بدن سے لگادیئے جائیں تب تو اس کے بدن کے اجزا نکالے جاتے ہیں ورنہ نہیں گویا یہ اصول تسلیم کرلیا گیا ہے کہ مرنے والے کی اجازت کے بغیر اس کے بدن کے اجزا استعمال نہیں کئے جاسکتے۔

۲ :—— اب جو لوگ کہ کسی دین ومذہب کے قائل ہی نہیں' یا دین ومذہب کے قائل تو ہیں لیکن ان کا خیال ہے کہ مذہب ہماری زندگی کے جائز وناجائز سے کوئی تعلق نہیں رکھتا ایسے لوگوں کو تو مذکورہ بالا اجازت نامے کے لئے مذہب سے اجازت لینے کی ضرورت ہی نہیں لیکن ایک مسلمان کی حیثیت سے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ آیا ہمارا دین ومذہب اس کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ اگر مذہب کی طرف سے اجازت ہو تو مذکورہ بالا وصیت جائز ہوگی ورنہ ایسی وصیت غلط اور لغو وباطل ہوگی۔

۳ :—— یہ اصول طے ہوا تو اب یہ دیکھنا ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس کے اعضا کا اور اس کے وجود کا مالک بنایا ہے؟ آدمی ذرا بھی غور کرے تو معلوم ہوجائے گا کہ انسان کا وجود اور اس کے اعضا اس کی ملکیت نہیں۔
بلکہ یہ ایک سرکاری مشین ہے جو اس کے استعمال کے لئے اسکو دی گئی

ہے اور سرکاری چیز سمجھ کر اس کی حفاظت و نگرانی بھی اس کے ذمہ لگائی ہے لہٰذا اس کو ان اعضا کے تلف کرنے کی اجازت نہیں۔ نہ فروخت کرنے ہی کی اجازت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسکو خودکشی کی اجازت نہیں بلکہ فرمایا گیا ہے کہ جو شخص خودکشی کرے وہ تاقیامت اسی عذاب میں مبتلا رہے گا۔ پس جب انسان اپنے وجود کا مالک نہیں تو اعضا کو فروخت بھی نہیں کرسکتا' نہ ہبہ کرسکتا ہے' نہ اس کی وصیت کرسکتا ہے اور اگر ایسی وصیت کرجائے تو یہ وصیت غیر ملک میں ہونے کی وجہ سے باطل ہوگی۔

۴ :—— علاوہ ازیں احترام آدمیت کا بھی تقاضا ہے کہ اس کے اعضا کو "بکاؤ مال" اور استعمال کی چیز نہ بنایا جائے' پس اعضا ہبہ کی وصیت کرنا احترام آدمیت کے خلاف ہے۔

۵ :—— عام طور سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ مرنے کے بعد آدمی بے حس ہوتا ہے' یہ خیال بھی صحیح نہیں' وہ صرف ہمارے جہان اور ہمارے مشاہدہ کے اعتبار سے بے حس نظر آتا ہے ورنہ دوسری زندگی کے اعتبار سے اس میں احساس موجود ہے۔ اس بنا پر مردہ کے جسم کی چیرپھاڑ جائز نہیں کہ اس سے مردہ کو بھی ایسی ہی تکلیف ہوتی ہے جیسی زندہ آدمی کو تکلیف ہوتی ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے یعنی "میت کی ہڈی توڑنا ایسا ہی ہے جیسے زندہ کی ہڈی توڑنا"۔

(مشکوۃ باب دفن المیت فصل دوم کی آخری حدیث نمبر۱۷۱۴)

۶ :—— لوگ اپنی زندگی میں نہ آنکھوں کا عطیہ دیتے ہیں' نہ گردوں کا کیونکہ جانتے ہیں کہ اس زندگی میں اس کو خود ان اعضا کی ضرورت ہے لیکن

مرنے کے بعد کے لئے بڑی فیاضی سے وصیت کرجاتے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ اس زندگی کو تو زندگی سمجھتے ہیں لیکن مرنے کے بعد کی زندگی پر ایمان نہیں رکھتے' یوں سمجھتے ہیں کہ مرنے کے بعد اعضا گل سڑجائیں گے' خاک میں مل جائیں گے اور ان اعضا کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ یہی عقیدہ کفار مکہ کا تھا اور یہی عقیدہ عام کافروں کا ہے۔ جو مسلمان ایسی وصیت کرتے ہیں وہ بھی انہی کافروں کے عقیدے کے مطابق مرنے کے بعد کی زندگی پر ایمان نہیں رکھتے۔

الغرض اعضائے انسانی کی پیوند کاری جائز نہیں' اور ان اعضا کے ہبہ کی وصیت باطل ہے۔

## کیانو سال کی عمر میں کوئی لڑکی بالغ ہوسکتی ہے؟

**سوال** : ------عورت کے بالغ ہونے کی کم از کم کتنی مدت ہے؟ بعض لوگ حضرت عائشہؓ کی نو سال کی رخصتی پر اعتراض کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟ مدلل و مفصل جواب دیں۔

**جواب** : ------یہ صرف ملحدین اور منکرین حدیث کی اڑائی ہوئی بات ہے ورنہ لڑکی نو سال کی بالغ ہوسکتی ہے' اس سلسلہ میں روزنامہ جنگ کی خبر ملاحظہ ہو کہ :

> "برازیل میں ایک ۹ر سالہ لڑکی گزشتہ ماہ ایک بچی کو جنم دے کر دنیا کی کمسن ترین ماں بن گئی۔ اخبار ڈیلی مرر نے بدھ کو اس کی اطلاع دیتے ہوئے بتایا کہ ماریا ایلانی جینرز نے ۲۵ر مارچ کو شمالی برازیل کے قصبہ ژاکوئی میں آپریشن کے ذریعے بچی کو جنم دیا' نوزائیدہ بچی کے باپ کی

عمر ۱۶ر برس بتائی جاتی ہے۔ ماریا ایلاینی کی خود کی ماں اسے
جنم دینے کے بعد مرگئی تھی جس کے بعد سے ایک ۶۲ سالہ
بے زمین کاشتکار نے اس کی کفالت کی مرر نے کمسن ماں اور
اس کی نوزائیدہ بچی کی تصویر بھی شائع کی ہے"۔

(روزنامہ جنگ کراچی ۱۰ر اپریل ۱۹۸۶، ص ۱۰)

۱۶ر اپریل کے اخبارات میں اس "کمسن ماں" اور اس کی نو مولود بچی کی تصویریں بھی شائع ہوئی ہیں۔ خیال ہے کہ برازیل کے اخبار "ڈیلی مرر" کے حوالے سے یہ عجیب وغریب خبر دنیا بھر کے اخبارات میں شائع ہوئی ہوگی۔ ماریا ایلائنی کا دنیا کی سب سے "کمسن ماں" بن جانا بلاشبہ ایک اعجوبہ ہے، لیکن یہ واقعہ خواہ کتنا ہی عجیب وغریب ہو چونکہ وجود اور مشاہدہ میں آچکا ہے اس لیے کوئی عاقل یہ کہہ کر اس کا انکار نہیں کرسکتا کہ یہ کیونکر ہوسکتا ہے؟۔

صحیح بخاری شریف اور حدیث وسیر اور تاریخ کی تمام کتابوں میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شادی اور رخصتی کا واقعہ خود ام المومنین ہی کی زبانی یوں منقول ہے :

" ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم تزوجھا
وھی بنت ست سنین۔ وادخلت علیہ وھی
بنت تسع۔ ومکثت عندہ تسعًا۔ "

(صحیح بخاری ص ۷۷۱ ج ۲)

ترجمہ :" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے عقد کیا
جب وہ چھ سال کی تھیں، اور ان کی رخصتی ہوئی جب کہ

وہ نو سال کی تھیں، اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نو سال رہیں"۔

فقہائے امت نے اس حدیث سے متعدد مسائل اخذ کئے ہیں، مثلاً ایک یہ کہ والد اپنی نابالغ اولاد لڑکی، لڑکے کا نکاح کرسکتا ہے، چنانچہ امام بخاریؒ نے اس پر باب باندھا ہے: "باب النکاح الرجل ولدہ الصغار" یعنی آدمی کا اپنی کمسن اولاد کا نکاح کردینا"۔

اس کے ذیل میں حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

"قال المهلب: اجمعوا انه يجوز للاب تزويج ابنته الصغيرة البكر ولو كانت لايطا مثلها، الا ان الطحاوى حكى عن ابن شبرمة منعه فيمن لاتوطا، وحكى ابن حزم عن ابن شبرمة مطلقًا ان الاب لايزوج بنته البكر الصغيرة حتى تبلغ، وتاذن، وزعم ان تزويج النبى صلى الله عليه وسلم وهى بنت ست سنين كان من خصائصه

(حاشیہ بخاری ص۱۷۷، فتح الباری ص۱۹۰، ج۹)

ترجمہ: "مہلبؒ فرماتے ہیں کہ اہل علم کا اس پر اجماع ہے کہ باپ کے لئے جائز ہے کہ اپنی چھوٹی کنواری بیٹی کا عقد کردے۔ اگرچہ وہ وظیفہ زوجیت کے لائق نہ ہو۔ البتہ امام طحاویؒ نے ابن شبرمہؒ سے نقل کیا ہے کہ جو لڑکی وظیفہ زوجیت ادا کرنے کے قابل نہیں، باپ اس کا نکاح نہیں کرسکتا، اور ابن حزمؒ نے ابن شبرمہؒ سے نقل کیا ہے کہ

باپ چھوٹی بچی کا نکاح نہیں کر سکتا' یہاں تک کہ وہ بالغ ہوجائے' اور اجازت دیدے' ابن شبرمہؒ کا خیال ہے کہ حضرت عائشہؓ کا چھ سال کی عمر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عقد کیا جانا آپؐ کی خصوصیت ہے"۔

گویا امت کے تمام فقہا و محدثین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس واقعہ کو تسلیم کرتے ہیں' اور اس پر احکام کی تفریع کرتے ہیں' چودہ صدیوں کے کسی عالم نے اس واقعہ کا انکار نہیں کیا' لیکن منکرین حدیث اور ملاحدہ اس واقعہ کا (جو حدیث' سیرت' تاریخ اور فقہ کی بے شمار کتابوں میں درج اور چودہ صدی کی پوری امت کا مسلمہ واقعہ ہے) انکار کرتے ہیں' اور انکار کی دلیل صرف یہ کہ نو سال کی بچی کی رخصتی کیسے ہوسکتی ہے؟ حالانکہ نو سال کی لڑکی بالغ ہوسکتی ہے۔ چنانچہ ہدایہ میں ہے :

" وادنی المدۃ لذالک فی حق الغلام اثنا عشرۃ سنۃ وفی حق الجاریۃ تسع سنین۔ "

(ص ۳۵۶ ج ۳)

ترجمہ :"بلوغ کی ادنیٰ مدت لڑکے کے حق میں بارہ سال اور لڑکی کے حق میں نو سال ہے"۔

بہرحال یہاں اس مسئلہ پر گفتگو مقصود نہیں' بلکہ کہنا یہ ہے کہ اگر کوئی عجیب واقعہ اخبارات میں چھپتا ہے تو ہمارے پڑھے لکھے روشن خیال حضرات کو نہ کوئی اشکال ہوتا ہے' اور نہ اس کے تسلیم کرنے میں کوئی جھجک محسوس ہوتی ہے' اور نہ کسی کو انکار کی جرات ہوتی ہے' اور اگر کوئی ایسے واقعہ کا انکار کردے تو ہمارا روشن خیال طبقہ اس کو احمق کہتا ہے۔

لیکن اسی نوعیت کا بلکہ اس سے بھی ہلکی نوعیت کا کوئی واقعہ حدیث کی کتابوں میں نظر آجاتا ہے تو اس کا فوراً انکار کردیا جاتا ہے' اس کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔ احادیث اور محدثین پر طعن و تشنیع کی بوچھاڑ کردی جاتی ہے' اور غریب ملا کو پیٹ بھر کر گالیاں دی جاتی ہیں' اور کبھی کبھی ازراہ ہمدردی کتب حدیث کی "اصلاح" کا اعلان کردیا جاتا ہے' اور ایک دہائی بڑھا کر چھ کو سولہ اور نو کو انیس بنانے کی کوشش کی جاتی ہے' اور اتنی تمیز سے بھی کام نہیں لیا جاتا کہ جس طرح اردو میں چھ کا املا سولہ کے ساتھ اور نو کا انیس کے ساتھ نہیں ہو سکتا' اسی طرح عربی میں یہ ناممکن ہے۔

سوال یہ ہے کہ اخبارات میں درج شدہ واقعات کو بلاچوں وچرا مان لینا' اور اسی نوعیت کے حدیث میں درج شدہ واقعات پر سو سو طرح کے شبہات ظاہر کرنا اس کا اصل منشا کیا ہے؟ اس کا منشا یہ ہے کہ ان لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت رسالت و نبوت پر ایمان نہیں اور ان کے دل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال واحوال اور افعال کی عظمت نہیں' اس لیے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے خارق عادت واقعات کا بڑی جرات ودلیری سے انکار کردیتے ہیں۔

## پہلی بیوی کو خودکشی سے بچانے کے لیے تین طلاق کا حکم

**سوال** : ------کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ :

زید کی دو بیویاں ہیں' پہلی کا نام زینب اور دوسری کا نام نرگس ہے۔ زید

کو زینب نے دھمکی دی کہ اگر وہ اپنی بیوی نرگس کو فوراً طلاق نہیں دے گا تو وہ خودکشی کرلے گی۔ زید اپنی دوسری بیوی نرگس کو ہرگز طلاق نہیں دینا چاہتا تھا لیکن زینب کی زبردستی کرنے اور اس کی جان جانے کے خطرے سے بچنے کیلئے اس نے نرگس کی غیر موجودگی میں زینب کے سامنے دو مرتبہ طلاق کہی۔ پھر اس کی مزید زبردستی کی وجہ سے تین مرتبہ' طلاق' طلاق' طلاق کہاجب کہ نرگس حاملہ بھی ہے' زینب نے تین چار روز بعد نرگس کو یہ بات بتائی (واضح رہے کہ زید سمجھتا تھا کہ اس طرح طلاق نہیں ہوتی) قرآن وسنت کی روشنی میں یہ بات بتائیں کہ طلاق ہوگئی یا نہیں' اس سلسلے میں بہت سے علمائے کرام سے فتاویٰ بھی حاصل کئے گئے ہیں جن میں مختلف باتیں کہی گئی ہیں' براہ کرم وضاحت فرمائیں کہ کون سا موقف درست ہے؟

**جواب** : ......اس استفتا کے ساتھ پندرہ فتاویٰ اس ناکارہ کے پاس بھیجے گئے ہیں' جن کا استفتا میں حوالہ دیا گیا ہے' ان فتاویٰ کی فہرست درج ذیل ہے :

۱۔ جناب مفتی عبد المنان۔ تصدیق مفتی عبدالرؤف صاحب' دارالعلوم کورنگی' کراچی۔

۲۔ جناب مفتی کمال الدین۔ تصدیق جناب مفتی اصغر علی' دارالعلوم کورنگی' کراچی

۳۔ جناب مفتی انعام الحق۔ تصدیق جناب مفتی عبد السلام' جامعۃ العلوم الاسلامیہ' بنوری ٹاؤن کراچی

۴۔ جناب مفتی فضل غنی۔ دارالعلوم جامعہ بنوریہ' سائٹ' کراچی۔

۵۔ جناب مفتی غلام رسول۔ تصدیق مفتی شریف احمد طاہر' جامعہ رشیدیہ ساہیوال (پنجاب)

۶۔ جناب مفتی محمد عبد اللہ۔ دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ پنجاب کالونی کراچی۔

۷۔ جناب مفتی محمد اسلم نعیمی۔ مجلس علمائے اہل سنت کراچی۔

۸۔ جناب مفتی محمد فاروق۔ تصدیق مفتی محمد اکمل' دار الافتا مدرسہ اشرفیہ' جیکب لائن' کراچی۔

۹۔ جناب مفتی محمد جان نعیمی۔ دار العلوم مجددیہ نعیمی' ملیر' کراچی۔

۱۰۔ جناب مفتی غلام دستگیر افغانی۔ جامعہ ضیاء العلوم' آگرہ تاج کالونی' کراچی۔

۱۱۔ مفتی لطافت الرحمٰن۔ جامعہ حنفیہ' سعود آباد' کراچی

۱۲۔ مفتی محمد عبد العلیم قادری۔ دار العلوم قادریہ سبحانیہ' فیصل کالونی' کراچی۔

۱۳۔ جناب مفتی محمد رفیق۔ دار العلوم' جامعہ اسلامیہ' گلزار حبیب' سولجر بازار' کراچی۔

۱۴۔ جناب مفتی شعیب بن یوسف' مدرسہ بحر العلوم سعودیہ' عامل اسٹریٹ کراچی۔

۱۵۔ جناب مفتی محمد ادریس سلفی۔ جماعت غربائے اہل حدیث' محمدی مسجد' برنس روڈ' کراچی۔

ان میں سے اول الذکر تیرہ فتوے اس پر متفق ہیں کہ نرگس پر تین طلاقیں واقع ہوچکی ہیں۔ اور وہ حرمت مغلظہ کے ساتھ اپنے شوہر پر حرام ہوچکی ہے۔ نہ رجوع کی گنجائش ہے اور نہ شرعی حلالہ کے بغیر دوبارہ نکاح کی گنجائش ہے۔

اس ناکارہ کے نزدیک یہ تیرہ فتوے صحیح ہیں کہ نرگس اپنے شوہر پر حرمت مغلظہ کے ساتھ حرام ہوگئی' اب ان دونوں کے میاں بیوی کی حیثیت سے رہنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔

اس مسئلہ کے دلائل درج ذیل ہیں :

۱۔ حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے :

"الطلاق مرتان فامساک بمعروف او تسریح باحسان..... الی قوله .....فان طلقها فلاتحل له من بعد حتی تنکح زوجا غیرہ"۔ الآیہ (البقرہ ۲۲۹'۲۳۰)

ترجمہ :"وہ طلاق دو مرتبہ (کی) ہے۔ پھر خواہ رکھ لینا قاعدے کے موافق' خواہ چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتھ' اور تمہارے لیے یہ بات حلال نہیں کہ (چھوڑنے کے وقت) کچھ بھی لو (گو) اس میں سے (سہی) جو تم نے ان کو (مہر میں) دیا تھا' مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کرسکیں گے سو اگر تم لوگوں کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابط خداوندی کو قائم نہ کرسکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہ ہوگا اس (مال کے لینے دینے) میں جس کو دے کر عورت اپنی جان چھڑالے' یہ خدائی ضابطے ہیں' سو تم ان سے باہر مت نکلنا' اور جو شخص خدائی ضابطوں سے بالکل باہر نکل جائے' سو ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں' پھر اگر کوئی (تیسری) طلاق دے دے عورت کو تو پھر وہ اس کے لیے حلال نہ رہے گی اس کے بعد یہاں تک کہ وہ اس کے سوا ایک اور خاوند

کے ساتھ (عدت کے بعد) نکاح کرلے پھر اگر یہ اس کو طلاق دے دے تو ان دونوں پر اس میں کچھ گناہ نہیں کہ بدستور پھر مل جاویں' بشرطیکہ دونوں غالب گمان رکھتے ہوں کہ (آئندہ) خداوندی ضابطوں کو قائم رکھیں گے اور یہ خداوندی ضابطے ہیں' حق تعالیٰ ان کو بیان فرماتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے جو دانش مند ہیں"۔

اس آیت شریفہ میں فرمایا گیا ہے کہ اگر کسی شخص نے دو مرتبہ کی طلاق کے بعد تیسری طلاق دے دی تو بیوی حرمت مغلظہ کے ساتھ حرام ہوجائے گی' اور تمام مفسرین اس پر متفق ہیں کہ یہ تیسری طلاق خواہ اسی مجلس میں دی گئی ہو' یا الگ طہر میں' دونوں کا ایک ہی حکم ہے' چنانچہ امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے "باب من اجاز الطلاق الثلاث" میں اس آیت کا حوالہ دے کر بتایا ہے کہ تین طلاقیں خواہ بیک وقت دی گئی ہوں تین ہی نافذ ہوجاتی ہیں۔

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۹۱)

۲ : ------امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے مندرجہ بالا باب کے ذیل میں عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ اور ان کی بیوی کے لعان کا واقعہ ذکر کیا ہے' جس کے آخر میں ہے کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے کہا :

"کذبت علیها یا رسول اللّٰه ان امسکتها؟ فطلقها ثلاثا قبل ان یامره رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم"۔

(صحیح بخاری' ج ۲ ص ۷۹۱)

ترجمہ :"یا رسول اللہ! اگر اس کے بعد میں اس کو رکھوں تو
میں نے اس پر جھوٹ باندھا' پس انہوں نے قبل اس کے
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسے حکم دیتے' اپنی بیوی
کو تین طلاقیں دے دیں"۔

امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے اس حدیث سے یہ ثابت کیا ہے کہ تین طلاقیں خواہ بیک وقت دی جائیں' واقع ہوجاتی ہیں' اور حافظ ابن حزم رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عویمر رضی اللہ عنہ نے تین طلاقیں دیں' اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر گرفت نہیں فرمائی' اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ تین طلاقیں بیک وقت دینا صحیح ہے۔

(المحلی ج۱۰ ص۱۷۰)

۳ : ------امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے اسی باب میں یہ حدیث ذکر کی ہے کہ رفاعہ قرظی رضی اللہ عنہ کی بیوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں اور کہا' یا رسول اللہ! رفاعہؓ نے مجھے طلاق دے دی' پس پکی طلاق دے دی۔

(صحیح بخاری ج۲ ص۷۹۱)

اس حدیث میں "پکی طلاق دے دی" (بت طلاقی) سے مراد تین طلاقیں ہیں' اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تفصیل دریافت نہیں فرمائی کہ یہ تین طلاقیں ایک ہی مجلس میں دی تھیں یا الگ الگ' امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے اس سے یہ ثابت کیا ہے کہ دونوں کا ایک ہی حکم

ہے۔ یعنی حرمت مغلظہ۔

۴۔ : ------- اسی باب میں امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت عائشہؓ کی حدیث نقل کی ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں' اس نے دوسرے شوہر سے (عدت کے بعد) نکاح کرلیا' اور دوسرے شوہر نے بھی اس کو طلاق دے دی' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ پہلے شوہر کے لیے حلال ہوگئی؟ فرمایا' نہیں! یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے صحبت بھی کرے' جیسا کہ پہلے سے کی تھی۔

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۹۱)

۵ : ------- صحیح مسلم میں فاطمہ بنت قیسؓ کا واقعہ مذکور ہے کہ ان کے شوہر نے ان کو تین طلاقیں دی تھیں' ان کے نفقہ و سکنٰی کا مسئلہ زیر بحث آیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لیے نفقہ و سکنٰی نہیں ہے۔

(صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۸۳)

حافظ ابن حزم رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ خبر متواتر ہے کہ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ اس کے شوہر نے اس کو تین طلاقیں دے دیں' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین طلاقوں پر اعتراض نہیں فرمایا اور نہ یہ فرمایا کہ یہ خلاف سنت ہے۔

(المحلی ج ۱۰ ص ۱۷۱)

۶ : ------- امام نسائیؒ نے حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ ایک شخص نے اپنی

بیوی کو اکٹھی تین طلاقیں دے دی ہیں' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک ہو کر کھڑے ہوئے' پھر فرمایا کہ کیا میرے موجود ہوتے ہوئے اللہ کی کتاب سے کھیلا جارہا ہے؟ (نسائی ج ۲ ص ۹۹)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر تین طلاقیں بیک وقت دی جائیں تو تین ہوتی ہیں' ورنہ اگر ایک ہی ہوتیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس پر غیض و غضب کا اظہار نہ فرماتے۔

۷ : ------ امام ابو داؤد نے متعدد طرق سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ رکانہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سہیمہ کو "البتہ" طلاق دے دی' اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا کہ میں نے ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا' فرمایا' حلفاً کہتے ہو کہ ایک کا ارادہ کیا تھا؟ عرض کیا' اللہ کی قسم! میں نے ایک ہی کا ارادہ کیا تھا' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بیوی اس کو واپس لوٹادی۔

(ابو داؤد ج ۱ ص ۳۰۰)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رکانہ رضی اللہ عنہ سے فرمانا کہ "حلفاً کہتے ہو کہ تم نے ایک ہی کا ارادہ کیا تھا؟" اس امر کی دلیل ہے کہ "البتہ" کے لفظ سے بھی اگر تین طلاق کا ارادہ کیا جائے تو تین ہی واقع ہوتی ہیں۔ چہ جائیکہ صریح الفاظ میں تین طلاقیں دی ہوں۔

قرآن و حدیث کے ان دلائل کی روشنی میں ائمہ اربعہ' امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ' امام مالک رحمتہ اللہ علیہ' امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ' امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ' امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ' اور تمام

محدثین اس پر متفق ہیں کہ تین طلاقیں خواہ ایک لفظ سے ہوں' یا ایک مجلس میں' تین ہی شمار کی جائیں گی۔

فتویٰ نمبر ۱۴ ایک اہل حدیث کے قلم سے ہے' جس میں یہ موقف اختیار کیا گیا ہے کہ تین طلاقیں جب ایک مجلس میں دی جائیں تو وہ ایک ہی طلاق شمار ہوتی ہے' لہٰذا نرگس پر ایک طلاق واقع ہوئی' عدت کے اندر شوہر اس سے رجوع کرسکتا ہے۔

اہل حدیث عالم کا یہ فتویٰ صریحاً غلط اور مذکورہ بالا آیت واحادیث کے علاوہ اجماع امت کے بھی خلاف ہے۔ کیونکہ تمام اکابر صحابہؓ اس پر متفق ہیں کہ ایک لفظ یا ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقیں تین ہی شمار ہوتی ہیں' اور بیوی حرمت مغلظہ کے ساتھ حرام ہوجاتی ہے' خلفائے راشدینؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کے چند فتاویٰ بطور نمونہ درج ذیل ہیں :

۱ :۔۔۔۔۔۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں کوئی ایسا شخص لایا جاتا جس نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دی ہوں' آپ اس کو سزا دیتے اور دونوں کے درمیان تفریق کرادیتے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۶ ص ۱۱۔ عبدالرزاق ج ۶ ص ۳۹۶)

۲ :۔۔۔۔۔۔ زید بن وہب رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ہزار طلاق دے دی۔ معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش ہوا تو اس شخص نے کہا کہ میں تو یونہی کھیل رہا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے سر پر درہ اٹھایا اور دونوں کے درمیان علیحدگی کرادی۔ (ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۳۔ عبدالرزاق ج ۶ ص ۳۹۳)

۳ : ـــــــ ایک شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہا، میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دیں، فرمایا، تین طلاقیں اس کو تجھ پر حرام کردیتی ہیں، اور ستانوے عدوان (ظلم وزیادتی اور حدود الٰہی سے تجاوز) ہے۔

(ابن ابی شیبہ ج۵ ص۱۳)

۴ : ـــــــ ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہا کہ اس نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دے دی ہیں، فرمایا، تین طلاقیں اس کو تجھ پر حرام کردیتی ہیں۔ باقیوں کو اپنی دوسری عورتوں پر تقسیم کردو۔

(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۳)

۵ : ـــــــ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص آیا اور کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو ۹۹ طلاقیں دی ہیں، فرمایا، پھر لوگوں نے تجھ سے کیا کہا؟ کہنے لگا کہ لوگوں نے یہ کہا کہ تیری بیوی تجھ پر حرام ہوگئی۔ فرمایا، لوگوں نے تیرے ساتھ شفقت ونرمی کرنا چاہی ہے۔ (کہ صرف بیوی کو حرام کہا) وہ تین طلاقوں کے ساتھ تجھ پر حرام ہوگئی، باقی طلاقیں ظلم وتعدی ہے۔

(ابن ابی شیبہ ج۵ ص۱۲، عبد الرزاق ج۶ ص۳۹۵)

۶ : ـــــــ ایک شخص حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی ہیں، فرمایا، تین طلاقوں نے اس کو حرام کردیا، باقی ۹۷ گناہ ہیں۔

(ابن ابی شیبہ ج۵ ص۱۲)

۷ : ـــــــ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس

نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، اس نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور اس کی بیوی اس پر حرام ہوگئی۔
(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۱)

۸ : ......ایک شخص حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہا کہ اس نے اپنی بیوی کو سو مرتبہ طلاق دی ہے، فرمایا، تین کے ساتھ تجھ پر حرام ہوگئی، اور ۹۷ کا اللہ تعالیٰ تجھ سے قیامت کے دن حساب لیں گے۔
(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۴)

۹ : ......ایک شخص نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میرے چچا نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں، فرمایا، تیرے چچا نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی، پس اللہ تعالیٰ نے اس کو ندامت میں ڈال دیا، اور اس کے نکلنے کی کوئی صورت نہیں رکھی۔
(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۱)

۱۰ :— ہارون بن عنترہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا، ایک شخص آیا اور کہا کہ حضور! میں نے ایک ہی مرتبہ اپنی بیوی کو سو طلاقیں دے ڈالیں، اب وہ تین طلاق کے ساتھ مجھ پر بائنہ ہوجائے گی یا ایک ہی طلاق ہوگی؟ فرمایا، تین کے ساتھ وہ تجھ پر بائنہ ہوگئی، اور ۹۷ کا گناہ تیری گردن پر رہا۔

(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۳)

۱۱ : ......ایک شخص نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار ایک سو طلاقیں دی ہیں، فرمایا : تین کے ساتھ تجھ پر بائنہ ہوگئی، باقی ماندہ کا گناہ تجھ پر بوجھ ہے کہ تو نے اللہ

تعالیٰ کی آیات کو ہنسی مذاق بنایا۔ (ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۳)

۱۲ : ـــــ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے عرض کیا گیا کہ ایک شخص نے ایک ہی مجلس میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں' فرمایا: اس نے اپنے رب کا گناہ کیا' اور اس کی بیوی اس پر حرام ہو گئی۔

(ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۰)

۱۳ : ـــــ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دے دیں' فرمایا' تین نے بیوی کو اس پر حرام کردیا' باقی ماندہ زائد رہیں۔ (ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۱۳)

۱۴ : ـــــ محمد بن ایاس بن بکیر کہتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو رخصتی سے قبل تین طلاقیں دے دیں' پھر اس نے اس سے دوبارہ نکاح کرنا چاہا' وہ مسئلہ پوچھنے کے لئے آیا' میں بھی اس کے لیے مسئلہ پوچھنے کی خاطر اس کے ساتھ گیا' اس نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مسئلہ پوچھا' دونوں نے جواب دیا کہ ہمارے نزدیک وہ اس سے نکاح نہیں کرسکتا' یہاں تک کہ وہ دوسری شادی نہ کرے' اس نے کہا کہ میرا اسے طلاق دینا تو ایک ہی بار تھا' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تیرے لیے جو کچھ بچ رہا تھا وہ تو نے ہاتھ سے چھوڑ دیا۔ (موطا امام مالک ص ۵۲۱)

دوسری روایت میں ہے کہ معاویہ ابن ابی عیاش انصاری کہتے ہیں کہ وہ عبد اللہ بن زبیر اور عاصم بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے تھے' اتنے میں محمد بن ایاس بن بکیر آئے اور کہا کہ ایک بدوی نے اپنی بیوی کو

رخصتی سے پہلے تین طلاقیں دے دیں' اس مسئلہ میں آپ حضرات کی کیا رائے ہے؟ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس بارے میں ہم کچھ نہیں کہہ سکتے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ۔ میں ان دونوں کو حضرت عائشہؓ کے پاس بیٹھے چھوڑ کر آیا ہوں۔ ان سے پوچھو اور واپس آکر ہمیں بھی بتاؤ۔ چنانچہ وہ ان دونوں کی خدمت میں گئے اور ان سے مسئلہ پوچھا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا' ابو ہریرہ! ان کو فتویٰ دیجئے' کیونکہ آپ کے سامنے پیچیدہ مسئلہ آیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' ایک طلاق اس کو بائنہ کردیتی ہے' اور تین طلاقیں اس کو حرام کردیتی ہیں' یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی یہی فتویٰ دیا۔

(موطا امام مالک ص۵۲۱۔ سنن کبریٰ بیہقی ج ۷ ص ۳۳۵۔ شرح معانی طحاوی ج ۲ ص ۳۷)

۱۵ : ---------عطاء بن یسار کہتے ہیں کہ ایک شخص عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی خدمت میں فتویٰ لینے آیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو رخصتی سے قبل تین طلاقیں دے دیں۔ عطاء کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ جس عورت کی رِخصتی نہ ہوئی ہو اس کی طلاق تو ایک ہوتی ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ تو تو محض قصہ گو ہے۔ (مفتی نہیں) ایک طلاق اس کو بائنہ کردیتی ہے۔ اور تین طلاقیں اس کو حرام کردیتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے۔ (حوالہ بالا)

۱۶ : ---------حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مطلقہ ثلاثہ شوہر کے

لیے حلال نہیں رہی، یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے۔

(طحاوی شریف ج ۲ ص ۳۸)

۱۷ : ---------سوید بن غفلہ کہتے ہیں کہ عائشہ خثیعمہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے نکاح میں تھیں، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ شہید ہوئے (اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ ان کی جگہ خلیفہ ہوئے) تو اس خاتون نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو خلافت کی مبارک باد دی۔ حضرت حسن نے فرمایا، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قتل پر خوشی کا اظہار کرتی ہے؟ جا تجھے تین طلاق۔ اس نے فوراً اپنے کپڑوں سے اپنے بدن کو لپیٹ لیا۔ اور عدت میں بیٹھ گئیں۔ عدت پوری ہوئی تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اس کا بقیہ مہر اس کو بھیج دیا۔ اور دس ہزار درہم بطور عطیہ کے دیئے، یہ عطیہ جب اس خاتون کو موصول ہوا تو کہا "متاع قلیل من حبیب مفارق" (جدائی اختیار کرنے والے محبوب کی جانب سے تھوڑا سا سامان آیا ہے) حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو یہ خبر پہنچی تو رو پڑے، پھر فرمایا کہ اگر میں نے اپنے نانا صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث نہ سنی ہوتی (یا یہ فرمایا کہ اگر میرے والد ماجد رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ حدیث نہ بیان فرمائی ہوتی جو انہوں نے میرے نانا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی) کہ "جس شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں تین طہروں میں دے دیں، یا تین مبہم دے دیں تو وہ اس کے لیے حلال نہیں یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے" تو میں اس خاتون سے رجوع کرلیتا۔ (سنن کبریٰ ج ۷ ص ۳۳۶)

یہ صحابہ کرامؓ کے چند فتاویٰ ہیں۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ان میں

تین خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں' اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جیسے جلیل القدر صحابہؓ بھی شامل ہیں' جو اپنے دور میں مرجع فتویٰ تھے۔ اور اس کے خلاف کسی صحابیؓ سے ایک حرف بھی منقول نہیں' اس لیے یہ مسئلہ صحابہ کرامؓ کا اجماعی مسئلہ ہے۔ کہ تین طلاقیں بہ لفظ واحد تین ہی شمار ہوتی ہیں۔ چنانچہ چاروں مذاہب کے ائمہ' امام ابو حنیفہ' امام مالک' امام شافعی' اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ بھی صحابہ کرامؓ کے اس اجماعی فتویٰ پر متفق ہیں۔ یہی فتویٰ امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ کا ہے' جیسا کہ صحیح بخاری (ج ۲ ص ۷۹۱) میں ذکر فرمایا ہے' اور یہی فتویٰ حافظ ابن حزم رحمتہ اللہ علیہ ظاہری کا ہے جیسا کہ انہوں نے (المحلی ج ۱۰ ص ۱۷۰) میں ذکر کیا ہے۔

الغرض "تین طلاق کا تین ہونا" ایک ایسی قطعی ویقینی حقیقت ہے جس پر تمام صحابہ کرامؓ بغیر کسی اختلاف کے متفق ہیں۔ اکابر تابعینؒ متفق ہیں' چاروں فقہی مذاہب متفق ہیں' لہٰذا جو شخص اس مسئلہ میں صحابہ کرامؓ کے راستہ سے منحرف ہے وہ روافض کے نقش قدم پر ہے اور حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے :

"ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين
له الهدى ويتبع غير سبيل المومنين نوله ما
تولى ونصله جهنم وساء ت مصيرا۔ "

(النساء:۱۱۵)

ترجمہ :"اور جو کوئی مخالفت کرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم کی' جب کہ کھل چکی اس پر سیدھی راہ' اور چلے سب
مسلمانوں کے رستہ کے خلاف تو ہم حوالے کردیں گے اس
کو وہی طرف جو اس نے اختیار کی اور ڈالیں گے ہم اس کو
دوزخ میں اور وہ بہت بری جگہ پہنچا"۔

اہل حدیث مفتی نے اپنے فتوے میں (جو اجماع صحابہؓ اور ائمہ اربعہؒ کے اجماع کے خلاف ہے) جن دو احادیث سے استدلال کیا ہے ان پر کامل و مکمل بحث میری کتاب "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کی پانچویں جلد (صفحہ ۳۱۲ سے ۳۲۲ تک) میں آچکی ہے' جس کا جی چاہے وہاں دیکھ لے' اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ پہلی حدیث جو رکانہ کی طلاق کے بارے میں مسند احمد سے نقل کی ہے' یہ اہل علم کے نزدیک مضطرب' ضعیف اور منکر ہے' اس کے راوی محمد بن اسحاق کے بارے میں شدید جرحیں کتب الرجال میں منقول ہیں' اور محدثین کا اس کی روایت کے قبول کرنے نہ کرنے میں اختلاف ہے' بعض اکابر اس کو دجال وکذاب کہتے ہیں' بعض اس کی مطلقاً توثیق کرتے ہیں' اور بعض نے یہ معتدل رائے قائم کی ہے کہ کسی حلال وحرام کے مسئلہ میں ابن اسحاق متفرد ہو تو حجت نہیں' اسی طرح اس کا استاد داؤد بن حصین بھی خارجی تھا اور عکرمہ سے منکر روایت نقل کرنے میں بدنام ہے' اور عکرمہ بھی مجروح ہے' اور اس پر بہت سے اکابر نے جھوٹ بولنے کی تہمت لگائی ہے۔

ایک ایسی روایت جو مسلسل مجروح در مجروح در مجروح راویوں سے منقول ہو اس کو اجماع صحابہؓ اور اجماع امت کے مقابلہ میں پیش کرنا انصاف کے منافی ہے۔ اور اگر اس روایت کو صحیح مان بھی لیا جائے تو یہ کہا

جاسکتا ہے کہ رکانہؓ نے اپنی بیوی کو "البتہ" طلاق دی تھی' جیسا کہ ابو داؤد کے حوالے سے اوپر گزر چکا ہے۔ چونکہ "البتہ" کا لفظ تین طلاق کے لیے بہ کثرت استعمال ہوتا ہے اسی لیے راوی نے "البتہ" کے معنی تین سمجھ کر مفہوم نقل کردیا' بہرحال صحیح روایت وہ ہے جو امام ابو داؤد نے متعدد طرق سے نقل کی ہے۔

اسی طرح دوسری حدیث جو صحیح مسلم سے نقل کی ہے اس پر بھی اہل علم نے طویل کلام کیا ہے اور اس کے بہت سے جوابات ذکر کیے ہیں' سب سے بہتر جواب یہ ہے کہ ایک شخص تین طلاق الگ الگ لفظوں میں دیتا' یعنی انت طالق' انت طالق' انت طالق اور پھر کہتا کہ میں نے صرف ایک طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا' اور دوسری اور تیسری مرتبہ کا لفظ محض تاکید کے لیے تھا تو ابتدائے اسلام میں اس کے قول کو معتبر سمجھا جاتا تھا' اور ایک طلاق کا حکم کہا جاتا تھا لیکن بعد میں اس کو منسوخ کردیا گیا' اور یہ قرار دیا گیا کہ تین طلاق کے بعد اس کی نیت کا اعتبار نہیں ہوگا' چنانچہ امام ابو داؤد نے حضرت ابن عباسؓ ہی کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ انہوں نے آیت شریفہ: "والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلاثۃ قروء" کی تلاوت کرکے فرمایا:

> "وذالک ان الرجل کان اذا طلق امراتہ فھو احق برجعتھا وان طلقھا ثلاثا فنسخ ذالک فقال الطلاق مرتان"۔ (ابو داؤد ج ۱ ص ۲۹۷)
>
> ترجمہ: "اور یہ یوں تھا کہ آدمی جب اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا تو وہ اس سے رجوع کرسکتا تھا' خواہ تین طلاقیں

دی ہوں' پس اس کو منسوخ کر دیا گیا' چنانچہ اللہ تعالیٰ نے
فرمایا کہ "وہ طلاق (جس کے بعد رجوع ہو سکتا ہے' صرف)
دو مرتبہ کی ہے"۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ روایت اگر صحیح ہے تو منسوخ ہے' جیسا کہ امام طحاویؒ نے "باب الرجل یطلق امراتہ ثلاثا معا" میں اس کی تصریح فرمائی ہے۔

(طحاوی ج۲ ص۳۶)

نیز امام ابو داؤد نے حضرت ابن عباسؓ کی زیر بحث حدیث کو "باب بقیۃ نسخ المراجعۃ بعد التطلیقات الثلاث" کے ذیل میں نقل کر کے بتایا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔ (ابو داؤد ج۱ ص۲۹۹)

ان امور سے قطع نظر اہل حدیث کے مفتی صاحب کی توجہ چند امور کی طرف دلانا چاہتا ہوں :

**اول** : ........ان دونوں روایتوں کی نسبت حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کی طرف کی گئی ہے' جب کہ متواتر روایات سے ثابت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ تین طلاق کے تین ہونے کا فتویٰ دیتے تھے۔ اگر ان کی ذکر کردہ یہ دونوں روایتیں' جن کا حوالہ مفتی صاحب نے دیا ہے' صحیح بھی ہوں اور اپنے ظاہر پر محمول ہوں اور منسوخ بھی نہ ہوں' اور حضرت ابن عباسؓ انہی کے مطابق عقیدہ رکھتے ہوں۔ تو کیا یہ ممکن ہے کہ اس کے باوجود وہ اپنی روایت کردہ احادیث کے خلاف فتوے صادر کریں؟ ظاہر ہے کہ کسی صحابیؓ کے بارے میں یہ تصور نہیں کیا جا سکتا' لامحالہ ان روایات کو منسوخ کہا جائے گا۔

دوم : ------- فاضل مفتی صاحب نے لکھا ہے کہ :

> "نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ابتدائی دو سالہ دور خلافت میں، ایک مجلس کی تین طلاقیں ایک ہی شمار کی جاتی تھیں' عمر رضی اللہ عنہ نے مصلحتاً ایک مجلس کی تین طلاقوں کو تین ہی شمار کرنے کا حکم دے دیا تاکہ لوگ اس فعل سے رک جائیں۔"

حضرات خلفائے راشدینؓ کے بارے میں اہل سنت اور روافض کے نقطہ نظر کا اختلاف سب کو معلوم ہے' اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ حضراتؓ قرآن و سنت کے فیصلوں سے سرمو انحراف نہیں کرتے تھے' اور کوئی بڑی سے بڑی مصلحت بھی ان کو خلاف شرع فیصلے پر آمادہ نہیں کر سکتی تھی' اس لیے کہ خلیفہ راشد وہی کہلاتا ہے جو ٹھیک ٹھیک منہاج نبوت پر قائم ہو' اس سے سرمو تجاوز نہ کرے۔ ان حضرات کے جو واقعات یا فیصلے ایسے نظر آتے ہیں جن میں اس کے خلاف شبہ ہوتا ہے ان میں اہل سنت ان حضرات کے فیصلوں کو حق مانتے ہیں۔ اس کے برعکس روافض ان کے فیصلوں کو غلط' قرآن و سنت کے خلاف اور وقتی مصلحتوں کا نتیجہ سمجھتے ہیں' اس لیے وہ ان اکابرؓ کو خلیفہ راشد نہیں بلکہ نعوذ باللہ خلیفہ جائر سمجھتے ہیں' چنانچہ طلاق ثلاثہ اور متعہ کے مسئلوں میں حضرت عمرؓ کے موقف کو غلط سمجھتے ہیں۔ تعجب ہے کہ اہل حدیث بھی طلاق کے مسئلہ میں اصولی طور پر اہل تشیع کے ہم نوا ہیں' حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں :

"وفی الجملة فالذی وقع فی هذه

المسالة نظير ما وقع فی مسالة المتعة سواء اعنی قول جابرؓ انها کانت تفعل فی عهد النبی صلی اللّٰه علیه وسلم وابی بکر وصدرا من خلافة عمر' قال ثم نهانا عمر عنها فانتهینا؟ فالراجع فی الموضعین تحریم المتعة ایقاع الثلاث للاجماع الذی انعقد فی عهد عمرؓ علی ذلک' ولایحفظ ان احدا فی عهد عمر خالفه فی واحدة منهما؟ وقد دل اجماعهم علی وجود ناسخ' وان کان خفی عن بعضهم قبل ذالک حتی ظهر لجمیعهم فی عهد عمر' فالمخالف بعد هذا الاجماع منابذله والجمهور علی عدم اعتبار من احدث الاختلاف بعد الاتفاق"۔

(فتح الباری ج۹ ص۳۶۵)

ترجمہ :"خلاصہ یہ ہے کہ اس تین طلاق کے مسئلہ میں جو واقعہ پیش آیا وہ ٹھیک اس واقعہ کی نظیر ہے جو متعہ کے مسئلے میں پیش آیا' میری مراد حضرت جابرؓ کا قول ہے کہ :

" متعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں' حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی دور میں کیا جاتا تھا' پھر حضرت عمرؓ نے ہمیں منع کردیا تو ہم باز آگئے"۔

پس دونوں جگہوں میں راجح یہ ہے کہ متعہ حرام ہے' اور تین طلاقیں تین ہی واقع ہوتی ہیں' کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اس پر اجماع ہوگیا' اور کسی ایک صحابیؓ سے بھی منقول نہیں کہ ان دونوں مسئلوں میں کسی ایک میں بھی اس نے حضرت عمرؓ کی مخالفت کی ہو اور حضرات صحابہ کرامؓ کا اجماع اس امر کی دلیل ہے کہ ان دونوں مسئلوں میں ناسخ موجود تھا' مگر بعض حضرات کو اس سے قبل ناسخ کا علم نہیں ہوسکا' یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں سب کے لیے ظاہر ہوگیا۔

پس جو شخص اس اجماع کا مخالف ہو وہ اجماع صحابہؓ کو پس پشت ڈالتا ہے۔ اور جمہور اس پر ہیں کہ کسی مسئلہ پر اتفاق ہوجانے کے بعد جو شخص اختلاف پیدا کرے وہ لائق اعتبار نہیں"۔

الغرض اس مسئلہ میں اہل حدیث حضرات کا حضرت عمرؓ کے اجماعی فیصلے سے اختلاف کرنا شیعہ عقیدے کی ترجمانی ہے اور عقیدہ اہل سنت کے خلاف ہے' اور حضرت عمرؓ کا فیصلہ متعہ کے بارے میں صحیح ہے تو یقیناً تین طلاق بہ لفظ واحد کے بارے میں بھی برحق ہے' اور پوری امت پر اس فاروقی فیصلے کی' جس کی تمام صحابہ کرامؓ نے موافقت فرمائی' پابندی لازم ہوجاتی ہے اور ابن عباسؓ کی روایت میں جو کہا گیا ہے کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں تین کو ایک ہی شمار کیا جاتا تھا" اس کے معنی یہ لیے جائیں گے کہ نسخ کے باوجود بعض

لوگوں کو علم نہیں ہوا ہوگا' اور وہ یہ سمجھتے ہوں گے کہ تین طلاق بہ لفظ واحد کو ایک ہی شمار کیا جاتا ہے جب کہ طلاق دینے والے کی نیت تین کی نہ ہو' بلکہ ایک طلاق کی ہو' حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی اس غلط فہمی کو دور کردیا' اور وضاحت کردی کہ یہ حکم منسوخ ہے' لہٰذا آج کے بعد کوئی اس غلط فہمی میں نہ رہے اور تمام صحابہ کرامؓ نے اس سے موافقت فرمائی۔

اور اگر نعوذ باللہ طلاق ثلاثہ کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کسی مصلحت کی بنا پر غلط فیصلہ کیا تھا' اور صحابہؓ نے بھی بالاجماع اس سے موافقت کرلی تھی۔ اور آج اہل حدیث حضرات فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی غلطی کی اصلاح کرنے جارہے ہیں تو یوں کہو کہ شیعہ سچ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے متعہ شریف پر پابندی لگاکر ایک حلال اور پاکیزہ چیز کو حرام قرار دے دیا' اور صحابہؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے غلط فیصلے کی ہم نوائی کرلی۔ نعوذ باللہ' استغفر اللہ۔

واضح رہے کہ ان مسئلوں کا حرام و حلال سے تعلق ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ ہے کہ متعہ حرام ہے' اور جس عورت سے متعہ کیا جائے اس سے جنسی تعلق حرام ہے' اسی طرح جس عورت کو تین طلاق دی گئی ہوں وہ حرمت مغلظہ کے ساتھ حرام ہوگئی۔ اب اس سے بیوی کا سا تعلق قائم کرنا حرام ہے۔ اہل تشیع حضرات فاروق اعظمؓ کے فیصلہ سے اختلاف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جس عورت سے متعہ کیا گیا ہو اس سے جنسی تعلق حرام نہیں بلکہ اتباع سنت کی وجہ سے موجب ثواب ہے۔ ادھر اہل حدیث حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہوئے کہتے

ہیں کہ مطلقہ ثلاثہ حرام نہیں' بلکہ اتباع سنت کے لیے اسے بیوی بنا کر رکھنا موجب ثواب ہے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

سوم : ------اہل حدیث عموماً یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے فیصلہ سے رجوع کرلیا تھا' اس فتویٰ میں بھی جناب مفتی صاحب نے یہی بات دہرائی ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ "چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس فیصلے سے رجوع کرلیا"۔

اہل حدیث حضرات نے حضرت عمرؓ پر پہلے تو یہ الزام لگایا کہ انہوں نے کسی وقتی مصلحت کے لیے اس سنت کو تبدیل کردیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے ان کے دور خلافت تک مسلسل چلی آرہی تھی' اور پھر اس الزام کو مزید پختہ کرنے کے لیے ان پر یہ تہمت جڑ دی کہ انہوں نے اپنی غلطی کو خود بھی تسلیم کرلیا تھا۔ چنانچہ اس غلطی سے رجوع کرلیا تھا' مفتی صاحب نے یہاں دو کتابوں کا حوالہ دیا ہے۔ ایک صحیح مسلم ص۴۷۷ (جلد کا نمبر نہیں دیا) حالانکہ صحیح مسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے رجوع کا کوئی ذکر نہیں۔ دوسرا حوالہ حافظ ابن قیم کی کتاب "اغاثۃ اللهفان" کا ہے۔ جس کا نہ صفحہ ذکر کیا ہے اور نہ جلد نمبر۔ حالانکہ اغاثۃ اللهفان میں بھی یہ کہیں ذکر نہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس فیصلے سے رجوع کرلیا تھا۔ مناسب ہوگا کہ یہاں حافظ ابن قیمؒ کی کتاب "اغاثۃ اللهفان" کا صحیح حوالہ نقل کرکے اہل حدیث کی اس تہمت سے حصرت عمر رضی اللہ عنہ کی برات کی جائے۔

واضح رہے کہ ۱۳۹۱ھ میں سعودی حکومت نے ایک شاہی فرمان کے ذریعہ "طلاق ثلاثہ بلفظ واحد" کے مسئلہ پر غور کرنے کے لیے سعودیہ کے

چوٹی کے علما کی ایک ۱۷ رکنی مجلس تحقیقات تشکیل دی، جس نے طرفین کے دلائل کا جائزہ لے کر اپنا فیصلہ "حکم الطلاق الثلاث بلفظ واحد" کے نام سے مرتب کیا۔ اور اسے "ادارۃ البحوث العلمیۃ والافتاء والدعوۃ والارشاد" کے ترجمان "مجلہ البحوث الاسلامیہ ریاض" نے (المجلد الاول العدد الثالث ۱۳۹۷ھ میں) شائع کیا۔ میں "اغاثۃ اللھفان" کا حوالہ اسی مجلہ سے نقل کر رہا ہوں۔

حافظ ابن قیمؒ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلہ پر گفتگو کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"فلما رای امیر المومنین ان اللہ سبحانہ عاقب المطلق ثلاثا بان حال بینہ وبین زوجتہ وحرمھا علیہ حتی تنکح زوجا غیرہ علم ان ذالک لکراھۃ الطلاق المحرم وبغضہ لہ فوافقہ امیر المومنین فی عقوبتہ لمن طلق ثلاثا جمیعا بان الزمہ بھا وامضاھا علیہ"۔

(حکم الطلاق الثلاث ص ۱۷)

ترجمہ :"پس جب امیر المومنین (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) نے دیکھا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تین طلاق دینے والے کو یہ سزا دی ہے کہ تین طلاق کے بعد اس نے طلاق دینے والے کے درمیان اور اس کی مطلقہ بیوی کے درمیان آڑ واقع کردی اور بیوی کو اس پر حرام کردیا یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے، تو امیر المومنین نے جان لیا

کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ اس وجہ سے ہے کہ وہ حرام طلاق کو ناپسند فرماتا ہے اور اس سے بغض رکھتا ہے۔ لہٰذا امیر المومنین نے اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ اس سزا میں اللہ تعالیٰ کی موافقت فرمائی اس شخص کے حق میں جو تین طلاقیں بیک وقت دے ڈالے۔ اس موافقت کی بنا پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے شخص پر تین طلاقیں لازم کردیں اور ان کو اس پر نافذ کردیا"۔

آگے بڑھنے سے پہلے حافظ ابن قیمؒ کی مندرجہ بالا عبارت پر اچھی طرح غور کرلیا جائے کہ حافظ ابن قیمؒ کے بقول حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین طلاق بہ لفظ واحد کو نافذ اور لازم قرار دینے کے فیصلے میں منشا خداوندی کی موافقت فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے تین طلاق دینے والے کے لیے جو سزا اپنی کتاب محکم میں تجویز فرمائی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیک وقت تین طلاق دینے والے پر یہ قرآنی سزا نافذ کرکے منشائے الٰہی کی تکمیل فرمادی۔ خلاصہ یہ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ کہ تین طلاق بہ لفظ واحد تین ہیں، منشائے الٰہی کی تعمیل تھی۔

سبحان اللہ! کیسی عمدہ بات فرمائی ہے۔ ائمہ اربعہ اور پوری امت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلے کو برحق سمجھتے ہوئے ان کی موافقت ورفاقت میں منشائے الٰہی کی تکمیل کو اپنا دین وایمان سمجھتی ہے، جب کہ اہل حدیث حضرات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے منشائے الٰہی کی مخالفت اور اہل تشیع کے منشا کی موافقت کررہے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد برحق ہے :

"ان اللّٰہ جعل الحق علی لسان عمر
وقلبه"۔ (مشکوۃ ص ۵۵۷)

ترجمہ :"یعنی اللہ تعالیٰ نے حق عمرؓ کی زبان اور قلب پر رکھ دیا ہے"۔

جس شخصیت کو رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے ناطق بالحق قرار دیا' اس کا فیصلہ خلاف حق ہو ہی نہیں سکتا' بلکہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منشا کے عین مطابق ہوگا اور اس کی مخالفت' حق کی مخالفت اور خدا اور رسول کے منشا کے خلاف ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نقطہ نظر کی مندرجہ بالا وضاحت کرنے کے بعد حافظ ابن قیمؒ یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ :

"فان قیل فکان اسهل من ذالک ان یمنع الناس من ایقاع الثلاث ویحرمه علیهم ویعاقب بالضرب والتادیب من فعله لئلا یقع المحذور الذی یترتب علیه؟ قیل لعمر اللّٰہ! قد کان یمکنه من ذالک ولذالک ندم علیه فی آخر ایامه وودانه کان فعله قال الحافظ الاسماعیلی فی مسند عمرؓ اخبرنا ابو یعلی حدثنا صالح بن مالک حدثنا خالد بن یزید بن ابی مالک عن ابیه قال قال عمر رضی اللّٰہ عنه ماندمت علی شئی ندامتی علی ثلاثة ان لا

" آکون حرمت الطلاق' علی ان لا آکون انکحت الموالی وعلی ان لا آکون قتلت النوائح۔ "

(حوالہ بالا)

ترجمہ :" اگر کہا جائے کہ اس سے آسان تو یہ تھا کہ آپؓ لوگوں کو تین طلاق دینے کی ممانعت کردیتے اور اس کو حرام اور ممنوع قرار دے دیتے اور اس پر ضرب وتعزیر جاری کرتے تاکہ وہ محذور جو اس تین طلاق پر مرتب ہوتا ہے' وہ واقع ہی نہیں ہوتا"۔

یہ سوال اٹھانے کے بعد حافظ ابن قیمؒ خود ہی اس کا جواب دیتے ہیں۔

ترجمہ :"جواب یہ ہے کہ جی ہاں! بخدا ان کے لیے یہ ممکن تھا اور یہی وجہ ہے کہ وہ آخری زمانے میں اس پر نادم ہوئے' اور انہوں نے یہ چاہا کہ انہوں نے یہ کام کرلیا ہوتا۔

حافظ ابو بکر الاسماعیلی "مسند عمرؓ" میں فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ابو یعلٰی نے' کہا ہم سے بیان کیا صالح بن مالک نے' کہا ہم سے بیان کیا خالد بن یزید بن ابی مالک نے اپنے والد سے' کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے جتنی ندامت تین چیزوں پر ہوئی' اتنی کسی چیز پر نہیں ہوئی۔ ایک یہ کہ میں نے طلاق کو حرام کیوں نہ کردیا؟ دوم یہ کہ میں نے غلاموں کا نکاح کیوں نہ کرادیا۔ سوم یہ کہ میں

نے نوحہ کرنے والی عورتوں کو قتل کیوں نہ کردیا؟"۔

لیجئے یہ ہے وہ روایت جس کے سہارے ہمارے اہل حدیث حضرات ابن قیمؒ کی تقلید میں یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ "حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اس فیصلہ سے رجوع کرلیا تھا کہ تین طلاق تین ہی واقع ہوتی ہے، خواہ ایک ہی مجلس میں دی جائیں یا ایک لفظ سے"۔ اہل حدیث کی بے انصافی وسینہ زوری دیکھنے کے لئے اس روایت کی سند اور متن پر غور کرلینا ضروری ہے۔

اس کی سند میں خالد بن یزید بن ابی مالک اپنے والد سے اس قصہ کو نقل کرتا ہے۔ اس خالد کے بارے میں امام الجرح والتعدیل یحییٰ بن معین فرماتے ہیں :

"لم یرض ان یکذب علی ابیہ حتیٰ کذب علی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم"۔

(تہذیب التہذیب ص۱۲۷ ج۳)

ترجمہ :"یہ صاحب صرف اپنے باپ پر جھوٹ باندھنے پر راضی نہیں ہوئے، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ پر بھی جھوٹ باندھا"۔

یہ جھوٹا اپنے والد کی طرف اس جھوٹ کو منسوب کرکے کہتا ہے کہ میرے والد نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اظہار ندامت کو بیان کیا جب کہ اس کے والد نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ ہی نہیں پایا اور وہ تدلیس میں بھی معروف تھا۔ (حکم الطلاق الثلاث ص۱۰۷)

حافظ ابن قیمؒ پر تعجب ہے کہ وہ ایک کذاب کی مجہول اور جھوٹی روایت سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ندامت ثابت فرمارہے ہیں اور اہل حدیث حضرات پر حیرت ہے کہ وہ اس کو حضرت عمر کے رجوع کا نام دے رہے ہیں۔

سند سے قطع نظراب روایت کے متن پر توجہ فرمایئے۔ روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منسوب کرکے یہ کہا گیا کہ مجھے زندگی میں ایسی ندامت کسی چیز پر نہیں ہوئی جتنی کہ اس بات پر کہ میں نے طلاق کو حرام قرار کیوں نہ دیا.... الخ

دین کا ایک مبتدی طالب علم بھی جانتا ہے کہ طلاق حق تعالیٰ شانہ کی نظر میں خواہ کیسی ہی ناپسندیدہ چیز ہو' بہرحال اللہ تعالیٰ نے اس کو حلال قرار دیا ہے اور قرآن کریم میں اس کے احکام بیان فرمائے ہیں۔ ادھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی زبان زد خاص وعام ہے کہ :

"ابغض الحلال الی اللّٰہ الطلاق"۔

(مشکوۃ ص ۲۸۳ بروایت ابو داؤد)

ترجمہ :"یعنی حلال چیزوں میں اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔"

پس جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال قرار دیا ہو اور صدر اول سے آج تک جس پر مسلمانوں کا تعامل چلا آرہا ہو' کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو حرام قرار دے کر اس پر

پابندی لگانے کا سوچ بھی سکتے ہیں؟ چہ جائیکہ اس قطعاً غلط اور باطل چیز کے نہ کرنے پر شدید ندامت کا اظہار فرمائیں۔ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر خالص بہتان اور افترا ہے۔

اگر کہا جائے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مراد مطلق طلاق سے نہیں بلکہ تین طلاق سے ہے تو اولاً یہ گزارش ہے کہ اس روایت میں کون سا قرینہ ہے جو تین طلاق پر دلالت کرتا ہے؟ ثانیاً: فرض کر لیجئے کہ یہی مراد ہے تو سوال یہ ہے کہ تین طلاق کو حرام قرار دینے سے یہ کیسے لازم آیا کہ کوئی اس حرام کا ارتکاب کرے گا تو طلاق واقع نہیں ہوگی؟ آپ دیکھتے ہیں کہ بیوی کو "تو میری ماں کی مانند" کہنا حرام ہے۔ قرآن کریم نے اس کو "منکر من القول" اور جھوٹ قرار دیا ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی شخص اس حرام کا ارتکاب کرکے بیوی سے ظہار کرلے تو کیا ظہار واقع نہیں ہوتا؟ اسی طرح بالفرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ تین طلاق کو حرام قرار دے کر اس پر پابندی لگانا چاہتے تھے تو اس سے یہ کیسے ثابت ہوا کہ آپؓ نے اپنے اس فیصلہ سے رجوع فرمالیا تھا کہ تین طلاق تین ہی شمار ہوتی ہیں' بلکہ اگر اس روایت کو صحیح تسلیم کرلیا جائے اور یہ بھی مان لیا جائے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس پر افسوس تھا کہ آپؓ نے تین طلاق پر پابندی کیوں نہ لگادی تو اس سے جمہور کے قول کی مزید تائید ہوتی ہے۔ کیونکہ اس صورت میں روایت کا صاف اور سیدھا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے صرف تین طلاق کے نفاذ پر اکتفا کیوں کیا' اسی کے ساتھ مجھے یہ بھی چاہئے تھا کہ میں تین طلاق کے واقع کرنے پر بھی پابندی لگادیتا اور ایسا کرنے والوں کو بیوی کی حرمت مغلظہ کا حکم دینے کے علاوہ ان کی

گوشمالی بھی کرتا۔

الغرض اول تو یہ روایت ہی سنداً ومتناً غلط اور مہمل ہے اور اگر بفرض محال اس کو صحیح بھی تسلیم کرلیا جائے تو اس کے کسی لفظ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ امیرالمومنین فاروق اعظم الناطق بالصدق والصواب رضی اللہ عنہ نے اپنے سابقہ فیصلے سے رجوع کرلیا تھا۔ حضرت امیرالمومنین رضی اللہ عنہ کی طرف اپنے فیصلہ سے رجوع کو منسوب کرنا آپؓ کی ذات عالی پر سراسر ظلم اور بہتان وافترا ہے۔ مجھے حیرت ہے کہ اہل حدیث حضرات کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ذات سے کیا ضد ہے کہ ان کی طرف پے درپے جھوٹ منسوب کررہے ہیں اور ان حضرات کو یہ سوچنے کی بھی توفیق نہیں ہوتی کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ محض وقتی ہوتا یا کسی مصلحت پر مبنی ہوتا یا آپؓ نے اس فیصلے سے آخری عمر میں رجوع فرمالیا ہوتا تو تمام صحابہ کرامؓ سے ائمہ اربعہ تک جماہیر سلف وخلف اس فیصلے پر مصر کیوں کر رہ سکتے تھے؟

خلاصہ یہ کہ تین طلاق سے تین کا واقع ہونا قطعی برحق ہے۔ یہی حضرت خلیفہ راشد امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ناطق فیصلہ ہے۔ اسی پر حضرات خلفائے راشدینؓ اور اکابر صحابہؓ کا اجماعی فتویٰ ہے اور اسی پر چاروں فقہائے امت وامامان ملت متفق ہیں۔ اس کے خلاف اگر کوئی فتویٰ دیتا ہے' خواہ وہ اہل حدیث ہو یا منکر حدیث' وہ قطعاً مردود اور باطل ہے۔ وماذا بعد الحق الا الضلال۔ (حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ جاتا ہے) کسی شخص کے لیے جو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو' یہ حلال نہیں کہ صحابہ کرامؓ اور ائمہ اربعہؒ کے

اجماعی فتوے کے خلاف تین طلاق کو ایک قرار دے اور مطلقہ ثلاثہ کو حلال قرار دے حتی تنکح زوجا غیرہ۔

فتویٰ نمبر۱۵ میں (جو غربائے اہل حدیث کے مفتی صاحب کا تحریر کردہ ہے) یہ موقف اختیار کیا گیا ہے کہ چونکہ نرگس کے شوہر نے پہلی بیوی (زینب) کے جبر واکراہ کی وجہ سے طلاق دی ہے' لہٰذا یہ طلاق واقع نہیں ہوئی' نہ تین نہ ایک۔

مفتی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ :

"جمہور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین' ائمہ مالک' شافعی' احمدؒ اور داؤدؒ وغیرہم کا بھی یہی مسلک ہے کہ مکرہ کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ جب کہ امام ابو حنیفہؒ اور انکے اصحاب کا مسلک اس کے خلاف ہے۔ یہ بلا دلیل اور جمہور صحابہؓ کے خلاف ہونے کی وجہ سے غیر معتبر ہے"۔

اس سے قطع نظر کہ جبر واکراہ کی حالت میں دی گئی طلاق واقع ہو جاتی ہے یا نہیں' یہاں چند امور لائق توجہ ہیں :

اول : ------- یہ کہ سوال میں جو واقعہ ذکر کیا گیا ہے کہ زید کی پہلی بیوی زینب نے دھمکی دی تھی کہ اگر نئی بیوی نرگس کو طلاق نہیں دو گے تو میں خودکشی کرلوں گی' تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ واقعہ کی نوعیت اس سے یکسر مختلف تھی۔

ہوا یہ کہ زینب کے شوہر نے اس (نرگس) سے خفیہ شادی کرلی تھی' جب کہ وہ زینب کو حلفاً یقین دلاتا رہا کہ وہ ہرگز شادی نہیں کرے گا۔ پانچ سال کے بعد شوہر نے یکایک زینب کو اس شادی کی خوشخبری دی

اور یہ بھی بتایا کہ نرگس دوسرے بچے کے ساتھ ماشاء اللہ امید سے ہے۔

یہ غیر متوقع خبر زینب کے ذہن پر بجلی بن کر گری اور اس نے رو رو کر اپنا برا حال کرلیا' شوہر سے ہرگز نہیں کہا کہ وہ خودکشی کرلے گی' لیکن شوہر سے اس کی پریشانی نہ دیکھی گئی تو اس نے زینب سے کہا کہ تم پریشان نہ ہو' میں نرگس کو طلاق دے دوں گا' اس پر زینب نے کہا کہ اگر طلاق دینی ہے تو ابھی کیوں نہیں دے دیتے۔ اس پر شوہر نے دوسری بیوی کا نام لے کر دوبار کہا کہ میں نے اسے طلاق دی' میں نے اسے طلاق دی' اس پر زینب نے کہا کہ تین طلاقیں دیں' شوہر نے اس کے کہنے پر مزید تین بار طلاق دے دی۔

اس واقعہ کو اس کی اصل شکل میں دیکھا جائے تو واقعہ کی نوعیت بدل جاتی ہے اور مفتی صاحب کا فتویٰ نمبر ۱۵ یکسر غیر متعلق ہوجاتا ہے اور واضح ہوجاتا ہے کہ خودکشی کی دھمکی کا افسانہ محض مفتیوں کو متاثر کرنے کے لئے تراشا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ آج کل دیانت و امانت کا معیار یہاں تک گرگیا ہے کہ لوگ اعلانیہ طلاق دے کر مکر جاتے ہیں' اور حلال و حرام کا مسئلہ پوچھنے کے لیے بھی واقعہ کی اصل نوعیت بیان نہیں کرتے' بلکہ واقعات کو بدل کر اور خودساختہ کہانیاں بنا کر مسائل دریافت کرتے ہیں۔ فالی المشتکیٰ۔

دوم : ______ اگر اسی واقعہ کو صحیح فرض کرلیا جائے جو سوال میں ذکر کیا گیا ہے' تب بھی اس پر غور کرنا ہوگا کہ بیوی کی اس قسم کی دھمکی کو شرعاً جبر و اکراہ کہنا صحیح ہے؟ جب کہ یہ بیوی کی خالی خولی دھمکی تھی نہ اس کے ہاتھ میں خودکشی کا کوئی آلہ تھا' اور نہ اقدام خودکشی کی کوئی اور

علامت پائی گئی' اور کیا ایسی خالی دھمکی پر جبر واکراہ کے شرعی احکام جاری ہوں گے؟ مثلاً :

۱ : ---------کیا ایسی خالی دھمکیوں پر اس خاتون کے خلاف اقدام خود کشی کا مقدمہ شرعی عدالت میں دائر کیا جاسکتا ہے؟ اور عدالت اس پر اقدام خود کشی کی تعزیر جاری کرے گی؟

۲ : -------- اگر کوئی نیک بخت اپنے شوہر کو دھمکی دے کہ اگر تم ڈاڑھی نہیں منڈواؤ گے تو میں خود کشی کرلوں گی' کیا عورت کی دھمکی سے مرعوب ہوکر شوہر کے لیے ڈاڑھی منڈانا حلال ہوگا؟

۳ :— اگر عورت ایسی ہی دھمکی سے شوہر کو شراب نوشی پر' کلمہ کفر بکنے پر یا کسی اور فعل شنیع پر مجبور کرتی ہے تو کیا شوہر کے لیے ان افعال شنیعہ کے ارتکاب کی اجازت ہوگی؟ (واضح رہے کہ خود مفتی صاحب نے اپنے فتویٰ میں لکھا ہے کہ جبر واکراہ کی حالت میں کلمہ کفر بکنے کی بھی اجازت ہے)۔

۴۔ : --------کیا عورت کی ایسی دھمکی پر شوہر کے لیے کسی مسلمان کا مال چرانا یا اس کا تلف کرنا جائز ہوگا؟

۵ : --------عورت دھمکی دیتی ہے کہ غیر اللہ کے آگے سجدہ کرو' یا فلاں مزار پر جاکر اس بزرگ سے بیٹا مانگو' اور اس بزرگ کے نام کی منت مانو' یا اسی قسم کے شرکیہ افعال کرو' ورنہ میں خود کشی کرلوں گی' کیا عورت کی اس دھمکی پر شوہر کے لیے شرکیہ افعال کا ارتکاب جائز ہوگا؟ یقیناً جناب مفتی صاحب میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ شوہر کے لیے بیگم

صاحب کی دھمکی سے متاثر ہو کر ان کاموں کا کرنا حلال نہیں اور اگر کرے گا تو یہ شخص مجرم ہو گا۔

اس تنقیح سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خود مفتی صاحب بھی ایسی خالی دھمکی کو جبر و اکراہ کی حالت تسلیم نہیں فرماتے' اور اس کی وجہ سے شوہر کو مسلوب الاختیار قرار نہیں دیتے۔ معلوم ہوا کہ ایسی دھمکی کو شرعاً "جبر و اکراہ" قرار دینا صحیح نہیں' اور جس طرح کہ آدمی ایسی دھمکی کی وجہ سے کلمہ کفر بکنے پر مجبور نہیں' اسی طرح بیوی کو طلاق دینے پر بھی مجبور نہیں۔

سوم :۔ جناب مفتی صاحب نے خود بھی تحریر فرمایا ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ اور ان کے اصحاب کے نزدیک' جبر و اکراہ سے دلائی گئی طلاق واقع ہو جاتی ہے' پس جب کہ میاں بیوی دونوں حنفی ہیں تو یہ تین طلاق حنفی عقیدہ کے مطابق تو حرمت مغلظہ کے ساتھ واقع ہو گئیں۔ اور بیوی حرام ہو گئی۔ طلاق کے بعد اگر وہ بالفرض لامذہب غیر مقلد بھی بن جائیں تو نکاح تو دوبارہ بحال نہیں ہو سکتا' کیونکہ "الساقط لا یعود" عقلاً و شرعاً مسلم ہے۔ یعنی جو چیز ساقط اور باطل ہو جائے' اس کو کسی تدبیر سے بھی دوبارہ نہیں لوٹایا جا سکتا۔

خلاصہ یہ کہ زید کے لیے حلال نہیں کہ تین طلاق کے بعد نرگس کو بیوی کی حیثیت سے رکھے' بلکہ دونوں پر لازم ہے کہ فوراً علیحدگی اختیار کر لیں۔ تین طلاق کے بعد اگر وہ اکٹھے رہیں گے تو زنا اور بدکاری کے مرتکب ہوں گے۔ جس کا وبال ان کو دنیا اور آخرت میں بھگتنا ہو گا' اللہ تعالٰی اپنے قہر اور غضب سے بچائے۔ ہم دونوں سے گزارش کریں گے کہ

وہ اہل حدیث کے غلط فتویٰ کی آڑ میں گناہ کبیرہ کا ارتکاب نہ کریں' ورنہ ان دونوں کی دنیا و آخرت دونوں برباد ہوجائیں گی' اور اہل حدیث کا غلط فتویٰ ان کو دنیا کی ذلت ورسوائی اور حق تعالیٰ شانہ کے قہر وعذاب سے نہیں بچاسکے گا' اگر انہوں نے اس غلط فتویٰ کی آڑ میں اجماع صحابہؓ اور اجماع امت کی پرواہ نہ کی' اور خواہش نفس کی پیروی کرتے ہوئے تین طلاق کے بعد بھی میاں بیوی کی حیثیت سے اکٹھے رہنے پر اصرار کیا تو اندیشہ ہے کہ مرتے وقت ایمان سلب ہوجائے۔ اور وہ اسلام سے خارج ہوکر مریں۔

## ہوٹلوں میں مرغی کا گوشت

**سوال :۔** عمرہ یا حج کے لئے سعودی عرب جانا ہوتا ہے تو وہاں قیام کے عرصہ میں گوشت خصوصاً مرغی کے گوشت کا استعمال کیسا ہے؟ وہاں جو مرغی آتی ہے وہ دوسرے ممالک سے آتی ہے۔ عام پبلک تو خیال نہیں کرتی اور وہ استعمال کرتی ہے جب کہ دیندار طبقہ خصوصاً تبلیغی حضرات بالکل اس گوشت سے اجتناب کرتے ہیں۔ ہوٹلوں میں سالن اور روسٹ مرغی وہ استعمال ہوتی ہے جو باہر سے آئی ہوئی ہوتی ہے کیونکہ سستی بھی ہوتی ہے اور بظاہر اچھی بھی۔ اب سوال یہ ہے کہ ہم اس روسٹ مرغی یا سالن والی مرغی کو استعمال کریں یا نہیں۔ سعودی حکومت یہ کہتی ہے یا جو مرغی منگواتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ذبیحہ حلال ہے دوسری طرف دیندار طبقہ خصوصاً تبلیغی حضرات کو اس پر بالکل اعتبار نہیں۔ اب آپ سے اس بارے میں دریافت کرنا ہے کہ آپ کا کیا فتویٰ ہے؟

**جواب :۔** باہر ملکوں سے جو مرغی آتی ہے اول تو اس کے بارے میں یہ

معلوم نہیں کہ وہ صحیح طور پر ذبح بھی کرتے ہیں یا نہیں اس کے علاوہ مرغی کاٹنے والوں کا اصول یہ ہے کہ جونہی مرغی کو ذبح کرتے ہیں وہ اس کو کھولتے ہوئے پانی میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اس کے پر وغیرہ صاف ہوسکیں اور تمام آلائش اس کے اندر ہوتی ہے اس لئے وہ مرغی ناپاک ہوجاتی ہے اور اس کا کھانا حلال نہیں۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے سعودی عرب میں خصوصاً حج وغیرہ کے موقعوں پر ہوٹلوں میں جو مرغیاں روسٹ کی جاتی ہیں وہ اسی قسم کی ناپاک مرغیاں ہوتی ہیں اس لئے ان کا کھانا حلال نہیں۔

## تجارتی کمپنیوں میں پھنسی ہوئی رقوم پر زکوٰۃ کا حکم

سوال : ـــــــ علماکرام سے سنتے ہیں کہ قرضہ پر زکوٰۃ فرض ہے۔ گزارش یہ ہے کہ ایک مسلمان کا اگر کسی پر دس ہزار یا کم وبیش قرضہ ہو تو زکوٰۃ وصول ہونے پر ادا کرنے کا حکم ہے مگر سوال یہ ہے کہ ایک مسلمان کی اگر ساری جمع پونجی قرضہ میں ہو اور اس کا ملنا بھی دشوار ہو جس کی کراچی میں کوآپریٹو اسکینڈل..... زندہ مثال موجود ہے کہ نہ تو جن بھائیوں کی رقمیں پھنس گئی ہیں ان کے ملنے کی امید ہے اور نہ ہی وہ ناامید ہو کر صبر کرسکتے ہیں لہٰذا اب اگر ایک مسلمان کو اپنے قرضہ والی رقم چالیس سال تک نہیں ملتی تو ۴۰ سال اور بعد میں اس کا کیا حکم ہوگا؟ کیونکہ اس طرح اڑھائی فیصد کے حساب سے تو زکوٰۃ کی مد میں جتنی بھی رقم لوگوں پر قرض ہو، زکوٰۃ کی مد میں منہا ہو کر ختم ہوجائے گی۔ اب اگر چالیس سال بعد بھی رقم نہیں ملتی تو کیا ۴۰ سال میں مذکورہ رقم جو زکوٰۃ کی مد میں ختم ہوچکی ہے زکوٰۃ میں منہا سمجھی جائے گی اور ۴۰ سال کے بجائے اگر ۵۴ سال کے بعد

یہ رقم مل جائے تو کیا کرنا ہوگا ذرا تفصیل سے جواب عنایت فرمائیں۔

**جواب** : ------ان تجارتی کمپنیوں میں لوگوں کی جو رقمیں پھنسی ہوئی ہیں ان کی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟ اس کو سمجھنے سے پہلے اس پر غور کرلینا مناسب ہوگا کہ شرعی نقطہ نظر سے ان رقوم کی نوعیت کیا ہے؟

یہ بات تو ہر خاص وعام کو معلوم ہے کہ جن لوگوں نے ان کمپنیوں میں اپنی پونجی جمع کرائی تھی یہ رقمیں ان کمپنیوں کو بطور قرض کے نہیں دی تھیں بلکہ کاروبار میں شراکت اور منافع میں حصہ داری کے لئے دی تھیں۔ چنانچہ ان کمپنیوں نے ان رقوم کو کاروبار میں لگایا اور اس کاروبار سے حاصل ہونے والے منافع میں ان رقموں کے مالکان کو شریک کیا۔

ان میں سے بعض کمپنیوں کے بارے میں لوگوں کو معلوم تھا کہ وہ شریعت کے اصول مضاربت کے مطابق ان رقوم سے کاروبار کرتی ہیں۔ اور شریعت کے مطابق کھاتہ داروں کو منافع کا حصہ تقسیم کرتی ہیں۔ انہوں نے بعض لائق اعتماد اہل علم سے شرعی اصول مضاربت کے مطابق کام کرنے کا مکمل خاکہ تیار کرایا' اس کے اصول وقواعد وضع کئے اور پھر اس مرتبہ نقشہ کے مطابق کاروبار شروع کیا اور یہ حضرات شدت کے ساتھ اس امر کا لحاظ رکھتے تھے کہ کاروبار میں بھی اور منافع کی تقسیم میں بھی کوئی بات شریعت کے خلاف نہ ہونے پائے۔

الغرض ایسی کمپنیاں جو کھاتہ داروں کے روپے سے شریعت کے اصول مضاربت کے مطابق کام کرتی تھیں جو رقمیں ان کو دی گئیں وہ قرض نہیں بلکہ ان کے ہاتھ میں امانت تھیں۔ اور یہ لوگ کھاتہ داروں کی جانب سے کاروبار کرنے کے لئے وکیل تھے اور ان کے ساتھ نفع میں

شریک تھے۔ چنانچہ حضرات فقہاؒ لکھتے ہیں :

> "مضارب' کام شروع کرنے سے پہلے رأس المال
> کی رقم کا امین ہوتا ہے۔ کام شروع کرنے کے بعد وہ اس
> کی جانب سے وکیل بن جاتا ہے۔ اور نفع حاصل ہوجانے
> کے بعد وہ اس کے ساتھ منافع میں شریک ہوجاتا ہے"۔

یہ کمپنیاں اپنے مرتب کردہ نقشہ کے مطابق کاروبار کررہی تھیں اور کھاتے داروں کو بالالتزام منافع تقسیم کررہی تھیں کہ یکایک حکومت نے ان کی تمام املاک پر قبضہ کرکے ان کو کاروبار کرنے سے روک دیا۔ وہ دن اور آج کا دن کہ یہ تمام املاک اور اثاثے حکومت کے قبضہ و تحویل میں ہیں۔ ان کمپنیوں کے مالکان نے ہرچند حکومت سے اپلیں کیں کہ حکومت ہمیں اپنی نگرانی میں کاروبار کی اجازت دے دے اور ہم سے ایک ایک پیسے کا حساب لے' یا کم از کم ہمیں اپنے املاک اور اثاثوں کو فروخت کرنے ہی کی اجازت دی جائے تاکہ ہم متاثرین کو ان کی رقمیں لوٹانے کے قابل ہوسکیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ یہاں یہ سوال ہوتا ہے کہ آیا کھاتے داروں کی طرف سے حکومت کے سامنے ان کمپنیوں کی بدعنوانی کی کوئی شکایت آئی تھی؟ اور انہوں نے حکومت سے مداخلت کی کوئی درخواست کی تھی؟ یا حکومت نے اسکینڈل بناکر ان کمپنیوں پر جبری قبضہ کرلیا؟ جہاں تک کھاتے داروں کا تعلق ہے ان کی طرف سے ایسی کوئی شکایت منظرعام پر نہیں آئی۔ اور نہ یہ کہ انہوں نے حکومت سے مداخلت کی کوئی درخواست کی ہو۔ بلکہ اس کے برعکس ان کمپنیوں پر عوام کا اعتماد روز بروز بڑھ رہا تھا اور لوگ سرکاری اداروں اور بینکوں سے رقوم نکال کر ان نجی تجارتی

اداروں میں اپنی رقمیں جمع کرا رہے تھے بلکہ بعض نے اپنے زیورات اور مکانات تک فروخت کرکے ان اداروں میں رقمیں جمع کرانا شروع کردیں' ان اداروں کی یہ عوامی مقبولیت ہی ان اداروں کے لئے جان لیوا ثابت ہوئی۔

ع "اے روشنی طبع تو برمن بلاشدی"

حکومت کے "ماہرین معاشیات" اور سرکاری ونیم سرکاری مالیاتی اداروں کے بزرجمہروں کو بجا طور پر یہ خطرہ لاحق ہوا کہ اگر ان نجی اداروں کی ساکھ بڑھتی رہی اور ان پر عوام کے اعتماد کا یہی عالم رہا تو حکومت کے مالیاتی ادارے اور سرکاری ونیم سرکاری بینک (جو ان کمپنیوں کی وجہ سے موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں) یکسر مفلوج ہوکر رہ جائیں گے اور حکومت کے سودی نظام سے عوام کا اعتماد بالکل ختم ہوجائے گا۔ سرکار کے مالیاتی اداروں کے اس درد کا مداوا حکومت نے یہ تجویز کیا کہ راتوں رات ان گستاخ نجی اداروں پر قبضہ کرلیا اور اس کو اسکینڈل بناکر ان اداروں کے چلانے والوں کو جرم بے گناہی کے الزام میں مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا کردیا۔ جس سے سرکار عالی کو دو فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ حکومت کے جو ادارے جان کنی کی حالت میں دم توڑ رہے تھے ان نجی اداروں کا گلا گھونٹ کر ان جان بلب سرکاری اداروں کو آکسیجن مہیا کردی گئی اور انہیں اپنی موت مرنے سے بچالیا گیا۔ دوم یہ کہ ان نجی اداروں کو ان کی گستاخی کی ایسی سزا دی گئی کہ آئندہ دوسروں کے لئے عبرت ہو۔ اور کوئی شخص حکومت کے سودی نظام کے جال سے نکل کر

شریعت محمدیہ کے مطابق آزادانہ کاروبار کرنے کی جرات نہ کرسکے۔ حکومت نے اپنے اس اقدام کے ذریعہ ان نجی کمپنیوں کا جو حشر کیا اس کو دیکھنے کے بعد انسان تو انسان' اگر بالفرض کوئی معصوم فرشتہ بھی آسمان سے نازل ہوجائے اور وہ عوام سے وعدہ کرے کہ وہ ان کی رقموں کو پوری دیانت وامانت کے ساتھ کاروبار میں لگائے گا' شریعت خداوندی کے عین مطابق کاروبار کرے گا۔ اور پوری دیانت داری کے ساتھ وہ حاصل شدہ منافع کو حصہ داروں پر تقسیم کرے گا تب بھی عوام کو حوصلہ اور جرات نہیں ہوگی کہ وہ اپنے اثاثے اس معصوم فرشتے کے حوالے کردیں' کیونکہ حکومت کے جبری قبضہ کی تلوار ان کے سرپر ہمیشہ لٹکتی رہے گی۔ اس کے مقابلہ میں وہ حکومت کے سودی ادارے میں رقمیں جمع کرانے کو ترجیح دیں گے' اور ان سے سودی منافع لے کر اپنے دین وایمان اور اپنے ضمیر کا قتل بہتر سمجھیں گے۔ شیخ سعدیؒ کے ارشاد :

"سگہا را کشادہ وسنگہا را بستہ"

کی کیسی اچھی تعمیل ہے؟

ان کمپنیوں پر قبضہ جمانے کے بعد کئی سال سے حکومت عوام کو رقمیں لوٹانے کے سہانے خواب دکھارہی ہے' لیکن آج تک تو وہ شرمندۂ تعبیر نہیں ہوئے' ان غصب شدہ کمپنیوں میں جو نقد اثاثے موجود تھے شنید ہے سرکار دیار میں اثر ورسوخ رکھنے والے حضرات ان سے اپنا حصہ وصول کرچکے ہیں باقی سامان گلتا رہے' سڑتا رہے' برباد ہوتا رہے' اور غریب بوڑھے' پنشنرز' بیوائیں' یتیم بچے اور نادار لوگ چیختے رہیں'

چلاتے رہیں، بلبلاتے رہیں، حکومت کے کارپردازوں کو اس کی کیا پروا؟ بنی اسرائیل کے مظلوموں کی صدائیں فرعون کے بلند وبالا محلات تک کب پہنچتی ہیں؟

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیاں رہے

الغرض عوام کی یہ رقمیں جو حکومت کے آہنی چنگل میں پھنسی ہوئی ہیں وہ ان کمپنیوں کے پاس امانت تھیں اور حکومت نے ان کمپنیوں کو اپنی تحویل میں لے کر ان عوامی امانتوں پر قبضہ جمالیا ہے اور ایسا مال جس کو حکومت نے زبردستی اپنی تحویل میں لے لیا ہو وہ حضرات فقہاؒ کی اصطلاح میں "مال ضمار" کہلاتا ہے، اور "مال ضمار" کی زکوٰۃ کا حکم یہ ہے کہ جب تک وہ مال دوبارہ وصول نہ ہوجائے اس پر گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور جب وصول ہوجائے تو مالک اگر پہلے سے صاحب نصاب ہے تو جب اس کے نصاب پر سال پور ہوگا اس وقت اس رقم پر بھی صرف اسی سال کی زکوٰۃ واجب ہوگی، اور اگر اس وصول ہونے والی رقم کا مالک پہلے سے صاحب نصاب نہیں تھا تو جب اس رقم پر سال پورا ہوجائے گا تب اس پر اس سال کی زکوٰۃ واجب ہوگی۔

تاہم اگر کسی کو ان رقوم کی وصولی کا ظن غالب ہو ان کو گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے۔

اس ناکارہ نے یہ مسئلہ اپنے علم وفہم کے مطابق لکھا ہے۔ اگر اس میں اس کوتاہ فہم سے غلطی ہوئی ہو تو اہل علم سے استدعا ہے کہ اس کی تصحیح

فرماکر ممنون فرمائیں۔

## جائیداد میں حصہ

**سوال** : ------ عرض ہے کہ ہمارے والد صاحب کے نام ایک مکان ہے' ہم دو بھائی اور پانچ بہنیں ہیں' تین سال پہلے والد صاحب نے یہ مکان ہماری چھوٹی بہن کے نام کردیا۔ اب بڑی بہن اس مکان میں بچوں کے ساتھ رہ رہی ہیں' جب مکان تیار ہو رہا تھا تو والد صاحب نے بڑی بہن سے ۳ لاکھ روپے ادھار لئے تھے' اس مکان کے آدھے حصے کا کرایہ آٹھ ہزار روپے بھی دو سال سے بہن لے رہی ہیں اور اسی مکان میں رہ رہی ہیں' اب وہ کہہ رہی ہیں کہ ۹۹-۲-۱ کو میرا قرضہ پورا ہوجائے گا تو میں مکان سے چلی جاؤں گی' تمام بہنیں یہ چاہتی ہیں کہ مجھے مکان میں حصہ نہ ملے کیونکہ میں پچھلے ۵ سال سے کراچی میں الگ رہ رہا ہوں جب کہ ہمارا مکان حیدر آباد میں ہے' والد صاحب سب بہنوں ہی کی بات مانتے ہیں' ہماری نہیں سنتے۔ میں والد صاحب کا نافرمان نہیں ہوں' جب کہ مکان میری سربراہی میں تیار ہوا۔ اب خدا جانے کیا ہوا ہے۔

آپ سے یہ پوچھنا ہے کہ میں ان کا بڑا بیٹا ہوں اگر وہ مجھے جائیداد میں سے حصہ نہیں دیتے تو اس کے متعلق کیا حکم ہے؟

**جواب** : ------ اگر انہوں نے یہ مکان اپنی چھوٹی بیٹی کے نام کرادیا' تو یہ ان کی چیز تھی' انہوں نے چھوٹی بیٹی کو دیدی۔ البتہ اگر بغیر ضرورت کے اور بغیر وجہ کے انہوں نے یہ عمل کیا ہے تو وہ گنہگار ہوں گے۔

## پرائزبانڈ کی پرچیوں کی خرید و فروخت

**سوال** : ------ کراچی سمیت ملک بھر میں "پرائزبانڈ" اور اب پرائز

بانڈ کی پرچیوں کا کاروبار عام ہوگیا ہے' ہر شخص پرچیاں خرید کر راتوں رات امیر بن جانے کے چکر میں ہے' کیا ان پرچیوں کے انعام سے "عمرہ" یا کوئی بھی نیک کام یا غریبوں بیواؤں کی امداد کرسکتے ہیں یا نہیں؟

**جواب** : ------ یہ پرچیوں کا کاروبار جائز نہیں' اس سے نہ عمرہ جائز ہے اور نہ صدقہ خیرات صحیح ہے' یہ کاروبار بند کردینا چاہئے اور جو رقم اس سلسلے میں حاصل ہوئی ہے' وہ غرباء ومساکین کو بغیر نیت ثواب کے دے دینی چاہئے۔

## سر کا صدقہ

**سوال** : ------ ایک عالم صاحب نے کہا ہے کہ جو لوگ مصیبتوں میں مبتلا ہوں ان کو چاہئے کہ بجائے کسی نام کی طرف منسوب کرنے کے صرف اپنے سر کا صدقہ کریں' صدقہ ادا کرنے سے مصائب رفع ہوجاتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ صدقہ صرف اپنے سر کا ہوتا ہے مگر ہم نے اب تک جب بھی صدقہ دیا تو اللہ تعالیٰ کے نام کی طرف منسوب کرکے دیا کہ اے اللہ تعالیٰ یہ خیرات آپ کے نام کی ہے آپ ہمارے حال پر رحم فرمائیں۔

حضرت! کیا عالم کا کہنا ٹھیک ہے یا غلط' صحیح طریقہ کیا ہے اور اگر غلط ہے جیسا کہ ہمارا گمان ہے تو اس کی وضاحت فرمادیں عین نوازش ہوگی۔

**جواب** : ------ اپنے سر کے صدقہ کا مطلب اللہ تعالیٰ کے نام پر ہوتا ہے اس لئے صحیح ہے' اپنی طرف سے صدقہ کرنا یہ صدقہ بھی فی سبیل اللہ ہوتا ہے' عالم کا یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ صدقہ سے مصیبت ٹلتی ہے۔

## مشروبات پر دم کرنا

سوال : ------ عرض ہے کہ چند مسائل کے حل قرآن وسنت کی روشنی میں مطلوب ہیں۔

ایک کتاب نظر سے گزری جس میں یہ حدیث مبارکہ تھی۔ ترجمہ : ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے پینے کی چیز میں پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی)

اب مسئلہ یہ ہے کہ پانی پر کوئی آیت پڑھ کر دم کرنے کے لئے پھونک ماری جاتی ہے۔ اس طرح سے پانی میں پھونک مارنا اور وہ پانی پینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب : ------پانی پر دم کرنے کی ممانعت نہیں' سانس لینے کی ممانعت ہے' واللہ اعلم۔

## ماشاء اللہ انگریزی میں لکھنا

سوال" : -------ماشاء اللہ" انگریزی حروف میں لکھنا جائز ہے یا نہیں' کیونکہ رکشوں اور گاڑیوں پر ماشاء اللہ انگریزی حروف میں لکھا ہوتا ہے' اگر ایسا جائز ہے تو اسپیلنگ بھی درست ہونی چاہئے کیونکہ انگریزی میں (زبر' زیر' پیش' ء) کے لئے حرف کا سہارا لیا جاتا ہے' میرا مطلب ہے کہ اللہ پاک کا نام صحیح اور درست لکھا جانا انتہائی ضروری ہے۔ اگر ماشاء اللہ انگریزی حروف میں لکھا جاسکتا ہے تو آپ برائے مہربانی اسپیلنگ وغیرہ بھی اخبار میں لکھ دیں تاکہ لوگوں کے لئے آسانی ہو اور درست اسپیلنگ لکھ سکیں اور لوگ گناہ اور خطا سے بچ سکیں۔

**جواب :** --------میں خود تو انگریزی جانتا نہیں اس لئے بہتر یہ ہے کہ ماشاء اللہ وغیرہ الفاظ کو خود عربی ہی میں لکھا جائے' لیکن اگر کسی کو انگریزی لکھنے کا شوق ہے تو کسی انگریزی دان سے اس کا صحیح تلفظ معلوم کرے (واللہ اعلم)

## جوتا نہ پہننے کی منت ماننا درست نہیں

**سوال :** -------- مسئلہ یہ ہے کہ میرے دوست نے منت مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ میرا فلاں کام کرادے تو میں ساری زندگی جب تک میں زندہ رہا تب تک ۹ اور ۱۰ محرم الحرام کو جوتے نہیں پہنوں گا اور یہ دو دن ننگے پیر رہوں گا۔ آیا اس کی یہ منت درست ہے یا نہیں؟

**جواب :** --------یہ منت درست نہیں اور اس کا پورا کرنا بھی ضروری نہیں۔

**سوال :** --------مذکورہ بالا سوال کی روشنی میں ایک حل طلب سوال یہ ہے کہ اسے دیکھتے ہوئے میں نے بھی منت مانی کہ اگر اللہ میرے فلاں فلاں کام کرادے یا فلاں فلاں چیزیں مجھے مل جائیں تو میں انشاء اللہ اس سال محرم الحرام کی ۹ اور ۱۰ تاریخ کو بغیر چپل رہوں گا اور اللہ تعالیٰ نے میری دعا سن لی' میں نے محرم الحرام کی ۹ اور ۱۰ تاریخ کو بغیر چپل پہنے دن گزارے اور اس سال میں نے منت مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ میرا یہ کام کرادے تو میں ساری زندگی جب تک زندہ رہوں گا تب تک محرم الحرام کی ۹ اور ۱۰ تاریخ کو بغیر چپل پہنے ہوئے دن گزاروں گا۔ اب مسئلہ یہ ہے

کہ مجھے بہت سے لوگوں نے اس طرف توجہ دلائی کہ یہ منت ماننا جائز نہیں۔ اب آپ بتائیں کہ میرے لئے کیا حکم ہے اور کیا اس منت کا پورا کرنا ضروری ہے؟

**جواب** :—— اوپر لکھ چکا ہوں کہ یہ منت درست نہیں اور اس کا پورا کرنا بھی ضروری نہیں۔

## یتیم بچوں کی پرورش کا حق

**سوال** :—— میری تین بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں اور میرے شوہر کا انتقال ہوچکا ہے، پچھلے مہینے میرا چھوٹا بیٹا عمان میں طویل بیماری کے بعد انتقال کرگیا اس نے اپنے پیچھے دو بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔ اس کی بیوی اپنے بچوں کو لے کر سیالکوٹ چلی گئی ہے۔ میں اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ عمان میں رہتی ہوں اور اس کو میں نے اور میرے بڑے بیٹے نے بہت روکا مگر وہ اپنے تینوں بچوں کو اور اپنا سب سامان وغیرہ لے کر چلی گئی ہے۔ میرے مرحوم بیٹے نے اپنی بیوی کے نام سیالکوٹ میں ایک گھر بنایا تھا اور اس کی بیوی یہاں اسکول میں پڑھاتی ہے۔ میری بیوہ بہو کا کیا یہ حق بنتا ہے کہ وہ الگ ہوکر رہے جب کہ میرا بیٹا کہتا ہے کہ وہ اس کو اور اس کے بچوں کو اپنے گھر میں رکھ سکتا ہے اور ان کا تمام خرچہ برداشت کرسکتا ہے اور اچھی طرح دیکھ بھال کرسکتا ہے۔ یہ یاد رہے کہ میرے بڑے بیٹے کے چھ بچے ہیں؟

**جواب** :—— عدت کے بعد شرعاً اس کو جانے کا حق تھا اور بچے اگر چھوٹے تھے تو ان کو اپنی ماں کے پاس رہنا چاہئے۔

سوال : ------- میری بیوہ بہو کا مکان پر کیا حق ہے؟

جواب : ------- اگر آپ کے مرحوم بیٹے نے وہ مکان اپنی بیوی کے نام کردیا تھا تو مکان اسی کا ہے اس میں دوسرے کسی کا کوئی حق نہیں۔

سوال : ------- میرے مرحوم بیٹے کو یہاں سرکار سے کافی روپیہ ملا ہے اس روپے پر میرا' میری تین بیٹیوں کا اور میرے بڑے بیٹے کا کتنا حق بنتا ہے؟

جواب : ------- اس روپے میں (اور مرحوم کے تمام ترکہ میں) آپ کا (یعنی مرحوم کی والدہ کا) چھٹا حصہ ہے بیوہ کا آٹھواں حصہ اور باقی تمام مرحوم کے بچوں کا ہے بچوں کے ہوتے ہوئے مرحوم کے بھائی اور بہنوں کا کوئی حق نہیں۔

سوال : ——— اگر عدت کے بعد میرے مرحوم بیٹے کی بیوی شادی کرلیتی ہے تو میرے بیٹے کے بچوں کو کون پالے گا میں تو بہت ضعیف ہوں اور کوئی ذریعہ آمدنی نہیں ہے؟

جواب : ------- اگر بیوہ ایسی جگہ شادی کرلیتی ہے جو بچوں کے لئے نامحرم ہے تو اس کو بچوں کی پرورش کا حق نہیں ہوگا بلکہ نانی کو' خالہ کو' دادی کو' پھوپھی کو علی الترتیب پرورش کا حق ہوگا۔

سوال : ------- کیا میرا بڑا بیٹا ان بچوں کو اس کی ماں سے لے سکتا ہے؟

جواب : ------- لڑکیوں کو جوان ہونے کے بعد اور لڑکوں کو سات

سال کی عمر پوری ہونے پر لے سکتے ہیں۔

**سوال** : ------- میرے مرحوم بیٹے کے بچوں اور اپنا تمام خرچہ بیوہ خود اٹھا رہی ہے۔ وہ کہتی ہے کہ میرے مرحوم شوہر کے بھائی اور بہنوں کا کوئی حق نہیں ہے؟

**جواب** : ——— میں اوپر لکھ چکا ہوں کہ مرحوم کے بھائی اور بہنوں کا اس کے چھوڑے ہوئے مال میں کوئی حق نہیں' ہے ماں کا چھٹا حصہ ہے اور بیوہ کا آٹھواں حصہ باقی سارا مال یتیموں کا ہے جو اس کو کھائے گا وہ آگ کے انگارے کھائے گا۔

**نوٹ** :——— یتیموں کے مال کی نگہداشت ان کے تایا کے ذمہ ہے مگر خود نہ کھائے بلکہ بچوں پر خرچ کرے۔

## پوسٹ مارٹم کی شرعی حیثیت

**سوال** : ------ آج کل جو لوگ گولی مار کر قتل کردیئے جاتے ہیں ان کی میت کا اسپتال میں پوسٹ مارٹم کیا جاتا ہے' جس سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر کتنی گولیاں ماری گئیں' کہاں کہاں ماری گئیں۔

پوسٹ مارٹم کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ میت کو مادر زاد برہنہ کرکے میز پر ڈال دیتے ہیں' پھر ڈاکٹر آکر اس کا معائنہ کرتا ہے۔ عورت' مرد دونوں کا پوسٹ مارٹم اسی طرح ہوتا ہے۔ کیا شریعت میں یہ پوسٹ مارٹم جائز ہے؟ جب کہ میت کے وارث منع کرتے ہیں کہ ہم پوسٹ مارٹم نہیں کرائیں گے' ایک تو ظلم کہ فائرنگ کرکے قتل کیا اور پھر ظلم قتل کے بعد پوسٹ مارٹم کے ذریعے کیا جاتا ہے' اس کا

شرعی حکم کیا ہے؟

**جواب :** ---------پوسٹ مارٹم کا جو طریقہ آپ نے ذکر کیا ہے یہ صریح طور پر ظلم ہے اور اس کو فحاشی میں شمار کیا جاسکتا ہے اور جب ایک آدمی مرگیا اور اس کے قاتل کا بھی پتا نہیں تو اس کی لاش کی بے حرمتی کرنے کا کیا فائدہ؟ لاش وارثوں کے حوالے کردی جائے اور اور اگر لاش لاوارث ہو تو اس کی تدفین کردی جائے' بہرحال برہنہ پوسٹ مارٹم حد سے زیادہ تکلیف دہ ہے' خصوصاً جب کہ مردوں اور عورتوں کا ایک طرح پوسٹ مارٹم کیا جاتا ہے۔ یہ چند در چند قباحتوں کا مجموعہ ہے' گورنمنٹ کو چاہئے کہ اس کو ازروئے قانون بند کردے۔

## جھوٹے حلف نامے کا کفارہ

**سوال :** ---------ایک مدت سے ذہنی کشمکش میں گرفتار ہوں آپ سے رہنمائی کا طالب ہوں' قرآن وحدیث کی روشنی میں مجھے میرے مسئلے کا حل بتائیں۔

میرا شمار ایک ماہر ڈاکٹر میں ہوتا ہے۔ کچھ عرصے پہلے تک میں دین سے نابلد تھا۔ تین سال قبل میں ایف آر سی ایس کرنے لندن گیا وہاں انڈیا سے آئی ہوئی تبلیغی جماعت سے سامنا ہوگیا' اس کے بعد سے میری دنیا بدل گئی۔ حرام' حلال کا ادراک ہوا' آپ کا کالم بڑی باقاعدگی سے پڑھتا ہوں' پچھلے دنوں حرام کی کمائی کے متعلق آپ کا جواب پڑھا کہ کس طرح گھرانے کا سربراہ اپنے پورے گھر کو حرام کی کمائی کھلارہا ہے اور آپ نے جس طرح دوراندیشی سے اس کی بیوی کو حل بتایا کہ کسی غیر مسلم سے قرض لے کر گھر چلاؤ۔ میں اسی دن سے سخت مضطرب ہوں' میری کہانی یہ ہے کہ بظاہر اچھے نمبر ہونے کے باوجود جب کراچی میں میڈیکل میں داخلہ نہیں ملا تو میں نے جعلی ڈومیسائل بناکر پنجاب میں

ڈاکٹری میں داخلہ لے لیا اور وہاں ہی سے اپنی تعلیم مکمل کی۔ اب ذہن میں یہ کشمکش ہے کہ چونکہ میں نے ڈومیسائل بنواتے وقت حلف نامہ داخل کیا کہ میں لاہور میں پیدا ہوا ہوں جو کہ جھوٹا حلف نامہ تھا۔ اس کے بعد مستقل رہائش یعنی پی آر سی بھی میں نے داخل کیا' اس کے لئے بھی جھوٹا حلف نامہ داخل کیا' تیسری غلطی یہ کی کہ جب ڈاکٹری کا فارم بھرا تو اس میں بھی جھوٹے حلف نامے داخل کئے' جھوٹے لاہور کے ایڈریس لکھے' اب آپ مجھے قرآن وحدیث کی روشنی میں آگاہ فرمائیں کہ ڈگری حاصل کرنے کے لئے میں نے حلال اور حرام میں تمیز نہیں کی' جھوٹے حلف نامے داخل کئے' جھوٹ پر مبنی سرٹیفکیٹ (ڈومیسائل اور پی آر سی) جمع کرائے' اگر میں یہ سب کچھ نہ جمع کراتا تو آج ڈاکٹر نہ ہوتا' نہ ہی داخلہ ملتا' اب یہ سب کچھ کرنے کے بعد جو مجھے ڈگری عطا ہوئی ہے اس کی حیثیت کیا ہے؟ اور اس ڈگری کی وجہ سے جو آمدنی ہورہی ہے اس کی حیثیت کیا ہے؟ آیا حرام کمائی میں شمار ہوگا یا حلال کمائی کہلائے گی۔ آپ مجھے آگاہ کریں کہ آیا میری کمائی جو ڈاکٹری کے پیشے سے ہوئی ہے وہ حلال ہے یا نہیں؟ اگر حلال نہیں تو میں کچھ اور کام کرکے اپنے اہل وعیال کو حلال کمائی کھلاسکوں۔

**جواب** : ـــــــ آپ نے جھوٹے حلف نامے داخل کئے ان کا آپ پر وبال ہوا' جن سے توبہ لازم ہے' جھوٹی قسم کھانا شدید ترین گناہ ہے' اس کے لئے آپ اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر توبہ کریں۔ جہاں تک آپ کی ڈاکٹری کا تعلق ہے' اگر آپ نے ڈاکٹری کا امتحان پاس کیا ہے اور اس میں کوئی گھپلا نہیں کیا اور آپ میں صحیح طور پر ڈاکٹر کی استعداد موجود ہے تو آپ کا یہ ڈاکٹری کا پیشہ جائز ہے۔

## مسجد سے قرآن گھر لے جانے کا حکم

**سوال :** ——— ہماری مسجد میں ۷۰۰ قرآن ہیں' پڑھنے والے یومیہ صرف ۱۳ آدمی ہوتے ہیں۔ رمضان میں لوگ نئے قرآن لاکر رکھ دیتے ہیں' الماری میں جگہ نہیں ہوتی' لہٰذا پچھلے سال کے قرآن بوری میں ڈال دیتے ہیں تاکہ سمندر میں ڈال دیا جائے۔ ہر مسجد میں کم وبیش یہی حال ہے۔ قرآن ضرورت سے زائد ہیں جن کو بوری میں ڈالنے کے بجائے اگر لوگوں کے گھروں میں تقسیم کردیئے جائیں تو لوگ منع کرتے ہیں کہ مسجد کا مال آپ گھروں میں کیوں تقسیم کرتے ہیں' سوال یہ ہے کہ کیاہم مسجد سے قرآن اٹھاکر لوگوں میں تقسیم کرسکتے ہیں تاکہ بوری میں ڈالنے اور ضائع ہوجانے سے بچ جائیں جب کہ یہ قرآن مکمل محفوظ ہوتے ہیں؟

**جواب :** ——— جو قرآن مجید مسجد کی ضرورت سے زائد ہیں۔ باہر چھوٹے دیہات میں بھجوادیئے جائیں جہاں قرآن مجید کی کمی ہوتی ہے۔

## گٹر کے ڈھکن کے نیچے اخبار لگانا

**سوال :** ——— کارپوریشن گٹر کے ڈھکن سیمنٹ کے بنواکر لگاتی ہے جب کہ سیمنٹ کے ڈھکن کے نیچے کی طرف اخبار چپکا ہوتا ہے اور اس کو اکھاڑنا بھی ناممکن ہوتا ہے' ان اخباروں میں اکثر اللہ کا نام اور آیات بھی ہوتی ہیں۔ کیا یہ آیات کی بے ادبی نہیں ہے؟ ان گٹر کے ڈھکنوں کے اوپر جوتے رکھ کر چلنا جائز ہے؟

**جواب :** ———ایسے اخبار جن پر خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام

لکھا ہو گٹر کے ڈھکن کیلئے ان کا استعمال جائز نہیں ہے۔

## تاریخی روایات کی شرعی حیثیت

س : ------ اسلامی تعلیمات اور قرآن وسنت کی روشنی میں کسی بھی مسئلہ کے حل کے لئے نگاہیں آپ ہی کی طرف اٹھتی ہیں کیونکہ آپ کے عقائد قرآن اور حدیث سے سرمو متجاوز نہیں ہیں۔ آپ کی خدمت میں مورخہ ۲۰ مئی ۹۴ء کا روزنامہ جنگ کا تراشا بھیج رہا ہوں۔ امید ہے آپ اپنے بے پناہ مصروف شیڈول میں سے وقت نکال کر اس کو پڑھیں گے اور اس خاکسار کی الجھن کو رفع کریں گے۔ گو کہ اس تراشے میں کوئی ایسی بات نہیں جو میرے ایمان اور عقائد پر کوئی اثر ڈال رہی ہو مگر جب بھی نگاہ اس طرح کے مضامین پر پڑتی ہے جس میں یہ شبہ پیدا ہوا ہے کہ مضمون نگار کے پاس یہ معلومات کہاں سے آئی ہیں تو شدید الجھن پیدا ہو جاتی ہے۔

محترم مولانا! ہم کم علم لوگ یہ خاص طور پر میں اپنے آپ کے لیے کہہ رہا ہوں، ہم لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اسلامی تعلیمات اور معلومات جس میں اس کائنات سے لے کر، ایمان وعقائد کے جملہ مسائل موجود ہیں، کا منبع قرآن اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات ہیں۔ اگر کوئی مضمون نگار کوئی ایسی بات لکھتا ہے جو قرآن سے ثابت نہ ہو اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہؓ کو نہ بتائی ہو اس کی صحت تسلیم کرنے میں دل بہت لیت ولعل سے کام لیتا ہے۔ میں یہ نہیں کہوں گا کہ اس مضمون میں مضمون نگار نے غلط باتیں لکھی ہیں مگر تھوڑا بہت جو قرآن کا مطالعہ کیا ہے اور احادیث اور ان کی تشریحات

پڑھی ہیں اس پر یہ مضمون فٹ نہیں ہوتا۔ ہوسکتا ہے کہ الجھن اور غلط فہمی محض میری جہالت کی وجہ سے ہو اس لئے معاملہ آپ کی طرف لوٹاتا ہوں۔ براہ مہربانی وضاحت کیجئے کہ مضمون نگار نے جو کچھ اس مضمون میں لکھا ہے اس کا ماخذ اور منبع کیا ہے اور اگر یہ باتیں صحیح ہیں تو اس کی صحت کی سند کیا ہے؟ اور غلط ہیں تو براہ مہربانی بے لاگ تبصرہ فرمادیجئے' شکریہ۔

ج :—— آپ کی فرمائش پر میں نے منسلکہ مضمون کو پڑھا' اس پر کچھ روایات ہیں اور کچھ مضمون نگار کے اخذ کردہ نتائج اور قیاسات ہیں۔ تاریخی روایات بعض صحابہؓ و تابعینؒ سے مروی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں بہرحال مضمون نگار نے جو اقوال نقل کئے ہیں وہ تفسیر ابن جریر اور کتب تفسیر میں موجود ہیں۔ ان روایات واقوال کی حیثیت محض ایک تاریخی واقعہ کی ہے۔ جس کا عقیدہ و عمل سے کوئی تعلق نہیں' اور تاریخی روایات پر صحت سند کا بھی زیادہ اونچا معیار برقرار نہیں رہتا' لہٰذا ان کو بس اسی حیثیت سے نقل کیا جائے۔ نہ صحت سند کی ضمانت دی جاسکتی ہے۔ (الا ماشاء اللہ) نہ ان کے تسلیم کرنے پر کسی کو مجبور کیا جاسکتا ہے۔ اور نہ ان پر کسی عقیدے یا عمل کی بنیاد ہی رکھی جاسکتی ہے۔ یہ اصول نہ صرف زیر بحث روایات ہی سے متعلق ہے۔ بلکہ تمام تاریخی روایات سے متعلق ہے۔ اس کو اچھی طرح سمجھ لینا ضروری ہے۔ قرآن وحدیث تمام علوم کا سرچشمہ ہے لیکن قرآن تاریخ کی کتاب نہیں جس پر تاریخی واقعات کو مفصل و مرتب شکل میں بیان کرنے کا التزام کیا گیا ہو' اسی طرح احادیث شریف کو سمجھنا چاہئے' اگر کوئی واقعہ قرآن کریم میں ذکر کیا گیا ہے یا حدیث صحیح میں وارد ہوا ہے تو اس کا ماننا ضروری ہے ورنہ تردد و قبول دونوں کی گنجائش ہے۔

مضمون نگار نے "اول بیت وضع للناس" کی جو تشریح کی ہے اس میں حدود سے تجاوز ہے۔ حالانکہ اس کے مضمون کا مرکز ماخذ تفسیر بغوی ہے اور اس پر اس جملہ کی تفسیر میں متعدد اقوال نقل کئے ہیں۔ اسی طرح مصنف کے بعض قیاسات بھی محل نظر ہیں جن کی تفصیل کی نہ فرصت ہے نہ ضرورت ہے۔

## غیر مسلموں کا مساجد میں سیر و معائنہ کے لئے داخلہ

س : ——— مسئلہ کچھ یوں ہے کہ آج کل ملک میں ممالک غیر سے حکومتی وفود آتے رہتے ہیں جن میں غیر مسلم بھی شامل ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو حکومتی ارباب حل وعقد وصدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی رضامندی سے مساجد کی سیر کروائی جاتی ہے۔ خاص طور پر "فیصل مسجد" اسلام آباد۔ ان وفود میں عورتیں بھی شامل ہوتی ہیں۔ تو ایسی صورت حال میں ان عورتوں اور غیر مسلموں کا مساجد میں داخل ہونا کیا جائز ہے؟

ج : ——— چند مسائل لائق توجہ ہیں :

۱ : ———مساجد عبادت گاہیں ہیں' تفریح گاہیں نہیں' ان کو تفریح کی جگہ بنالینا نہایت بری بات ہے۔

۲ : ——— غیر مسلم کا مسجد میں جانا تو جائز ہے لیکن یہ آنے والے اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں جنھوں نے غیر ستر کا لباس پہنا ہوا ہوتا ہے' ان کے گھٹنے ننگے ہوتے ہیں' عورتیں بے پردہ ہوتی ہیں' اور ان میں سے بہت ممکن ہے کہ بہت سے لوگوں نے غسل جنابت بھی نہ کیا ہو' ایسی حالت میں ان کا مساجد میں آنا

حرام' اور مسلمانوں کے لئے قابل نفرین ہے۔

۳ : ---------بہت سی عورتیں ایسی ہیں کہ وہ ناپاک حالت میں ہونے کی وجہ سے مساجد میں جانے کی اہل نہیں ہوتیں۔ حیض ونفاس کی حالت میں ہیں' یا زچگی کی حالت میں ہیں یا جنابت کی حالت میں ہیں' اور وہ تو چونکہ جاہل ہیں' ان کو مسئلہ معلوم نہیں' نہ ان کے دل میں اللہ کے گھروں کا احترام ہے' اس لئے بے تکلف وہ بھی آتی جاتی ہیں' ایسی عورتوں کا آنا اور ان کو آنے کی اجازت دینا موجب لعنت ہے۔

۴ :- بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ اپنے ساتھ کھیل کود کا سامان لئے پھرتے ہیں' کیمرے ان کے گلے میں حمائل ہیں اور کھانے پینے سے ان کو کوئی پرہیز نہیں۔ چھوٹے بچے کھیل کود میں مشغول ہو جاتے ہیں الغرض مسجد کو بہت سی بے حرمتیوں کا نشانہ بنالیا جاتا ہے۔ اس لئے ان کا آنا صحیح نہیں۔

۵ : ---------حکومت اگر غیر مسلموں کو اجازت دیتی ہے تو اس کا مقصد یہ ہے کہ ان کے دلوں میں اسلام کی عظمت قائم ہو' لیکن حکومت کو چاہئے کہ اس داخلے کے لئے خاص شرائط مقرر کرے۔

## کیا یونین کے غلط حلف کو توڑنا جائز ہے؟

س : ---------ہمارے ادارے کے لیبر یونین کے دو رہنماؤں نے گزشتہ چند ماہ قبل ہمارے چند ساتھیوں سے فرداً فرداً وفاداری کا حلف قرآن پاک پر ہاتھ رکھوا کر اٹھوایا لیکن اب مذکورہ یونین اور اس کے متعلقہ دونوں رہنما حلف اٹھانے والوں کے حقوق واختیارات کو سلب کر رہے ہیں ادارے کے مزدوروں

کے مفادات کے خلاف کام کررہے ہیں اور ذاتی مفادات حاصل کررہے ہیں حتیٰ کہ اگر کوئی مزدور ان کے خلاف آواز اٹھاتا ہے تو اسے انتقامی کاروائی کا نشانہ بنایا جاتا ہے اس صورت حال میں ہمارا مذکورہ یونین و متعلقہ دونوں رہنماؤں کے ساتھ چلنا مشکل ہے۔

## حلف کا متن

میں فلاں بن فلاں حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میں یونین کا وفادار رہوں گا اگر میں غداری کروں گا تو مجھ پر خدا کی مار پڑے گی اگر میں اس حلف کو توڑنے اور کفارہ ادا کرنے کی غرض سے مولوی یا عالم سے رجوع کروں گا تو بھی مجھ پر خدا کی مار پڑے گی۔ اس حلف وفاداری کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اس حلف کو توڑا جاسکتا ہے تو اس کا کفارہ کیا ہے؟

ج : ــــــ کسی فرد یا ادارے یا تنظیم کے ساتھ وفاداری کا ایسا عہد کرنا کہ خواہ وہ جائز کام کرے یا ناجائز' ہر حال میں اس کا وفادار رہے گا' یہ شرعاً جائز نہیں ہاں! یہ عہد کرنا صحیح ہے کہ اچھے اور نیک کام میں وفاداری کروں گا غلط اور برے کام میں وفاداری نہیں کروں گا۔

آپ نے "حلف نامہ کا جو متن" نقل کیا ہے' یہ غیر مشروط وفاداری کا ہے اور یہ شرعاً ناجائز ہے خصوصاً اس میں جو کہا گیا ہے کہ "کسی مولوی سے بھی رجوع کروں تو مجھ پر خدا کی مار پڑے" کے الفاظ بھی ناجائز ہیں۔

۲ : ــــــ اگر آدمی غلط اور ناجائز قسم کھالے تو اس کا توڑ دینا واجب ہے اور ایسی قسم کھانے پر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے اور توبہ کرے۔

۳ : ......اس حلف کو توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ اس ناجائز حلف کو توڑ کر قسم توڑنے کا کفارہ ادا کرے اور قسم توڑنے کا کفارہ قرآن کریم میں یہ بیان فرمایا کہ دس محتاجوں کو دو وقت کا کھانا کھلائے (اور اگر کھانا کھلانے کی بجائے ہر محتاج کو صدقہ فطر کی مقدار غلہ یا اس کی نقد قیمت دے دے تب بھی صحیح ہے)' یا دس محتاجوں کو لباس پہنچائے (ہر محتاج کو اتنا لباس دینا کافی ہے جس میں نماز جائز ہو یعنی ایک لنگی جس سے ناف سے گھٹنوں تک ستر چھپ جائے) اور یہ نہ کرسکتا ہو تو تین دن کے روزے رکھے۔

# کنٹیکٹ لینسز کی صورت میں وضو کے مسائل

س :—— آج کل نظر کی عینک کے بجائے "کنٹیکٹ لینسز" کا استعمال بہت عام ہورہا ہے' کنٹیکٹ لینسز آنکھ کے اندر (گول کالے والے حصے کے اوپر) لگایا جاتا ہے۔ یہ پلاسٹک کی گول شکل میں ہے اور آنکھ کے اس حصے کو ڈھانپ لیتا ہے اور پھر اس کو لگانے کے بعد نظر کی عینک کی ضرورت نہیں رہتی۔ یہ ٹرانسپیرنٹ یعنی شفاف بھی ہوتا ہے اور مختلف رنگوں میں بھی دستیاب ہیں۔ پوچھنا یہ ہے مولانا صاحب! کہ کیا لینسز کی آنکھ میں موجودگی کے دوران اگر نماز کیلئے وضو کیا جائے تو کیا وہ درست ہوگا؟ (لینسز پہننے کے بعد منہ دھویا جاسکتا ہے اگر آنکھ کے اندر پانی بھی چلا جائے تو کوئی حرج نہیں ہوتا۔ یہ بات ڈاکٹرز کہتے ہیں) براہ مہربانی آپ اسلامی نقطہ نظر اور وضو کے قواعد وضوابط کے مطابق بتائیں کہ آیا وضو درست ہوجاتا ہے یا نہیں؟ دوسری بات یہ ہے کہ روزے میں اس کے لگانے سے کوئی قباحت تو نہیں؟ روزے کے ٹوٹنے یا مکروہ ہونے کا کوئی ہلکا سا بھی احتمال تو نہیں؟

ج : ——— اس سے وضو اور غسل پر کوئی فرق نہیں پڑتا اور روزے پر بھی کوئی کراہت لازم نہیں آتی۔

## شوہر کے مرتد ہونے سے نکاح فسخ ہوگیا

س : ——— میری عمر ۳۰ سال ہے۔ میرے والد پی آئی اے میں ڈرائیور تھے جو کہ اب ریٹائرڈ ہوچکے ہیں۔ میرا ایک بھائی جو کہ ابھی زیر تعلیم ہے۔ میری والدہ دل کی مریضہ ہیں' میری شادی والدین کی رضامندی سے میری پھوپھی کے بیٹے سے انڈیا میں ہوئی ہے' میرے شوہر کا نام سعید شیخ ہے جس سے میرے دو لڑکے ہیں۔ لڑکے کی عمر ۱۳ سال اور چھوٹے کی عمر ۱۱ سال' میرے شوہر نے اب ہندو مذہب اپنالیا ہے اور انڈیا کی تحریک شوشنا جو کہ ہندو تحریک ہے اس میں شامل ہوگیا ہے شراب پیتا' جوا کھیلتا اور عورتوں کو گھر میں لاتا' قرآن کو پھاڑ کر زمین پر ڈال کر شراب ڈال کر اطراف ناچ ناچ کر یہ کہتا ہے کہ دیکھو تمہارا اللہ میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا اور یہ کہ جب میں مرجاؤں گا تو مجھ کو جلانا۔ مولانا صاحب یہ مجھے ناجائز کاموں کے لئے کہتا ہے اور اپنے ہندو دوستوں کو گھر میں لاکر مجھ سے کہتا ہے کہ میں ان سے غلط تعلقات قائم کروں۔ جب یہ سب ماننے سے میں انکار کرتی ہوں تو مجھے بہت مارتا ہے اور سگریٹ سے جلاتا ہے ان سب باتوں کی خبر میرے والدین کو ہوئی تو میری والدہ انڈیا آکر مجھے اور بچوں کو پاکستان لے آئی' مجھے پاکستان آئے ہوئے ۲ سال ۷ مہینے ہوگئے ہیں۔ میرا میرے شوہر سے کوئی رابطہ نہیں ہے نہ وہ مجھے کوئی خرچ نہ خط کچھ بھی نہیں بھیجتا ہے۔ میں گھر کے قریب ایک فیکٹری میں کام کرکے اپنے بچوں کی کفالت کرتی ہوں۔ مولانا صاحب قرآن اور سنت کی روشنی میں میرا ایسے شخص کے ساتھ نکاح ہے یا ختم ہوگیا

ہے؟ (میرے شوہر نے گھر میں مندر بنالیا ہے اور بدھ کو پوجا صبح شام کرتے ہیں اور مجھے نماز روزے کسی بھی چیز کی اجازت نہیں ہے)

ج : ــــــ جو واقعات سوال میں لکھے ہیں اگر صحیح ہیں تو شوہر کے مرتد ہوجانے کے بعد نکاح فسخ ہوچکا ہے' اور چونکہ اس عرصہ میں عدت ختم ہوچکی ہے اس لئے آپ اگر چاہیں تو دوسری جگہ شادی کرسکتی ہیں پہلے شوہر کے ساتھ اب کوئی تعلق نہیں رہا۔

## چار شادیوں پر پابندی اور مساوات کا مطالبہ

س : ــــــ گزشتہ دنوں کراچی میں عورتوں کے عالمی دن کے موقع پر مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے تقاریب منعقد ہوئیں جن میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ "ایک سے زیادہ شادیوں پر پابندی عائد کی جائے اور عورتوں کو مردوں کے مساوی وراثت کا حق حاصل ہونا چاہئے۔ اسی طرح شادی اور طلاق میں عورتوں کو مردوں کے مساوی حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔

۱ : ــــــ اسلامی نقطہ نگاہ سے ان مطالبات کی کیا اہمیت ہے؟

۲ : ــــــ ایسے مطالبے کرنے والے شرعی نقطہ نگاہ سے کیا اب تک دائرۂ اسلام میں داخل ہیں؟

۳ : ــــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کا مذاق اڑانے والوں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کے خلاف آواز اٹھانے والوں کی اسلام میں کیا سزا ہے؟

**جواب :** ------ان بے چاری خواتین نے جن کے مطالبات آپ نے نقل کئے ہیں' یہ دعویٰ کب کیا ہے کہ وہ اسلام کی ترجمانی کررہی ہیں' تاکہ آپ یہ سوال کریں کہ وہ دائرۂ اسلام میں رہیں یا نہیں؟ رہا یہ کہ اسلامی نقطہ نظر سے ان مطالبات کی کیا اہمیت ہے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب ہر مسلمان کو معلوم ہے۔ کون نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مرد کو بشرط عدل چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ عورت کو چار شوہر کرنے کی اجازت اللہ تعالیٰ نے تو کجا؟ کسی ادنیٰ عقل وفہم کے شخص نے بھی نہیں دی۔ اور یہ بھی سب جانتے ہیں کہ قرآن کریم نے وراثت اور شہادت میں عورت کا حصہ مرد سے نصف رکھا ہے۔ اور طلاق کا اختیار مرد کو دیا ہے۔ جب کہ عورت کو طلاق مانگنے کا اختیار دیا ہے' طلاق دینے کا نہیں۔ اب فرمان الٰہی سے بڑھ کر اسلامی نقطہ نظر کی وضاحت کون کرے گا؟ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مسلم معاشرہ میں بڑی بھاری اکثریت ایسی باعفت' باسلیقہ اور اطاعت شعار خواتین کی رہی ہے جنہوں نے اپنے گھروں کو جنت کا نمونہ بنا رکھا ہے۔ واقعتاً حوران بہشتی کو بھی ان کی جنت پر رشک آتا ہے۔ اور یہ پاکباز خواتین اپنے گھر کی جنت کی حکمران ہیں' اور اپنی اولاد اور شوہروں کے دلوں پر حکومت کررہی ہیں۔ لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ بعض گھروں میں مرد بڑے ظالم ہوتے ہیں اور ان کی خواتین ان سے بڑھ کر بے سلیقہ اور آداب زندگی سے ناآشنا۔ ایسے گھروں میں میاں بیوی کی "جنگ انا" ہمیشہ برپا رہتی ہے اور اس کے شور شرابے سے ان کے آس پڑوس کے ہمسایوں کی زندگی بھی اجیرن ہوجاتی ہے۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ "عورتوں کے عالمی دن" کے موقع پر جن بیگمات نے اپنے مطالبات کی فہرست پیش کی ہے ان کا تعلق بھی خواتین کے اسی طبقہ سے ہے

جن کا گھر جہنم کا نمونہ پیش کر رہا ہے' اور اس کے جگر شگاف شعلے اخبارات کی سطح تک بلند ہو رہے ہیں' اور وہ غالباً اپنے ظالم شوہروں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر رہی ہیں' اور چونکہ یہ انسانی فطرت کی کمزوری ہے کہ وہ دوسروں کو بھی اپنے جیسا سمجھا کرتا ہے اس لئے اپنے گھروں کو جہنم کی آگ میں جلتے ہوئے دیکھ کر یہ بیگمات سمجھتی ہوں گی کہ جس طرح وہ خود مظلوم و مقہور ہیں' اور اپنے ظالم شوہروں کے ظلم سے تنگ آچکی ہیں کچھ یہی کیفیت مسلمانوں کے دوسرے گھروں میں بھی ہوگی' اس لئے وہ بزعم خود تمام مسلم خواتین کی طرف سے مطالبات پیش کر رہی ہیں۔ حالانکہ یہ ان کی "آپ بیتی" ہے' "جگ بیتی" نہیں۔ سو ایسی خواتین واقعی لائق رحم ہیں' ہر نیک دل انسان کو ان سے ہمدردی ہونی چاہئے' اور حکومت سے مطالبہ کیا جانا چاہئے کہ ان مظلوم بیگمات کو ان کے درندہ صفت شوہروں کے چنگل سے فوراً نجات دلائے۔

میں ایسے مطالبے کرنے والی خواتین کو مشورہ دوں گا کہ وہ اپنی برادری کی خواتین میں یہ تحریک چلائیں کہ جس شخص کی ایک بیوی موجود ہو اس کے حبالہ عقد میں آنے کو کسی قیمت پر بھی منظور نہ کیا کریں۔ ظاہر ہے کہ اس صورت میں مردوں کی ایک سے زیادہ شادی پر خود بخود پابندی لگ جائے گی' اور ان محترم بیگمات کو حکومت سے مطالبہ کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

رہا طلاق کا اختیار تو اس کا حل پہلے سے موجود ہے کہ جب بھی میاں بیوی کے درمیان ان بن ہو فوراً خلع کا مطالبہ کر دیا جائے' ظالم شوہر خلع نہ دے تو عدالت خلع دلوا دے گی' بہرحال اس کے لئے حکومت سے مطالبہ کی ضرورت نہیں۔ رہا مرد و عورت کی برابری کا مسئلہ! تو آج کل امریکہ بہادر اس مساوات کا سب سے بڑا علمبردار بھی ہے' اور ساری دنیا کا اکیلا چودھری بھی۔ یہ مطالبہ کرنے

والی خواتین امریکی ایوان صدر کا گھیراؤ کریں' اور مطالبہ کریں کہ جب سے امریکہ مہذب دنیا کی برادری میں شامل ہوا ہے آج تک اس نے ایک خاتون خانہ کو بھی امریکی صدارت کا منصب مرحمت نہیں فرمایا' لہٰذا فی الفور امریکہ کے صدر کلنٹن صدارت کے منصب سے اپنی اہلیہ محترمہ کے حق میں دستبردار ہوجائیں' اسی طرح امریکی حکومت کے وزرا اور ارکان دولت بھی اپنی اپنی بیگمات کے حق میں دستبردار ہوکر گھروں میں جابیٹھیں پھر یہ خواتین فوراً یہ قانون وضع کریں کہ جتنا عرصہ مردوں نے امریکہ پر راج کیا ہے اتنے عرصہ کے لئے خواتین حکومت کریں گی' اور اتنے عرصہ تک کسی مرد کو امریکی حکومت کے کسی منصب پر نہیں لیا جائے گا۔ تاکہ مرد و زن کی مساوات کی ابتدا امریکہ بہادر سے ہو' اگر ان معزز خواتین نے اس معرکہ کو سر کرلیا تو دنیا میں عورت اور مرد کی برابری کی ایسی ہوا چل گی کہ ان خواتین کو اخبارات کے اوراق سیاہ کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اللہ تعالیٰ ان خواتین کے حال زار پر رحم فرمائیں۔

## مذہب سے باغی ذہن والے کا خواب اور اس کی تعبیر

س : ــــــــایک بچی نے اپنا ایک طویل اور عجیب وغریب خواب ذکر کیا تھا جس میں طبیعت کی جذباتیت کی بنا پر تشکیک' الحاد اور اعمال صالحہ سے بے رغبتی کا تذکرہ کرتے ہوئے ایک خواب بیان کیا جس میں عالم برزخ میں روحوں کی آپس میں ملاقات' ملائکہ سے گفتگو اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی تجلیات کے نورانی پردوں میں زیارت اور اللہ رب رحیم کی مہربان ذات سے شرف ہمکلامی کا حسین وجمیل منظر پیش کیا گیا تھا اس پر چند حروف رقم کرتا ہوں تاکہ خواب کی دنیا

کا کچھ خاکہ بھی سامنے آجائے اور مذکورہ خواب کے کچھ تعبیری پہلوؤں کا تذکرہ بھی ہوجائے۔

**جواب :—** بیٹی! میرے پاس اتنے لمبے خط پڑھنے کی فرصت نہیں ہوتی مگر تمہارا خط اس کے باوجود اول سے آخر تک پورا پڑھا پہلے یہ سمجھ لو کہ خواب میں آدمی کے خیالات جو اس کے تحت الشعور اور لاشعور میں دبے ہوئے ہوتے ہیں' مختلف صورتوں میں متشکل ہوجاتے ہیں اس لئے یہ پتہ چلانا کہ خواب کے کون سے اجزاء اصل واقعہ ہیں اور کون سے ذہنی خیالات کی پیداوار.... بڑا مشکل ہوتا ہے۔

دوسری بات یہ ملحوظ رکھنی چاہئے کہ خواب کے جو اجزاء آدمی کے ذہنی خیالات سے ماورا ہوں' وہ بھی تعبیر کے محتاج ہوتے ہیں انکے ظاہری مفہوم مراد نہیں ہوتے۔

تیسری بات یہ یاد رہنی چاہئے کہ مابعد الموت (قبر اور حشر) کے حالات اس دنیا میں کامل و مکمل ظاہر نہیں ہوسکتے نہ بیداری میں اور نہ خواب میں' اس لئے کہ ہماری اس زندگی کا پیمانہ ان کا متحمل ہی نہیں ہوسکتا اس لئے خواب میں مابعد الموت کے جو مناظر دکھائے جاتے ہیں' وہ ایک ہلکی سی جھلک ہوتی ہے۔

ان تین باتوں کو اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد اب اپنے خواب پر غور کیجئے آپ کا ذہن مذہب سے باغی اور خدا کا منکر تھا' موت کے بعد کی زندگی کا قائل نہیں تھا اس لئے حق تعالیٰ شانہ نے آپ کو خواب میں اس زندگی کے بارے میں (آپ کی قوت برداشت کی رعایت رکھتے ہوئے) چند ہلکے پھلکے مناظر دکھائے' نانی اماں نے جس پوسٹ آفس کی بات کی تھی' اس سے مراد دعا و استغفار اور ایصال

ثواب ہے جو زندوں کی طرف سے مرحومین کو کیا جاتا ہے' اور ارواح کا آپس میں خوش گپیوں میں مشغول دیکھنا' اس حقیقت کی طرف اشارہ تھا کہ مسلمان ارواح کی وہاں ملاقات ہوتی ہے اور فرشتوں کے ساتھ آپ کی گفتگو اور آپ کو رب العالمین سے ملاقات کے لئے لے جانا اس طرف اشارہ تھا کہ اہل ایمان کے ساتھ بہت رحمت و شفقت کا معاملہ کیا جاتا ہے اور نماز' روزہ اور تلاوت کے بارے میں سوالات اس بات پر تنبیہہ تھی کہ وہاں یہی چیزیں کام آتی ہیں جن کو یہاں ہم لوگ "شغل بے کاری" سمجھا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ کہا جانا کہ "کیسی ہو تم؟" اس پر آپ کے ان الفاظ سے مجھے تو وجد آگیا کہ "میں آپ کو بتا نہیں سکتی کہ اس آواز میں کتنی نرمی اور محبت ہوتی ہے' آہ! وہ میٹھی مہربان اور شفقت بھری آواز" واقعی حق تعالیٰ شانہ کے کلام کی شیرینی اور مٹھاس اور اسکی لذت اور سحر آفرینی کی کیفیت سے الفاظ کا ناطقہ بند ہے' یہ آپ کو ذرا سی جھلک دکھائی گئی ہے کہ کلام الٰہی میں کیا لذت' تاثیر ہے؟ اللہ تعالیٰ کے ان مقبول بندوں کا کیا عالم ہوگا جن کو حق تعالیٰ شانہ اپنی ہم کلامی کا شرف عطا فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف سے محض اپنے فضل سے اپنی ذات عالی کے طفیل ہمیں بھی یہ دولت کبریٰ نصیب فرمائیں۔

حق تعالیٰ شانہ کے دیدار کی جو کیفیت آپ نے قلمبند کی ہے' وہ محض ایک ہلکی پھلکی سی تمثیل ہے ورنہ ساری دنیا کی ماؤں کی ممتا بھی یکجا کرلی جائے اور پوری کائنات کا حسن و جمال بھی کسی ایک چیز میں مرتکز ہوجائے تو وہ اس پاک ذات کی ادنیٰ مخلوق ہوگی؟ مخلوق کو خالق سے کیا نسبت؟ اور اس بے مثال ذات عالی کی کیا مثال؟ بہرحال یہ سارے مناظر آپ کے ذہنی پیمانے کے مطابق تھے اور آپ کی "انکار خدا کی آگ" پر نشتر لگانا تھا کہ کیا یہ سب کچھ دیکھ کر بھی

خدا کا انکار کروگی؟ اب میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ آپ کا یہ خواب مبارک ہے اور اس میں آپ کو تنبیہہ کی گئی ہے کہ اپنی زندگی کی لائن تبدیل کریں اور اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی تیاری میں مشغول ہوجائیں۔ جوان ہونے کے بعد آپ سے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں جو جو کوتاہیاں ہوئی ہیں' عبادات میں سستی ہوئی ہے اس سے توبہ کریں اور ان تمام چیزوں کی تلافی کریں ہاں! یہ بات بھی یاد رکھیں کہ خوابوں سے نہ کوئی ولی بنتا ہے اور نہ یہ اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اس لئے خواب کو کوئی اہمیت نہ دی جائے بلکہ بیداری کے اعمال' اخلاق' عقائد کو درست کرنے اور اللہ ورسولؐ کے مطابق بنانے پر پوری توجہ اور ہمت لگانی چاہیے۔ میری معروضات کا خلاصہ یہ ہے کہ مابعد الموت کے یہ تمام مناظر جو آپ کو دکھائے گئے ہیں ان کی حقیقت اتنی ہی نہیں جو آپ کو دکھائی گئی وہاں کے جتنے حالات سمجھ میں آسکتے ہیں وہ سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرماچکے ہیں اس سے زیادہ وہاں کے حالات سمجھ میں نہیں آسکتے جب تک کہ وہاں جاکر ان کا مشاہدہ نہ ہوجائے۔ بہرحال آپ کا فرض ہے کہ اب آپ زندگی کی لائن کو بدلیں تاکہ جب آپ یہاں سے جائیں تو آپ کا شمار ''مومنات قانتات'' میں ہو اور اس کیلئے ضروری ہے کہ کسی شیخ متبع سنت سے اصلاحی تعلق قائم کرلیں اور ان کی ہدایات کے مطابق زندگی گزاریں۔ واللہ الموفق۔

## کیا میں زندگی میں وصیت کرسکتا ہوں؟

س :—— میرا ارادہ ہے کہ میں سنت کے مطابق اپنی زندگی میں وصیت کروں' میری صرف ایک لڑکی ہے' دوسری کوئی اولاد نہیں اور ہم چار بھائی ہیں

اور پانچ بہنیں ہیں جو سب شادی شدہ ہیں' ہم چاروں بھائیوں کی کمائی جدا جدا ہے اور والد مرحوم کی میراث صرف برساتی زمین ہے جو اب تک تقسیم نہیں ہوئی' باقی ہر کسی نے اپنی کمائی سے دکان' مکان خرید کیا ہے' جو ہر ایک کے اپنے اپنے نام پر ہے' اور میری اپنی کمائی سے دو دکان اور رہائشی مکان ہیں' ایک میں' میں خود رہتا ہوں' اور دوسرے مکان کو کرایہ پر دے رکھا ہے اور ایک آٹے کی چکی ہے جس کی قیمت تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ ہے۔ اب میرا خیال ہے کہ میں ایک دکان لڑکی اور اپنی زوجہ کے نام کروں اور دوسری دوکان اور چکی اور مکان جو کرایہ پر ہے ان کے بارے میں خدا کے نام پر وصیت کروں یعنی کسی مسجد یا دینی مدرسہ میں ان کی قیمت فروخت کرکے دے دی جائے اور بقایا زمین کا میرا حصہ وہ بھائیوں اور بہنوں کو ملے اور کیونکہ میرا لڑکا وغیرہ نہیں ہے جو بعد میں میرے لئے دعا وفاتحہ کرے اس لئے اب میرے دل میں فکر رہتا ہے کہ میں اپنی تمام جائداد کی وصیت کرکے دنیا سے جاؤں اور تمام جائیداد کو اللہ تعالیٰ کے دین کے لئے وقف کردوں' جو صدقہ جاریہ بن جائے اور میں نے ایک عالم دین سے مسئلہ وصیت کا دریافت کیا اس نے کہا آپ زندگی میں اپنی جائداد فروخت کرکے کسی دینی مدرسہ میں لگادیں کیونکہ آج کل بھائی لوگ وصیت کو پورا نہیں کرتے' اس لئے آپ اپنی زندگی میں یہ کام کرلیں' لیکن مولانا صاحب آج کل حالات اجازت نہیں دیتے ہیں کیونکہ میری دس سال کی کمائی ہوئی چیزیں ہیں اور کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے کہ میں اپنی زندگی بسر کروں اور مزدوری نہیں کرسکتا ہوں' زمین وغیرہ برساتی ہے اس پر کوئی بھروسہ نہیں ہے اگر میں ان کو اپنی زندگی میں فروخت کرکے صدقہ کروں تو ڈر ہے محتاج ہونے کا' اور اب میری عمر چالیس بیالیس ہے' آپ براہ کرم میری رہنمائی فرمائیں' کیا کروں اور باقی میرے بھائی

وغیرہ سب الحمد للہ اچھی حالت میں ہیں محتاج نہیں' صاحب دولت ہیں' اگر میں کسی اور کو اپنا وکیل مقرر کروں کہ آپ میرے مرنے کے بعد یہ فروخت کرکے دینی کام میں لگادیں یا کسی عالم دین کو وکیل بنادوں تو کیسا ہے؟ کیونکہ وارثوں پر بھروسہ نہیں ہے وہ اپنی لالچ میں وصیت کو پورا نہ کریں گے' اس لئے آپ میری جائداد تقسیم کرکے اور وصیت کے بارے میں بتاکر شکریہ کا موقع دیں؟

میرے وارث یہ ہیں : چار بھائی' پانچ بہنیں' ایک لڑکی' بیوی اور میری والدہ صاحبہ۔

**جواب** : ــــــ آپ کے خط کے جواب میں چند ضروری مسائل ذکر کرتا ہوں :

۱ : ـــــــ آپ اپنی صحت کے زمانے میں کوئی دکان یا مکان بیوی کو یا لڑکی کو ہبہ کردیں تو شرعاً جائز ہے' مکان یا دکان ان کے نام کرکے ان کے حوالہ کردیں۔

۲ : ـــــــ یہ وصیت کرنا جائز ہے کہ میرے مرنے کے بعد میرا اتنا مال مساجد ومدارس میں دے دیا جائے۔

۳ : ـــــــ وصیت صرف ایک تہائی مال میں جائز ہے' اس سے زیادہ کی وصیت وارثوں کی اجازت کے بغیر صحیح نہیں اگر کسی نے ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت کی تو تہائی مال میں تو وصیت نافذ ہوگی' اس سے زیادہ میں وارثوں کی اجازت کے بغیر نافذ نہیں ہوگی۔

۴ : ـــــــ اگر کسی کو اندیشہ ہو کہ وارث اس کی وصیت کو پورا نہیں کریں گے تو اس کو چاہئے کہ دو ایسے آدمیوں کو جو متقی اور پرہیزگار بھی ہوں اور مسائل کو سمجھتے ہوں' اس وصیت کو پورا کرنے کا ذمہ دار بنادے' اور وصیت

لکھواکر اس پر گواہ مقرر کردے اور گواہوں کے سامنے یہ وصیت ان کے سپرد کردے۔

۵ : ــــــوفات کے وقت آپ جتنی جائداد کے مالک ہوں گے اس میں سے ایک تہائی میں وصیت نافذ ہوگی' اور باقی دو تہائی میں درج ذیل حصے ہوں گے :
۱۔ بیوی کا آٹھواں حصہ' ۲۔ والدہ کا چھٹا حصہ' ۳۔ بیٹی کا نصف' ۴۔ باقی بھائی بہنوں میں اس طرح تقسیم ہوگا کہ بھائی کا حصہ بہن سے دوگنا ہو۔

## کمپیوٹر اور انٹرنیٹ پر کام کرنے کا حکم

**سوال** :ــــ میں کمپیوٹر کے شعبے سے منسلک ہوں اور میری ذمہ داری انٹرنیٹ کے ساتھ ہے اس میں ہر قسم کے پروگرام ہوتے ہیں۔ کیا شرعی حیثیت سے اس کام کو کرنے کی اجازت ہے؟

**جواب** :ــــ کمپیوٹر جدید دور کی ایسی ٹیکنالوجی ہے جس میں مفید اور مضر دونوں کام لئے جاسکتے ہیں۔ اس لئے اس کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ البتہ اس میں کوشش کی جاتی ہے کہ جو اس کے برے پہلو اور غلط اثرات ہیں اس سے اپنے آپ کو محفوظ رکھا جائے۔ اس شعبہ سے منسلک ہونا اور کام کرنے میں کوئی قباحت نہیں بلکہ کوشش کرنی چاہئے کہ اس شعبہ خاص انٹرنیٹ میں زیادہ سے زیادہ اسلام سے متعلق کام کیا جائے اور اس کو کافروں کے لئے آزاد نہ چھوڑا جائے۔

## عیسائی عورت سے نکاح کا شرعی حکم

س :ــ کوئی مسلمان اپنی مسلمان بیوی کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے

غیر مسلم ملک میں صرف ملازمت کی خاطر عیسائی عورت سے شادی کر سکتا ہے کہ نہیں اور ایسا کرنے کی شکل میں اسکا پہلا نکاح کیسا ہوگا؟ باقی رہے گا؟ وہ مسلمان (عورت) اس کیلئے حلال ہوگی؟ اوراس مسلمان شخص کا ایمان باقی رہے گا اور اس کی کمائی' دولت مسجد میں لگانا کیسا ہوگا؟

**جواب** : ——— پہلے سے مسلمان بیوی کا نکاح میں ہونا تو عیسائی عورت کے ساتھ نکاح کرنے سے مانع نہیں البتہ چند دیگر وجوہ کی بنا پر ایسی شادی ناجائز ہے۔

**اولاً** : ——— اہل کتاب کی جن عورتوں سے نکاح کی اجازت دی گئی ہے ان سے مراد وہ اہل کتاب ہیں جو دارالاسلام کے شہری ہوں جن کو ذمی کہا جاتا ہے دارالکفر کے باشندے مراد نہیں' لہٰذا اسلامی مملکت کی ذمی عورتوں سے' جب کہ وہ اہل کتاب دارالحرب میں رہتے ہیں ان کی عورتوں سے نکاح مکروہ تحریمی ہے۔ (اور مکروہ تحریمی' حرام کے قریب قریب ہونے کی وجہ سے ناجائز کہلاتا ہے) لہٰذا یہ نکاح منعقد تو ہوجائے گا مگر مکروہ تحریمی ہونے کی وجہ سے ناجائز ہوگا اور ایسا کرنے والا گناہ گار ہوگا۔

**ثانیاً** : ——— اہل کتاب کی عورتوں کے ساتھ نکاح کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ واقعتاً اہل کتاب ہوں بھی' محض نام کے عیسائی' یہودی نہ ہوں' آج کل کے بہت سے یہود ونصاریٰ صرف نام کے یہودی' عیسائی ہیں ورنہ واقع کے اعتبار سے وہ قطعاً ملحد ہوتے ہیں وہ نہ کسی کتاب کے قائل ہیں نہ کسی نبی کے' نہ دین ومذہب کے' اگر ایسی عیسائی عورت ہو جو صرف قومی طور پر عیسائی کہلاتی ہے واقعتاً ملحد اور لادین ہو' اس کے ساتھ نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا اور ایسا جوڑا شرعی نقطہ نظر کے لحاظ سے بدکاری وزنا کاری کا مرتکب شمار ہوگا۔

**ثالثاً :** ـــــ کسی مسلمان نے اہل کتاب کی عورت سے شادی کی ہو تو شرعی قانون کے لحاظ سے اولاد مسلمان شمار ہوگی' لیکن دیار غیر میں عیسائی عورتوں سے جو شادیاں رچائی جاتی ہیں ان سے پیدا ہونے والی اولاد اپنی ماں کا مذہب اختیار کرلیتی ہے بلکہ بعض اوقات تو ایسا بھی ہوتا ہے کہ شادی سے پہلے یہ جوڑا طے کرلیتا ہے کہ آدھی اولاد شوہر کی ہوگی اور آدھی بیوی کے مذہب پر ہوگی' اگر ایسی شرط لگائی جائے تو ایسی شادی کرنے والا مسلمان یہ شرط لگاتے ہی مرتد ہوجائے گا کیونکہ اس نے اپنی اولاد کے کافر ہونے کو گوارا کرلیا اور اس پر رضامندی دیدی اور کسی کے کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے۔ لہٰذا ایسی شرط لگاتے ہی یہ شخص ایمان سے خارج ہوکر مرتد ہوجائے گا اور اس کی پہلی بیوی نکاح سے خارج ہوجائے گی۔

**رابعًا :** ـــــ ہمارے بھولے بھالے نوجوان امریکہ وغیرہ کی شہریت حاصل کرنے اور روٹی کمانے کا ذریعہ پیدا کرنے کی خاطر عیسائی عورتوں کے چکر میں تو پڑجاتے ہیں لیکن ان ممالک کے قانون کے مطابق چونکہ طلاق کا حق مرد کے بجائے عورت کو حاصل ہے لہٰذا ایسی عورتیں جن کے جال میں ہمارے بھولے بھالے نوجوان پھنسے تھے ان کو طلاق دے کر گھربار پر بھی اور اولاد پر بھی قبضہ کرلیتی ہیں اور یہ شوہر صاحب "خسر الدنیا والآخرۃ" کا مصداق دونوں جہان میں راندۂ درگاہ ہوجاتا ہے چونکہ فقہ کا قاعدہ ہے "المعروف کالمشروط" یعنی جس چیز کا عام رواج اور عرف ہو اس کو ایسا سمجھنا چاہیئے کہ گویا عقد کے وقت اس کی شرط رکھی گئی تھی لہٰذا ان ممالک کے عرف کے مطابق گویا یہ شخص اس شرط پر نکاح کررہا ہے کہ عورت جب چاہے اس کو طلاق دے کر بچوں پر قبضہ کرلے۔

ان وجوہات کی بنا پر غیر ممالک میں مسلمان نوجوانوں کا عیسائی عورتوں سے شادی کرنا ناجائز ہے اور دوسری وجہ کی بنا پر نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا' اور تیسری وجہ چونکہ موجب کفر ہے اس لئے اس صورت میں اس کا پہلی بیوی سے نکاح فسخ ہوجائے گا اور چوتھی وجہ میں بھی اندیشہ کفر ہے۔ البتہ اگر کوئی کفریہ شرط نہیں رکھی گئی تھی اور نہ معروف تھی تو پہلی بیوی اس کے نکاح میں رہے گی مگر یہ شخص عیسائی عورت سے نکاح کرنے کی بنا پر گناہ گار ہوگا۔ ھذا ما عندی' واللہ اعلم بالصواب۔

## قبر پر اذان دینا

س : ------جناب میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے گاؤں میں ایک مولوی صاحب آئے ہوئے ہیں اور انہوں نے آتے ہی ہمیں ایک نئی الجھن میں ڈال دیا ہے وہ یہ کہ وہ میت کو دفنانے کے بعد تلقین کے بعد بآواز بلند اذان دیتے ہیں۔

ج : ------ علامہ شامیؒ نے حاشیہ در مختار میں دو جگہ (ص۳۵۸' ج۱۔ ج۲) اور حاشیہ بحر میں (ص۲۶۹ ج۱) اس کا بدعت ہونا نقل کیا ہے۔

س : ------ ہمارے ہاں میت کے ہاتھ ناف پر رکھ دیتے ہیں یہ طریقہ کس حد تک درست ہے یا غلط؟ ہماری رہنمائی فرمائیں؟ ہم بڑی الجھن میں ہیں۔

ج : ------میت کے دونوں ہاتھ اس کے پہلوؤں میں رکھے جائیں سینے پر یا ناف پر نہیں۔

## ترکہ میں سے شادی کے اخراجات نکالنا

**سوال** : ــــــ ہمارے والد کی پہلی بیوی سے دو لڑکیاں ایک لڑکا ہے۔ پہلی بیوی کی وفات کے بعد دوسری بیوی سے سات لڑکیاں ایک لڑکا ہے۔ تین لڑکیوں اور ایک لڑکے کی شادی باقی ہے۔ دسمبر ۹۳ء میں والد صاحب کی وفات کے بعد والدہ صاحبہ کا کہنا ہے کہ والد نے جو کچھ چھوڑا ہے اس میں سے غیر شادی شدہ اولاد کی شادی ہوگی۔ اس کے بعد وراثت تقسیم ہوگی۔

۱ : ــــــ وراثت کب تقسیم ہونی چاہیے؟

۲ : ــــــ کیا وراثت میں سے غیر شادی شدہ اولاد کے اخراجات نکالے جاسکتے ہیں؟

**جواب** : ــــــ تمہارے والد کے انتقال کے ساتھ ہی ہر وارث کے نام اس کا حصہ منتقل ہوگیا، تقسیم خواہ جب چاہیں کرلیں۔

۲ : ــــــ چونکہ والدین نے باقی بہن بھائیوں کی شادیوں پر خرچ کیا ہے، اس لئے ہمارے یہاں یہی رواج ہے کہ غیر شادی شدہ بہن بھائیوں کے اخراجات نکال کر باقی تقسیم کرتے ہیں۔

دراصل باقی بہن بھائی والدہ کی خواہش پوری کرنے پر راضی ہوں تو شادی کے اخراجات نکال کر تقسیم کیا جائے، اگر راضی نہ ہوں تو پورا ترکہ تقسیم کیا جائے۔ لیکن شادی کا خرچہ تمام بہن بھائیوں کو اپنے حصوں کے مطابق برداشت کرنا ہوگا۔

## اردو ترجمہ پر قرآن مجید کا ثواب

**سوال** : ــــــ قرآن مجید کی تلاوت کے بجائے اگر قرآن مجید کا اردو ترجمہ

ترتیب وار پڑھا جائے تو ثواب ملے گا کیونکہ اگر اردو ترجمہ کو عربی میں کردیا جائے تو قرآن مجید بن جاتا؟

**جواب** : ---------قرآن مجید عربی میں نازل ہوا ہے اور اس کے ہر لفظ کی تلاوت پر دس نیکیوں کا وعدہ ہے' ظاہر ہے کہ اس کے ترجمہ پر اجر وثواب نہیں۔ اسلئے قرآن کریم کی تلاوت کا ثواب تو عربی الفاظ کی تلاوت پر ہی ملے گا۔ ترجمہ کے ذریعہ مفہوم سمجھنے کا ثواب ملے گا قرآن کریم کی تلاوت کا ثواب نہیں ہوگا۔

**سوال** : ---------بعض مولوی صاحبان سے سنا ہے کہ جو میاں بیوی اس دنیا میں نیک اعمال کرتے ہیں تو اگلے جہاں میں وہ ایک ساتھ ہوں گے۔ اب اگر مومن میاں بیوی میں سے میاں مرجائے اور بیوی دوسری شادی کرلے جو کہ اس کا اسلامی حق ہے اور دوسرا شوہر بھی نیک اور متقی ہو تو آخرت میں یہ بیوی کون سے شوہر کے نام سے پہچانی جائے گی اور کس شوہر کے ساتھ ہوگی کیونکہ شوہر تو دونوں نیک اعمال والے ہیں؟

**جواب** : ——— اس میں اہل علم کے دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ بیوی آخری شوہر کے پاس ہوگی' کیونکہ جب اس نے دوسرا نکاح کرلیا تو پہلے شوہر سے اس کا تعلق ختم ہوگیا۔

بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ عورت کو اختیار دیا جائے گا کہ دونوں میں سے کس کے ساتھ رہنا پسند کرتی ہے' جس کو پسند کرے اس کے ساتھ اس کا عقد کردیا جائے گا۔

## معاش کے لئے کفر اختیار کرنا

**سوال :** ------- میرے ایک محترم دوست نے چند دن پہلے معاشی حل کیلئے قادیانیت کو قبول کیا ان سے بات کرنے پر انہوں نے کہا کہ قادیانیت کا جو فارم میں نے پڑھا ہے اس کی شرائط میں کہیں بھی کفریہ کلام نہیں مثلاً زنا نہ کرنا بد نظری نہ کرنا' رشوت نہ لینا' جھوٹ نہ بولنا اور مرزا غلام احمد قادیانی کو مہدی علیہ السلام ماننا اور اس نے صرف ضرورت پوری ہونے تک قادیانیت قبول کی ہے اور بعد میں وہ لوٹ آئے گا کیا اس کے اس فعل کے بعد اسلام رہا اگر نہیں تو بیوی بچوں کو کیا رویہ اختیار کرنا چاہئے' اگر گھر والوں کو چھوڑنے پر بھی تیار نہ ہو اور اس کی چند جوان اولاد بھی ہیں اور جو مال وہ دے تو اسے استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب :** ------ مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے ماننے والوں کے کافر و مرتد ہونے میں کسی قسم کا شبہ اور تردد نہیں' اللہ تعالیٰ کی عدالت بھی ان کو کافر و مرتد قرار دے چکی ہے' اور عالم اسلام کی اعلیٰ عدالتیں بھی' اس شخص کو اگر اس مسئلہ میں کوئی شبہ ہے تو وہ اہل علم سے تبادلہ خیال کرے۔

قادیانیت کا فارم پر کرنا اپنے کفر و ارتداد پر دستخط کرنا ہے' جہاں تک معاشی مسئلہ کا تعلق ہے معاش کی خاطر ایمان کو فروخت نہیں کیا جاسکتا' اور ان صاحب کا یہ کہنا کہ وہ بعد میں لوٹ آئے گا قابل اعتبار نہیں۔ جب ایک چیز صریح کفر ہے تو اس کو اختیار کرنا ہی ناروا ہے' اور اس کو اختیار کرتے ہی آدمی دین سے خارج ہوجاتا ہے' تو اس کے واپس لوٹنے کی کیا ضمانت؟

اس شخص کو قادیانیت کی حقیقت اور ان کے کفریہ عقائد سے آگاہ کیا

جائے' اگر اس کی سمجھ میں آجائے اور وہ ان سے توبہ کرلے تو ٹھیک' ورنہ اس کے بیوی بچوں کا فرض ہے کہ اس شخص سے قطع تعلق کرلیں اور یہ سمجھ لیں کہ وہ مرگیا ہے۔

چونکہ یہ شخص قادیانی فارم پر کرچکا ہے' اس لئے اگر یہ تائب ہوجائے تو اس کو اپنے ایمان کی بھی تجدید کرنی ہوگی' اور نکاح بھی دوبارہ پڑھوانا ہوگا۔ (جس کی تفصیل میرے رسائل "تحفہ قادیانیت" اور "خدائی فیصلہ" وغیرہ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے)۔

## خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں

س...... آپ کو زحمت دے رہا ہوں' روزنامہ نوائے وقت اتوار ۱۰ جون ۱۹۹۰ء میں نوربصیرت کے مستقل عنوان کے ذیل میں میاں عبدالرشید صاحب نے "بازاور بڑھیا" کے عنوان سے ایک اقتباس تحریر کیا (تراشہ ارسال خدمت ہے) جس میں احقر کے علم کے مطابق مصنف نے حدیث نبویؐ کی نفی' جہاد بالسیف اور جہاد باللسان کے بارے میں اپنی آرا اور مسواک (سنت رسولؐ) کے بارے میں ہرزہ سرائی سے کام لیا ہے۔

آپ سے استدعا ہے کہ میاں عبدالرشید صاحب کی کوتاہ علمی اور ہرزہ سرائی کا مدلل جواب عنایت فرمائیں تاکہ احقر اسے روزنامہ ہذا میں چھپوا کر بہت سارے مسلمانوں کے شکوک' جو کہ مصنف نے تحریر ہذا کے ذریعے پیدا کئے ہیں' دور کرسکے' اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عنایت فرمائیں۔"

"نور بصیرت" کے عنوان سے لکھا ہوا میاں عبدالرشید کا متذکرہ بالا مضمون یہ ہے :

## "باز اور بڑھیا"

"رومیؒ نے ایک حکایت لکھی ہے' کسی بڑھیا کے مکان کی چھت پر ایک باز آ کے بیٹھ گیا اور اتفاق سے بڑھیا کے ہاتھ آ گیا بڑھیا نے اسے پیار کرتے کرتے اس کی چونچ کو دیکھا تو بولی' ہائے افسوس! چونچ اتنی بڑھ گئی ہے اور آگے سے ٹیڑھی بھی ہو گئی ہے۔ پھر اس کے پنجے دیکھے تو اسے اور افسوس ہوا کہ ناخن اتنے بڑھ گئے ہیں' بڑھیا نے قینچی لی' پہلے باز کی بڑھی ہوئی چونچ کاٹی' پھر اس کے پنجے ٹھیک کئے پھر اس کے پر کاٹ کر درست کئے' اس کے بعد خوشی سے بولی! اب یہ کتنا پیارا لگتا ہے۔

رومیؒ اس سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ بعض لوگ اچھی بھلی چیزوں کو نکما اور بے کار بنا دیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے اس کی اصلاح کر دی ہے۔ یہی کچھ ہمارے اسلام سے کیا جا رہا ہے۔ ایک طرف' اس کے اندر سے جہاد اور شوق شہادت نکالنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ دوسری طرف' رسوم پر زور دے کر اعمال کو روح سے بے گانہ بنایا جا رہا ہے۔ جس سے مسلمانوں میں تنگ نظری تعصب اور فرقہ پرستی پھیل رہی ہے تیسری طرف' مسلمانوں کو قصے کہانیوں میں الجھایا جا رہا ہے۔ جسکے نتیجے میں وہ حقیقت پسندی سے دور ہو رہے ہیں۔

ایک فوجی افسر نے مجھے بتایا کہ ان کے دفتر کے ساتھ جو مسجد ہے' وہاں نماز ظہر کے بعد ایک کتاب پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔ ایک دن ابن ماجہ کے حوالے سے یہ "حدیث" بیان کی گئی کہ دو اشخاص تھے ان میں سے ایک نے شہادت کی موت پائی' دوسرا طبعی موت مرا' کسی نے خواب میں دیکھا کہ طبعی موت مرنے والا شہید سے کئی برس پہلے جنت میں داخل ہوا۔ پوچھا گیا تو معلوم ہوا کہ چونکہ طبعی موت مرنے والے نے نمازیں زیادہ پڑھی تھیں' اس لئے اسے شہید پر فوقیت ملی' ہے ماننے والی بات؟ کیا یہ بات اسلام کی تعلیم کے سراسر منافی نہیں؟ متفقہ مسئلہ ہے کہ شہادت کی موت افضل ترین موت ہے۔ شہید بغیر کسی حساب کتاب کے سیدھا جنت میں جاتا ہے۔ کیا یہ فوجیوں کے اندر سے شہادت کا شوق ختم کرنے کی کوشش تو نہیں؟۔

سورہ الصفّ کی چوتھی آیت ہے( : ترجمہ) ۔ اللہ تعالیٰ فی الواقع انہیں محبوب رکھتے ہیں' جو ان کی راہ میں صف بستہ لڑیں' جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔"

یہ واضح طور پر لڑائی کے بارہ میں ہے۔

لیکن اسی افسر نے مجھے بتایا کہ وہاں اس آیت کو چھوڑ کر آیہ ۱۱ کی تفسیریوں بیان کی گئی ہے" : جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں (جہاد نہیں بلکہ) کوشش کرتے ہیں اپنے اموال سے اپنی جانوں سے۔" ظاہر ہے کوشش سے مراد تبلیغی دوروں پر جانا ہے۔

ایک اور فوجی افسر نے واقعہ سنایا کہ بہاول پور کی طرف ان

کے تین ٹینک بڑی نہر میں گر گئے جوانوں نے تلاش کی دو مل گئے' تیسرا نہ ملا۔ شام کو کرنل نے جو ماشاء اللہ اسی پرہیزگار جماعت سے تعلق رکھتے ہیں' جوانوں کو اکٹھا کیا اور کہا' معلوم ہوتا ہے آج تم نے مسواک ٹھیک طرح سے نہیں کی تھی' اس وجہ سے ٹینک نہیں ملا۔ کل صبح مسواک اچھی طرح سے کر کے آنا' دوسرے دن جوان اچھی طرح سے مسواک کر کے نہر میں اترے تو تیسرا ٹینک بھی مل گیا۔"

ج ..... میاں صاحب نے پیر رومیؒ کے حوالے سے "باز اور بڑھیا" کی جو تمثیلی حکایت نقل کی ہے وہ بھی بجا' اور اس کو نقل کر کے میاں صاحب کا یہ ارشاد بھی سر آنکھوں پر کہ :

"یہی کچھ ہمارے اسلام کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔"

چنانچہ میاں صاحب کا زیر نظر مضمون بھی اسی کی اچھی مثال ہے' جس میں متعدد پہلوؤں سے "روایتی بڑھیا" کا کردار ادا کیا گیا ہے۔

**اول** ------ایک امتی کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو تعلق ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی سنتے ہی اس کا سر جھک جائے' اور اس کیلئے کسی چون و چرا کی گنجائش نہ رہ جائے اس لئے کہ ایک امتی کے لئے ------اگر وہ واقعتاً اپنے آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی سمجھتا ہے سب سے آخری فیصلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا فیصلہ ہو سکتا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم و ارشاد کے بعد نہ کسی چون و چرا کی گنجائش باقی رہ جاتی ہے اور نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے خلاف اپیل ہو سکتی ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے :

"فلا و ربک لا یومنون حتی یحکموک
فیما شجر بینهم ثم لا یجدوا فی انفسهم حرجا
ممّا قضیت و یسلموا تسلیما۔"
(النساء ۶۵)

ترجمہ :"پھر قسم ہے آپؐ کے رب کی یہ لوگ ایماندار نہ ہوں گے
جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو اس
میں یہ لوگ آپؐ سے تصفیہ کروالیں پھر آپؐ کے اس تصفیہ سے
اپنے دلوں میں تنگی نہ پاویں اور پورے طور پر تسلیم کرلیں۔"

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

لیکن ارشاد ربانی کے مطابق' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ سن کر میاں صاحب کا سر اس کے سامنے نہیں جھکتا' بلکہ وہ اس کو :

"جوش جہاد اور شوق شہادت نکالنے کی کوشش اور رسوم پر
زور دے کر اعمال کو روح سے بے گانہ بنانے کی غلطی۔"

سے تعبیر کرتے ہیں' وہ اس حدیث نبوی اور ارشاد مصطفوی (علیٰ صاحبہا الف الف صلواۃ وسلام) کو "اسلام کی بڑھتی ہوئی چونچ" سمجھ کر روایتی بڑھیا کی طرح فوراً اسے مقراض قلم سے کاٹ ڈالتے ہیں' اور اسلام کی قطع و برید کا یہ عمل ان کے خیال میں "نور بصیرت" کہلاتا ہے۔ حالانکہ روایتی بڑھیا کی طرح نہ انہیں یہ معلوم ہے کہ اس حدیث شریف کا مدعا کیا ہے؟ نہ وہ یہ جانتے ہیں کہ جذبۂ جہاد اور شوق شہادت کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ وہ اس حدیث شریف کو جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت کے منافی سمجھتے ہیں' اور انہیں یہ حدیث شریف اسی طرح فالتو نظر آتی ہے' جس طرح بڑھیا کو باز کی چونچ اور بڑھے ہوئے ناخن فالتو نظر آئے تھے۔

دوم ------ میاں صاحب ایک فوجی افسر کے حوالے سے ہمیں بتاتے ہیں کہ "ان کی مسجد میں ظہر کے بعد ایک کتاب پڑھ کر سنائی جاتی ہے' ایک دن وہاں "ابنِ ماجہ" کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی گئی۔"

یہ کتاب جو ظہر کے بعد پڑھ کر سنائی جا رہی تھی' حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی نوراللہ مرقدہ کی کتاب فضائل نماز ہے' اور اس میں یہ "حدیث" صرف ابن ماجہ کے حوالے سے نہیں ذکر کی گئی' بلکہ اس کے حوالے کے لئے مندرجہ ذیل کتابوں کا نام درج ہے :

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ مئوطا امام مالکؒ | ۲۔ مسند احمد | ۳۔ ابوداوٗد |
| ۴۔ نسائی | ۵۔ ابن ماجہ | ٦۔ صحیح ابن خزیمہ |
| ۷۔ صحیح ابن حبان | ۸۔ مستدرک حاکم | ۹۔ بیہقی |
| ۱۰۔ ترغیب و ترہیب منذری | ۱۱۔ درِ منثور | |

لیکن ان کے فوجی افسر نے بتایا کہ ابن ماجہ کے حوالے سے یہ "حدیث" بیان کی گئی اور میاں صاحب نے بغیر تحقیق اس کو اپنے کالم میں گھسیٹ دیا۔ شاید میاں صاحب نے روایتی بڑھیا کی طرح قرآن کریم کی درج ذیل آیت کو بھی (نعوذباللہ) فالتو سمجھا :

یا ایھا الذین آمنوا ان جاء کم فاسق بنبا فتبینوا ان تصیبوا قومًا بجھالۃ فتصبحوا علٰی ما فعلتم نادمین۔ (حجرات۔ ٦)

ترجمہ :"اے ایمان والو! اگر کوئی شریر آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کر لیا کرو کبھی کسی قوم کو نادانی سے ضرر نہ پہنچا دو پھر اپنے کئے پر پچھتانا پڑے۔" (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

چنانچہ میاں صاحب نے بغیر تحقیق کے اس خبر پر اعتماد کر لیا اور حدیث نبویؐ کو اپنی ناروا تنقید کے نشانے پر رکھ لیا۔

سوم ——— یہ "حدیث" جو میاں صاحب کے فوجی افسر کے بقول ابن ماجہ کے حوالے سے پڑھی جا رہی تھی۔ مندرجہ ذیل صحابہ کرامؓ سے مروی ہے :

## ا۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ : --------

موطا امام مالک ص ۱۶۱، مسند احمد ص ۱۷۰، ج ا، صحیح ابن خزیمہ ص ۱۶۰ ج ا، مستدرک حاکم ص ۲۰۰ ج ا۔

امام حاکمؒ اس کو اپنی سند کے ساتھ نقل کر کے فرماتے ہیں، صحیح الاسناد، امام ذہبیؒ تلخیص مستدرک میں فرماتے ہیں، یہ حدیث صحیح ہے۔ امام نورالدین ہیثمیؒ اس کو مسند امام احمد اور طبرانی کے حوالے سے نقل کر کے فرماتے ہیں "مسند احمد کے تمام راوی صحیح کے راوی ہیں"۔

## ۲۔ حضرت عبید بن خالدؓ : --------

مسند احمد ص ۵۰۰ ج ۳، ص ۲۱۹ ج ۴، ابوداؤد ص ۳۴۲ ج ا، نسائی ص ۲۸۱ ج ا، سنن کبریٰ، بیہقی ص ۳۷۱ ج ۳، مصابیح السنہ ص ۴۴۲ ج ۳، مشکوٰۃ ص ۱۵۴۔ یہ حدیث بھی صحیح ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

## ۳ــــ حضرت طلحہؓ بن عبید اللہؓ:

مسند احمد ص ۱۶۳ ج ا، ابن ماجہ ص ۲۸۱، سنن کبریٰ بیہقی ص ۳۷۲ ج ۳، مسند ابو یعلیٰ ص ۹ ج ۲، صحیح ابن حبان ص ۲۷۷ ج ۵، مسند بزار (کشف الاستار عن زوائد البزار ص ۲۲۷ ج ۴)۔

امام نورالدین ہیثمیؒ اس حدیث کو مسند احمد' مسند ابو یعلیٰ اور مسند بزار کے حوالے سے نقل کر کے فرماتے ہیں "ان تمام کے راوی صحیح کے راوی ہیں" (مجمع الزوائد ص ۲۰۴ ج ۱۰)

۴___ حضرت ابو هریرةؓ:

مسند احمد ص ۳۳۳ ج ۲۔

امام ہیثمیؒ فرماتے ہیں "باسناد حسن" (مجمع الزوائد ص ۲۰۴ ج ۱۰) اور یہی بات شیخؒ نے امام منذریؒ سے بھی نقل کی۔

۵___ حضرت عبد اللہ بن شدادؓ:

مسند احمد ص ۱۶۳ ج ۱' مشکوٰۃ ص ۴۵۱' مجمع الزوائد ص ۲۰۴ ج ۱۰ (حضرت شیخؒ نے بھی ان تمام احادیث کی طرف اشارہ فرمایا ہے)۔

آپ دیکھ رہے ہیں کہ یہ حدیث متعدد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے مروی ہے۔ ائمہ حدیث نے اس کی تخریج فرمائی ہے اور اس کے راویوں کی توثیق و تعدیل فرمائی ہے ___ لیکن ہمارے میاں صاحب کے نزدیک شاید حضرات محدثین کی جرح و تعدیل اور تصحیح و تحسین بھی ایک فالتو چیز ہے اور وہ اسے روایتی بڑھیا کی طرح کاٹ دینا چاہتے ہیں۔

**چہارم**___ صحابہ کرامؓ کے دور سے آج تک اہل علم اس حدیث کو سنتے سناتے اور پڑھتے پڑھاتے آئے ہیں۔ لیکن کسی کے گوشۂ خیال میں بھی یہ بات نہیں آئی کہ اس سے جذبۂ جہاد اور شوق شہادت کی نفی ہوتی ہے' البتہ اس حدیث سے نماز کی فضیلت اور طاعت و عبادت کے ساتھ طویل عمر ملنے کی سعادت پر ضرور استدلال کیا گیا' چنانچہ صاحب مصابیح السنة اور صاحب مشکوٰۃ نے اس حدیث کو "باب

استحباب المال والعمر للطاعہ" کے تحت ذکر کیا ہے' امام نورالدین ہیثمیؒ نے اسے ایک بار "نماز کی فضیلت" کے بیان میں اور دوسری بار "باب فیمن طال عمرہ من المسلمین" کے ذیل میں ذکر کیا ہے' صحیح ابن حبان میں یہ حدیث درج ذیل عنوان کے تحت ذکر کی گئی ہے :

"ذکر البیان بان من طال عمره و حسن عمله قدیفوق الشهید فی سبیل الله تبارک و تعالیٰ"

ترجمہ :"اس امر کا بیان کہ جس شخص کی عمر طویل ہو اور عمل اچھا ہو' وہ کبھی شہید فی سبیل اللہ سے بھی فوقیت لے جاتا ہے۔"

الغرض جہاد فی سبیل اللہ اور شہادت فی سبیل اللہ کے بے شمار فضائل ہیں لیکن یہ کون نہیں جانتا کہ جہاد فرض کفایہ ہے اور نماز فرض عین ہے' نماز کے تارک پر کفر کا اطلاق کیا گیا ہے' اور نماز ہی کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ دین کا ستون ہے۔ جس نے اس کو قائم کیا اس نے دین کو قائم کیا اور جس نے اس کو گرایا اس نے دین کو ڈھا دیا۔ چنانچہ اسلام میں داخل ہونے کے بعد دین کا سب سے بڑا اور سب سے اہم رکن نماز ہے' نماز کے ان فضائل کو ذکر کرنے سے یہ کیسے لازم آیا کہ جذبۂ جہاد اور شوق شہادت کو ختم کیا جا رہا ہے اور جو شخص نماز ہی نہیں پڑھتا (جیسا کہ ہمارے معاشرے کی اکثریت کا حال ہے' جن میں فوجی افسر اور جوان بھی شامل ہیں) وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں کیا جہاد کرے گا؟ اور اس کے دل میں کیا شوق شہادت ہو گا؟ لیکن میاں صاحب کے خیال میں شاید جذبۂ جہاد اور شوق شہادت کے مقابلہ میں نماز روزہ اور دین کے دیگر اعمال و شعائر بھی فالتو چیزیں ہیں۔ اس لئے اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی کسی چیز کی فضیلت کو شہادت فی سبیل اللہ سے بڑھ کر فرمائیں تو

میاں صاحب اس کو بھی ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اب انصاف فرمایئے کہ اسلام کے ساتھ روایتی بڑھیا کا کردار کون ادا کر رہا ہے؟۔

---

میاں صاحب سورہ الصف کی چوتھی آیت کاذکر کرتے ہوئے اسے فوجی افسر کے حوالے سے ہمیں بتاتے ہیں کہ :

"وہاں اس آیت کو چھوڑ کر آیت نمبرا۱ کی تفسیریوں بیان کی گئی کہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں (جہاد نہیں بلکہ) کوشش کرتے ہیں اپنے اموال سے' اپنی جانوں سے"۔

"ظاہر ہے کوشش سے مراد تبلیغی دوروں پر جانا ہے۔"

میں پہلے قرآنی آیت کا حوالہ دے چکا ہوں کہ بغیر تحقیق کے سنی سنائی بات پر اعتماد کر کے کوئی کارروائی نہیں کرنی چاہئے' اور میاں صاحب کے فوجی افسر کی روایت کا حال بھی اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ حضرت شیخؒ ایک حدیث کے لئے ایک درجن کتابوں کا حوالہ دیتے ہیں کہ ان "فوجی افسر" کا حافظہ صرف "ابن ماجہ" کے نام کا بوجھ بمشکل اٹھا سکا' اسی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ بات کیا کہی جا رہی ہو گی اور میاں صاحب کے راوی نے اس کو کیا سے کیا سمجھا ہو گا۔

جو بات کہی جا رہی ہو گی وہ یہ ہو گی کہ دین کی دعوت و تبلیغ اور مسلمانوں میں اسلامی شعائر قائم کرنے کی جو محنت بھی ہو اس پر "فی سبیل اللہ" کا اطلاق ہوتا ہے۔ خود جہاد فی سبیل اللہ بھی اسی محنت کی ایک شکل ہے' چنانچہ سب جانتے ہیں کہ جہاد سے پہلے مسلمانوں کے امیر لشکر کی طرف سے کافروں کو یہ دعوت دی جاتی ہے :

- تم اسلام قبول کر لو' تمہارے حقوق بھی وہی ہوں گے جو ہمارے ہیں' اور تمہاری ذمہ داریاں بھی وہی ہوں گی جو ہماری ذمہ

داریاں ہیں۔

○ اگر تم اسلام لانا نہیں چاہتے تو ہم نے جو اسلام کے قانون کا نظام قائم کر رکھا ہے' اس کے ماتحت رہنے کو قبول کر لو' اور اس کے لئے جزیہ ادا کرو۔

○ اگر جزیہ دے کر اسلامی نظام کے ماتحت رہنا بھی قبول نہیں کرتے ہو تو مقابلہ کے لئے تیار ہو جاؤ' تلوار ہمارا اور تمہارا فیصلہ کرے گی۔

اسلامی جہاد کی یہ دفعات ہر طالب علم کو معلوم ہیں۔ جس سے واضح ہے کہ جہاد بھی دعوت الی اللہ اور اعلائے کلمتہ اللہ کے لئے ہے۔ اس کے بعد دعوت و تبلیغ کے "فی سبیل اللہ" ہونے میں کیا شبہ رہ جاتا ہے۔ حضرات مفسرین نے "فی سبیل اللہ" کی تفسیر میں جو کچھ لکھا ہے اس کو ملاحظہ فرمالیا جائے جس سے معلوم ہو گا کہ علم دین حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا بھی "فی سبیل اللہ" میں داخل ہے اور حج و عمرہ بھی "فی سبیل اللہ" میں شامل ہے۔اب کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ دین کی سربلندی اور احیائے اسلام کے لئے جو کوشش بھی کی جائے وہ "فی سبیل اللہ" میں داخل ہے' اور اس پر وہی اجر و ثواب مرتب ہو گا جو "فی سبیل اللہ" کے لئے موعود ہے تو اس کی یہ بات کیا بے جا ہے؟

میں میاں صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ تبلیغی سفروں پر جانا تو آپ کے خیال میں "فی سبیل اللہ" میں داخل نہیں' لیکن "جہاد فی سبیل اللہ" کی وہ تین دفعات جو میں نے ذکر کی ہیں کیا آپ نے ان کو پورا کر لیا ہے؟۔

کیا ہمارے فوجی افسران کافروں کو یہ دعوت دیتے ہیں کہ تم بھی ہمارے دین میں داخل ہو کر ہمارے بھائی بن جاؤ۔

کیا یہ دعوت دی جاتی ہے کہ اگر اسلام قبول نہیں کرتے تو اسلامی نظام جو ہم نے قائم کر رکھا ہے جزیہ دے کر اس کی ماتحتی قبول کر لو؟ اور کیا ہمارے ملک میں واقعتاً اسلامی نظام نافذ بھی ہے جس کی ماتحتی کی کسی کافر قوم کو دعوت دی جائے۔ جب تک آپ اسلامی نظام نہ قائم کر لیں' اس کی دعوت کیسے دیں گے؟ اور جب تک اس کی دعوت نہ دی جائے' اسلامی جہاد کیسے ہو گا؟ اور اس پر اسلامی جہاد کے فضائل کیسے مرتب ہوں گے؟ کیا میاں صاحب اس معمہ کو حل فرمائیں گے؟

---

اور مسواک کے بارے میں میاں صاحب نے جو گل افشانی فرمائی ہے' اس کا جواب خود ان کی تحریر کے آخر میں موجود ہے کہ :

"دوسرے دن جوان اچھی طرح مسواک کر کے نہر میں اترے تو تیسرا ٹینک بھی مل گیا۔"

اگر سنت نبوی (علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ وسلام) پر عمل کرنے سے مدد خداوندی شامل حال ہو جائے تو اس پر ذرا بھی تعجب نہیں' اور جب تک مجاہدین اسلام سنت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پابند نہ ہوں ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی نصرت و مدد نہیں ہو سکتی۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات اس کے شاہد ہیں' اور خود میاں صاحب نے جو واقعہ نقل کیا ہے وہ بھی اس کی روشن دلیل ہے' لیکن شاید میاں صاحب کے دل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی کوئی اہمیت نہیں۔ اس لئے وہ اس صحیح واقعہ کو مذاق میں اڑانا چاہتے ہیں' اور روایتی بڑھیا کی طرح باز کے پر کاٹ دینا چاہتے ہیں۔ حق تعالیٰ شانہ فہم سلیم عطا فرمائیں۔

# خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شادیوں پر شبہات کی وضاحت

س :۔ ہمارے ایک دوست جو بڑے فنکار ہیں' وہ اکثر دین کی باتوں پر تبصرہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں' اکثر وبیشتر وہ نبی اکرمؐ کی شادی کے مسئلے پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں اس بات پر حیران ہوں کہ اتنی شدید مصروفیات جہاد اور تبلیغ دین کے باوجود ان کے پاس اتنا وقت کیسے تھا کہ وہ اتنی شادیاں کرتے اور عورتوں کے حقوق ادا کرسکتے تھے۔ ان کے تبصرہ کا میں کیا جواب دوں' وضاحت فرمائیں' مجھے شدید افسوس ہوتا ہے۔

ج :۔۔۔۔یورپ کے مستشرقین نے اپنے تعصب' نادانی اور جہل مرکب کی وجہ سے اسلام کے جن مسائل کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے ان میں ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تعدد ازواج کا مسئلہ بھی ہے۔ جس پر انہوں نے خاصی زہرچکانی کی ہے۔ ہمارا جدید طبقہ مستشرقین سے مرعوب اور احساس کمتری کا شکار ہے' وہ ایسے تمام مسائل میں' جن پر مستشرقین کو اعتراض ہے' ندامت ومعذرت کا انداز اختیار کرتا ہے' اس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ مغرب کے سامنے سرخرو ہونے کے لئے ان حقائق کا ہی انکار کردیا جائے۔ چنانچہ وہ عقلی شبہات کے ذریعہ ان حقائق کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ آپ کے دوست کی گفتگو بھی اسی ذہنیت کی عکاسی کرتی ہے۔ وہ بظاہر بڑے معصومانہ انداز میں یہ پوچھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اتنی بیویوں کے حقوق کیسے ادا کرتے تھے؟ لیکن سوال کا منشا اصل واقعہ پر اعتراض ہے۔

بہرحال آپ کے دوست اگر چند اصولی باتیں ذہن میں رکھیں تو مجھے توقع ہے

کہ ان کے خدشات زائل ہوجائیں گے۔

ا:—— سب سے پہلے یہ عرض کردینا ضروری ہے کہ دین کے مسائل کو خوش طبعی اور ہنسی مذاق کا موضوع بنانا نہایت ہی خطرناک مرض ہے۔ آدمی کو شدت کے ساتھ ان سے پرہیز کرنا چاہئے خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی (جو اہل ایمان کا مرجع عقیدت ہی نہیں' مدار ایمان بھی ہے) آپؐ کے بارے میں لب کشائی تو کسی مسلمان کے لئے کسی طرح بھی روا نہیں۔ قرآن کریم میں ان منافقوں کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے جو اپنی نجی محفلوں میں رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو' قرآن کریم کی آیات شریفہ کو طنز و مذاق کا نشانہ بناتے تھے۔ جب ان سے باز پرس کی جاتی تو کہہ دیتے "اجی! ہم تو بس یونہی دل لگی اور خوش طبعی کی باتیں کررہے تھے"۔ ان کے اس "عذر گناہ' بدتر از گناہ" کے جواب میں ارشاد ہے "کیا تم اللہ تعالیٰ سے' اس کی آیات سے اور اس کے رسول کے ساتھ دل لگی کرتے تھے؟ بہانے نہ بناؤ' تم نے دعویٰ ایمان کے بعد کفر کیا ہے؟۔ (التوبہ۔ ۶۵۔۶۶)۔

اس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ آیات الٰہیہ کو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالی کو دل لگی اور خوش طبعی کا موضوع بنانا کتنا خطرناک ہے جسے قرآن کریم کفر قرار دیتا ہے اس لئے ہر مسلمان سے' جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو' میری ملتجیانہ درخواست ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی قول وفعل کو اپنے ظریفانہ تبصروں کا موضوع بنانے سے مکمل پرہیز کریں ایسا نہ ہو کہ غفلت میں کوئی غیر محتاط لفظ زبان سے نکل جائے اور متاع ایمان برباد ہوکر رہ جائے۔ (نعوذ باللہ من ذالک)۔

۲:—— ایک بنیادی غلطی یہ ہے کہ بہت سے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

بلند وبالا ہستی کو اپنی سطح پر غور و فکر کرتے ہیں اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی بات اپنی ذہنی سطح سے اونچی دیکھتے ہیں تو ان کا ذہن اسے قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا' حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مقام و مرتبہ عطا فرمایا ہے اور جن کمالات و خصوصیات سے آپؐ کو نوازا ہے وہ ہمارے فہم وادارک کی حد سے ماورا ہے۔ وہاں تک کسی جن وملک کی رسائی ہے نہ کسی نبی مرسل کی۔ جہاں جبریل امین کے پر جلتے ہوں وہاں ما وشما کی عقلی تگ ودو کی کیا مجال ہے' آپ کے دوست بھی اسی بنیادی غلطی میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ اگر وہ آپؐ کے معاملات سے ناپتے تو انہیں اس بات میں کوئی حیرت نہ ہوتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود اتنی بیویوں کے حقوق کیسے ادا فرماتے تھے۔ اہل نظر جانتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر ادا اپنے اندر اعجاز کا پہلو رکھتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مختصر سے قلیل عرصہ میں بتوفیق خداوندی انسانی زندگیوں میں جو انقلاب برپا کیا اور امت کو روحانی' ومادی کمالات کی جس اوج ثریا پر پہنچادیا کیا ساری امت مل کر بھی اس کارنامہ کو انجام دے سکتی ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی بات ایسی ہے جو اپنے اندر حیرت انگیز اعجاز نہیں رکھتی' ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے الفاظ میں "آپؐ کا کون سا معاملہ عجیب نہیں تھا۔"

۳:— آپ کے دوست کو یہ نکتہ بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ محض عقلی احتمالات یا حیرت و تعجب کے اظہار سے کسی حقیقت' واقعہ کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ مثلاً ایک شخص سر کی آنکھوں سے سورج نکلا ہوا دیکھ رہا ہے اس کے برعکس ایک "حافظ جی" محض عقلی احتمالات کے ذریعہ اس کھلی حقیقت کا انکار اور اس پر حیرت و تعجب کررہا ہے۔ اہل عقل اس "حافظ جی" کی عقل وفہم کی داد نہیں دیں گے بلکہ اسے اندھا ہونے کے ساتھ ساتھ ضدی اور ہٹ دھرم بھی قرار دیں گے——— ٹھیک

اسی طرح سمجھئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ازواج مطہرات کے حقوق نہایت عدل وانصاف کے ساتھ ادا کرنا ایک حقیقت واقعیہ ہے۔ چنانچہ حضرت عبد اللہ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب دنیا سے تشریف لے گئے اس وقت آپؐ کے یہاں نو بیویاں تھیں۔ ان میں آٹھ کے یہاں باری باری شب باشی فرماتے تھے۔ (حضرت سودہؓ نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کو دے رکھی تھی اس لئے ان کے یہاں شب باشی نہیں فرماتے تھے)۔

(صحیح بخاری و مسلم مشکوٰۃ ص ۲۷۹)

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہایت عدل وانصاف کے ساتھ ازواج کے حقوق ادا فرماتے تھے اور پھر یہ دعا کرتے تھے "یا اللہ! جو بات میرے اختیار میں ہے اس میں تو پورا عدل وانصاف سے برتاؤ کرتا ہوں اور جو چیز آپ کے اختیار میں ہے میرے اختیار میں نہیں (یعنی کسی بی بی کی طرف دل کا زیادہ میلان) اس میں مجھے ملامت نہ کیجئے"۔ (ترمذی' ابو داؤد' نسائی' ابن ماجہ' دارمی' مشکوٰۃ ص ۲۷۹) اس قسم کی بہت سی احادیث صحابہ کرامؓ اور خود امہات المومنینؓ سے مروی ہیں--- گویا یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف ازواج مطہرات کے حقوق ادا فرماتے تھے بلکہ اس میں آپؐ نے عدل وانصاف کا اعلیٰ ترین معیار قائم کرکے دکھایا۔ خود ارشاد فرماتے تھے :

"تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنے گھر والوں کے لئے سب سے بہتر ہو۔ اور میں اپنے گھر والوں کے لئے تم سب سے بہتر ہوں"۔

(ترمذی' دارمی' ابن ماجہ' مشکوٰۃ ص ۲۸۱)

اب اس ثابت شدہ حقیقت پر حیرت و تعجب کا اظہار کرنا اور اس سے انکار کی

کوشش کرنا اس پر وہی "حافظ جی" کی مثال صادق آتی ہے جو آنکھیں بند کر کے محض عقلی احتمالات کے ذریعہ طلوع آفتاب کی نفی کی کوشش کر رہا ہے۔

۴:۔۔۔۔۔۔اور اگر آپ کے دوست کو اس بات کا شبہ ہے کہ امت کے لئے چار تک شادیوں کی اجازت ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چار سے زائد شادیاں کیسے جائز تھیں؟ تو ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اللہ تعالیٰ نے بہت سے خصوصی احکام دیئے تھے جن کو اہل علم کی اصطلاح میں "خصائص نبوی" کہا جاتا ہے۔حافظ سیوطیؒ نے "الخصائص الکبریٰ" میں حافظ ابو نعیم نے "دلائل النبوۃ" میں اور علامہ قسطلانی نے "مواہب لدنیہ" میں ان "خصائص" کا اچھا خاصا ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ نکاح کے معاملہ میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد خصوصیات تھیں جن کو سورہ احزاب کے چھٹے رکوع میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے، ان میں سے ایک خصوصیت یہ تھی کہ آپؐ کے لئے چار سے زائد شادیوں کی اجازت تھی۔

ایک یہ کہ آپؐ کے لئے اپنے پدری و مادری خاندان کی خواتین میں سے صرف اس سے نکاح کرنا جائز تھا جنہوں نے مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ ہجرت کی ہو۔ آپ کے خاندان کی جن عورتوں نے ہجرت نہیں کی تھی ان سے آپؐ کا نکاح جائز نہیں تھا۔

ایک خصوصیت یہ تھی کہ اگر کوئی خاتون مہر کے بغیر آپؐ کے عقد میں آنے کی پیش کش کرے اور آپ اس کو قبول فرمالیں تو بغیر مہر کے آپ کا عقد صحیح تھا، جب کہ امت کے لئے نکاح میں مہر کا ہونا ضروری ہے، اگر زوجین نے یہ شرط کرلی ہو کہ مہر نہیں ہوگا تب بھی "مہر مثل" لازم آئے گا۔

آپؐ کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ بیویوں کے درمیان برابری کرنا آپؐ کے

ذمہ ضروری نہیں تھا (اس کے باوجود آپؐ ازواج مطہراتؓ کے درمیان برابری اور عدل وانصاف کی پوری رعایت فرماتے تھے' جیسا کہ اوپر عرض کرچکا ہوں) جب کہ امت کے وہ افراد جن کے عقد میں دو یا زیادہ بیویاں ہوں ان کے ذمہ بیویوں کے درمیان برابری رکھنا فرض ہے' چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ :

"جس کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان عدل اور برابری نہ کرے وہ قیامت کے دن ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو مفلوج ہوگا"۔

(ترمذی' ابو داود' نسائی' ابن ماجہ' دارمی' مشکوۃ ص۲۷۹)

الغرض نکاح کے معاملہ میں بھی آپؐ کی بہت سی خصوصیات تھیں' اور بیک وقت چار سے زائد بیویوں کا جمع کرنا بھی آپؐ کی انہی خصوصیات میں شامل ہے جس کی تصریح خود قرآن مجید میں موجود ہے۔

حافظ سیوطیؒ "خصائص کبریٰ" میں لکھتے ہیں کہ شریعت میں غلام کو صرف دو شادیوں کی اجازت ہے اور اس کے مقابلے میں آزاد آدمی کو چار شادیوں کی اجازت ہے۔ جب آزاد کو بمقابلہ غلام کے زیادہ شادیوں کی اجازت ہے تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عام افراد امت سے زیادہ شادیوں کی کیوں اجازت نہ ہوتی۔

متعدد انبیا کرام علیہم السلام ایسے ہوئے ہیں جن کی چار سے زیادہ شادیاں تھیں۔ چنانچہ حضرت داوٗدؑ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی سو بیویاں تھیں اور صحیح بخاری (ص۳۹۵ ج۱) میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی سو یا ننانوے بیویاں تھیں۔ بعض روایات میں کم وبیش تعداد بھی آئی ہے۔ فتح الباری میں حافظ ابن حجرؒ نے ان روایات میں تطبیق کی ہے اور وہب بن منبہ کا قول نقل کیا ہے کہ سلیمانؑ کے یہاں تین سو بیویاں اور سات سو کنیزیں تھیں۔ (فتح الباری ج۶' ص۳۶۰)

بائبل میں اس کے برعکس یہ ذکر کیا گیا ہے کہ سلیمانؑ کی سات سو بیویاں اور تین سو کنیزیں تھیں۔ (۱۔ سلاطین' ۱۱۔۳) ظاہر ہے کہ یہ حضرات ان تمام بیویوں کے حقوق ادا کرتے ہوں گے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نو ازواج مطہرات کے حقوق ادا کرنا ذرا بھی محل تعجب نہیں۔

۵ :۔۔۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات کے بارے میں یہ نکتہ بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ متعدد احادیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چالیس جنتی مردوں کی طاقت عطا کی گئی تھی اور ہر جنتی کو سو آدمیوں کی طاقت عطا کی جائے گی۔۔۔۔۔ اس حساب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں چار ہزار مردوں کی طاقت تھی۔ (فتح الباری ج ۱ ص ۳۷۸)

جب امت کے ہر مریل سے مریل آدمی کو چار تک شادیاں کرنے کی اجازت ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جن میں چار ہزار پہلوانوں کی طاقت ودیعت کی گئی تھی کم از کم سولہ ہزار شادیوں کی اجازت ہونی چاہئے تھی۔

۶ :۔۔۔ اس مسئلہ پر ایک دوسرے پہلو سے بھی غور کرنا چاہئے' ایک داعی اپنی دعوت مردوں کے حلقہ میں بلا تکلف پھیلا سکتا ہے لیکن خواتین کے حلقہ میں براہ راست دعوت نہیں پھیلا سکتا۔ حق تعالیٰ شانہ نے اس کا یہ انتظام فرمایا ہے کہ ہر شخص کو چار بیویاں رکھنے کی اجازت ہے' جو جدید اصطلاح میں اس کی پرائیویٹ سیکریٹری کا کام دے سکیں اور خواتین کے حلقہ میں اس کی دعوت کو پھیلا سکیں۔۔۔۔۔ جب ایک امتی کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ سے یہ انتظام فرمایا ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم' جو قیامت تک تمام انسانیت کے نبی اور ہادی و مرشد تھے' قیامت تک پوری انسانیت کی سعادت جن کے قدموں سے

وابستہ کردی گئی تھی، اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت و رحمت سے امت کی خواتین کی اصلاح و تربیت کے لئے خصوصی انتظام فرمایا ہو تو اس پر ذرا بھی تعجب نہیں ہونا چاہئے کیونکہ حکمت وہدایت کا یہی تقاضا تھا۔

۷:۔۔۔۔ اسی کے ساتھ یہ بات بھی پیش نظر رہنی چاہئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خلوت و جلوت کی پوری زندگی کتاب ہدایت تھی، آپؐ کی جلوت کے افعال واقوال کو نقل کرنے والے تو ہزاروں صحابہ کرامؓ موجود تھے، لیکن آپؐ کی خلوت و تنہائی کے حالات امہات المومنینؓ کے سوا اور کون نقل کرسکتا تھا، حق تعالیٰ شانہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ان خفی اور پوشیدہ گوشوں کو نقل کرنے کے لئے متعدد ازواج مطہراتؓ کا انتظام فرمادیا جن کی بدولت سیرت طیبہ کے خفی سے خفی گوشے بھی امت کے سامنے آگئے اور آپؐ کی خلوت و جلوت کی پوری زندگی ایک کھلی کتاب بن گئی جس کو ہر شخص ہر وقت ملاحظہ کرسکتا ہے۔

۸:۔۔۔۔ اگر غور کیا جائے تو کثرت ازواج اس لحاظ سے بھی معجزہ نبوت ہے کہ مختلف مزاج اور مختلف قبائل کی متعدد خواتین آپؐ کی نجی سے نجی زندگی کا شب وروز مشاہدہ کرتی ہیں، اور وہ بیک زبان آپؐ کے تقدس وطہارت، آپؐ کی خشیت و تقویٰ، آپؐ کے خلوص و للٰہیت، اور آپؐ کے پیغمبرانی اخلاق واعمال کی شہادت دیتی ہیں۔ اگر خدانخواستہ آپؐ کی نجی زندگی میں کوئی معمولی سا جھول اور کوئی ذرا سی بھی کجی ہوتی تو اتنی کثیر تعداد ازواج مطہراتؓ کی موجودگی میں وہ کبھی بھی مخفی نہیں رہ سکتی تھی۔ آپؐ کی نجی زندگی کی پاکیزگی کی یہ ایسی شہادت ہے جو بجائے خود دلیل صداقت اور معجزہ نبوت ہے۔۔۔۔۔ یہاں بطور نمونہ ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کا ایک فقرہ نقل کرتا ہوں جس سے نجی زندگی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تقدس

وطہارت اور پاکیزگی کا کچھ اندازہ ہو سکے گا۔ وہ فرماتی ہیں "میں نے کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ستر نہیں دیکھا اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی میرا ستر دیکھا"۔ کیا دنیا میں کوئی بیوی اپنے شوہر کے بارے میں یہ شہادت دے سکتی ہے کہ مدۃ العمر انہوں نے ایک دوسرے کا ستر نہیں دیکھا اور کیا اس اعلیٰ ترین اخلاق اور شرم وحیا کا نبی کی ذات کے سوا کوئی نمونہ مل سکتا ہے۔۔۔۔۔۔؟ غور کیجئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نجی زندگی کے ان "خفی محاسن" کو ازواج مطہراتؓ کے سوا کون نقل کر سکتا تھا۔

# صحیح بخاری پر عدم اعتماد کی تحریک

س۔۔۔۔ مسئلہ یہ ہے کہ صحیح بخاری کی روایات و اسناد پر عدم اعتماد کی تحریک چل رہی ہے۔ اس تحریک کے پس پردہ جو لوگ ہیں اس کی تفصیل و فہرست خاصی طویل ہے، بہرحال نمونے کے طور پر صرف ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ ادارہ فکر اسلامی کے جنرل سیکریٹری جناب طاہر المکی صاحب جناب عمر احمد عثمانی صاحب کی کتاب "رجم اصل حد ہے یا تعزیر" کے تعارفی نوٹس میں لکھتے ہیں :

> " اہل حدیث حضرات کے علاوہ دوسرے اسلامی فکر خصوصاً احناف کا امام بخاری کی تحقیقات کے متعلق جو نقطہ نظر رہا ہے وہ مولانا عبدالرشید نعمانی مدرس جامعہ بنوری ٹاؤن، علامہ زاہد الکوثری مصری اور انور شاہ کشمیری کی کتابوں سے ظاہر ہے۔
>
> مولانا عبدالرشید نعمانی کی تحقیقات سے صرف ایک اقتباس ملاحظہ ہو :

"کیا دو تہائی بخاری غلط ہے"

ترجمہ۔علامہ مقبلی اپنی کتاب الارواح النوافح میں لکھتے ہیں:

ایک نہایت دیندار اور باصلاحیت شخص نے مجھ سے عراقی کی "الفیہ" (جو اصول حدیث میں ہے) پڑھی اور ہمارے درمیان صحیحین کے مقام و مرتبہ خصوصاً بخاری کی روایات کے متعلق بھی گفتگو ہوئی...... تو ان صاحب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے دریافت کیا کہ اس کتاب یعنی خصوصاً بخاری کی کتاب کے متعلق حقیقت امر کیا ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دو تہائی غلط ہے"۔

خواب دیکھنے والے کا گمان غالب ہے کہ یہ ارشاد نبویؐ بخاری کے راویوں کے متعلق ہے یعنی ان میں دو تہائی راوی غیر عادل ہیں کیونکہ بیداری میں ہمارا موضوع بحث بخاری کے راوی ہی تھے۔ واللہ اعلم"۔ (دیکھئے مقبلی کی کتاب الارواح النوافح ص ۶۸۹ '۶۹۰)

اس اچھوتی اور نادر روزگار دلیل پر طاہر المکی صاحب لکھتے ہیں :

"یہ ہے بخاری کے فنی طور پر سب سے زیادہ صحیح ہونے کی حقیقت' اس کو ایڈٹ کرنے میں مولانا عبدالرشید نعمانی کے ساتھ جامعہ بنوری ٹاؤن کے مفتی ولی حسن بھی شریک رہے ہیں جیسا کہ اپنی حواشی کے آخر میں نعمانی صاحب نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا ہے۔ عبدالرشید صاحب فرماتے ہیں :

جب بخاری کے دو تہائی راوی غیر عادل ہیں تو ان کی روایات کی کیا حیثیت جو یقیناً بخاری کی دو تہائی روایات سے زیادہ بنتی ہیں

کیونکہ بہت سے راوی ایسے ہوتے ہیں کہ وہ کئی کئی روایتیں بیان
کرتے ہیں"۔ (بحوالہ رجم اصل حد ہے یا تعزیر ص ۳۹)

محترمی اب آپ مجھے بتائیں کہ کیامذکورہ حوالے سے جو کچھ بیان کیا گیا ہے آیا وہ صحیح ہے یا غلط؟

اگر آپ کے نزدیک صحیح ہے تو کیا میں صحیح بخاری کے نسخے ضائع کر دوں؟ اور کیا مدارس کی انتظامیہ کو بذریعہ اخبار ترغیب دوں کہ وہ اپنے مدارس کے نصاب سے صحیح بخاری کو خارج کر دیں۔

مجھے امید ہے کہ میری اس الجھن کو دور فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

درج بالا خط ملنے پر اس ناکارہ نے حضرت نعمانی مدظلہ العالی کی خدمت میں عریضہ لکھا : جو درج ذیل ہے :

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"حضرت مخدوم و معظم! مدت فیوضہم و برکاتہم' السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

ایک صاحب نے طاہر المکی کے حوالے سے آنجناب کی ایک عبارت نقل کر کے تیز و تند سوال کیا ہے۔ یہ اس شخص کا چوتھا خط ہے۔ میں نے مناسب سمجھا کہ "توجیہ القول بملایرضی بہ قائلہ" کے بجائے آنجناب ہی سے اس سلسلہ میں مشورہ کر لیا جائے۔ مختصر سا اشارہ فرما دیا جائے کہ طاہر مکی کی نقل کہاں تک صحیح ہے' اور ان صاحب کے اخذ کردہ نتیجہ سے کہاں تک اتفاق کیا جا سکتا ہے۔ چونکہ مجھے ہفتہ کے دن سفر پر جانا ہے اس لئے میں اس خط کا جواب کل ہی نمٹا کر جانا چاہتا ہوں۔ دعوات صالحہ کی التجا ہے۔ والسلام۔

خوید کم        محمد یوسف عفااللہ عنہ"

حضرت موصوف مدظلہ العالی نے درج ذیل جواب تحریر فرمایا :

"محترمی وفقنی اللہ وایاکم لما یحب ویرضیٰ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس وقت درس گاہ میں "الارواح النوافح" موجود نہیں ' " دراسات اللبیب" معین سندھیؒ کی تعلیقات میں عرصہ ہوا جب تلقی صحیحین کی بحث میں آپس کے اختلاف میں لکھا تھا کہ تلقی کا مسئلہ اختلافی ہے ' اختلافی احادیث میں اجماع کا دعوی صحیح نہیں ' اس پر بحث کرتے ہوئے کہیں اس خواب کا بھی ذکر آ گیا تھا۔ "الارواح" کے مصنف علامہ مقبلی پہلے زیدی تھے پھر مطالعہ کر کے سنی ہو گئے تھے اور عام یمنیوں کی طرح جیسے امیر یمانی ' وزیر یمانی ' قاضی شوکانی وغیرہ ہیں غیر مقلد ہو گئے تھے ' انہوں نے تلقی رواۃ کے سلسلے میں اس خواب کا ذکر کیا تھا خواب کی جو حیثیت ہے ظاہر ہے ' رواۃ کی تعدیل و تجریح میں اختلاف شروع سے چلا آتا ہے جیسے مذاہب اربعہ میں اختلاف ہے۔ اس سے نہ کسی چیز کا بطلان لازم آتا ہے نہ کسی مختلف چیز پر اجماع۔ یہ ہے اصل حقیقت تلقی امت کی بحث کی کہ نہ متون کی ساری امت کو تلقی ہے نہ رواۃ پر ' جیسے تمام اختلافی مسائل کا حال ہے۔

قرآن کریم کا ثبوت قطعی ہے لیکن اس کی تعبیر و تفسیر میں اختلاف ہے پھر کیا اس اختلاف کی بنا پر قرآن کریم کو ترک کر دیا جائے گا؟ یہی حال متون صحیحین و رواۃ صحیحین کا ہے کہ نہ ان کا متن امت کے لئے واجب العمل ہے اور نہ ہر راوی بالاجماع قابل قبول

ہے۔ اب منکرین حدیث اس سلسلہ میں جو چاہیں روش اختیار کریں۔ قرآن کریم کی تعبیر و تفسیر میں اختلاف تھا' ہے اور رہے گا۔ روایات کے قبول عدم قبول میں مجتہدین کا اختلاف تھا' اور رہے گا۔ فمن شاء فلیومن ومن شاء فلیکفر۔ والسلام

محمد عبدالرشید نعمانی"

۲۵-۲-۱۴۱۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکرم و محترم! زید لطفہ۔ السلام علیکم ورحمہ اللہ وبرکاتہ

آپ کے گرامی نامہ کے جواب پر چند امور مختصراً" لکھتا ہوں' فرصت نہیں' ورنہ اس پر پورا مقالہ لکھتا :

ا------ آپ کی اس تحریک کی بنیاد طاہر المکی صاحب کی اس تحریر پر ہے جس کا حوالہ آپ نے خط میں نقل کیا ہے اور آپ نے اس تحریر پر اس قدر اعتماد کیا کہ اس کی بنیاد پر مجھ سے دریافت فرماتے ہیں کہ :

> " مذکورہ حوالے سے جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ صحیح ہے یا غلط؟ اگر آپ کے (یعنی راقم الحروف کے) نزدیک بھی صحیح ہے تو کیا میں صحیح بخاری کے نسخے ضائع کر دوں؟ اور کیا مدارس کی انتظامیہ کو بذریعہ اخبار ترغیب دوں کہ وہ اپنے مدارس کے نصاب سے صحیح بخاری کو خارج کر دیں؟"

طاہر المکی صاحب کی تحریر پر اتنا بڑا فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کو یہ سوچنا چاہئے کہ ان صاحب کا تعلق کہیں منکرین حدیث کے طائفہ سے تو نہیں؟ اور یہ کہ کیا یہ

صاحب اس نتیجہ کے اخذ کرنے میں تلبیس و تدلیس سے تو کام نہیں لے رہے؟

طاہر المکی کا تعلق .........جس طبقہ سے ہے' تلبیس و تدلیس اس طبقہ کا شعار ہے اور سنا گیا ہے کہ طاہر المکی کے نام میں بھی تلبیس ہے۔ اس کے والد میانجی عبدالرحیم مرحوم "مکی مسجد کراچی" میں مکتب کے بچوں کو پڑھاتے تھے' وہیں ان کی رہائش گاہ تھی اسی دوران یہ صاحب پیدا ہوئے اور مکی مسجد کی طرف نسبت سے علامہ طاہر المکی بن گئے' سننے والے سمجھتے ہوں گے کہ حضرت مکہ سے تشریف لائے ہیں۔

۲۔ مولانا عبدالرشید نعمانی مدظلہ العالی کے حوالے سے اس نے قطعاً غلط اور گمراہ کن نتیجہ اخذ کیا ہے۔ جیسا کہ مولانا مدظلہ العالی کے خط سے ظاہر ہے' اول تو مقبلی زیدی اور پھر غیر مقلد تھا' پھر اس کا حوالہ خواب کا ہے' اور سب جانتے ہیں کہ خواب دینی مسائل میں حجت نہیں۔ پھر مولانا نے یہ حوالہ یہ ظاہر کرنے کے لئے نقل کیا ہے کہ رواۃ بخاری کے بارے میں بعض لوگوں کی یہ رائے ہے۔ مولانا عبدالرشید نعمانی مدظلہ العالی ایک دینی مدرسہ کے شیخ الحدیث ہیں۔ اگر ان کی وہ رائے ہوتی جو آپ نے طاہر المکی کی تلبیسانہ عبارت سے سمجھی ہے تو وہ آپ کی تحریک "عدم اعتماد" کے علم بردار ہوتے' نہ کہ صحیح بخاری پڑھانے والے شیخ الحدیث۔

۳۔........طاہر المکی نے امام العصر حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ کو بلاوجہ گھسیٹا ہے۔ حضرتؒ نے بیس برس سے زیادہ صحیح بخاری کا درس دیا' اور تدریس بخاری شروع کرنے سے پہلے ۱۳ مرتبہ صحیح بخاری شریف کا بغور و تدبر مطالعہ فرمایا اور اس کی تمام شروح کا بغور و تدبر مطالعہ فرمایا' صحیح بخاری کی دو بڑی شرحیں فتح الباری اور عمدۃ القاری تو حضرت کو ایسے حفظ تھیں جیسے گویا سامنے کھلی رکھی ہوں۔ (مقدمہ فیض

الباری ص ۳۱)

حضرت شاہ صاحبؒ نہ صرف یہ کہ صحیح بخاری کو "اصح الکتب بعد کتاب اللہ" سمجھتے ہیں بلکہ صحیحین کی احادیث کی قطعیت کے قائل ہیں۔ چنانچہ فیض الباری میں فرماتے ہیں :

"صحیح کی احادیث قطعیت کا فائدہ دیتی ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ جمہور کا قول ہے کہ قطعیت کا فائدہ نہیں دیتیں لیکن حافظ رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے کہ قطعیت کا فائدہ دیتی ہیں۔ شمس الائمہ سرخسی حنفیہ میں سے' حنابلہ میں سے حافظ ابن تیمیہؒ اور شیخ ابن صلاحؒ بھی اسی طرف مائل ہیں۔ ان حضرات کی تعداد اگرچہ کم ہے مگر ان کی رائے ہی صحیح رائے ہے۔ شاعر کا یہ قول ضرب المثل ہے :

"میری بیوی مجھے عار دلاتی ہے ہماری تعداد کم ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ کریم لوگ کم ہی ہوا کرتے ہیں"۔

(فیض الباری ص ۴۵)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں :

" محدثین کا اتفاق ہے کہ صحیحین میں جتنی حدیثیں متصل مرفوع ہیں' صحیح ہیں' اور یہ دونوں اپنے مصنفین تک متواتر ہیں اور جو شخص ان دونوں کی توہین کرتا ہے وہ مبتدع ہے اور مسلمانوں کے راستہ سے منحرف ہے"۔

۴ :—— کسی حدیث کا صحیح ہونا اور چیز ہے اور اس کا واجب العمل ہونا

دوسری چیز ہے اس لئے کسی حدیث کے صحیح ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ واجب العمل بھی ہو' کیونکہ ہوسکتا ہے کہ منسوخ ہو' یا مقید ہو' یا ماول ہو۔ اس کے لئے ایک عامی کا علم کافی نہیں' بلکہ اس کے لئے ہم آئمہ اجتہاد رحمہم اللہ کی اتباع کے محتاج ہیں۔ قرآن کریم کا قطعی ہونا تو ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے' لیکن قرآن کریم کی بعض آیات بھی منسوخ وماول یا مقید باشرائط ہیں' صرف انہی اجمالی اشارات پر اکتفا کرتا ہوں' تفصیل و تشریح کی گنجائش نہیں۔ واللہ اعلم۔

## حقانی صاحب کی حج تجاویز

**سوال :** ------بتاریخ ۱۶ جون ۹۳ء کالم نویس جناب ارشاد احمد حقانی صاحب نے حالیہ نگران حکومت کے زیر انتظام حج بیت اللہ سے واپسی پر "حج کے انتظامات' بعض توجہ طلب پہلو" کے عنوان سے جن خیالات کا اظہار اخبار جنگ کراچی میں کیا ہے اس کو پڑھ کر سخت تکلیف ہوئی اور طرح طرح کے خیالات کے اظہار سے ایسا محسوس ہوا کہ وہ منٰی کی ساری غلاظت کو اپنے ساتھ کراچی لے آئے ہیں' جس شہر میں ہر راستہ پر ہر زمانہ میں اور خصوصاً سخت گرمی کے زمانہ میں جو گٹر بہہ رہا ہے اور حتی کہ ہمارے مکان کے دروازہ پر پڑوس کے گٹر کا سیاہ سیلاب سارے راستہ پر پھیلا ہوا ہے اس کی طرف کسی کی نظر نہیں جہاں مستقلاً لوگ رہائش پذیر ہیں اور سارے شہر میں گٹر کے ناپاک پانی نے طہارت اور صفائی کو مستقل عذاب اور خطرہ میں ڈال دیا ہے۔ اس کی اصلاح کے لئے زور قلم اور حکومت اور عمال کی توجہ مبذول نہ کراکر مفت کی مہمانی کا حق اس ذہنیت سے ادا کررہے ہیں جو پاکستان کی بدنامی کا باعث ہورہا ہے۔

اس کے علاوہ فقہی مسائل میں بھی اپنی قابلیت کا جس طرح اظہار کیا ہے

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت کی معلومات کی داد دینے والا سارے عالم اسلام میں کوئی نہیں۔

میں آپ جیسے مسلم بزرگ اور مفتی وقت سے اس سلسلہ میں رجوع کرنا ایک اسلامی فریضہ سمجھ کر یہ خط لکھ رہا ہوں کہ برائے کرم جناب ارشاد احمد حقانی صاحب کے اظہار خیال کی روشنی میں جو انہوں نے "طواف زیارت" کے سلسلہ میں تحریر فرمایا ہے۔ اس کی اسلامی اور فقہی حیثیت کیا ہے؟

جیسا کہ ارشاد احمد حقانی نے اپنے کالم میں لکھا ہے کہ :

"بعض فقہا کے نزدیک اس بات کی اجازت موجود ہے کہ "طواف زیارت" عرفات جانے سے پہلے بھی ادا کیا جاسکتا ہے۔ میرے بہت سے قارئین کے لئے یہ بات باعث حیرت ہوگی لیکن یہ اجازت موجود ہے۔ مگر اس کا علم بہت کم لوگوں کو ہے اور اس پر عمل بھی شاذ ہی کیا جاتا ہے۔ (کیا یہی صحیح ہے؟)

" اگر کمزور اور ضعیف حجاج اور خواتین کو اس کی اطلاع دی جائے اور انہیں طواف زیارت عرفات جانے سے پہلے ادا کرنے کی ترغیب دی جائے تو دو چار لاکھ حاجی تو ایسا کرسکتے ہیں۔ جس سے بعد از عرفات کے دنوں میں رش کم کیا جاسکتا ہے۔"

" ویسے میں اس بات کا بھی حامی اور قائل ہوں کہ عرفات سے واپسی پر کئے جانے والے طواف زیارت کے وقت میں بھی توسیع کا جائزہ لیا جانا چاہئے اور جید علماء اس مسئلے پر غور کریں"۔

"حرم شریف کی غیر معمولی توسیع کے باوجود بیس پچیس

لاکھ افراد کا تین روز میں طواف زیارت مکمل کرنا شدید اژدھام پیدا کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ جس سے ضعیف مردوں اور عورتوں کا تو کجا مضبوط اور جوان حاجیوں کا عہدہ برآ ہونا آسان نہیں۔

طواف زیارت کو آسان کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے"۔

اس کے بعد حقانی صاحب نے منیٰ اور عرفات کے سلسلہ میں عام حجاج کی سہولت کے حوالہ سے جس طرح جو کچھ لکھا ہے اس سے ہم جیسے مسلمان دیندار حاجیوں کو قطعی اتفاق نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے علم و قلم مسلمان کو اس لئے عطا نہیں کیا کہ وہ اپنے کو ساری مخلوق سے بالاتر اور اپنی محدود عقل کو سب سے افضل و برتر سمجھے اور ان خیالات کا ہر موقع پر اظہار خیال کرے۔ سعودی حکومت تو ٹھنڈے پانی کا تھیلا مفت میں حجاج کرام کے لئے منیٰ اور عرفات میں مسلسل تقسیم کیا کرتی ہے اور روز بروز ہر طرح کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

منیٰ میں میرا بھی قیام تھا۔ مگر میں نے وہ تعفن اور گندگی نہیں دیکھی جو حقانی صاحب کو نظر آئی اگر کسی کا قیام بد قسمتی سے کوڑا کرکٹ اور گٹر کے پاس ہو تو پھر بھی اس کا اظہار عوامی انداز سے ہونا چاہیے۔ یہ اخبار والوں کو بھی لازم ہے کہ ایسے جذباتی برانگیختی کے مضامین کو اخبار میں جگہ نہ دیں جو اخبار کے رویہ کو متنازع بناوے اور نفرت و فساد کو جنم دے۔ بہرکیف اس مسئلہ پر علما اور حجاج کرام کو اپنے مسلمہ واضح خیالات کا اظہار کرنا لازم ہے۔

**جواب :** ـــــــ جناب حقانی صاحب کا کالم میں نے آپ کا خط موصول ہونے کے بعد اخبار منگوا کر پڑھا، موصوف نے اپنے مضمون (۱۶ جون ۹۳ء) کی قسط میں

چند مسائل شرعیہ پر اظہار خیال فرماتے ہوئے ان میں اجتہاد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے :

## پہلا مسئلہ

جناب حقانی صاحب رقمطراز ہیں :

"سعودی وزارت اطلاعات کے حکام نے عقلمندی کی ہمیں مزدلفہ سے رات کے گیارہ بجے ہی بسوں پر سوار کرادیا اور سیدھے جمرۃ العقبٰی پر لے گئے' اس وقت وہاں کوئی ہجوم نہیں تھا اور ہم سب نے سات سات کنکریاں ماریں"۔

موصوف کی اس تحریر سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ رات ڈھلنے سے پہلے ہی گیارہ بجے مزدلفہ سے چل کھڑے ہوئے اور آدھی رات سے پہلے پہلے وہ جمرۃ العقبٰی کی رمی سے بھی فارغ ہوچکے تھے۔ اگر میں نے ان کی اس عبارت کا مفہوم صحیح سمجھا ہے تو سعودی حکام کی عقلمندی نے ان سے مناسک حج کی ادائیگی میں دو سنگین غلطیاں کرادیں۔ ایک یہ کہ مزدلفہ پر وقوف کرنا حج کے واجبات میں سے ہے۔ اس کے فوت ہوجانے پر دم لازم آتا ہے اور اسے قصداً چھوڑدینا حرام ہے۔

وقوف مزدلفہ کا وقت حنفیہ کے نزدیک یوم النحر (ذوالحجہ کی دسویں تاریخ) کی صبح صادق سے شروع ہوتا ہے' شافعیہ وحنابلہ کے نزدیک نصف شب کے بعد ہے' البتہ مالکیہ کے نزدیک رات کے کسی حصہ پر وہاں ٹھہرنا واجب ہے۔ چونکہ حقانی صاحب اور ان کے رفقا رات کے گیارہ بجے ہی مزدلفہ سے چل پڑے' اس

لئے حنفیہ' شافعیہ اور حنابلہ کے قول کے مطابق ان کا وقوف مزدلفہ فوت ہوگیا جس کی وجہ سے ان پر دم بھی واجب ہوا اور گناہ بھی لازم آیا۔

دوسری غلطی یہ کہ یوم النحر کو جمرۃ العقبٰی کی رمی کا وقت شافعیہ وحنابلہ کے نزدیک آدھی رات کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور حنفیہ ومالکیہ کے نزدیک صبح صادق کے بعد سے۔ اب اگر حقانی صاحب صبح صادق سے پہلے جمرۃ العقبٰی کی رمی سے فارغ ہوچکے تھے تب تو حنفیہ ومالکیہ کے نزدیک ترک واجب کی وجہ سے ان پر دم لازم آیا اور اگر نصف شب سے پہلے ہی رمی کرلی تھی تو تمام ائمہ کے نزدیک ان پر دم لازم ہوا۔

## دوسرا مسئلہ

حقانی صاحب سفارش کرتے ہیں کہ :

"اس ضمن میں کمزور حجاج بالخصوص خواتین کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ وہ اپنا وکیل مقرر کرکے رمی جمرات کا فرض ادا کریں"۔

اس ضمن میں یہ وضاحت کافی ہے کہ شریعت نے رمی جمرات کا وقت بہت وسیع رکھا ہے' مثلاً پہلے دن یوم النحر کو صرف جمرۃ العقبٰی کی رمی کرنی ہے' مگر اس کا وقت پورے آٹھ پہر (چوبیس گھنٹے) تک پھیلا ہوا ہے' کیونکہ یہ وقت یوم النحر کی صبح صادق سے شروع ہوکر گیارہویں تاریخ کی صبح صادق تک ہے اور رات کے وقت خصوصاً بارہ بجے کے بعد جمرات پر کوئی ہجوم نہیں ہوتا۔ اس لئے کمزور مرد اور خواتین رات کو اطمینان سے رمی کرسکتے ہیں اور رمی جمرات کے لئے کسی کو وکیل بنانا صرف اس صورت میں صحیح ہے کہ کوئی دن میں

یا رات میں خود چل کر جمرات تک پہنچنے اور رمی کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ اس لئے حقانی صاحب کی یہ سفارش کہ معذور اور غیر معذور مرد اور خواتین کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ بغیر عذر شرعی کے وہ کسی کو اپنا وکیل مقرر کردیں، قطعاً لائق التفات نہیں۔

## حقانی صاحب کا اپنے اجتہاد پر عمل

حقانی صاحب خود معذور نہیں تھے لیکن انہوں نے پہلے دن کی رمی تو وقت سے پہلے کرلی اور باقی دنوں کی رمی کے بارے میں وہ لکھتے ہیں :

"بقیہ دو دنوں کے لئے میں نے تو اپنے نوجوان ساتھیوں کو وکیل مقرر کیا اور انہی کے ذریعہ اپنے حصہ کے پتھر مروائے"۔

حالانکہ منٰی کے دنوں میں حاجی کو رمی جمرات کے سوا کوئی کام نہیں ہوتا۔

اب اس کو تساہل پسندی کے سوا کیا کہا جائے کہ بغیر کسی عذر شرعی کے موصوف نے رمی کے لئے نوجوان ساتھیوں کو وکیل مقرر کردیا اور انہی کے ذریعہ رمی کروالی۔ ظاہر ہے کہ شرعاً ان کا وکیل مقرر کرنا درست نہ تھا اور وہ ترک واجب کے مرتکب ہوئے، لیکن عجیب بات یہ ہے کہ انہیں اس ترک واجب پر افسوس بھی نہیں بلکہ وہ اس ضمن میں فقہائے امت کی اصلاح کے درپے ہیں۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں :

" فقہا نے رمی جمرات کے حوالے سے بعض ایسے احکام

اور شرائط مقرر کر رکھی ہیں غالباً جن میں قدرے اجتہاد کی گنجائش ہے"۔

حضرات فقہائے امت نے رمی جمرات کے بارے میں جو احکام و شرائط مقرر کی ہیں وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ سے مستنبط ہیں' تمام فقہائے امت کے اجماعی فیصلوں کو نظرانداز کرکے نئی راہ اختیار کرنے کا نام "اجتہاد" نہیں بلکہ خواہش نفس کی پیروی ہے۔

## تیسرا مسئلہ

تیسرا مسئلہ جس میں موصوف نے "اجتہاد" کی ضرورت پر زور دیا ہے وہ ہے وقوف عرفات سے پہلے طواف زیارت سے فارغ ہوجانا۔ موصوف لکھتے ہیں کہ :

"بعض فقہا کے نزدیک اس بات کی اجازت موجود ہے کہ طواف زیارت' عرفات جانے سے پہلے بھی ادا کیا جاسکتا ہے۔ میرے بہت سے قارئین کے لیے یہ بات باعث حیرت ہوگی لیکن یہ اجازت موجود ہے' مگر اس کا علم بہت کم لوگوں کو ہے اور اس پر عمل بھی شاذ ہی کیا جاتا ہے۔ اگر کمزور اور ضعیف حجاج اور خواتین کو اس کی اطلاع دی جائے اور انہیں طواف زیارت' عرفات جانے سے پہلے ادا کرنے کی ترغیب دی جائے تو دو چار لاکھ حاجی تو ایسا کرسکتے ہیں۔ جس سے بعد از عرفات کے دنوں میں رش کم کیا جاسکتا ہے"۔

جناب حقانی صاحب نے جو تحریر فرمایا ہے کہ بعض فقہا کے نزدیک وقوف عرفات سے پہلے طواف زیارت کرنے کی اجازت موجود ہے۔ یہ اس ناکارہ کے لئے بالکل جدید انکشاف ہے۔ قریباً نصف صدی تک فقہی کتابوں کی ورق گردانی کرتے ہوئے بال سفید ہوگئے لیکن افسوس ہے کہ مجھے ایسے کسی فقیہ کا سراغ نہیں مل سکا جو وقوف عرفات سے پہلے طواف زیارت سے فارغ ہوجانے کا فتویٰ دیتا ہو۔ اگر موصوف ان "بعض فقہا" کا نام نشان بتادیں تو اہل علم ان کے ممنون ہوں گے اور اس پر غور کرسکیں گے کہ ان "بعض فقہا" کے فتویٰ کی قدر و قیمت کیا ہے۔

جہاں تک اس ناکارہ کے ناقص مطالعہ کا تعلق ہے مذاہب اربعہ اس پر متفق ہیں کہ وقوف عرفات سے قبل طواف زیارت نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک طواف زیارت کا وقت یوم النحر کی صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک یوم النحر کی نصف شب کے بعد سے اس کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ گویا یوم النحر کی نصف شب سے پہلے طواف زیارت کسی کے نزدیک بھی جائز نہیں ہے اور جس مسئلہ میں مذاہب اربعہ متفق ہوں ان کے خلاف فتویٰ دینا "اجتہاد" نہیں بلکہ الحاد ہے۔

## القرآن ریسرچ سینٹر تنظیم کا شرعی حکم

س:..... مولانا صاحب! آج کل ایک نیا فتنہ قرآن ریسرچ سینٹر کے نام سے بہت زوروں پر ہے، اس کا بانی محمد شیخ انگلش میں بیان کرتا ہے، اور ضروریات دین کا انکار کرتا ہے۔ ہم اس انتظار میں تھے کہ "آپ کے مسائل اور ان کا حل"

میں آپ کی کوئی مفصل تحریر شائع ہو گی مگر آپ کے مسائل میں ایک خاتون کے سوال نامہ کے جواب میں آپ کا مختصر سا جواب پڑھا، اگرچہ وہ تحریر کسی حد تک شافی تھی مگر اس سلسلہ کی تفصیلی تحریر کی اب بھی ضرورت ہے۔ اگر آپ نے ایسی کوئی تحریر لکھی ہو یا کہیں شائع ہوئی ہو تو اس کی نشاندہی فرمادیں یا پھر از راہ کرم امت مسلمہ کی اس سلسلہ میں راہ نمائی فرمادیں۔

ج:..... آپ کی بات درست ہے، "آپ کے مسائل اور ان کا حل" میں میرا نہایت مختصر سا جواب شائع ہوا تھا، اور احباب کا اصرار تھا کہ اس سلسلہ میں کوئی مفصل تحریر آنی چاہئے، چنانچہ میری ایک مفصل تحریر ماہنامہ بینات کراچی کے "بصائر و عبر" میں شائع ہوئی ہے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اسے افادہ عام کیلئے قارئین ----- کی خدمت میں پیش کر دیا جائے، جو حسب ذیل ہے:

"مسلمانان ہندوستان کی دلی خواہش اور چاہت تھی کہ ایک ایسی آزاد ریاست اور ملک میسر آجائے جہاں مسلمان آزادی سے قرآن و سنت کا آئین نافذ کر سکیں اور انہیں دین اور دینی شعائر کے سلسلہ میں کوئی رکاوٹ نہ ہو، چونکہ مسلمانوں کا جذبہ نیک تھا، اس لیے اس میں جوان بوڑھے، عوام و خواص اور عالم و جاہل سب برابر کے متحرک و فعال تھے۔ بالآخر لاکھوں جانوں اور عزتوں کی قربانی کے بعد ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ایک مسلم ریاست کی حیثیت سے پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ قیام پاکستان کا مقصد اسلامی نظام حکومت یعنی حکومت الٰہیہ کا قیام باور کرایا گیا تھا۔ جس کا عنوان تھا "پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ"! اور یہ ایسا نعرہ تھا جس کے زیر اثر تمام مسلمان مر مٹنے کے لیے تیار تھے، حتی کہ وہ

مسلمان جن کے علاقے تقسیم ہند کے بعد ہندوستان کی حدود میں آتے تھے وہ بھی اس کے قیام میں پیش پیش تھے، لیکن: اے بسا آرزو کہ خاک شدہ- مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی، کے مصداق، آج نصف صدی سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود بھی پاکستانی مسلمانوں کو اسلامی نظام حکومت نصیب نہیں ہوا- انا للہ وانا الیہ راجعون-

الٹا پاکستان روز بروز مسائلستان بنتا چلا گیا، اس میں مذہبی، سیاسی، روحانی غرض ہر طرح کے فتنے پیدا ہوتے چلے گئے، ایک طرف اگر انگلینڈ میں مرتد رشدی کا فتنہ رونما ہوا، تو دوسری طرف پاکستان میں یوسف کذاب نام کا ایک بدباطن دعوی نبوت لے کر میدان میں آگیا- اسی طرح بلوچستان میں ایک ذکری مذہب ایجاد ہوا جس نے وہاں کعبہ اور حج جاری کیا- یہاں رافضیت اور خارجیت نے بھی پر پرزے نکالے، یہاں شرک وبدعات والے بھی ہیں اور طبلہ سارنگی والے بھی- اس ملک میں ایک گوہر شاہی نام کا ملعون بھی ہے جن کے مریدوں کو چاند میں اس کی تصویر نظر آتی ہے- اور خود اس کو اپنے پیشاب میں اپنے مصلح کی شبیہ دکھائی دیتی ہے- اس میں ایک بدبخت عاصمہ جہانگیر بھی ہے جو تحفظ حقوق انسانیت کی آڑ میں کتنی لڑکیوں کی چادر عفت کو تار تار کر چکی ہے-

اسی طرح اس ملک میں "جماعت المسلمین" نامی ایک جماعت بھی ہے جو پوری امت کی تجہیل وتحمیق کرتی ہے- یہاں ڈاکٹر مسعود کی اولاد بھی ہے جو اپنے علاوہ کسی کو مسلمان ماننے کے لیے تیار نہیں، یہاں غلام احمد پرویز کی ذریت بھی ہے جو امت کو ذخیرہ احادیث سے بدظن کر کے اپنے پیچھے لگانا چاہتی ہے، اور

ان سب سے آگے اور بہت آگے ایک نیا فتنہ اور نئی جماعت ہے جس کے تانے بانے اگرچہ غلام احمد پرویز سے ملتے ہیں مگر وہ کئی اعتبار سے غلام احمد پرویز کو پیچھے چھوڑ گئی ہے، غلام احمد پرویز نے امت کو احادیث سے برگشتہ کرنے کی ناکام کوشش کی تھی، ہاں البتہ اس نے چند آیات قرآنی پر بھی اپنی تاویلات باطلہ کا تیشہ چلایا تھا، مگر اس نئی جماعت اور نئے فتنہ کے سربراہ محمد شیخ نامی شخص نے تقریبا پورے اسلامی عقائد کی عمارت کو منہدم کرنے کا تہیہ کرلیا ہے، چنانچہ وہ توراۃ، زبور، انجیل اور دوسرے صحف آسمانی کے وجود اور حضور ﷺ کی دوسرے انبیأ پر فضیلت وبرتری اور انبیأ کرام کے مادی وجود کا منکر ہے، بلکہ وہ بھی اصل میں تو مرزا غلام احمد قادیانی کی طرح مدعی نبوت ہے- مگر وہ مرزا غلام احمد قادیانی کی ناکام حکمت عملی کو دہرانا نہیں چاہتا، کیونکہ وہ مرزا غلام احمد قادیانی کی طرح براہ راست نبوت اور عقیدۂ اجراء وحی کا دعویٰ کرکے قرآن وسنت اور علما امت کے شکنجہ میں نہیں آنا چاہتا، یہ تو وہ بھی جانتا ہے کہ وحی نبوت بند ہو چکی ہے، اور جو شخص آنحضرت ﷺ کے بعد اپنے لئے اجراء وحی کا دعویٰ کرے وہ دجال وکذاب اور واجب القتل ہے- اس لئے محمد شیخ نامی اس شخص نے اس کا عنوان بدل کر یہ کہا کہ :"جو شخص جس وقت قرآن پڑھتا ہے اس پر اس وقت قرآن کا وہ حصہ نازل ہو رہا ہوتا ہے اور جہاں قرآن مجید میں "قل" کہا گیا ہے وہ اس انسان ہی کے لیے کہا جارہا ہے، یوں وہ ہر شخص کو نزول وحی کا مصداق بنا کر اپنے لئے نزول وحی اور اجرائنبوت کے معاملہ کو لوگوں کی نظروں میں ہلکا کرنے کی کوشش کرتا ہے- چنانچہ وہ اس کو یوں بھی تعبیر کرتا ہے کہ :

"انبیاءؑ، اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور لوگوں کی اصلاح کرتے ہیں اور میں بھی یہی کام انجام دے رہا ہوں"۔

نعوذباللہ۔ منصب نبوت کو اس قدر خفیف اور ہلکا کر کے پیش کرنا اور یہ جرأت کرنا کہ میں بھی وہی کام کر رہا ہوں جو (نعوذباللہ) انبیاءؑ کرام کیا کرتے ہیں۔ کیا یہ دعویٰ نبوت اور منصب نبوت پر فائز ہونے کی ناپاک کوشش نہیں ؟

لوگوں کی نفسیات بھی عجیب ہے، اگر وہ ماننے پر آئیں تو ایک ایسا شخص جو کسی اعتبار سے قابل اعتماد نہیں، جس کی شکل وشباہت مسلمانوں جیسی نہیں، جس کا رہن سہن کسی طرح اسلاف سے میل نہیں کھاتا، ابلیس مغرب کی نقالی اس کا شعار ہے، اسوہ نبویؐ سے اسے ذرہ بھر مناسبت نہیں، اس کی چال ڈھال، رفتاو گفتار اور لباس وپوشاک سے کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا کہ یہ شخص مسلمان بھی ہے کہ نہیں ؟ پھر طرہ یہ کہ وہ نصوص صریحہ کا منکر ہے، اور تاویلات فاسدہ کے ذریعہ اسلام کو کفر، اور کفر کو اسلام باور کرانے میں مرزا غلام احمد قادیانی کے کان کاٹتا ہے، فلسفۂ اجرائے نبوت کا نہ صرف وہ قائل ہے بلکہ اس کا داعی اور مناد ہے۔

وہ تمام آسمانی کتابوں کا یکسر منکر ہے، وہ انبیاءؑ کے مادی وجود کا قائل نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی وجود کی بھول بھلیوں کے گورکھ دھندوں سے آپؐ کی نبوت ورسالت اور مادی وجود کا انکاری ہے، انبیاءؑ بنی اسرائیل میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ترجیح دیتا ہے۔

ذخیرۂ احادیث کو من گھڑت کہانیاں کہہ کر نا قابل اعتماد گردانتا ہے، غرضیکہ عقائد اسلام کے ایک ایک جز کا انکار کر کے ایک نیا دین ومذہب پیش

کرتا ہے،-اور لوگ ہیں کہ اس کی عقیدت واطاعت کا دم بھرتے ہیں، اور اس کو اپنا پیشوا اور راہ نما مانتے ہیں-

اس کے برعکس دوسری جانب اللہ کا قرآن ہے، نصوص صریحہ اور احادیث نبویؐ کا ذخیرہ ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ اور حضرات صحابہ کرامؓ کی سیرت وکردار کی شاہراہ ہے، اور اجماع امت ہے، جو پکار پکار کر انسانوں کی ہدایت وراہ نمائی کے خطوط متعین کرتے ہیں، مگر ان ازلی محروموں کے لئے یہ سب کچھ ناقابل اعتماد ہے-

کس قدر لائق شرم ہے کہ یہ حرماں نصیب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وفرماں برداری کی بجائے اپنے گلے میں اس ملحد وبے دین کی غلامی کا پٹہ سجانے اور اس کی امت کہلانے میں "فخر" محسوس کرتے ہیں- حیف ہے اس عقل ودانش اور دین ومذہب پر جس کی بنیاد الحاد وزندقہ پر ہو، جس میں قرآن وسنت کی بجائے ایک جاہل مطلق کے کفریہ نظریات وعقائد کو درجہ استناد حاصل ہو- سچ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں تو عقل وخرد چھین لیتے ہیں، جھوٹ سچ کی تمیز ختم ہو جاتی ہے اور ہدایت کی توفیق سلب ہو جاتی ہے-

گزشتہ ایک عرصہ سے اس قسم کی شکایات سننے میں آرہی تھیں کہ سیدھے سادھے مسلمان اس فتنے کا شکار ہو رہے ہیں، چنانچہ اس سلسلہ میں کچھ لکھنے کا خیال ہوا تو ایک صاحب راقم الحروف اور دارالعلوم کراچی کے فتاوی کی کاپی لائے اور فرمائش کی کہ اس فتنہ کے خلاف آواز اٹھائی جائے، اس لئے کہ حکومت اور انتظامیہ اس فتنہ کی روک تھام کے لئے نہایت بے حس اور غیر سنجیدہ ہے-

جب کہ یہ فتنہ روز بروز بڑھ رہا ہے- کس قدر لائق افسوس ہے کہ اگر کوئی شخص بانیٔ پاکستان یا موجودہ وزیر اعظم کی شان میں گستاخی کا مرتکب ہو جائے تو حکومت کی پوری مشینری حرکت میں آجاتی ہے، لیکن یہاں قرآن و سنت، دین متین اور حضرات انبیأ اور ان کی نبوت کا انکار کیا جاتا ہے، ان کی شان میں نازیبا کلمات کہے جاتے ہیں، مگر حکومت ٹس سے مس نہیں ہوتی، اور انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی-

اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ ان ہر دو تحریروں کو یکجا شائع کر دیا جائے، تاکہ مسلمانوں کا دین وایمان محفوظ ہو جائے، اور لوگ اس فتنہ کی سنگینی سے واقف ہو کر اس سے بچ سکیں-

راقم الحروف کا مختصر جواب اگرچہ روزنامہ جنگ کے کالم "آپ کے مسائل اور ان کا حل" میں شائع ہو چکا ہے مگر دارالعلوم کراچی کا فتوی شائع نہیں ہوا- چنانچہ سب سے پہلے ایک ایسی خاتون کا مرتب کردہ ہے سوال نامہ ہے جو براہ راست اس فتنہ سے متاثر رہی ہے، اس کے بعد راقم الحروف کا جواب ہے، اور آخر میں دارالعلوم کراچی کا جواب ہے، اور سب سے آخر میں اختتامیہ کلمات ہیں، چونکہ دارالعلوم کراچی کے فتوی میں قرآنی آیات اور دوسری نصوص کے ترجمے نہیں تھے اس لئے افادۂ عام کی خاطر قرآنی آیات اور عربی عبارتوں کے ترجمے کر دیئے گئے ہیں، قرآنی آیات کا ترجمہ حضرت تھانویؒ کے ترجمہ سے نقل کیا گیا ہے:

## سوال نامہ:

سوال: محترم مولانا محمد یوسف لدھیانوی صاحب. السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

احوال حال کچھ اس طرح ہے کہ بحیثیت مسلمان میں اپنا دینی فریضہ سمجھتے ہوئے دین کو ضرب پہنچانے اور اس کے عقائد کی عمارت کو مسمار کرنے کی جو کوششیں کی جارہی ہیں، اس کے متعلق غلط فہمیوں کو دور کرنے کی حتی الوسع کوشش کرنا چاہتی ہوں۔

محترم یہاں پر چند تنظیموں کی جانب سے نام نہاد پمفلٹ آڈیو /وڈیو کیسٹس کے ذریعے ایسا لٹریچر فراہم کیا جارہا ہے جس سے بڑا طبقہ شکوک وشبہات اور بے یقینی کی کیفیت کا شکار ہورہا ہے۔ پاکستان، جسے اسلامی فلسفہ وفکر کے ذریعے حاصل کیا گیا اس کے شہر کراچی میں ایک تنظیم "القرآن ریسرچ سینٹر" کے نام سے عرصہ چھ سات سال سے قائم ہے اس تنظیم کے بنیادی عقائد مندرجہ ذیل ہیں :

۱ :.... دنیا کے وجود میں آنے سے پہلے انسانیت کی بھلائی کے لئے قرآن پاک معجزانہ طور اکٹھا دنیا میں موجود تھا، مختلف انبیاؑ پر مختلف ادوار میں مختلف کتابیں نازل نہیں ہوئیں، بلکہ اس کتاب یعنی قرآن پاک کو مختلف زمانوں میں مختلف ناموں سے پکارا گیا، کبھی توریت، کبھی انجیل اور کبھی زبور کے نام سے۔

قرآن جو جہاں اور جس وقت پڑھ رہا ہے اس پر اسی وقت نازل ہورہا ہے اور جہاں "قل" کہا گیا ہے وہ اس انسان کے لئے کہا جارہا ہے جو پڑھ رہا ہے۔

۲ :.... انبیآء کا کوئی مادی وجود نہیں رہا، اس دنیا میں وہ نہیں بھیجے گئے، بلکہ وہ صرف انسانی ہدایت کے لئے SYMBOLS کے طور پر استعمال کئے گئے اور موجودہ دنیا سے ان کا کوئی مادی تعلق نہیں۔ قرآن شریف کے اندر وہ انسانی

رہنمائی کے لئے صرف فرضی کرداروں اور کہانیوں کی صورت میں موجود ہیں۔

۳- قرآن شریف میں چونکہ حضورؐ کو زمان حال یعنی Present میں پکارا گیا ہے لہذا حضور بحیثیت روح ہر جگہ اور ہر وقت موجود ہیں اور وہ مادی وجود سے مبرا ہیں اور نہ تھے۔

۴- حضور کی دیگر انبیأ پر کوئی فضیلت نہیں، وہ دیگر انبیأ کے برابر ہیں، بلکہ حضرت موسیٰ، بعض معنوں اور حیثیتوں میں یعنی قرآن پاک نے بنی اسرائیل، اور حضرت موسیٰ کا کثرت سے ذکر کیا، جس کی وجہ سے ان کی فضیلت حضور پر زیادہ ہے۔ حضور کے متعلق جتنی بھی احادیث تاریخ اور تفسیر میں موجود ہیں وہ انسانوں کی من گھڑت کہانیاں ہیں۔

ان تمام عقائد کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ قرآن وسنت کے مطابق یہ فتویٰ دیں کہ :

۱:.... یہ عقائد اسلام کی رو سے درست ہیں یا نہیں؟

۲:.... اس کو اپنانے والا مسلمان رہے گا؟

۳:.... ایسی تنظیموں کو کس طرح روکا جائے؟

۴:.... ایسے شخص کی بیوی کے لئے کیا حکم ہے؟ جس کے عقائد قرآن وسنت کے مطابق ہیں جو تمام انبیأ تمام کتابوں آخرت کے دن اور احادیث پر مکمل یقین اور ایمان رکھتی ہو؟

۵:.... آخر میں مسلمانیت کے ناطے اپیل ہے کہ ایسے اشخاص سے بھرپور مناظرہ کیا جائے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم سے کوئی بات کرنے کی ہمت نہیں کر سکتا کیونکہ ہم سچے مسلمان ہیں۔

ایک خاتون- کراچی

## راقم الحروف کا جواب:

**جواب:** السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، میری بہن! یہ فتنوں کا زمانہ ہے اور جس شخص کے ذہن میں جو بات آجاتی ہے وہ اس کو بیان کرنا شروع کردیتا ہے، اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ سلف بیزاری اور انکار حدیث کا نتیجہ ہے، اور جو لوگ حدیث کا انکار کرتے ہیں وہ پورے دین کا انکار کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے بارہ میں میں اپنے رسالہ "انکار حدیث کیوں؟" میں لکھ چکا ہوں کہ:

"آپ ﷺ کے پاک ارشادات کے ساتھ بے اعتنائی برتنے والوں اور آپ کے اقوال شریفہ کے ساتھ تمسخر کرنے والوں کے متعلق اعلان کیا گیا کہ ان کے قلوب پر خدائی مہر لگ چکی ہے، جس کی وجہ سے وہ ایمان ویقین اور رشد وہدایت کی استعداد گم کرچکے ہیں اور ان لوگوں کی ساری تگ ودو خواہش نفس کی پیروی تک محدود ہے، چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

"وَمنهم من يستمع اليك حتى اذا خرجوا من عندك قالوا للذين اوتوا العلم ماذا قال آنفا اولئك الذين طبع الله على قلوبهم واتبعوا اهوآء هم۔" (محمد:۱۶)

ترجمہ: "اور بعض آدمی ایسے ہیں کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کان لگاتے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر باہر جاتے ہیں تو دوسرے اہل علم سے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی تحقیر کے طور پر) کہتے ہیں کہ حضرت نے ابھی کیا بات

فرمائی تھی؟ یہ وہ لوگ ہیں کہ حق تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر کردی، اور وہ اپنی نفسانی خواہشوں پر چلتے ہیں۔"

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

قرآن کریم نے صاف صاف یہ اعلان بھی کر دیا کہ انبیأ کرام علیہم السلام کو صرف اسی مقصد کے لئے بھیجا جاتا ہے کہ ان کی اطاعت کی جائے۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے انکار اور آپؐ کے ارشادات سے سرتابی کرنا، گویا انکار رسالت کے ہم معنی ہے۔ اس طرح آپؐ کی اطاعت کے منکرین، انکار رسالت کے مرتکب ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جب قرآن ہی وحی خداوندی بتلاتا ہے: "وما ینطق عن الھوی، ان ھو الا وحی یوحی" اور آپؐ کے کلمات طیبات کو جب قرآن ہی "گفتہ او گفتہ اللہ بود" کا مرتبہ دیتا ہے تو بتلایا جائے کہ حدیث نبوی کے حجت دینیہ ہونے میں کیا کسی شک وشبہ کی گنجائش رہ جاتی ہے؟ اور کیا حدیث نبوی کا انکار کرنے سے کیا خود قرآن ہی کا انکار لازم نہیں آئے گا؟ اور کیا فیصلہ نبوت میں تبدیلی کے معنی خود قرآن کو بدل ڈالنا نہیں ہوں گے؟ اور اس پر بھی غور کرنا چاہئے کہ قرآن کریم بھی توامت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی زبان مبارک سے سنا، اور

سن کر اس پر ایمان لائے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ "یہ قرآن ہے"، یہ ارشاد بھی تو حدیث نبوی ہے، اگر حدیث نبوی حجت نہیں تو قرآن کریم کا قرآن ہونا کس طرح ثابت ہوگا؟ آخر یہ کون سی عقل ودانش کی بات ہے کہ اس مقدس ومعصوم زبان سے صادر ہونے والی ایک بات تو واجب التسلیم ہو اور دوسری نہ ہو؟

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے ایک موقع پر فرمایا تھا:

"یہ تو میرے میاں (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کمال تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ 'یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، اور یہ میرا کلام ہے، ورنہ ہم نے تو دونوں کو ایک ہی زبان سے صادر ہوتے ہوئے سنا تھا"۔

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ قرآن تو حجت ہے مگر حدیث حجت نہیں ہے، ان ظالموں کو کون بتلائے کہ جس طرح ایمان کے معاملہ میں خدا اور رسول کے درمیان تفریق نہیں ہوسکتی کہ ایک کو مانا جائے اور دوسرے کو نہ مانا جائے، ٹھیک اسی طرح کلام اللہ اور کلام الرسول کے درمیان بھی اس تفریق کی گنجائش نہیں، کہ ایک کو واجب الاطاعت مانا جائے اور دوسرے کو نہ مانا جائے، ایک کو تسلیم کر لیجئے تو

دوسرے کو بہر صورت تسلیم کرنا ہوگا اور ان میں سے ایک کا انکار کردینے سے دوسرے کا انکار آپ سے آپ ہوجائے گا۔ خدائی غیرت گوارا نہیں کرتی کہ اس کے کلام کو تسلیم کرنے کا دعویٰ کیا جائے، اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کو ٹھکرایا جائے، وہ ایسے ظالموں کے خلاف صاف اعلان کرتا ہے:

"فانهم لایکذبونك ولكن الظالمین بآیت الله یجحدون"۔

ترجمہ: "پس اے نبیؐ! یہ لوگ آپؐ کے کلام کو نہیں ٹھکراتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیتوں کے منکر ہیں"۔

لہٰذا جو لوگ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے اور کلام اللہ کو ماننے کا دعویٰ کرتے ہیں انہیں لامحالہ رسول اور کلام رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لانا ہوگا، ورنہ ان کا دعویٰ ایمان حرف باطل ہے۔"

جس تنظیم کا آپ نے تذکرہ کیا ہے ان عقائد کے رکھنے والے مسلمان نہیں ہیں کیونکہ انہوں نے دین کی پوری کی پوری عمارت کو مسمار کردینے کا عزم کرلیا ہے، نیز انہوں نے تمام شعائر اسلام اور قرآن وحدیث اور انبیاء اور ان پر نازل ہونے والی کتابوں کا انکار کیا ہے، اور جو لوگ اسلامی معتقدات کا انکار کریں، ان میں تاویلات باطلہ کریں، اور اپنے کفر کو اسلام باور کرائیں، وہ ملحد وزندیق ہیں،

اور زندیق، کافر و مرتد سے بڑھ کر ہے، اس لئے کہ وہ بکرے کے نام پہ خنزیر کا گوشت فروخت کرتا ہے، اور امت مسلمہ کو دھوکہ دے کر ان کے ایمان و اسلام کو غارت کرتا ہے، اسی بنا پر اگر زندیق گرفتار ہونے کے بعد توبہ بھی کرلے تو اس کی توبہ کا اعتبار نہیں، اس لئے حکومت پاکستان کا فرض ہے کہ ایسے لوگوں کو اس الحاد و زندقہ سے روکے، اگر رک جائیں تو فبہا ورنہ ان پر اسلامی آئین کے مطابق ارتداد و زندقہ کی سزا جاری کرے۔

اہل ایمان کا ان سے رشتہ ناطہ بھی جائز نہیں، اگر ان میں سے کسی کے نکاح میں کوئی مسلمان عورت ہو تو اس کا نکاح بھی فسخ ہو جاتا ہے۔

جہاں تک مناظرے کا تعلق ہے، ان حضرات سے مناظرہ بھی کر کے دیکھا، مگر ان کے دل میں جو بات بیٹھ گئی ہے اس کو قبر کی مٹی اور جہنم کی آگ ہی دور کر سکتی ہے۔ واللہ اعلم۔

## دارالعلوم کراچی کا جواب :

### الجواب حامداً ومصلیاً

(۱)-(۲)---- سوال میں ذکر کردہ اکثر عقائد قرآن و سنت اور اجماع امت کی تصریحات اور موقف کے بالکل خلاف ہیں، اس لیے اگر کسی شخص کے واقعتاً یہی عقائد ہیں تو وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے، اور اس کے ماننے والے بھی کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

مذکورہ نظریات وعقائد کا قرآن وسنت کی رو سے باطل ہونا ذیل میں ترتیب وار تفصیل سے ملاحظہ فرمائیں :

۱:..... یہ (کہنا کہ قرآن پاک کو مختلف زمانوں میں مختلف ناموں سے پکارا گیا، کبھی تورات، کبھی انجیل اور کبھی زبور، اور مختلف ادوار میں مختلف کتابیں نازل نہیں ہوئیں) کفریہ عقیدہ ہے کیونکہ پوری امت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ صحف آسمانی کے علاوہ آسمانی کتابیں چار ہیں، اور قرآن کریم میں اسکی تصریح ہے کہ قرآن کے علاوہ تین آسمانی کتابیں اور ہیں جن میں سے توراۃ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر، اور زبور حضرت داوٗد علیہ السلام پر نازل کی گئی، لہذا قرآن کے علاوہ مذکورہ تین کتب کے مستقل وجود کا انکار کرنا در حقیقت قرآن کریم کی ان آیات کا انکار کرنا ہے جن میں ان کتابوں کے مستقل وجود کا ذکر ہے، درج ذیل آیات اوران کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں :

☆"وأنزل التوراة والانجيل من قبل هدى للناس-"

(آل عمران : ۳)

ترجمہ :"اور (اسی طرح) بھیجا تھا تورات اورانجیل کو اس کے قبل لوگوں کی ہدایت کے واسطے"- (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"وما أنزلت التوراة والانجيل الا من بعده-"

(آل عمران : ۶۵)

ترجمہ :"حالانکہ نہیں نازل کی گئی تورات اور انجیل مگر ان کے (زمانہ کے بہت) بعد"- (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆" وآتیناه الانجیل فیه هدی ونور"- (مائدہ:۴۶)

ترجمہ: "اور ہم نے ان کو انجیل دی جس میں ہدایت تھی اور وضوح تھا"۔

☆" ولیحکم اهل الانجیل بما انزل اللّٰه فیه"- (مائدہ:۴۷)

ترجمہ: "اور انجیل والوں کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس میں نازل فرمایا ہے اس کے موافق حکم کیا کریں"۔

☆" واذ علمتك الکتاب والحکمة والتوراة والانجیل"- (مائدہ:۱۱۰)

ترجمہ: "اور جب کہ میں نے تم کو کتابیں اور سمجھ کی باتیں اور تورات اور انجیل تعلیم کیں"۔

☆" الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونه مکتوبا عندهم فی التوراة والانجیل"- (اعراف:۱۵۷)

ترجمہ: "جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس تورات وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں"۔

☆"ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر أن الارض یرثها عبادی الصالحون"- (الانبیأ:۱۰۵)

ترجمہ: "اور ہم (سب آسمانی) کتابوں میں لوح محفوظ (میں لکھنے) کے بعد لکھ چکے ہیں کہ اس زمین (جنت) کے مالک

میرے نیک بندے ہوں گے"۔

☆"ولقد فضلنا بعض النبیین علی بعض وآتینا داود زبورا۔" (اسرا: ۵۵)

ترجمہ: "اور ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی ہے، اور ہم داؤد (علیہ السلام) کو زبور دے چکے ہیں"۔

☆" فاتوا بالتوراۃ فاتلوھا ان کنتم صادقین"۔

(آل عمران: ۹۳)

ترجمہ: "پھر تورات لاؤ، پھر اس کو پڑھو اگر تم سچے ہو"۔

☆"وکیف یحکمونك وعندھم التوراۃ فیھا حکم اللّٰہ"۔ (مائدہ: ۴۳)

ترجمہ: "اور وہ آپ سے کیسے فیصلہ کراتے ہیں حالانکہ ان کے پاس تورات ہے، جس میں اللہ کا حکم ہے"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"انا أنزلنا التوراۃ فیھا ھدی ونور"۔ (مائدہ: ۴۴)

ترجمہ: "ہم نے تورات نازل فرمائی تھی جس میں ہدایت تھی اور وضوح تھا"۔

☆"وقفینا علی آثارھم بعیسی ابن مریم مصدقا لما بین یدیہ من التوراۃ"۔ (مائدہ: ۴۶)

ترجمہ: "اور ہم نے ان کے پیچھے عیسیٰ بن مریم کو اس حالت

میں بھیجا کہ وہ اپنے سے قبل کی کتاب یعنی تورات کی تصدیق فرماتے تھے"۔ (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆" انی رسول اللّٰہ الیکم مصدقا لما بین یدی من التوراۃ"۔ (صف:٦)

ترجمہ:"میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں کہ مجھ سے پہلے جو تورات (آچکی) ہے میں اس کی تصدیق کرنے والا ہوں"۔ (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"ومن یکفر باللّٰہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الآخر فقد ضل ضلالا بعیدا"۔ (نساء:١٣٦)

ترجمہ:"اور جو شخص اللہ تعالیٰ کا انکار کرے، اور اس کے فرشتوں کا، اور اس کی کتابوں کا، اور اس کے رسولوں کا، اور روز قیامت کا، تو وہ شخص گمراہی میں بڑی دور جاپڑا"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"کل آمن باللّٰہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ"۔

(بقرہ:٢٨٥)

ترجمہ:"سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ"۔

اور یہ کہنا کہ قرآن جو جس وقت پڑھ رہا ہے اس پر اسی وقت نازل ہو رہا

ہے اور "قل" اسی کیلئے کہا جارہا ہے جو پڑھ رہا ہے"- یہ بھی تعبیر کے لحاظ سے غلط ہے، کیونکہ قرآن کریم ایک مرتبہ آپ ﷺ پر پورا نازل ہو چکا ہے، اس کے اولین اور آخرین براہ راست مخاطب آپ ﷺ ہیں، اب جو شخص پڑھ رہا ہے وہ قرآن کا اولین اور براہ راست مخاطب نہیں ہے بلکہ حضور ﷺ کے واسطہ سے مخاطب ہے اور اس اعتبار سے اپنے آپ کو مخاطب سمجھنا بھی چاہئے۔

۲:..... یہ عقیدہ بھی کفریہ ہے، (کہ انبیاً کا مستقل کوئی وجود نہیں تھا) کیونکہ قرآن کریم کی متعدد آیات اس پر دلالت کرتی ہیں کہ انبیاً کا مستقل وجود تھا وہ دنیا میں لوگوں کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے اور وہ بشریت کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے، انہوں نے عام انسانوں کی طرح دنیا میں زندگی گزاری، ان میں بشری حوائج اور مادی صفات پائی جاتی تھیں، چنانچہ وہ کھاتے بھی تھے، پیتے بھی تھے اور انہوں نے نکاح بھی کئے، اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ سے معجزات بھی ظاہر فرمائے، انہوں نے اللہ کے راستہ میں جہاد بھی کیا، یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جو اپنے وجود کے لئے مادہ اور مستقل وجود کا تقاضا کرتی ہیں، اس کے بغیر ان کا وجود اور ظہور ہی محال ہے، لہذا یہ کہنا کہ انبیاً کا مادی وجود نہیں رہا، قرآن میں وہ صرف فرضی کرداروں اور کہانیوں کی صورت میں موجود ہیں، بالکل غلط اور قرآن وسنت کی صریح نصوص کے خلاف ہے، اس سلسلہ میں درج ذیل آیات قرآنیہ ملاحظہ فرمائیں:

☆"كان الناس امة واحدة فبعث الله النبيين مبشرين ومنذرين وأنزل معهم الكتاب بالحق ليحكم بين الناس فيما اختلفوا فيه"۔ (البقرہ: ۲۱۳)

ترجمہ: "سب آدمی ایک ہی طریق کے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کو بھیجا جو کہ خوشی (کے وعدے) سناتے تھے اور ڈراتے تھے اور ان کے ساتھ (آسمانی) کتابیں بھی ٹھیک طور پر نازل فرمائیں، اس غرض سے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں میں ان کے امور اختلافیہ (مذہبی) میں فیصلہ فرمادیں۔"

☆"وما نرسل المرسلين الا مبشرين ومنذرين"۔

(الانعام: ۴۸)

ترجمہ: "اور ہم پیغمبروں کو صرف اس واسطے بھیجا کرتے ہیں کہ وہ بشارت دیں اور ڈراویں"۔

☆"يا معشر الجن والانس الم ياتكم رسل منكم يقصون عليكم آياتی وينذرونكم لقاء يومكم هذا"۔

(الانعام: ۱۳۰)

ترجمہ: "اے جماعت جنات اور انسانوں کی کیا تمہارے پاس تم ہی میں کے پیغمبر نہیں آئے تھے؟ جو تم سے میرے احکام بیان کرتے تھے اور تم کو آج کے دن کی خبر دیا کرتے تھے"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"ولقد ارسلنا رسلا من قبلك وجعلنا لهم أزواجا وذرية"۔ (رعد: ۳۸)

ترجمہ: "اور ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے

اور ہم نے ان کو بیبیاں اور بچے بھی دیئے"۔(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"ولقد بعثنا فی کل امة رسولا ان اعبدوا الله واجتنبوا الطاغوت"۔ (نحل:۳۶)

ترجمہ :"اور ہم ہر امت میں کوئی نہ کوئی پیغمبر بھیجتے رہے ہیں کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچتے رہو"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا"۔ (اسراء:۱۵)

ترجمہ :"اور ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے"۔

☆"وما ارسلنا قبلك من المرسلین الا انهم لیاکلون الطعام ویمشون فی الاسواق"۔ (فرقان:۲۰)

ترجمہ :"اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے سب کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"وکم ارسلنا من نبی فی الأولین، وما یاتیهم من نبی الا کانوا به یستهزٔون"۔ (زخرف:۶-۷)

ترجمہ :"اور ہم پہلے لوگوں میں بہت سے نبی بھیجتے رہے ہیں اور ان لوگوں کے پاس کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو"۔

☆"کما ارسلنا فیکم رسولا یتلوا علیکم آیاتنا ویزکیکم ویعلمکم الکتاب والحکمة ویعلمکم مالم تکونوا تعلمون"۔ (بقرہ:۱۵۱)

ترجمہ: "جس طرح تم لوگوں میں ہم نے ایک (عظیم الشان) رسول کو بھیجا تم ہی میں سے ہماری آیات (واحکام) پڑھ پڑھ کر تم کو سناتے ہیں اور (جہالت سے) تمہاری صفائی کرتے رہتے ہیں اور تم کو کتاب (الٰہی) اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں اور تم کو ایسی (مفید) باتیں تعلیم کرتے رہتے ہیں جن کی تم کو خبر بھی نہ تھی۔"

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"وقالوا مال هذا الرسول یأکل الطعام ویمشی فی الاسواق"۔ (فرقان:۷)

ترجمہ: "اور یہ (کافر) لوگ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ اس رسول کو کیا ہوا کہ وہ (ہماری طرح) کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"لقد من اللّٰہ علی المؤمنین اذ بعث فیهم رسولا من أنفسهم یتلوا علیهم آیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة"۔ (آل عمران:۱۶۴)

ترجمہ: "حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر احسان کیا جب کہ ان میں انہی کی جنس سے ایک ایسے پیغمبر کو بھیجا کہ وہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ پڑھ سناتے ہیں اور ان لوگوں کی صفائی کرتے رہتے ہیں، اور ان کو کتاب اور فہم کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں"۔

☆"هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله"۔ (فتح: ۲۸)

ترجمہ: "وہ اللہ ایسا ہے کہ اس نے اپنے رسول کو ہدایت دی، اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر دنیا میں بھیجا ہے تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے"۔ (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

☆"رسولا یتلو علیکم آیات اللّٰه مبینات لیخرج الذین آمنوا وعملوا الصالحات من الظلمات الی النور"۔

(طلاق: ۱۰)

ترجمہ: "ایک ایسا رسول (بھیجا) جو تم کو اللہ کے صاف صاف احکام پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں، تاکہ ایسے لوگوں کو کہ جو ایمان لاویں اور اچھے عمل کریں (کفر و جہل کی) تاریکیوں سے نور کی طرف لے آویں"۔

☆" لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم"۔ (توبہ: ۱۲۸)

ترجمہ: ”(اے لوگو) تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں، جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں، جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے، جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں، (یہ حالت تو سب کے ساتھ ہے بالخصوص) ایمان داروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں“۔

☆”یا أیها الذین آمنوا لاترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولاتجهروا له بالقول“۔ (حجرات:۲)

ترجمہ: ”اے ایمان والو! اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے بلند مت کیا کرو، اور نہ ان سے ایسے کھل کر بولا کرو جیسے آپس میں ایک دوسرے سے کھل کر بولا کرتے ہو“۔

۳:.... قرآن کریم میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو زمانہ حال میں جو خطاب کیا گیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جس وقت قرآن کریم کا نزول آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو رہا تھا اس وقت آپ اپنے مادی وجود کے ساتھ دنیا میں موجود تھے اس لئے زمانہ حال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کیا گیا، یہ مطلب نہیں کہ آپؐ بحیثیت روح ہر وقت ہر جگہ موجود ہیں۔

یہ عقیدہ (رکھنا کہ چونکہ قرآن شریف میں صیغہ حال سے پکارا گیا ہے اس لئے حضورؐ بحیثیت روح ہر جگہ موجود ہیں اور وہ مادی وجود سے مبرا ہیں) قرآن وسنت کی صریح نصوص اور اہل السنة والجماعة کے موقف کے خلاف ہے۔ علما نے

لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ جس طرح اللہ تعالیٰ ہر وقت ہر جگہ موجود ہیں اسی طرح حضور اکرم ﷺ بھی ہر وقت ہر جگہ موجود ہیں، تو یہ کھلا ہوا شرک ہے اور نصاریٰ کی طرح رسول کو خدائی کا درجہ دینا ہے، اور اگر کوئی شخص کسی تاویل کے ساتھ یہ عقیدہ رکھتا ہے تب بھی اس عقیدہ کے غلط اور فاسد ہونے میں کوئی شبہ نہیں اور ایسا شخص گمراہ ہے- ملاحظہ ہو: جواہر الفقہ ص ۱۱۵ ج ۱، تبرید النواظر مصنفہ مولانا سرفراز صفدر صاحب مدظلہم،

۴:.... اہل السنۃ والجماعۃ کا متفقہ عقیدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ بحیثیت مجموعی تمام انبیاؑ سے افضل ہیں، البتہ بعض جزئیات اور واقعات میں اگر کسی نبی کو کوئی فضیلت حاصل ہے تو وہ اس کے معارض نہیں- جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرف کلام حاصل ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کو صفت "خلت" حاصل ہے وغیرہ وغیرہ- یہ تمام جزئی فضیلتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجموعی فضیلت کے منافی اور اس کے معارض نہیں ہیں-

اور یہ کہنا کہ "حضور ﷺ کے متعلق جتنی بھی احادیث، تاریخ اور تفسیر میں موجود ہیں وہ انسانوں کی من گھڑت کہانیاں ہیں"- در حقیقت احادیث نبویہ کا انکار ہے جو کہ موجب کفر ہے پوری امت محمدیہ کا اس پر اجماع ہے کہ حدیث قرآن کریم کے بعد دین کا دوسرا اہم ماخذ ہے، قرآن کریم نے جس طرح اللہ رب العزت کے احکام کی اطاعت کو واجب قرار دیا ہے اسی طرح جناب رسول کریم ﷺ کے افعال واقوال کی بھی اطاعت کو واجب قرار دیا ہے، لہٰذا قرآن میں بہت سے ایسے احکام ہیں جن کی تفصیل قرآن میں مذکور نہیں، بلکہ ان کی

تفصیلات اللہ رب العزت نے آپ ﷺ کے بیان اور عمل پر چھوڑ دی ہیں، چنانچہ آپ ﷺ نے احادیث میں ان کی تفصیلات اوران پر عمل کرنے کا طریقہ، اپنے قول و فعل سے بیان کیا، اگر احادیث انسانوں کی من گھڑت ہیں تو قرآن کریم کے ایسے احکام پر عمل کرنے کا طریقہ کیا ہوگا؟اور یہ ہمیں کیسے معلوم ہوگا؟

اور اللہ رب العزت نے جس طرح قرآن کریم کے الفاظ کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے اسی طرح قرآن کریم کے معانی کی بھی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے، اور معانی قرآن کی تعلیم حدیث ہی میں ہوئی، اور جن ذرائع سے قرآن کریم ہم تک پہنچا ہے انہی ذرائع سے احادیث بھی ہم تک پہنچی ہیں، اگر یہ احادیث من گھڑت ہیں اور یہ ذرائع قابل اعتماد نہیں تو یہ امکان قرآن کریم میں بھی ہو سکتا ہے، تو پھر تو قرآن کریم کو بھی نعوذباللہ من گھڑت کہنا لازم آتا ہے، لہذا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جس طرح قرآن کریم اب تک محفوظ چلا آرہا ہے اسی طرح احادیث بھی محفوظ چلی آرہی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی حفاظت کا بے نظیر انتظام فرمایا ہے جس کی تفصیل تدوین حدیث کی تاریخ سے معلوم ہو سکتی ہے، لہذا احادیث کو انسانوں کی من گھڑت کہانیاں قرار دینا صریح گمراہی اور موجب کفر ہے-

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے :"حجیت حدیث" مصنفہ مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مد ظلہم "کتابت حدیث عہد رسالت و عہد صحابہ میں" مصنفہ مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب مد ظلہم، "حفاظت وحجیت حدیث" مصنفہ مولانا فہیم عثمانی صاحب-

۳--- مسلمانوں کو چاہئے کہ جو شخص یا تنظیم ایسے عقائد کی حامل ہو اس سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھیں، اور ان کے لٹریچر اور کیسٹ وغیرہ سے مکمل احتراز کریں،

خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچانے کی کوشش کریں، اور ارباب حکومت کو بھی ایسی تنظیم کی طرف توجہ دلائیں تاکہ ان پر پابندی لگائی جاسکے۔

۴۔۔۔۔۔۔جو شخص مذکورہ عقائد کو بغیر کسی مناسب تاویل کے مانتا ہے وہ شخص مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہے، اس کی مسلمان بیوی اس کے نکاح سے نکل گئی، اب اس کے عقد میں کوئی مسلمان عورت نہیں رہ سکتی، اور نہ کسی مسلمان عورت کا اس سے نکاح ہو سکتا ہے۔

مذکورہ بالا شخص کے عقائد قرآن و سنت، اجماع امت اور اکابر علما اہل سنت والجماعت کی تصریحات کے خلاف ہیں، اس کے لیے درج ذیل تصریحات ملاحظہ ہوں:

"فی شرح العقائد:۲۱۷: ولله تعالیٰ کتب انزلها علی انبیأه وبین فیها امره ونهیه ووعده ووعیده وکلها کلام الله تعالیٰ ..... وقد نسخت بالقرآن تلاوتها وکتابتها وبعض أحکامها، وفی الحاشیة قوله "ولله کتب" رکن من ارکان ما یجب به الایمان مما نطقت النصوص القرآنیه والاخبار النبویه۔"

ترجمہ: "شرح عقائد ص:۲۱۷ میں ہے: "کہ اللہ تعالیٰ کی (قرآن کے علاوہ) کئی کتابیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیأ پر نازل فرمایا اور ان کتابوں میں امر و نہی، وعدہ و وعید کو بیان فرمایا اور یہ تمام کتابیں کلام الٰہی ہیں...... اور قرآن مجید

کے نازل ہونے پر ان سابقہ کتب کی تلاوت اور کتابت اور ان کے بعض احکام کو منسوخ کیا گیا، اور حاشیہ میں ہے: قولہ "وللہ کتب" یعنی ایمان کے ارکان میں سے ایک رکن یہ بھی ہے کہ ان سابقہ کتب پر ایمان لایا جائے جن کے بارہ میں نصوص قرآنیہ اور احادیث نبویہ شہادت دیتی ہیں-"

وفيه:٤٥: والرسول انسان بعثه اللّٰه تعالىٰ الى الخلق لتبليغ الاحكام-

ترجمہ: "اور شرح عقائد ص ۴۵ میں ہے: اور رسول وہ انسان ہوتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ مخلوق کی طرف تبلیغ احکام کے لیے مبعوث فرماتے ہیں-"

وفى شرح المقاصد:٥/٥:النبى انسان بعثه اللّٰه تعالىٰ لتبليغ ما اوحى اليه وكذا الرسول"-

ترجمہ: "اور شرح مقاصد ص ۵ ج ۵ میں ہے کہ: نبی وہ انسان ہے جس کو اللہ تعالیٰ ان احکام کی تبلیغ کے لئے بھیجتے ہیں جو ان کی طرف وحی فرماتے ہیں اور رسول کی تعریف بھی یہی ہے"-

وفى شرح العقيدة الطحاوية لابن ابى العز:٢٩٧: قوله ونؤمن بالملائكة والنبيين والكتب المنزلة على المرسلين ونشهد انهم كانوا على الحق

المبین- ھذہ الامور من ارکان الایمان قال تعالی: آمن الرسول بماا نزل الیہ من ربہ والمومنون کل آمن باللّٰہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ"- (البقرہ:۲۸۵)

وقال تعالی: لیس البران تولوا وجوھکم قبل المشرق والمغرب ولکن البر من آمن باللّٰہ والیوم الآخر والملائکۃ والکتاب والنبیین"- (البقرہ:۱۷۷)

فجعل اللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ الایمان ھو الایمان بھذہ الجملۃ وسمی من آمن بھذہ الجملۃ مومنین کما جعل الکافرین من کفر بھذہ الجملۃ بقولہ: ومن یکفر باللّٰہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الآخر فقد ضل ضلالا بعیدا"- (النساء:۱۳۶)

ترجمہ :"اور ابن ابو العزؒ کی شرح عقیدہ طحاویہ کے ص ۲۹۷ میں ہے کہ : ہم ایمان لاتے ہیں ملائکہ پر، نبیوں پر اور ان پر نازل ہونے والی تمام کتابوں پر اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ وہ (رسول) سب کے سب حق پر تھے -اور یہ تمام امور ارکان ایمان میں سے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :"اور مومنین بھی سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ ، اور اس کی کتابوں کے ساتھ ،اور اس کے پیغمبروں میں سے کسی سے تفریق نہیں

کرتے-"اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "کچھ سارا کمال اس میں نہیں کہ تم اپنا منہ مشرق کو کرلو یا مغرب کو، لیکن کمال تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر یقین رکھے اور قیامت کے دن پر، اور فرشتوں پر اور کتب پر اور پیغمبروں پر"-

(ان دلائل سے معلوم ہوا کہ) اللہ تعالیٰ نے ایمان ہی اس چیز کو قرار دیا ہے کہ ان تمام چیزوں پر ایمان ہو اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں "مومنین" نام ہی ان لوگوں کا رکھا ہے جو ان تمام چیزوں پر ایمان رکھتے ہیں- جیسا کہ "کافرین" ان لوگوں کو کہا گیا ہے جو ان تمام چیزوں کا انکار کرتے ہیں، جیسے کہ ارشاد الٰہی ہے: "اور جو شخص اللہ تعالیٰ کا انکار کرے، اور اس کے فرشتوں کا، اور اس کی کتابوں کا، اور اس کے رسولوں کا، اور روز قیامت کا، تو وہ شخص گمراہی میں بڑی دور جا پڑا"-

"وقال فى الحديث المتفق على صحته، حديث جبرئيل، وسواله للنبى صلى الله عليه وسلم وسلم عن الايمان فقال: ان تؤمن بالله وملائكيه وكتبه ورسله الخ، فهذه الاصول التى اتفقت عليها الانبيأ والرسل صلوات الله عليهم وسلامه، ولم يؤمن بها حقيقة -الايمان الا اتباع الرسل-"

ترجمہ: "اور حدیث جبرئیلؑ، (جس کی صحت پر بخاری و مسلم

متفق ہیں) میں ہے کہ: حضرت جبرئیلؑ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ”ایمان یہ ہے کہ تو ایمان لائے اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی تمام کتابوں پر، اور تمام رسولوں پر“..... پس یہ وہ اصول ہیں جن پر تمام پیغمبروں اور رسولوں کا اتفاق ہے، اور اس پر صحیح معنی میں کوئی ایمان نہیں لایا مگر وہ جو انبیأ ورسل کے متبعین ہیں“۔

”وفیہ: ۳۱۱: واما الانبیأ والمرسلون فعلینا الایمان بمن سمی اللّٰہ تعالیٰ فی کتابہ من رسلہ والایمان بان اللّٰہ تعالیٰ ارسل رسلا سواھم وآنبیاء لایعلم اسماء ھم وعددھم الا اللّٰہ تعالیٰ الذی ارسلھم.... وعلینا الایمان بانھم بلغوا جمیع ما ارسلوا بہ علی ما امرھم اللّٰہ بہ وانھم بینوہ بیانا لایسع احدا ممن ارسلوا الیہ جھلہ ولایحل خلافہ الخ

..... واما الایمان بالکتب المنزلۃ علی المرسلین فنومن بما سمی اللّٰہ تعالیٰ منھا فی کتابہ من التوراۃ والانجیل والزبور، ونومن بان اللّٰہ تعالیٰ سوی ذلک کتبا انزلھا علی انبیاۂ لایعرف اسمائھا وعددھا الا اللّٰہ تعالی–

ترجمہ: ”اور اسی کتاب کے ص۳۱۱ پر ہے: رہے انبیأ اور

رسول، پس ہمارے ذمہ واجب ہے کہ ان میں سے ان تمام نبیوں پر ایمان لائیں جن کا قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے، (اسی طرح) اس پر بھی ایمان لائیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے علاوہ دوسرے انبیاً اور رسول بھی بھیجے کہ جن کے نام اور تعداد اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں یعنی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا.... اور ہم پر لازم ہے کہ ہم اس بات پر ایمان لائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان انبیاً کو جن احکام کے پہنچانے کا حکم دیا تھا، ان انبیاً نے وہ تمام احکام پہنچادیئے - اور انبیاً نے ان احکام کو اتنا کھول کھول کر بیان کر دیا کہ امت میں سے ناواقف سے ناواقف آدمی کو بھی کوئی اشکال نہ رہا، اور ان کے خلاف کرنا حلال نہ رہا.... اور رہا ان کتابوں پر ایمان لانا جن کو رسولوں پر نازل کیا گیا سو ہم ان تمام کتابوں پر ایمان لاتے ہیں، جن کا اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نام لیا ہے، یعنی تورات، انجیل، اور زبور - اور ہم ایمان لاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان مذکورہ کتابوں کے علاوہ اور کتابیں بھی اپنے انبیاً پر نازل فرمائیں، جن کا نام اور ان کی تعداد سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔"

"وفی شرح العقیدة الطحاویة للمیدانی:

١٠٤: والایمان المطلوب من المکلف هو الایمان

بالله وملائكته وكتبه بانها كلام الله تعالىٰ الازلى القديم المنزه عن الحروف والاصوات وبانه تعالىٰ انزلها على بعض رسله بالفاظ حادثة فى الواح او على لسان ملك وبان جميع ما تضمنته حق وصدق، ورسله بانه ارسلهم الى الخلق لهدايتهم وتكميل معاشهم ومعادهم وايدهم بالمعجزات الدالة على صدقهم فبلغوا عنه رسالته الخ-“

ترجمہ: ”اور میدانی کی شرح عقیدہ طحاویہ ص ۱۰۴ پر ہے: ”مکلّف (یعنی جن وانس) سے جو ایمان مطلوب ہے وہ یہ ہے کہ: اللہ پر ایمان لانا، اور اس کے فرشتوں پر، اور اس کی تمام کتابوں پر، اس طرح ایمان لانا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام، کلام ازلی اور قدیم ہے، جو حروف اور آواز سے پاک ہے، اور نیز اللہ تعالیٰ نے اس کلام کو اپنے بعض رسولوں پر تختیوں میں حادث الفاظ کی صورت میں نازل کیا، یا فرشتہ کی زبان پر اتارا- اور نیز وہ تمام کا تمام کلام جس پر کتاب مشتمل ہے حق اور سچ ہے- اور اللہ کے رسول جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی طرف ان کی ہدایت، اور ان کی تکمیل معاش و معاد کیلئے بھیجا، اور ان انبیاؑ کی ایسے معجزات سے تائید کی جو ان انبیاؑ کی سچائی پر دلالت کرتے ہیں- ان انبیاؑ نے اللہ کے پیغام کو

پہنچایا۔"

"قال القاضی عیاض فی شرح الشفأ:۳۳۵:
واعلم ان من استخف بالقرآن او المصحف او بشیئی منه او سبه او جحده او حرف منه او آیة او کذب به او بشیئی مما صرح به فیه من حکم او خبر او اثبت ما نفاه او نفی ما اثبته علی علم منه بذلك او شك فی شیئی من ذلك فهو کافر عند اهل العلم باجماع۔"
ترجمہ :"علامہ قاضی عیاضؒ شرح شفاء ص ۳۳۵ میں لکھتے ہیں :
"جان لیجئے کہ جس نے قرآن یا کسی مصحف یا قرآن کی کسی چیز کو ہلکا جانا یا قرآن کو گالی دی یا اس کے کسی حصہ کا انکار کیا یا کسی حرف کا انکار کیا یا قرآن کو جھٹلایا، یا قرآن کے کسی ایسے حصہ کا انکار کیا جس میں کسی حکم یا خبر کی صراحت ہو، یا کسی ایسے حکم یا خبر کو ثابت کیا جس کی قرآن نفی کر رہا ہے، یا کسی ایسی چیز کی جان بوجھ کر نفی کی جس کو قرآن نے ثابت کیا ہے، یا قرآن کی کسی چیز میں شک کیا ہے، تو ایسا آدمی بالاجماع، اہل علم کے نزدیک کافر ہے۔"

وفی شرح العقائد۱۵ ۲: وافضل الانبیأ محمد صلی اللّٰه علیه وسلم لقوله تعالی، کنتم خیر امة ولا شك ان

خيرية الامة بحسب كما لهم فی الدين وذلك تابع لكمال نبيهم الذی يتبعونه-"

ترجمہ: "شرح عقائد ص ۲۱۵ میں ہے کہ: انبیاً میں سے سب سے افضل حضرت محمد ﷺ ہیں" اللہ تعالیٰ کے اس قول کی وجہ سے کہ "تم بہترین امت ہو" اور اس میں کوئی شک نہیں کہ امت کا بہترین ہونا دین میں ان کے کمال کے اعتبار سے ہے- اور امت کا دین میں کامل ہونا یہ تابع ہے ان کے اس نبی کے کمال کے، جس کی وہ اتباع کر رہے ہیں-"

وفی المشكوة: عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد ولد آدم يوم القيمة واول من ينشق عنه القبر واول شافع واول مشفع- (رواه مسلم)

ترجمہ: "اور مشکوۃ شریف میں ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ: "رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: میں قیامت کے دن اولاد آدم کا سردار ہوں گا، میں پہلا وہ شخص ہوں گا جس کی قبر کھلے گی، اور میں سب سے پہلے سفارش کرنے والا ہوں گا، اور سب سے پہلے میری سفارش قبول کی جائے گی"-

"وفی المرقاة: ۱۰/۷: فی شرح مسلم للنووی....

وفی الحدیث دلیل علی فضله علی کل الخلق لان مذهب اهل السنة ان الآدمی افضل من الملائکة وھو افضل الآدمیین بھذا الحدیث۔"

ترجمہ: "اور مرقات ص۱ ج۷ میں ہے کہ: "یہ حدیث آپ ﷺ کی تمام مخلوق پر فضیلت کی دلیل ہے" کیونکہ اہل سنت کا مذہب ہے کہ آدمی ملائکہ سے افضل ہے اور آپ ﷺ اس حدیث کی بنا پر تمام آدمیوں سے افضل ہیں (تو گویا آپ ﷺ تمام مخلوقات سے افضل ہوئے۔"

---

الغرض یہ شخص ضال و مضل اور مرتد و زندیق ہے، اسلام اور قرآن کے نام پر مسلمانوں کے دین و ایمان پر ڈاکہ ڈال رہا ہے، اور سیدھے سادے مسلمانوں کو نبی آخر الزمان ﷺ کے دامنِ رحمت سے کاٹ کر اپنے پیچھے لگانا چاہتا ہے۔

حکومت پاکستان کا فرض ہے کہ فوراً اس فتنہ کا سدباب کرے، اور اس بے دین کی سرگرمیوں پر پابندی لگائی جائے اور اسے ایسی عبرتناک سزا دی جائے کہ اس کی آئندہ آنے والی نسلیں یاد رکھیں، اور کوئی بدبخت آئندہ ایسی جرأت نہ کرسکے۔

نیز اس کا بھی کھوج لگایا جائے اور اس کی تحقیق کی جائے کہ کن قوتوں کے اشارہ پر یہ لوگ پاکستان میں اور مسلمانوں میں اضطراب اور بے چینی کی فضا پیدا کر رہے ہیں؟

# امر بالمعروف اور نہی عن المنکر عذاب الٰہی روکنے کا ذریعہ ہے

س..... السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! انشاء اللہ بخیریت ہوں گے۔ "بینات" کی ترسیل جاری ہے۔ بروقت پرچہ ملنے پر خوشی کا اظہار کررہا ہوں۔ خدا کرے "بینات" امت مسلمہ کی امنگوں کا آئینہ دار بن جائے۔ ایک عرض ہے کہ یہ دینی رسالہ خالص دینی ہونا چاہئے' کسی پر اعتراض و تشنیع مجھے پسند نہیں۔ اس سے نفرت کا جذبہ ابھرتا ہے۔ صدر ضیاء الحق کے بیانات پر اعتراضات یقیناً عوام میں نفرت پھیلنے کا ذریعہ بنتا ہے جس سے مملکت کی بنیادیں کھوکھلی پڑجانے کا خطرہ ضرور ہے' ویسے بھی ملک اندرونی اور بیرونی خطرات سے دوچار ہے' کہیں بھارت آنکھیں دکھارہا ہے' تو کہیں کارمل انتظامیہ کی شہ پر روس کی آواز سنی جاتی ہے' کہیں خمینی کے اسلامی انقلاب کی آمد آمد کی خبریں سننے میں آجاتی ہیں۔ کہیں ملک کے اندر ہتھوڑا گروپ 'کلہاڑا گروپ وغیرہ کی صدائیں سننے میں آرہی ہیں۔ غرض ایسے حالات میں ذرا سی چنگاری بھی پورے پاکستان کا شیرازہ بکھیر سکتی ہے۔ اس صورت میں پھر یہ ذمہ داری کس پر عائد ہوگی اس بارے میں اگر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے تو نوازش ہوگی۔

ج : آپ کا یہ ارشاد تو بجا ہے کہ وطن عزیز بہت سے اندرونی و بیرونی خطرات میں گھرا ہوا ہے' اور یہ بات بھی بالکل صحیح ہے کہ ان حالات میں حکومت سے بے اعتمادی پیدا کرنا قرین عقل و دانش نہیں' لیکن آنجناب کو معلوم ہے کہ بینات میں یا راقم الحروف کی کسی اور تحریر میں صدر جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کے کسی سیاسی فیصلے کے بارے میں کبھی لب کشائی اور حرف زنی نہیں کی گئی

ع کار مملکت خسرواں دانند

لیکن جہاں تک دینی غلطیوں کا تعلق ہے اس پر ٹوکنا نہ صرف یہ کہ اہل علم کا فرض

ہے (اور مجھے افسوس اور ندامت کے ساتھ اعتراف ہے کہ ہم یہ فرض ایک فیصد بھی ادا نہیں کرپارہے) بلکہ یہ خود صدر محترم کے حق میں خیر کا باعث ہے۔ اس سلسلہ میں آپ کو امیر المومنین حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہما کا واقعہ سناتا ہوں' جو حضرت مولانا محمد یوسف دہلوی قدس سرہ نے "حیاۃ الصحابہ" میں نقل کیا ہے :

واخرج الطبرانی وابو یعلٰی عن ابی قنیل (۱) عن معاویۃ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما انہ صعد المنبر یوم القمامۃ فقال عند خطبۃ : انما المال مالنا' والفئی فیئنا فمن شئنا اعطیناہ' فمن شئنا منعناہ' فلم یجبہ احد 'فلما کان فی الجمعۃ الثانیۃ قال مثل ذالک' فلم یجبہ احد فلما کان فی الجمعۃ الثالثۃ قال مثل مقالتہ' فقام الیہ رجل ممن حضر المسجد ففال : کلا انما المال مالنا والفئی فیئنا فمن حال بیننا وبینہ حاکمناہ الی اللہ باسیافنا' فنزل معاویۃ رضی اللہ عنہ فارسل الی الرجل فادخلہ' فقال القوم : ھلک الرجل' ثم دخل الناس فوجدوا الرجل معہ علی السریر' فقال معاویۃ رضی اللہ عنہ للناس : ان ھذا احیانی احیاہ اللہ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول : سیکون بعدی امرا یقولون ولا یرد علیھم یتقاحمون فی النار کما تتقاحم القردۃ۔ وان تکلمت اول جمعۃ فلم یرد علی احد ۔فخشیت

---

(۱)کذا فی الاصل (یعنی مجمع الزوائد) والظاھر "ابی قبیل" اسمہ حی بن ھانی المعافری وھو ثقۃ' کذا فی کتاب الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم الرازی (ج۱ ص۲۷۵)۔

ان اکون منهم۔ ثم تکلمت فی الجمعة الثانية فلم يرد علی احد، فقلت فی نفسی : انی من القوم، ثم تکلمت فی الجمعة الثالثة فقام هذا الرجل، فرد علیّ، فاحيانی احياه اللّہ۔

(قال الہیثمی: ج۵ ص۲۳۶) رواه الطبرانی فی الکبير والاوسط وابو يعلٰی ورجاله ثقات ـ انتهی۔ حياة الصحابہ ج۲ ص۶۸)

ترجمہ: حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما قیامہ کے دن ممبر پر تشریف لے گئے، اور اپنے خطبہ میں فرمایا کہ مال ہمارا ہے، اور فئی (غنیمت) ہماری ہے۔ ہم جسے چاہیں دیں اور جسے چاہیں نہ دیں۔ ان کی یہ بات سن کر کسی نے جواب نہیں دیا۔ دوسرا جمعہ آیا تو حضرت معاویہؓ نے اپنے خطبہ میں پھر یہی بات کہی۔ اب کے بھی انہیں کسی نے نہیں ٹوکا، تیسرا جمعہ آیا تو پھر یہی بات کہی۔ اس پر حاضرین مسجد میں سے ایک شخص کھڑا ہوگیا، اور کہا ہرگز نہیں یہ مال ہمارا ہے، اور غنیمت ہماری ہے، جو شخص اس کے اور ہمارے درمیان آڑے آئے گا ہم اپنی تلواروں کے ذریعہ اس کا فیصلہ اللہ کی بارگاہ میں پیش کریں گے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ممبر سے اترے تو اس شخص کو بلا بھیجا، اور اسے اپنے ساتھ اندر لے گئے، لوگوں نے کہا کہ یہ شخص تو مارا گیا، پھر لوگ اندر گئے تو دیکھا کہ وہ شخص حضرت معاویہؓ کے ساتھ تخت پر بیٹھا ہے۔ حضرت معاویہؓ نے لوگوں سے فرمایا کہ "اس شخص نے مجھے زندہ کردیا اللہ تعالیٰ اسے زندہ رکھے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے خود سنا ہے کہ میرے بعد کچھ حکام ہوں گے جو (خلاف شریعت) باتیں کریں گے لیکن کوئی ان کو ٹوکے گا نہیں، یہ لوگ دوزخ

میں ایسے گھسیں گے‘ جیسے بندر گھستے ہیں‘ میں نے پہلے جمعہ کو ایک بات کہی‘ اس پر مجھے کسی نے نہیں ٹوکا‘ تو مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں میں بھی انہیں لوگوں میں سے نہ ہوں‘ پھر میں نے دوسرے جمعہ کو یہ بات دہرائی‘ اس بار بھی کسی نے میری تردید نہیں کی تو میں نے اپنے جی میں سوچا کہ میں انہی میں سے ہوں‘ پھر میں نے تیسرے جمعہ یہی بات کہی تو اس شخص نے مجھے ٹوک دیا‘ پس اس نے مجھے زندہ کردیا‘ اللہ تعالیٰ اس کو زندہ رکھے“۔

اور یہ نہ صرف صدر محترم کے حق میں خیروبرکت کی چیز ہے‘ بلکہ امت کی صلاح وفلاح بھی اسی پر منحصر ہے‘ چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

والذی نفسی بیدہ لتامرن بالمعروف ولتنھون عن المنکر او لیوشکن اللہ ان یبعث علیکم عذابًا من عندہ ثم لتدعنہ ولا یستجاب لکم۔

(رواہ الترمذی۔ مشکوٰۃ ص۴۳۶)

ترجمہ: ”اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تمہیں معروف کا حکم کرنا ہوگا اور برائی سے روکنا ہوگا ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنا عذاب نازل کردے‘ پھر تم اس سے دعائیں کرو‘ اور تمہاری دعائیں بھی نہ سنی جائیں“۔

ارشادات نبویہؐ کی روشنی میں راقم الحروف کا احساس یہ ہے کہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا عمل عذاب الٰہی کو روکنے کا ذریعہ ہے۔ آج امت پر جو طرح طرح کے مصائب ٹوٹ رہے ہیں‘ اور ہم گوناگوں خطرات میں گھرے ہوئے ہیں اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اسلامی معاشرہ کی ”احتسابی حس“ کمزور اور ”نہی عن المنکر“ کی آواز بہت دھیمی ہوگئی ہے۔ جس دن یہ آواز بالکل خاموش ہوجائے گی اس دن ہمیں اللہ تعالیٰ کی گرفت

سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس روزِ بد سے محفوظ رکھیں۔

## ٹی وی..... ایک اصلاحی ذریعہ

**سوال :** ------------اس مرتبہ ۲۰ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ بمطابق ۸ اکتوبر ۱۹۹۳ء کا اخبار پڑھنے کے دوران "مسبوق کی نماز" کے متعلق سوالوں کے جواب میں آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ "ٹی وی ایک لعنت ہے"۔

اس ضمن میں میری گزارشات کو اگر آپ تھوڑی سی توجہ عطا فرمائیں اور مجھے اجازت ہو کہ میں گزارشات پیش کرسکوں۔ تاکہ میری عقلِ ناقص میں جو خیالات اٹھ رہے ہیں ان کی تسلی و تشفی ہوسکے۔ میں اسلامی شعار کی پابندی کی کوشش کرنے والا ایک حقیر انسان ہوں۔ مجھے یہ خیال آرہا ہے کہ ادائیگیٔ حج کے دوران حج ادا کرنے کے طریقے ٹی وی سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے' ٹی وی کی مدد سے خانہ کعبہ کی زیارت زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کو نصیب ہوتی ہے۔ ٹی وی کی مدد سے قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہوئے قاری صاحبان الفاظ کی ادائیگی اور ساتھ الفاظ کی شناخت کراتے ہیں جس کے باعث عام ٹی وی دیکھنے والوں کو اپنی تلاوت میں غلطیوں کی تصحیح کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ٹی وی کی مدد سے عام لوگوں کو نماز پڑھنے اور نماز میں کھڑا ہونے' تکبیر کے بعد ہاتھ اٹھانے اور پھر ہاتھ باندھ کے صحیح کھڑے ہونے کا طریقہ سکھایا جاتا ہے۔ رکوع' قومہ' قعدہ' سجدہ اور تشہد میں بیٹھنے کا طریقہ بار بار لوگوں کے ذہن نشین کرایا جاسکتا ہے۔ لوگ نماز میں کھڑے اکثر ہاتھ ہلاتے اور خشوع خضوع توڑنے کی حرکتیں کرتے ہیں ان کو سمعی اور بصری طریقہ ہائے بیان سے سمجھایا جاسکتا ہے۔ ایک وقت میں ایک عالمِ دین

ٹی وی پر تقریر کرلے تو سمعی، بصری قوتیں ناظروسامع کو وہ کچھ جاننے میں آسانی پیدا کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ لہٰذا معلوم یہ ہوا کہ ٹی وی کو اگر تبلیغ دین اسلام کیلئے استعمال کیا جائے تو یہ ایک انتہائی موثر ذریعہ تبلیغ بن سکتا ہے۔ بلکہ میں تو یہ پروگرام ترتیب دینے کی کوشش میں ہوں کہ ایک عالم اسلام کی مرکزی ٹی وی نشریات ہوں جس کے ذریعے بین الاقوامی زبانوں میں قرآن پاک اور احادیث مبارکہ کی تعلیمات سمعی وبصری ذریعے سے لوگوں تک دنیا کے کونے کونے میں پھیلائی جائیں۔ مکۃ المکرمہ میں بین الاقوامی اسلامی مرکز نشریات ہو اور اس سے مسلم دنیا میں اور غیر مسلم دنیا میں اسلامی نشریات پہنچیں اور تبلیغ کا کام بجائے محدود رکھنے کے عام کیا جائے اسی طرح اسلام کا تبلیغی مرکز تعلیمات اسلام کا انسائیکلو پیڈیا تیار کرے۔ بین الاقوامی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو اور ٹی وی تعلیمات اسلامی کے عام کرنے میں استعمال کیا جائے۔ آج ڈش انٹینا کی مدد سے لوگوں کے گھروں میں بین الاقوامی اداروں کے فحش لٹریچر اور اخلاق سوز پروگرام لوگ دیکھتے ہیں۔ اگر اسلامی بین الاقوامی ٹی وی نیٹ ورک سے اسلامی پاور فل چینل کی مدد سے اسلامی اخلاقیات عام کی جائیں۔ اخلاق اسلامی پر تیار معاشرہ کی عملی تصویریں پیش کی جائیں تاکہ لوگوں کے دلوں میں اس سکون قلب کے حصول کی جانب کشش ہو وہ لچر اور اخلاق سوز پروگرام دیکھنے کی بجائے اسلامی بین الاقوامی نشریاتی ادارے کی مبنی بر اخلاقیات عملی زندگی کے نمونے دیکھیں اور اسلام کا پیغام جو صرف سمعی ذریعہ سے پھیلایا جارہا ہے بصری ذریعہ سے پھیلے موثر انداز میں۔ اس اہم ذریعہ پیغام رسانی سے اسلام کا پیغام عام ہو لہٰذا مندرجہ بالا امور ٹی وی کو اور اس کے استعمال کو باعث برکت ورحمت بناسکتے ہیں۔

**جواب :** ــــــــ آپ کے خیالات لائق قدر ہیں مگر یہ نکتہ آپ کے ذہن میں رہنا چاہئے کہ دین اسلام دین ہدایت ہے جس کی دعوت و تبلیغ کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیا کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرات صحابہ کرامؓ نے' حضرات تابعینؒ نے' ائمہ دینؒ نے' بزرگان دینؒ نے' علمائے امتؒ نے اس فریضہ کو ہمیشہ انجام دیا۔ ہدایت پھیلانے کا کام انہی حضرات کے نقش قدم پر چل کر ہو سکتا ہے ان کے راستے سے ہٹ کر نہیں ہو سکتا' اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج بھی دین کی دعوت کا کام اسی منہاج پر ہو رہا ہے۔ تبلیغ دین کے لئے ایسے ذرائع اختیار کرنے کی اجازت ہے جو بذات خود مباح اور جائز ہوں۔ حرام اور ناجائز ذرائع اختیار کرکے ہدایت پھیلانے کا کام نہیں ہو سکتا' کیونکہ ناجائز ذرائع خود شر ہیں' شر کے ذریعہ شر تو پھیل سکتا ہے۔ شر کے ذریعہ خیر اور ہدایت کو پھیلانے کا تصور ہی غلط ہے۔ ٹی وی کا مدار تصویر پر ہے اور ہماری شریعت نے تصویر سازی کو حرام قرار دیا ہے۔ اب جو چیز کہ شرعاً حرام ہو اس کو ہدایت پھیلانے کا ذریعہ کیسے بنایا جا سکتا ہے؟ اس سے شر و گمراہی کو تو فروغ ہو سکتا ہے لیکن اگر آپ چاہیں کہ اس کے ذریعہ لوگوں کے دلوں میں ایمان اور ہدایت اتار دیں تو یہ خیال محض خیال ہے۔ ہزاروں لوگ ٹی وی پر "دینی پروگرام" دیکھتے ہیں لیکن ان میں سے ایک آدمی بھی نہیں ملے گا جس نے ٹی وی دیکھ کر ایمان سیکھ لیا ہو اور اس نے گناہوں سے توبہ کرکے نیک اور پاک زندگی اختیار کرلی ہو۔ ہاں بے شمار لوگ ایسے ہیں جو ٹی وی دیکھ کر گمراہ ہوگئے اور ان کے اندر ایمان کی جو رمق باقی تھی اس سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔ آپ نے جتنی بھی مثالیں دی ہیں وہ صحیح ہیں لیکن ٹی وی کی مثال غلط ہے کیونکہ میں بتا چکا ہوں کہ ٹی وی تصویر کی وجہ سے نجس العین ہے۔ اس لئے آپ کا یہ

کہنا کہ ٹی وی برا نہیں' غلط ہے۔ خنزیر کا آپ اچھا استعمال کریں یا برا' وہ ہر حال میں نجس العین ہے اس کے اچھے استعمال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

"غرض یہ کہ" کہہ کر آپ نے جو نتیجہ نکالا ہے وہ بھی غلط ہے' کیونکہ آپ کا یہ نظریہ کہ "کوئی چیز بھی بذات خود اچھی یا بری نہیں" غلط ہے' میرا کہنا یہ ہے کہ جس چیز کو شریعت نے حرام قرار دیا ہے وہ بذات خود بری ہے اس کو کسی اچھائی کے لئے استعمال کرنا اس سے زیادہ برا ہے۔ آپ نے یہ اصول مقرر کرتے وقت یہ بات ذہن میں رکھی کہ ہمارے دین نے دنیا کی کسی چیز کو نہ بذات خود اچھا قرار دیا ہے اور نہ کسی چیز کو بذات خود برا قرار دیا ہے۔ حالانکہ یہ بات صریحاً غلط ہے۔ شریعت نے تمام چیزوں کو تین حصہ میں تقسیم کیا ہے کچھ چیزیں بذات خود اچھی ہیں' کچھ چیزیں بذات خود بری ہیں اور کچھ چیزیں نہ بذات خود اچھی ہیں نہ بری' آپ کا یہ اصول تیسری قسم میں تو جاری ہوتا ہے کہ ایسی چیز کا استعمال اچھا ہو تو اچھی ہیں برا ہو تو بری ہیں۔ لیکن جو چیزیں کہ بذات خود بری ہیں' نجس العین ہیں حرام ہیں ان کی اچھائی برائی انکے استعمال پر موقوف نہیں' ان کا برا استعمال ہو تب بھی بری ہیں اور اگر بالفرض محال اچھا استعمال ہو تب بھی بری ہیں۔ ٹی وی نجس العین ہے۔ اس کا برا استعمال بھی برا ہے اور اچھا استعمال بھی برا ہے بلکہ بدتر ہے کہ دین کو اس گندگی کے ساتھ ملوث کرنا بجائے خود ایک جرم ہے۔

## سنت کے مطابق بال رکھنے کا طریقہ

سوال(۱) : ——— بال رکھنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی

اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کے بال رکھے تھے۔ پٹے رکھے تو کتنے بڑے رکھے تھے؟ اگر چھوٹے بال تھے؟ تو کتنے چھوٹے تھے؟ آج کل انگریزی بال بنائے جاتے ہیں۔ اس طرح کے بال دین دار اور عام لوگ دونوں رکھتے ہیں' اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب** :------ آج کل جو بال رکھنے کا فیشن ہے یہ تو سنت کے خلاف ہے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سر مبارک پر بال رکھتے تھے' اور وہ عام طور سے کانوں کی لو تک ہوتے تھے' کبھی اصلاح کرنے میں دیر ہوجاتی تو اس سے بڑھ بھی جاتے تھے' لیکن آج کل جو نوجوان سر پر بال رکھتے ہیں یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت نہیں بلکہ غیر قوموں کی نقل ہے۔

**سوال(۲)** :------ فجر کی نماز ایک مسجد میں پڑھی' پھر کسی کام سے مسجد سے باہر جانا ہوا' اشراق کی نماز دوسری مسجد میں یا گھر پر پڑھ سکتے ہیں یا کہ اسی مسجد میں بیٹھے رہیں؟

**جواب** :------ اگر کسی ضرورت سے جانا پڑے تو دوسری جگہ بھی اشراق کی نماز پڑھ سکتے ہیں' خواہ گھر پر پڑھیں یا کسی اور مسجد میں' البتہ حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے کہ جو شخص فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھے اور پھر اپنی جگہ بیٹھا رہے یہاں تک کہ اشراق کا وقت ہوجائے اور پھر اٹھ کر دو رکعتیں یا چار رکعتیں اشراق کی نماز پڑھے تو اس کو ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب ملتا ہے۔

# دین پر عمل کرنے کی راہ میں رکاوٹیں

**سوال :** ——— ہم لوگ ایک متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں' خدا کا شکر ہے کہ زندگی اچھی گزر رہی ہے لیکن دنیا کی نظروں میں تو ظاہر ہے کہ ہم غریب ہیں۔ اس پر ستم یہ کہ ہم الحمد للہ پردہ کو اپنائے ہوئے ہیں اور آپ تو جانتے ہیں کہ آج کے معاشرے میں غریب لڑکیوں اور خاص کر باپردہ لڑکیوں کو کس نظر سے دیکھا جاتا ہے جیسے وہ کسی اور دنیا کی مخلوق ہوں۔ خیر ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں اللہ ہم پر رحم فرمائے۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے ماں باپ ہمارے رشتوں کی طرف سے بہت پریشان ہیں۔ پہلے تین بہنوں کے رشتے آتے ہی نہیں تھے اور جو آتے تھے وہ بہت آزاد خیال لوگوں کے۔ آخرکار تھک ہار کر جب بہنوں کی عمریں نکلنے لگیں تو ایسے گھرانوں میں ہی رشتے طے کردیئے گئے کہ جن کے یہاں بس دکھاوے کو خدا کا نام لیا جاتا ہے لیکن والد صاحب نے رشتہ طے کرتے وقت شرط رکھی تھی کہ میری بیٹیاں پردہ نہیں توڑیں گی جو انہوں نے قبول کرلیں اور بالآخر شادیاں ہوگئیں لیکن آپ خود سوچئے جب گھر کے ماحول میں اس قدر آزادی ہو کہ کوئی لڑکی چادر تک نہ اوڑھتی ہو ایسے ماحول میں پردہ قائم رکھنا کتنا مشکل کام ہے؟ بہرحال اللہ میری بہنوں کو ہمت دے' اس ساری کہانی سنانے کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے بہت سے جاننے والے ایسے ہیں جو بہت نیک لوگ ہیں اس قدر نیک کہ ان کے یہاں اتنا سخت پردہ ہے کہ عورتوں کو کوئی برقع میں بھی آزادانہ پھرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا اور شریعت کے تمام قوانین کی پابندی ہوتی ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ وہ سب

کے سب بہت امیر لوگ ہیں اسلئے وہ لوگ جب اپنے بیٹوں کی شادیاں کرتے ہیں تو امیروں کی بیٹیوں سے ہی کرتے ہیں۔ برائے کرم مولانا صاحب مجھے بتائیے کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ غریبوں کی بیٹیاں صرف اپنی غربت کے باعث ایسے گھرانوں میں بیاہی جانے پر مجبور ہوں جہاں وہ اللہ کے دین کی پابندی نہ کرپائیں جب کہ صاحب حیثیت لوگ صرف صاحب حیثیت لوگوں سے ہی رشتے جوڑتے چلے جائیں جب کہ ان کے سامنے ہی ایسے گھرانے موجود ہوں جہاں نیک شریف باپردہ لڑکیاں موجود ہوں' کیا ہمیں یہ حق نہیں کہ ہم بھی تمام عمر اللہ کے دین پر قائم رہ سکیں لیکن ہمیں ایک وقت پر مجبوراً ایسی جگہ جانا پڑتا ہے جہاں ہماری توقع سے بہت مختلف ماحول ملتا ہے' جہاں کوشش کے باوجود دین پر قائم رہنا مشکل ہوجاتا ہے۔ آخر اس میں کس کا قصور ہے؟ ہم کس سے انصاف مانگیں؟

**جواب :-** آپ کی یہ تحریر تمام دیندار لوگوں کے لئے تازیانہ عبرت ہے۔ بہرحال اپنے معیار کے شریف اور دیندار گھرانوں کو تلاش کرکے رشتے کئے جائیں۔ بلکہ اگر کوئی غریب مگر شریف اور دیندار رشتہ مل جائے تو اس کو بڑے ہیت والے لوگوں پر ترجیح دی جائے۔ اس نوعیت کے مسائل تقریباً تمام والدین کو پیش آتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس زمانے میں دینداری کی یہ قیمت بہت معمولی ہے۔ حق تعالٰی شانہ ایسے تمام والدین کی خصوصی مدد فرمائیں۔ آمین

## غیبت اور حقیقت واقعہ

**سوال :-** عرض ہے کہ غیبت کے بارے میں مسئلہ بتادیجئے مثلاً

ایک مولانا نے مسئلہ بیان کیا کہ ایک عورت حضرت عائشہؓ کے پاس آئی جس کا قد چھوٹا تھا۔ اس کے جانے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ حضور ﷺ اس عورت کا قد چھوٹا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا اے عائشہؓ! یہ بات غیبت ہوئی۔ حضرت عائشہؓ نے کہا کہ حضور ﷺ یہ بات اس میں تھی وہی میں نے کہی۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہی تو غیبت ہے۔ اگر اس میں یہ بات نہ ہوتی تو یہ بہتان ہو جاتا۔

مثلاً میں نے ایک صاحب سے پیسے لینے ہیں اگر وہ پیسے نہیں دے رہا ہے' میں نے اس کے بھائی سے کہا کہ آپ اس کو کہئے کہ وہ پیسے دے تو کیا یہ بھی غیبت ہوئی۔ دوسرا مسئلہ میرا بھانجا مسقط گیا ہوا تھا' واپسی پر میرے گھر میں نہیں ٹھہرا سیدھا لاہور چلا گیا' میں نے اپنی بہن سے اس کی شکایت کی۔ کیا یہ بھی غیبت ہوئی؟

**جواب** : ------- یہ غیبت نہیں' واللہ اعلم۔

## "السلام علیکم پاکستان" کہنا

**سوال** : ـــــ آج کل ایک مقامی ریڈیو چینل ہے' نشریات مغربی تہذیب اور کلچر کی تقلید کرتے ہوئے ۲۴ گھنٹے مسلسل شروع کی گئی ہیں۔ مخلوط ٹیلیفون کالز کے ذریعے نہ صرف فحاشی کو فروغ دیا جارہا ہے بلکہ دوسری طرف مال کا اسراف بھی کیا جاتا ہے۔

پوری پوری رات عورتیں' مرد کمپیئر سے فون پر اپنے دل کا راز

ونیاز بیان کرتی ہیں اور جواباً مرد کمپیئر اظہار اشعار اور گانوں کے ذریعے کرتا ہے۔ اس پروگرام میں ہر فون کرنے والا پہلے "السلام علیکم پاکستان" کہتا ہے جواب میں بھی اسے "السلام علیکم پاکستان" کہا جاتا ہے' یعنی جنت کا کلام "السلام علیکم" کی بھی بے ادبی کی جاتی ہے اور بعض ٹی وی پروگرام میں پنجابی تہذیب کو اجاگر کرتے ہوئے دیہات کا ماحول پیش کیا جاتا ہے جس میں آنے والے مہمان کو میزبان کہتا ہے "بسملیاں' بسملیاں"۔

مندرجہ بالا گزارشات کے بعد میرے ذہن میں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں :

۱۔ کیا "السلام علیکم" کے ساتھ اور کوئی لفظ ملا کر کہنا یعنی السلام علیکم پاکستان کہنا جائز ہے؟

۲۔ کیا عورتیں ٹیلیفون پر غیر محرم سے بے تکلف ہو کر باتیں کر سکتی ہیں؟

۳۔ بسم اللہ کے بجائے جو لوگ (نعوذ باللہ) بسملیاں کہتے ہیں' اس کا کیا مطلب ہے اور جو لوگ قرآن کی آیتوں کو توڑ مروڑ کر اس طرح پڑھتے ہیں ان کے بارے میں قرآن وحدیث کا کیا فیصلہ ہے؟

**جواب** : ...........جو لوگ پاکستان میں فحاشی اور عریانی پھیلاتے ہیں' مرنے کے بعد عذاب قبر میں مبتلا ہوں گے اور ان کے ساتھ ان کے حکمران بھی پکڑے جائیں گے' اس لئے کہ یہ ملک فحاشی کا اڈا بنانے کے لئے نہیں بنایا گیا تھا' بلکہ یہاں قرآن وسنت کی حکمرانی جاری کرنے کے لئے بنایا گیا تھا۔

۱ : "——— السلام علیکم" مسلمانوں کا شعار ہے لیکن اس کا اس طرح استعمال اس شعار کی بے حرمتی ہے۔

۲ : -------عورتوں کا نامحرم مردوں سے بے تکلف گفتگو کرنا حرام اور ناجائز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی آواز کو بھی پردہ بنایا ہے اور قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے "فلاتخضعن بالقول" یعنی بات کرتے وقت تمہاری زبان میں لوچ نہیں آنا چاہئے۔ اس لئے یہ مرد اور عورتیں گنہگار ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ سے استغفار کرنا چاہئے اور اپنے رویئے سے باز آجانا چاہئے ورنہ مرنے کے بعد ان کو اتنا سخت عذاب ہوگا کہ دیکھنے والوں کو بھی ترس آئے گا۔

۳ : ---------یہ "سملیاں" مہمل لفظ ہے اور یہ پنجابی تہذیب نہیں بلکہ ایسا کرنے والوں کا قلبی روگ ہے۔

## بدامنی اور فسادات.... عذاب الٰہی کی ایک شکل

س : ——— آج کے اس پر مصائب دور میں جب کہ ہم مسلمانوں کے ایمان غالباً تیسرے درجے سے گزر رہے ہیں اور فرقہ واریت اور لسانی بندشوں کا شکار ہیں اس دور میں قتل وغارت' ڈکیتیاں' بدامنی' بدکاری غرضیکہ تمام سماجی برائیاں (سوشل لیول) جمگھٹا ڈالے ہوئے ہیں' اگر ہم اللہ تعالیٰ پر مکمل ایمان رکھتے ہیں ان کے کہنے پر (قرآن وحدیث پر) عمل کرتے ہیں تو بلاشبہ بہت سے مسائل کا حل ملتا ہے' لیکن آزمائشیں بہت ہیں اور صحیح ہیں' گو کہ ہر مسلمان مومن نہیں ہوتا اس لئے آزمائش پر پورا نہیں اترتا۔ میرا مدعا یہ ہے کہ انسان جو ایک

دوسرے کا خون بہادیتا ہے چاہے وہ اپنی حفاظت میں یا دوسرے کی دشمنی میں' یہ کہاں تک درست ہے؟ مطلب یہ کہ کوئی شخص اپنے جان ومال کی حفاظت میں اگر دوسرے مسلمانوں کا خون بہادیتا ہے یا اپنی زن (عورت) چاہے ماں بہن یا بیوی ہو اس کی خاطر خون بہادیتا ہے۔ اگرچہ ہمیں ایسا لگتا ہے کہ وہ حق پر ہے' لیکن اللہ پر ایمان مکمل ہونے کے بعد اللہ ہمارے جان ومال کی حفاظت کرتا ہے تو ہم کسی صورت میں ہتھیار اٹھاسکتے ہیں اور اپنے مسلمان بھائی کا خون بہاسکتے ہیں؟ کیونکہ عدل وانصاف اس معاشرے میں تقریباً ختم ہوچکا ہے۔

ج : ------جس بدامنی اور فساد کا آپ نے ذکر کیا ہے یہ عذاب الٰہی ہے جو ہماری شامت اعمال کی وجہ سے ہم پر مسلط ہوا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سچی توبہ کریں' تمام ظاہری وباطنی گناہوں کو چھوڑنے کا عہد کریں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے تمام اجتماعی وانفرادی گناہوں اور بد عملیوں کی معافی مانگیں۔ کسی بے گناہ مسلمان کو قتل کرنا کفروشرک کے بعد سب سے بڑا گناہ ہے جس کی سزا قرآن کریم نے جہنم بتائی ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا' ہر وہ شخص جس کے دل میں ایمان کا کوئی ذرہ موجود ہو اور جو آخرت کی جزاوسزا کا قائل ہو اس کو اس سے سوبار توبہ کرنی چاہئے کہ اس کے ہاتھ کسی مسلمان کے خون سے رنگین ہوں۔ جو مسلمان ان ہنگاموں میں بے گناہ مارا گیا کہ اس کا کسی کو قتل کرنے کا ارادہ نہیں تھا وہ شہید ہے اور جو گروہ ایک دوسرے کو قتل کرنے کے درپے تھے ان میں قاتل اور مقتول دونوں جہنم کا ایندھن ہیں۔ اگر کسی مسلمان پر ناحق حملہ کیا اور اس نے اپنا دفاع کرتے ہوئے حملہ آور کو ماردیا تو وہ گناہ سے بری ہے اور حملہ آور جو قتل ہوا وہ سیدھا جہنم میں گیا۔ اسی طرح اگر کسی کے

بیوی بچوں پر حملہ کیا اوراس شخص کے ہاتھ سے حملہ آور مارا گیا یہ بھی گناہ سے بری ہے اور حملہ آور سیدھا جہنم میں پہنچا۔

## خیالات فاسدہ اور نظر بد کا علاج

س : ــــــ مجھ میں ایک مرض یہ ہے کہ جب کسی کو گناہ میں مشغول دیکھتا ہوں تو اس میں دل کو نکیر ہوتی ہے اور افسوس بھی ہوتا ہے۔ اسکی اور گناہ کی حقارت بھی ہوتی ہے لیکن جب خود سے گناہ کا ارتکاب ہوتا ہے تو نہ خوف نہ حقارت' نہ نفرت' نہ انکار' نہ حیا کچھ بھی نہیں ہوتا ہاں مخلوق کا خوف ہوتا ہے کہ کسی کو پتہ نہ لگ جائے' ذلت ہوگی اس کے باوجود گناہ سے اجتناب نہیں ہوتا۔

ج : ــــــ گناہ اور گناہ گار سے کبیدگی تو علامت ایمان ہے تاہم یہ احتمال کہ یہ شخص مجھ سے حالاً وما آلاً اچھا ہو بس اس کا استحضار کافی ہے اس سے زیادہ کا انسان مکلف نہیں ہے۔

س : ــــــ خیالات فاسدہ' گندے غلیظ وساوس' نظر بد جیسے جرائم کا ارتکاب ہوتا رہتا ہے۔ کبھی کبھی فوراً ندامت پشیمانی ہوتی ہے اور کبھی ندامت پاس سے بھی نہیں گزرتی' ڈاڑھی منڈوانے سے' راگ ناچ گانا اس طرح کے ہر گندے فعل سے نفرت ہے' اس کے مرتکبین سے نفرت ہے لیکن مجھے بے لذت گناہوں کی خواہشات کا غلبہ رہتا ہے۔

ج :۔ خیالات فاسدہ' وساوس وغیرہ جن کو آپ مرض سمجھ رہے ہیں یہ مرض نہیں بلکہ غیر اختیاری امور ہیں جن پر مواخذہ نہیں بلکہ مجاہدہ ہے' آپ کسی فارغ وقت میں "مراقبہ دعائیہ" کیا کریں۔ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر آنکھیں

اور زبان بند کرکے اپنی حالت للہ تعالیٰ کے سامنے پیش کردیں اور دل میں اللہ تعالیٰ سے عرض کریں کہ یا اللہ! میری حالت تو آپ کے سامنے ہے آپ قادر مطلق ہیں میری حالت اچھی کردیجئے اور مجھے آخرت میں رسوا نہ کیجئے۔

س : ------- آج کل زیبائش عریانی عام ہے جب کبھی ضروریات کے لئے نکلتا ہوں تو غیر محرم پر نظرِ بد کے جرم کا ارتکاب ہوجاتا ہے نظرِ بد سے بچنا میرے جیسے کیلئے تو بہت ہی مشکل ہے۔

ج : -------فوراً نظر ہٹالی جائے' خیالات کا ہجوم غیر اختیاری ہو تو مضر نہیں بلکہ ہجوم خیالات کے باوجود بالقصد دوبارہ نہ دیکھنا مجاہدہ ہے اور انشاء اللہ اس پر اجر ملے گا اسی کے ساتھ استغفار کرلیا جائے' انشاء اللہ غلط خیالات کے اثرات قلب سے دھل جائیں گے۔

## والدہ کی قبر معلوم نہ ہو تو دعائے مغفرت کیسے کروں؟

**سوال:۔** میری والدہ مرحومہ کراچی میں دفن ہیں' میں اکثر ان کی مغفرت کی دعائیں کرتا رہتا ہوں' اب یہ میری بد نصیبی ہے کہ میں کبھی ان کی قبر پر نہیں گیا۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ قبر پر جانا ضروری ہے یا نہیں اور قبر پر نہ جانے سے گھر ہی پر دعائیں کرنا بیکار تو نہیں؟ دوسرے یہ کہ قبرستان اگر جاؤں بھی تو والدہ کی قبر کا پتہ نہیں' تو قبرستان میں جاکر والدہ کے لئے کہاں کھڑا ہوکر دعا کروں اور کیا کیا دعا کروں؟ کیا وہاں کچھ پڑھنا ہوگا یا ایسے ہی دعائے مغفرت کروں؟

**جواب :** ـــــــ اگر آپ کو والدہ کی قبر کا پتہ ہی نہیں تو آپ کو جانے کا مشورہ کیسے دوں' البتہ آپ کو نشانی رکھنا چاہئے تھی یا اگر کوئی آدمی جاننے والا ہے

تو آپ اس سے پتہ کرلیجئے' قبر پر جانے سے میت کو اتنی خوشی ہوتی ہے کہ جتنا ماں کو اپنے بیٹے سے مل کر خوشی ہوتی ہے۔ بہرحال ان کو پڑھ کر بخشتے رہنا چاہئے یہ بھی بیکار نہیں ہے۔

## وہم کا علاج کیا ہے؟

س… میں بی اے کی طالبہ ہوں' ہمارا گھر تھوڑا بہت مذہبی ہے' نماز تقریباً سب ہی لوگ پڑھتے ہیں لیکن جب سے میں نے نماز شروع کی ہے' آہستہ آہستہ آج ایسی ہوگئی ہوں کہ اگر کسی کا پاؤں لگ جائے تو دھونے بیٹھ جاتی ہوں' اگر جھاڑو کسی کپڑے کو لگ جائے تو فوراً دھوتی ہوں' اگر گیلا پوچا کمرے میں لگتا ہے تو میں اس سے بچتی ہوں' چھینٹوں سے تو اس طرح بچتی ہوں جیسے انسان آگ سے بچتا ہے کہ اگر پانی زمین پر گرا اور میرے کپڑوں پر چھینٹیں آگئیں تو پائینچے دھوتی ہوں کہ ہر وقت میرے پائینچے گیلے رہتے ہیں کیونکہ ہمارا چھوٹا سا گھر ہے آخر کب تک کمرے میں رہا جاسکتا ہے' بس میری یہ ہی کیفیت ہے جس کی وجہ سے اب گھر والے مجھے نفسیاتی مریضہ' ذہنی مریضہ اور وہمن کے نام سے پکارتے ہیں جس پر مجھے دلی دکھ ہوتا ہے اور پھر میں یہ سوچتی ہوں کہ اب ایسا نہ کروں گی لیکن پھر ایسا نہیں کرپاتی۔ خیال آتا ہے کہ اگر کپڑے ناپاک ہوگئے تو نماز نہ ہوگی۔ گھر والے مجھے ہر وقت پانی میں گھسے رہنے سے منع کرتے ہیں جس کی وجہ سے مجھے اب ایگزیما بھی ہوگیا لیکن میں کہتی ہوں کہ میرے اوپر کسی قسم کی چھینٹ نہ آئے گھر والے کہتے ہیں کہ ہمارے گھر میں کوئی بچہ نہیں ہے کہ جس کے پیشاب وغیرہ کی چھینٹ سے تیرے کپڑے ناپاک ہوجائیں گے۔ کبھی

کبھی جب مجھے اس بات پر ڈانٹ پڑتی ہے تو میرا دل چاہتا ہے کہ نماز ہی چھوڑ دوں تاکہ میں ان چیزوں سے نجات پاسکوں لیکن دل نہیں مانتا اور نماز کسی حالت میں بھی نہیں چھوڑ سکتی۔ آپ میرے سوال کا جلد از جلد جواب دے کر ذہنی اذیت سے نجات دلاسکتے ہیں۔

**جواب** : ـــــ بیٹی! ایک بات سمجھ لو' اگر پاکی ناپاکی کا مسئلہ اتنا ہی مشکل ہوتا' جتنی مشکل کہ آپ نے اپنے اوپر ڈال رکھی ہے' تو دنیا کا کارخانہ ہی بند ہوجاتا۔ آپ کی طرح ہر شخص بس پائینچے دھونے ہی میں لگا رہتا۔ یہ تمہیں وہم کا مرض ہے اور اس کا علاج بہت آسان ہے۔ وہ یہ کہ جن چیزوں کی وجہ سے آپ کو ناپاکی کی فکر لگی رہتی ہے ان کی ذرا بھی پرواہ نہ کرو اور جب تمہارا شیطان یوں کہے کہ یہ چھینٹے ناپاک تھے' فلاں چیز ناپاک تھی تو شیطان سے کہا کرو کہ تو غلط کہتا ہے کہ میں تیری بات نہیں مانوں گی۔ اگر ایک مہینہ تک آپ نے میرے کہنے پر عمل کرلیا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس وہم کے مرض سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔

## حقوق والدین یا اطاعت امیر؟

س : ـــــ میرا بڑا بیٹا بچپن سے ہی والد کے ساتھ مسجد جاتا رہا' مسجد ہی سے ایک دینی جماعت کے پروگرام سنتا رہا' ہم نے اسے ہمیشہ اچھے ماحول میں رہنے کی تعلیم دی۔ گانے ناچ اور دیگر فضولیات سے دور رکھا۔ اس لئے وہ دینی جماعت کے بچوں کے رسائل لاتا رہا ان کے ساتھ اچھے معلوماتی مقابلوں میں حصہ لیتا رہا۔ جب میٹرک کلاس میں گیا تو ہم نے کہا کہ اسکول کا کام پورا کیا کرو' تعلیم پر توجہ دو مگر وہ کہتا کہ ہمارے ناظم نے فلاں وقت بلایا ہے' فلاں کام ہے۔ باپ صبح

کے گئے رات کو آتے اس نے تعلیم پر توجہ کم دی' نتیجہ یہ نکلا کہ بہت خراب نمبر سے پاس ہوا' مجبوراً ٹیکنیکل تعلیم دلوائی وہاں نوکری بھی لگ گئی لیکن پروگراموں کا سلسلہ بڑھتا گیا۔ زیادہ سمجھاتی تو کہتا کہ امیر کی اطاعت لازمی ہے' امیر کی اطاعت خدا کے رسولؐ کی اطاعت ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ نوکری جاتی رہی۔ تعلیم بھی ختم ہو گئی۔ گھر سے تعلق کا صرف اتنا حال ہے کہ بہن' بوڑھا باپ کام کرتے ہیں' میں سلائی کرتی ہوں وہ آتا ہے' ہوٹل کی طرح کھا کر چلا جاتا ہے۔ بہن بھائیوں پر حکم چلاتا ہے۔ اسے غرض نہیں کہ کوئی بیمار ہے تو کون ہسپتال لے جارہا ہے' کس طرح خرچ چل رہا ہے۔ یہی دھن دماغ میں ہے کہ جماعت سے نکلنا کفر ہے۔ امیر کی نافرمانی خدا کی نافرمانی ہے۔

اس کے ساتھی بہت تعریف کرتے ہیں کہ ہر کام میں آگے آگے رہتا ہے' ہر پروگرام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے لیکن حقیقت کوئی ہمارے دل سے پوچھے اس بگڑے ہوئے ماحول میں بچیوں سے سودے منگوانے پڑتے ہیں' خود بازار سے سامان اٹھا کر لانا پڑتا ہے۔ ایک بچہ ہے وہ زیادہ تر کام کرتا ہے' پڑھنے کے ساتھ ساتھ کام کر کے ہمارے حوالے کر دیتا ہے۔ خدا کے فضل سے نماز روزے کا پابند ہے۔ یہ آتے ہی اس پر حکم چلاتا ہے اگر کسی کام کو کہا جائے تو کہتا ہے اس سے کراؤ۔

چھوٹی بچیوں نے' ماں باپ نے رو رو کر دعائیں مانگیں تو ایک عارضی نوکری ملی ہے اس میں بھی یہی حال ہے ۱۰ دن پروگراموں کی نظر ہیں اب کسی کا استقبال ہے' اب کسی جگہ مظاہرہ ہے' کہیں کیلئے فنڈ اکٹھا کرنا ہے' کسی کو کتابیں دینی ہیں وغیرہ وغیرہ۔

یہ صرف ایک بچے کا حال نہیں اس میں بی اے' ایم اے اور دیگر تعلیم یافتہ بچے بھی شامل ہیں جو ذہنی مریض بن چکے ہیں والدین اور امیر کی اطاعت کے درمیان ان کے ذہن الجھ کر رہ گئے ہیں کبھی کبھی ان پر ترس بھی آتا ہے اور غصہ بھی۔

مولانا صاحب آپ بتائیے کہ ہم جیسے سفید پوش لوگ جن کی جمع پونجی ایک مکان ہوتی ہے کیا وہ وراثت میں اس طرح کی اولاد کو حق دار بناسکتے ہیں۔ کیا شریعت میں ایسا کوئی قانون ہے کہ ہم اپنی زندگی میں ان کو مکان کی ملکیت سے عاق کرسکیں۔ کیونکہ جب ہماری زندگی میں ان کا رویہ ایسا ہے تو بعد میں تو چھوٹے بہن بھائیوں کا حق مار کر اپنی من مانی کرسکتے ہیں۔

کیا اسلام میں ایسا کوئی تصور موجود ہے کہ معاش کی جدوجہد نہ کرے' والدین اور عزیز واقارب کے حقوق پورے نہ کرے' صرف امیر کی اطاعت کرے۔؟ اگر ایسا ہے تو ہم ضرور صبر کریں گے۔ اگر ایسے بچے وراثت کے حق دار ہیں تو ہم خدا کے رسولؐ کی نافرمانی ہرگز نہ کریں گے۔

**جواب** : ـــــــ نوجوانوں کے مزاج میں جوش عمل ہوتا ہے' تجربہ محدود' ذہن ناپختہ' طبیعت میں شاخ تازہ کی طرح لچک' ان کو کسی اچھے یا برے کام میں لگادینا بڑا آسان ہوتا ہے اور جب ان کے ذہن میں کسی تحریک کی اچھائی بیٹھ جاتی ہے یا بٹھادی جاتی ہے تو وہ اس میں نتائج وعواقب سے بے نیاز ہوکر منہمک ہوجاتے ہیں' اس کے خلاف نہ وہ والدین کی پرواہ کرتے ہیں' نہ کسی کی نصیحت پر کان دھرتے ہیں' اس لئے عام طور سے تمام تحریکوں کا نتیجہ شور شرابے کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔ بہت سے نوجوان ان تحریکی سرگرمیوں کی وجہ سے تعلیم سے

محروم رہ جاتے ہیں' بہت سے روزگار سے جاتے رہتے ہیں' بہت سے والدین سے باغی ہوکر اپنے عزیز واقارب اور والدین کے ہاتھ سے نکل جاتے ہیں' حدیث شریف میں فرمایا ہے کہ جوانی بھی جنون اور دیوانگی کا ایک شعبہ ہے۔ جب تک یہ نوجوان تحریکاتی جماعتوں کے سرگرم کارکن رہتے ہیں اس وقت تک ان پر دیوانگی کا دورہ رہتا ہے اور جب جنون شباب کا دور ختم ہوتا ہے اور عمر میں پختگی آتی ہے تب انہیں پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے کیا کھویا اور کیا پایا۔ ایسے نوجوان دور شباب ختم ہونے کے بعد ہمیشہ احساس محرومی کا شکار رہتے ہیں۔ ماں باپ کی بد دعائیں ہمیشہ کیلئے ان کے گلے کا ہار بن جاتی ہیں۔ اس طرح ان کی دنیا بھی تباہ ہوجاتی ہے اور آخرت بھی برباد ہوجاتی ہے۔ میں سیاسی قائدین سے التجا کرتا ہوں کہ وہ بھولے بھالے ناتجربہ کار نوجوانوں کو تحریکات کے الاؤ کا ایندھن نہ بنائیں اور ان نوجوانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ والدین سے بغاوت کا راستہ اختیار کرکے کسی کا برا نہیں کرتے بلکہ خود اپنا مستقبل تاریک کرتے ہیں' ان کی دیوانہ وار تحریکی مصروفیت سے نہ ان کو کچھ ملتا ہے نہ ان کے والدین اور نہ معاشرہ کو۔ آج وطن عزیز میں جیسی بدامنی اور شروفساد ہے یہ انہی تحریکات کا ثمرہ تلخ ہے۔ ہمارے جن نوجوانوں کو "کنتم خیر امتہ" کا تاج سر پر رکھ کر نوع انسانی کی بھلائی' امن و آشتی اور اسلامی اخوت ومحبت کے مبلغ ہونا چاہئے تھا وہ ان تحریکات کے نتیجہ میں گروہی عصبیت' نفرت وعداوت اور قتل وغارت کے علم بردار بنے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم پر رحم فرمائیں اور اپنے نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ہمارے نوجوانوں کو دین قیم پر چلنے کی توفیق ارزانی فرمائیں۔

آپ نے جو پوچھا ہے کہ کیا ان صاحبزادے کو عاق کردیں؟ میرا مشورہ یہ ہے کہ ایسا ہرگز نہ کریں کیونکہ اولاد کو جائیداد سے محروم کرنا شرعاً جائز نہیں۔

علاوہ ازیں کسی شخص کو اس سے بڑھ کر کیا سزا دی جاسکتی ہے کہ وہ اپنے والدین کا نافرمان ہو۔ (اللہ تعالیٰ ہر شخص کو اس سزا سے محفوظ رکھیں) پھر اولاد خواہ کیسی بھی ہو والدین کو اس کے لئے خیر ہی مانگنی چاہئے۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے صاحبزادے کو عقل وایمان نصیب فرمائیں' اللہ تعالیٰ نے والدین کی شکل میں جو نعمت ان کو عطا فرمائی ہے اس کی قدر کرنے کی توفیق سے نوازیں۔

# ہوائی جہاز کے عملہ کے لئے سحری وافطاری کے احکام

ہوائی جہاز کے عملے کے لئے ماہ رمضان کے روزوں سے متعلق چند سوالات ہیں جن کی وضاحت مطلوب ہے' جس طرح ایک مضبوط عمارت کے لئے مضبوط بنیاد ضروری ہے اسی طرح ایمان کے لئے صحیح عقائد اور ان پر عمل ضروری ہے۔ اس ضمن میں علما راسخ ہی صحیح نمائندگی کرسکتے ہیں' آپ سے گزارش ہے کہ ان سوالات کے تفصیلی جوابات شریعت اور حنفی علم فقہ کی روشنی میں عنایت فرماکر مشکور کریں۔

سوال : ------ ہوائی جہاز کے عملے کی مختلف قسم کی ڈیوٹی ہوتی ہے' ایک قسم کی ڈیوٹی کی نوعیت اس طرح کی ہے کہ وہ گھر پر ہی (Stand by Duty) رہتا ہے اور اسی صورت میں ڈیوٹی پر چلا جاتا ہے جب کہ دوسرا عملہ جو ڈیوٹی پر جارہا تھا (OPERATING GEW) عین وقت پر بیمار ہوجائے یا اور کسی وجہ سے اپنی ڈیوٹی پر جانے سے قاصر ہے' ایسا شاذ ونادر ہی ہوتا ہے اور زیادہ تر اس قسم کی ڈیوٹی والا (STAND BY DUTY) گھر ہی پر رہتا ہے اس شکل میں اگر عملہ

روزہ رکھنا چاہے تو وہ دیر سے دیر کب تک روزہ کی نیت کر سکتا ہے؟

**جواب :**—— رمضان کے روزے کی نیت نصف النہار شرعی سے پہلے کرلی جائے تو روزہ صحیح ہے' ورنہ صحیح نہیں۔ ابتداء صبح صادق سے غروب تک کا وقت' اگر برابر دو حصوں میں تقسیم کردیا جائے تو اس کا عین وسط یعنی درمیانی حصہ "نصف النہار شرعی" کہلاتا ہے اور یہ زوال سے قریباً پون گھنٹہ پہلے شروع ہوتا ہے۔ اگر روزہ رکھنا ہو تو روزہ کی نیت اس سے پہلے کرلینا ضروری ہے۔ اگر عین نصف النہار شرعی کے وقت نیت کی یا اس کے بعد نیت کی تو روزہ نہیں ہوگا۔

**سوال :**——نیت کرنے کے بعد اگر فلائیٹ پر جانا پڑے اور عملہ نے روزہ توڑ دیا تو اس کا کیا کفارہ ادا کرنا ہوگا؟

**جواب :**——کفارہ صرف اس صورت میں لازم آتا ہے جب کہ روزہ کی نیت رات میں یعنی صبح صادق سے پہلے کی ہو' اگر صبح صادق کے بعد اور نصف النہار شرعی سے پہلے روزے کی نیت کی تھی اور پھر روزہ توڑدیا تو کفارہ لازم نہیں ہوگا۔

(در مختار۔ شامی)

**سوال :**—— دو قسم کی فلائیٹ ہوتی ہیں ایک چھوٹی فلائیٹ ہوتی ہے مثلاً کراچی سے لاہور یا اسلام آباد وغیرہ' اور واپسی کراچی۔ صبح جاکر دوپہر تک واپسی یا دوپہر جاکر رات میں واپسی اور دوسری فلائیٹ لمبے دوران کی ہوتی ہے جو ملک سے باہر جاتی ہے' اس صورت میں عملہ کو روزہ رکھنا مستحب ہے یا نہ رکھنا؟ زیادہ تر عملہ چھوٹی فلائیٹ پر روزہ رکھنا چاہتا ہے۔

**جواب** : ------- سفر کے دوران روزہ رکھنے سے اگر کوئی مشقت نہ ہو تو مسافر کے لئے روزہ رکھنا افضل ہے' اور اگر اپنی ذات کو یا اپنے رفقا کو مشقت لاحق ہونے کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھنا افضل ہے۔

**سوال** : ------- ہوائی جہاز کا عملہ دو قسم کے مسافروں میں آتا ہے' دونوں قسم کا عملہ ڈیوٹی پر شمار ہوتا ہے۔ ایک قسم کا وہ عملہ ہے جس پر جہاز یا مسافروں کی ذمہ داری نہیں ہوتی وہ سفر اس لئے کررہا ہے کہ اسے آدھے راستے یا دو تہائی راستے پر اتر کر ایک دو دن کے آرام کے بعد پھر جہاز آگے کی منزل کی طرف لے جانا ہے۔ دوسری قسم کا عملہ وہ ہوتا ہے جس پر جہاز اور مسافروں کی ساری ذمہ داری ہوتی ہے۔ ان دو قسم کے عملہ پر روزے کے کیا احکام ہیں؟

**جواب** : ------ جس عملہ پر جہاز اور اس کے مسافروں کی ذمہ داری ہے اگر ان کو یہ اندیشہ ہو کہ روزہ رکھنے کی صورت میں ان سے اپنی ذمہ داری کے نبھانے میں خلل آئے گا تو ان کو روزہ نہیں رکھنا چاہئے' بلکہ دوسرے وقت قضا رکھنی چاہئے خصوصاً اگر روزہ کی وجہ سے جہاز اور اس کے مسافروں کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو تو ان کے لئے روزہ رکھنا ممنوع ہوگا۔ مثلاً جہاز کے کپتان نے روزہ رکھا ہو اور اس کی وجہ سے جہاز کو کنٹرول کرنا مشکل ہوجائے۔

**سوال** ؛ سفر دو قسم کے ہوتے ہیں ایک سفر مغرب سے مشرق کی طرف' جس میں دن بہت چھوٹا ہے جب کہ دوسرے سفر میں جو مشرق سے مغرب کی طرف ہے اس میں دن بہت لمبا ہوجاتا ہے' سورج تقریباً جہاز کے ساتھ ساتھ رہتا ہے اور روزہ بیس بائیس گھنٹے کا ہوجاتا ہے اس صورت میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ لوگ روزہ گھنٹوں کے حساب سے کھول لیتے ہیں' مثلاً پاکستان کے

حساب سے روزہ رکھا تھا اور پاکستان میں جب روزہ کھلا اسی حساب سے انہوں نے بھی روزہ کھول لیا۔ اس صورت میں بعض مرتبہ سورج بالکل اوپر ہوتا ہے اور جس مقام سے جہاز گزر رہا ہوتا ہے وہاں ظہر کا وقت ہی ہوتا ہے کیا اس طرح سے روزہ کھول لینا صحیح ہے؟

**جواب** : ــــــــ گھنٹوں کے حساب سے روزہ کھولنے کی جو صورت آپ نے لکھی ہے یہ صحیح نہیں ہے۔ افطار کے وقت روزہ دار جہاں موجود ہو وہاں کا غروب معتبر ہے' جو لوگ پاکستان سے روزہ رکھ کر چلیں ان کو پاکستان کے غروب کے مطابق روزہ کھولنے کی اجازت نہیں' جن لوگوں نے ایسا کیا ہے ان کے وہ روزے ٹوٹ گئے اور ان کے ذمہ ان کی قضا لازم ہے۔

**سوال** : ــــــــ اوپر کے استواء (HIGHER LATI TUDES) میں جہاں سورج ۲۰ر۲۲ گھنٹے تک رہتا ہے یا اور اوپر جانے سے چھ ماہ تک سورج غروب نہیں ہوتا اور اگلے چھ ماہ جہاں اندھیرا رہتا ہے وہاں کے لئے کیا احکامات ہیں؟ نماز اور روزے کے بارے میں؟ اکثر لوگ ان جگہوں پر مدینہ منورہ یا مکہ معظمہ کے اوقات کا اعتبار کرتے ہوئے نماز اور روزہ اختیار کرتے ہیں کیا اس طرح کرنا درست ہے؟

**جواب** : ــــــــ مدینہ منورہ یا مکہ معظمہ کے اوقات کا اعتبار کرنا تو بالکل غلط ہے۔ جن مقامات پر طلوع و غروب تو ہوتا ہے لیکن دن بہت لمبا اور رات بہت چھوٹی ہوتی ہے ان کو اپنے ملک کے صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزہ رکھنا لازم ہے۔ البتہ ان میں جو لوگ ضعف کی وجہ سے اتنے طویل روزے کو برداشت نہیں کرسکتے وہ معتدل موسم میں قضا رکھ سکتے ہیں۔ ان

علاقوں میں نماز کے اوقات بھی معمول کے مطابق ہوں گے۔ اور جن علاقوں میں طلوع وغروب ہی نہیں ہوتا۔ وہاں دو صورتیں ہوسکتی ہیں ایک یہ کہ وہ چوبیں گھنٹے میں گھڑی کے حساب سے نماز کے اوقات کا تعین کرلیا کریں اور اسی کے مطابق روزوں میں سحر اور افطار کا تعین کرلیا کریں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ وہاں سے قریب تر شہر جس میں طلوع وغروب معمول کے مطابق ہوتا ہے' اس کے اوقات نماز اور اوقات سحر وافطار پر عمل کیا کریں۔

**سوال** : ........بعض حضرات درمیانی استواء (MID LETI TUDES) میں بھی اپنی نمازیں اور روزہ مدینہ منورہ کی نمازوں اور روزہ کے اوقات کے ساتھ ادا کرتے ہیں' یہ کہاں تک درست ہے؟

**جواب** : ــــــ اوپر معلوم ہوچکا ہے کہ ہر شہر کے لئے اس کے طلوع وغروب کا اعتبار ہے۔ نماز کے اوقات میں بھی اور روزہ کے لئے بھی۔ مدینہ منورہ کے اوقات پر نماز روزہ کرنا بالکل غلط ہے اور یہ نمازیں اور روزے ادا نہیں ہوئے۔

**سوال** : ........ کراچی سے لاہور/اسلام آباد جاتے ہوئے گو کہ لاہور/اسلام آباد میں سورج غروب ہوچکا ہوتا ہے اور روزہ کھولا جارہا ہوتا ہے' مگر جہاز میں اونچائی کی وجہ سے سورج نظر آتا رہتا ہے۔ اس صورت میں روزہ زمین کے وقت کے مطابق کھولا جائے یا کہ سورج جب تک جہاز سے غروب ہوتا ہوا نہ دیکھا جائے تب تک ملتوی کیا جائے۔

**جواب** :ــــــ پرواز کے دوران جہاز سے طلوع وغروب کے نظر آنے کا

اعتبار ہے۔ پس اگر زمین پر سورج غروب ہوچکا ہو مگر جہاز کے افق سے غروب نہ ہوا ہو تو جہاز والوں کو روزہ کھولنے یا مغرب کی نماز پڑھنے کی اجازت نہ ہوگی' بلکہ جب جہاز کے افق سے غروب ہوگا تب اجازت ہوگی۔

**سوال :** ــــــ دوسری صورت میں جب عین روزہ کھلتے ہی اگر سفر شروع ہو تو جہاز کے کچھ اونچائی پر جانے کے بعد پھر سے سورج نظر آنے لگتا ہے اور مسافروں میں بے چینی پیدا ہوجاتی ہے کہ روزہ گڑبڑ ہوگیا یا مکروہ ہوگیا۔ اس کے متعلق کیا احکام ہیں؟

**جواب :** ــــــ اگر زمین پر روزہ کھل جانے کے بعد پرواز شروع ہوئی اور بلندی پر جاکر سورج نظر آنے لگا تو روزہ مکمل ہوگیا۔ روزہ مکمل ہونے کے بعد سورج نظر آنے کا کوئی اعتبار نہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص تیس روزے پورے کرکے اور عید کی نماز پڑھ کر پاکستان آیا تو دیکھا کہ یہاں رمضان ختم نہیں ہوا' اس کے ذمہ یہاں آکر روزہ رکھنا فرض نہیں ہوگا۔

**سوال :** ــــــ اگر عملہ نے سفر کے دوران یہ محسوس کیا کہ روزہ رکھنے سے ڈیوٹی میں خلل پڑرہا ہے اور روزہ توڑ دیا تو اس کا کیا کفارہ ادا کرنا ہوگا؟

**جواب :** ــــــ اگر روزہ سے صحت متاثر ہورہی ہو اور ڈیوٹی میں خلل آنے اور جہاز کے یا مسافروں کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہو تو روزہ توڑ دیا جائے' اس کی صرف قضا لازم ہوگی۔ کفارہ لازم نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم

## تبلیغی جماعت پر اعتراضات کی حقیقت

**سوال :** ــــــ امید ہے کہ آنجناب بعافیت ہوں گے اور شب و روز

دین کی عالی محنت میں سائی و کوشاں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اس پر تاحیات ثابت قدم رہنے کی توفیق عنایت فرمائیں۔ (آمین)

یہ بات بلامبالغہ کہتا ہے کہ آپ کی تصنیف و تحریر سے بندہ کے دل میں آنجناب کا جتنا احترام سمایا ہوا ہے شاید اتنا قدر و احترام اپنے والد کا بھی میرے دل میں نہیں ہوگا۔ میرا تعلق چونکہ تبلیغی جماعت کے ساتھ ہے اور تبلیغی جماعت کے بارے میں آپ کی آراء کئی دفعہ نظروں سے گزری ہے' جس میں آپ نے تبلیغی جماعت کی تائید بہت عقیدت مندی اور زبردست ولولے کے ساتھ کی تھی۔ چونکہ یہ کام ہمارا ایک مقصدی فریضہ ہے اگرچہ ہمیں اس کام کو شرح صدر کے ساتھ کرنا چاہئے محض تقلیدی طریقہ پر نہیں۔ لیکن پھر بھی علماء حضرات کی تائید اس پرفتن دور میں بہت ضروری ہے اور بار بار ضروری ہے۔

اس سلسلے میں آپ سے استدعا یہ ہے کہ آج کل ایک جماعت پھرتی ہے' جن کی اچھی خاصی داڑھی بھی ہوتی ہے۔ یہ جماعت مختلف شہروں میں آکر لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے نماز و روزہ اور اس قسم کے اچھے اعمال کی آواز لگاتے ہیں مثلاً جھوٹ نہ بولو' چوری نہ کرو وغیرہ وغیرہ اور ساتھ ہی رسالے بھی تقسیم کرتے ہیں' جس کا نام "ضرب حق" رکھا ہے اور مصنف کا نام عتیق الرحمٰن گیلانی لکھا ہے۔ اس دفعہ یہ جماعت ہمارے شہر ضلع پشین کوئٹہ میں آئی تھی' اور ساتھ ہی بہت سے رسالے بھی لائے تھے جلدی جلدی کچھ آوازیں لگاکر رسالے تقسیم کرکے فوراً شہر سے نکل گئے۔

ان رسالوں میں عجیب قسم کی خرافات اور بکواس لکھی ہوئی تھی۔ رسالے کے اکثر صفحوں پر بڑی بڑی سرخیاں قائم کرکے تبلیغی جماعت پر

الزام لگائے تھے۔ ایک صفحے پر جس کی نقل آپ کے پاس بھیج رہا ہوں آپ کی کتاب "عصر حاضر" کا سہارا لے کر لکھا تھا کہ مفتی محمد یوسف لدھیانوی نے اس جماعت کو عالمگیر فتنہ قرار دیا ہے۔ اب تبلیغی جماعت کے اپنے اکابرین نے اس جماعت کو فتنہ قرار دینا شروع کر دیا۔

گزارش یہ ہے کہ آپ کے بارے میں میرا سینہ بالکل صاف ہے لیکن امت کے سادہ لوح انسانوں کا اس فتنے میں پھنسنے کا شدید خطرہ ہے۔ اس لئے اخبار کے ذریعے اس جماعت کا دجل آشکارا کریں اور ایک بار پھر تبلیغی جماعت کو اپنے زریں خیالات سے نوازنے کی زحمت فرماکر باطل فرقوں کی حوصلہ شکنی کریں تاکہ ہمارے علاقے کے بلکہ پورے پاکستان کے سادہ لوح باشندے اس فتنے سے بچ جائیں۔

جواب جلد از جلد پوری تفصیل کے ساتھ مطلوب ہے۔

**جواب** : ------- مکرم و محترم! زید مجدہ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آپ نے عتیق الرحمان گیلانی نام کے کسی شخص کا ذکر کیا ہے کہ اس نے تبلیغی جماعت کے خلاف پمفلٹ لکھے ہیں' اور ان میں کہا گیا ہے کہ اکابرین نے اس جماعت کو فتنہ قرار دیا ہے' اور یہ کہ اس کے معتقدین تبلیغی جماعت کو بدنام کرنے کے لئے مستقل مہم چلا رہے ہیں' اور بہت سے سادہ لوح لوگ ان سے متاثر ہو رہے ہیں' اس سلسلہ میں چند امور لکھتا ہوں' بہت غور سے ان کو پڑھیں :

۱ : ------- تبلیغ والوں کا جس مسجد میں گشت یا بیان ہوتا ہے' اس سے پہلے ان الفاظ میں اس کا اعلان کیا جاتا ہے :

"حضرات! ہماری اور سارے انسانوں کی کامیابی
اللہ تعالیٰ کے حکموں کو پورا کرنے اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے مبارک طریقوں پر چلنے میں ہے' اس کے لئے
ایک محنت کی ضرورت ہے' اس محنت کے سلسلہ میں نماز
کے بعد بات ہوگی' آپ سب حضرات تشریف رکھیں' انشاء
اللہ بڑا نفع ہوگا"۔

یہ ہے دعوت و تبلیغ کی وہ "محنت" جو تبلیغی جماعت کا موضوع ہے' اور جس کا اعلان ہر مسجد میں ہوتا ہے۔

۲ :_____ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلانا یہ وہ پاک مقصد ہے جس کے لئے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا' اور ان حضرات نے بغیر کسی اجر کے محض رضائے الٰہی کے لئے دعوت الی اللہ کا فریضہ انجام دیا' اس راستے میں ان کے سامنے مصائب و مشکلات کے پہاڑ آئے' انہیں ایذائیں دی گئیں' ان کی تحقیر کی گئی' انہیں ستایا گیا' ان کو گالیاں دی گئیں' انہیں دھمکایا اور ڈرایا گیا' لیکن ان کے پائے استقامت میں لغزش نہیں آئی' بلکہ تمام تر مصائب و مشکلات کو ان حضرات نے محض رضائے الٰہی کے لئے برداشت کیا' اور اس کے لئے جان و مال اور عزت و آبرو کی کسی قربانی سے دریغ نہیں فرمایا۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے جو حالات قرآن کریم اور احادیث شریفہ میں بیان فرمائے گئے ہیں ان میں جہاں یہ واضح ہوجاتا ہے کہ یہ حضرات ایمان و یقین' صبر و استقامت اور بلند ہمتی کے کتنے بلند مقام پر فائز تھے' وہاں یہ بھی معلوم ہوجاتا ہے کہ

دعوت الی اللہ کا مقصد کس قدر عظیم الشان اور عالی مقصد ہے کہ اس مقصد کے لئے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام نے فوق العادت قربانیاں پیش کیں۔

۳ : ------ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلسلہ نبوت ختم کردیا گیا' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی شخص کو نبوت و رسالت کے منصب رفیع پر فائز نہیں کیا جائے گا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے طفیل میں دعوت الی اللہ کا یہ کام' جس کے لئے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کو کھڑا کیا گیا تھا' اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے سپرد کردیا گیا' چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

" ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینھون عن المنکر واولئک ھم المفلحون۔ " (آل عمران ر ۱۰۴)

ترجمہ : اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونا ضروری ہے کہ خیر کی طرف بلایا کریں اور نیک کام کرنے کو کہا کریں اور برے کاموں سے روکا کریں اور ایسے لوگ پورے کامیاب ہوں گے"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

نیز ارشاد ہے :

"کنتم خیر امۃ اخرجت للناس
تامرون بالمعروف وتنھون عن المنکر
وتومنون باللہ الآیۃ"
(آل عمران ر ۱۱۰)

ترجمہ :"تم لوگ اچھی جماعت ہو کہ وہ جماعت لوگوں کے
لئے ظاہر کی گئی ہے تم لوگ نیک کاموں کو بتلاتے ہو اور
بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

ان آیات شریفہ میں دعوت الی اللہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا کام امت محمدیہ (علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات) کے سپرد کرکے اسے "خیر امت" کا لقب دیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس امت کا "خیر امت" ہونا اسی مبارک کام کی وجہ سے ہے۔

۴:— ان آیات شریفہ میں دعوت الی اللہ کا جو فریضہ امت کے سپرد کیا گیا ہے الحمد للہ کہ یہ امت اس فریضہ سے کبھی غافل نہیں ہوئی، بلکہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لے کر آج تک اکابر امت اس مقدس خدمت کو بجا لاتے رہے ہیں، اور دعوت الی اللہ کے خاص خاص شعبوں کے لئے افراد اور جماعتیں میدان میں آتی رہیں، کبھی قتال وجہاد کے ذریعہ، کبھی وعظ وارشاد کی شکل میں، کبھی درس وتدریس کی صورت میں، کبھی تصنیف وتالیف کے ذریعہ، کبھی مدارس اور خانقاہوں کے قیام کے طریقہ سے، کبھی اصلاح وارشاد کے راستہ سے، کبھی قضا وافتا کے

ذریعہ سے' کبھی باطل اور گمراہ فرقوں کے ساتھ مناظرہ ومباحثہ کے ذریعہ' کبھی انفرادی طور پر' کبھی اجتماعی طور پر تعلیم وتبلیغ کے ذریعہ۔ یہ سب کی سب دعوت الی اللہ ہی کی مختلف شکلیں اور اس کے مختلف شعبے ہیں۔ الحمد للہ! دعوت الی اللہ کا کوئی میدان ایسا نہیں جس کو امت نے خالی چھوڑ دیا ہو' اور کوئی شعبہ ایسا نہیں' جس میں کام کرنے والی ایک معتد بہ جماعت موجود نہ ہو۔ فالحمد للہ علی ذالک۔

۵ : ------- تبلیغی جماعت جس طرز پر دعوت الی اللہ کا کام کر رہی ہے' یہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور طریقہ سلف صالحینؒ کے عین مطابق ہے۔

حضرت اقدس مولانا شاہ محمد الیاس کاندھلویؒ ثم دہلوی' حضرت قطب الارشاد مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے خادمؒ' حضرت اقدس مولانا خلیل احمد سہارنپوری مہاجر مدنیؒ کے خلیفہ اور اپنے دور کے تمام اکابر امت کے معتمد اور منظور نظر تھے۔ ان کی زندگی کا ایک ایک عمل سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے سانچے میں ڈھلا ہوا تھا۔ وہ ایمان واخلاص' زہد وتوکل' ایثار وہمدردی' صبر واستقامت' بلند نظری وبلند ہمتی اور اخلاق واوصاف میں فائق الاقران تھے' حق تعالیٰ شانہ نے ان سے دین کی دعوت وتبلیغ کا تجدیدی کام لیا' اور اللہ تعالیٰ نے مادیت کے جدید طوفان کے مقابلے میں ان پر "عمومی دعوت" کا طریقہ منکشف فرمایا' اور انہوں نے ایک عام سے عام آدمی کو بھی دین کی دعوت کے کام میں لگادیا' حضرت مولانا محمد الیاسؒ کے وقت سے آج تک "تبلیغی جماعت" اسی نہج اور اسی نقشہ پر دعوت الی

اللہ کا کام کررہی ہے' اور الحمد للہ ثم الحمد للہ اس کے ذریعہ کروڑوں افراد کو حق تعالیٰ نے فسق وفجور کی تاریکیوں سے نکال کر شریعت مطہرہ کی پابندی اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق زندگی ڈھالنے کا جذبہ عطا فرمادیا ہے۔

۶ : ------ تبلیغی جماعت کے اس مبارک کام پر لوگوں کی طرف سے ناواقفی کی وجہ سے نکتہ چینیاں بھی ہوئیں' اس کے کام میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی کوشش بھی کی گئی' اور ان کو بدنام کرنے کے لئے افسانے بھی گھڑے گئے' لیکن یہ اللہ کا کام ہے' الحمد للہ! کہ ان تمام رکاوٹوں کے باوجود اللہ تعالیٰ اپنے مخلص اور مخلص بندوں سے اپنے دین کی دعوت کا کام لے رہا ہے' اور حق تعالیٰ شانہ کی رحمت وعنایت سے قوی امید ہے کہ وہ اپنے بندوں کو اس کام کے لئے کھڑا کرتے رہیں گے۔

۷ : ------ اس ناکارہ کو ایک عرصہ تک تبلیغی اسفار میں شریک ہونے کی سعادت حاصل ہوئی ہے' اور اکابر تبلیغ کی نجی سے نجی محفلوں میں بیٹھنے اور ان کے حالات کا بغور مطالعہ کرنے کا موقع ملا ہے' حق تعالیٰ شانہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس ناکارہ کو اس سلسلہ میں جس قدر قریب سے قریب ہونے کا موقع ملا ہے اسی قدر اس کام کی افادیت اور اس کام میں لگنے والے حضرات کی حقانیت اس ناکارہ پر کھلتی گئی ہے' اس لئے یہ ناکارہ کامل انشراح اور پوری بصیرت کے ساتھ یہ اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہے کہ تبلیغی جماعت کا کام نہایت مبارک ہے' امت محمدیہ (علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات) کی نشاۃ ثانیہ کا ذریعہ ہے' اور تمام مسلمان بھائیوں کا اس

بابرکت کام میں لگنا دنیا و آخرت کی سعادتوں کا ذریعہ ہے' حق تعالیٰ شانہ ہمیں اپنی رضا و محبت نصیب فرمائیں اور دنیا و آخرت میں اپنے مقبول بندوں کی رفاقت و معیت نصیب فرمائیں۔

## کیا رؤیت ہلال میں فلکیات پر اعتماد کیا جاسکتا ہے؟

س :"—— رؤیت ہلال کا مسئلہ" کے عنوان سے مولانا محمد جعفر پھلواری کا ایک مضمون اپریل ۱۹۶۷ء کے ماہنامہ "ثقافت لاہور" میں چھپا تھا' جسے اب ابتدائی تعارفی نوٹ کے اضافے کے ساتھ ادارۂ ثقافت اسلامیہ' کلب روڈ' لاہور نے کتابچے کی شکل میں "رؤیت ہلال" کے نام سے شائع کیا ہے' کیا آں جناب کے نزدیک پھلواری صاحب کی تحقیق لائق اعتماد ہے؟ نیز یہ کہ رؤیت ہلال کے بارہ میں ان کے موقف سے اتفاق کرتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ مدلل تحریر کریں۔"

ج : مولانا موصوف کے رؤیت ہلال کے موقف اور ان کے استدلال کو پیش نظر رکھتے ہوئے آپ کے سوال کا جواب دینے کی کوشش کرتا ہوں :

موصوف کے اس کتابچہ کا موضوع یہ بتانا ہے کہ "رؤیت ہلال کا حکم فن فلکیات پر اعتماد کرنے سے بھی پورا ہو سکتا ہے"۔

موصوف نے اپنی بحث کا آغاز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے کیا ہے :

" صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فاقدروا له"۔ (رواہ الستۃ الا الترمذی)

ترجمہ :" چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار (عید) کرو اگر مطلع غبار آلود ہو تو اس کا اندازہ کرلو"۔

موصوف کا خیال ہے کہ "یہاں اگر "رؤیت" کے معنی کی وضاحت ہوجائے تو مسئلہ بڑی حد تک صاف ہوسکتا ہے"۔ چنانچہ وہ المنجد' اقرب الموارد' البستان' القاموس' لسان العرب' منتہی الارب اور مفردات راغب وغیرہ کے حوالوں سے اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ :

" اس میں شک نہیں کہ رؤیت کے حقیقی معنی چشم سر ہی سے دیکھنے کے ہیں' لیکن دوسرے مجازی معنوں میں' بھی اس کا استعمال کثرت سے ہوا ہے.... اس لئے گویا رؤیت کے معنی ہیں "علم ہوجانا"۔ چنانچہ کوئی تیس چالیس جگہ قرآن میں بھی لفظ رؤیت کا استعمال حقیقی معنی کے علاوہ مجازی معنوں میں ہوا ہے"۔

اس لئے فاضل مولف کے نزدیک "رؤیت ہلال کو چشم سر کے ساتھ مخصوص کردینے کی کوئی معقول وجہ معلوم نہیں ہوتی"' بلکہ ان کی رائے میں : فن فلکیات پر اعتماد کرکے بھی وہ اپنا ایمان بالکل محفوظ کرسکتے ہیں۔"

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر رؤیت ہلال کو چشم سر کے ساتھ مخصوص کردینا موصوف کے نزدیک "غیر معقول" ہے' تو کیا یہ طرز فکر معقول کہلائے گا کہ ایک شخص لغت کی کتابیں کھول کر بیٹھ جائے اور یہ

دعویٰ کرے کہ چوں کہ فلاں لفظ حقیقی معنی کے علاوہ متعدد مجازی معنوں کے لئے بھی آتا ہے اس لئے عرفاً وشرعاً اس کے جو حقیقی معنی مراد لئے جاتے ہیں وہ صحیح نہیں بلکہ "غیر معقول" ہیں' مثلاً "ضرب" کا لفظ لغت کے مطابق کوئی پچاس ساٹھ معنوں کے لئے آتا ہے اس لئے ضرب زید عمروا کے جملے سے عرف عام میں جو معنی لئے جاتے ہیں (یعنی زید نے عمرو کو مارا) وہ غیر معقول اور غلط ہیں۔ کیا اسے صحت مندانہ استدلال کہا جاسکتا ہے؟ اور کیا یہ انداز فکر اور طرز استدلال اہم ترین مسائل کے صحیح حل کی طرف راہنمائی کرسکتا ہے؟ اس بات سے کس کو انکار ہے کہ رؤیت کا لفظ حقیقی معنی کے علاوہ' مختلف قرائن کی مدد سے' دوسرے مجازی معنوں میں بھی کبھی بولا جاتا ہے' مگر رؤیت ہلال کی احادیث میں یہ لفظ کس معنی میں استعمال ہوا ہے؟ اس کے لئے لغت کی کتابوں کا بوجھ لادنے کے بجائے سب سے پہلے تو اس سلسلہ کی تمام احادیث کو سامنے رکھ کر یہ دیکھنا چاہئے تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کس سیاق میں کس معنی کے لئے استعمال فرمایا ہے' پھر یہ دیکھنا تھا کہ صحابہؓ' تابعینؒ اور ائمہ مجتہدینؒ نے اس سے کون سے معنی سمجھے ہیں' امت اسلامیہ نے قرناً بعد قرن اس سے کیا مراد لی ہے؟ اور عرف عام میں "چاند دیکھنے" کے کیا معنی سمجھے جاتے ہیں؟

لغت سے استفادہ کوئی شجرۂ ممنوعہ نہیں' بلکہ بڑی اچھی بات ہے' کسی زبان کی مشکلات میں لغت ہی سے مدد لی جاتی ہے' اور کسی غیر معروف لفظ کی تحقیق کے لئے ہر شخص کو ہر وقت ڈکشنری کھولنے کا حق حاصل ہے' لیکن جو الفاظ ہر عام وخاص کی زبان پر ہوں' ان کے معنی عامی سے عامی

شخص بھی جانتا ہو' اور روز مرہ کی بول چال میں لوگ سینکڑوں بار انہیں استعمال کرتے ہوں' ان کے لئے ڈکشنری کے حوالے تلاش کرنا کوئی مفید کام نہیں بلکہ شاید اہل عقل کے نزدیک اسے بے معنی مشغلہ' بے سود کاوش اور ایک لغو حرکت کا نام دیا جائے' اور اگر کوئی دانشمند لغت بنی کے شوق میں لغت کے مجازی معنوں کی منطق سے شرعی اور عرفی معنوں کو غیر معقول قرار دینے لگے' تو ایسے شخص کے لئے بھی ڈکشنری میں جو لفظ وضع کیا گیا ہے' اس سے بھی سب واقف ہیں۔

تاہم اگر رؤیت جیسے معروف اور بدیہی لفظ کے لئے "کتاب کھولنے" کی ضرورت وافادیت کو تسلیم بھی کیا جائے تو اس کی کیا توجیہ کی جاسکتی ہے کہ رؤیت کا "ست" نکالتے وقت فاضل مولف نے لغت سے بھی صحیح استفادہ نہیں کیا' نہ ان قواعد کو ملحوظ رکھنا ضروری سمجھا' جو ائمہ لغت نے "رؤیت" کے مواقع استعمال کے سلسلہ میں ذکر کئے ہیں۔ کیونکہ موصوف نے لغت کی مدد سے رؤیت کا ست یہ نکالا ہے کہ "گویا رؤیت کے معنی ہیں علم ہوجانا"۔ گویا اہل لغت نے اس کے معانی اور ان کے مواقع استعمال کے تفصیلی بیان کی جو سردردی مول لی ہے وہ سب فضلہ ہے۔ خلاصہ' مغز اور "ست" صرف اتنا برآمد ہوا ہے کہ "رؤیت کے معنی ہیں علم ہوجانا" جب کہ وہ ان ہی کتابوں میں موجود ہیں جن کا حوالہ موصوف نے دیا ہے' مثلاً : لفظ "رؤیت" مفعول واحد کی طرف متعدی ہو تو وہاں عینی رؤیت یعنی سر کی آنکھوں سے دیکھنا مراد ہوتا ہے' اور جب دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو تو اس کے معنی ہوں گے جاننا' معلوم کرنا۔ چنانچہ صحاح جوہری' تاج العروس اور لسان العرب میں ہے :

" الرویۃ بالعین تتعدی الی مفعول واحد
وبمعنی العلم تتعدی الی مفعولین" ۔

(الصحاح للجوهری ص٢٣٤٨ ج٦' تاج العروس للزبیدی ص١٣٩
ج١٠' لسان العرب لابن منظور الافریقی مادہ رای)

ترجمہ :" اگر رؤیت سے مراد رؤیت بالعین ہو تو رؤیت ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے' اور اگر رؤیت بمعنی علم کے ہو تو وہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوگا"۔

اسی طرح منتہی الارب میں ہے :

"رؤیت :" دیدن بچشم' واین متعدی بیک مفعول است' ودانستن' واین متعدی بدو مفعول۔"

(منتہی الارب ص٤٢٤') عبدالرحیم بن عبدالکریم صفی پوری)

صراح میں ہے :

"رای رویۃ :" دیدن بچشم متعد الی مفعول ودانستن متعد الی مفعولین"۔

(الصراح من الصحاح ص٥٥٩)

یا یہ کہ رؤیت کا متعلق کوئی محسوس اور مشاہد چیز ہو تو وہاں حسی رؤیت مراد ہوگی یعنی بچشم سر دیکھنا اور جب اس کا متعلق کوئی سامنے کی چیز نہ ہو تو وہاں وہمی' خیالی' یا عقلی رؤیت مراد ہوگی۔ چنانچہ امام راغب اصفہانی کی "المفردات فی غریب القرآن" میں ہے :

"ذلک الضرب بحسب قوی النفس الاولی

بالحاسة ومایجری مجراها الخ"۔

عجیب اتفاق ہے کہ یہ عبارت فاضل مولف نے بھی نقل کی ہے' مگر شاید عجلت میں اسے سمجھنے یا اس تفصیل کو ملحوظ رکھنے کی ضرورت نہیں سمجھی۔

یا یہ کہ "رای" کے مادہ سے مصدر جب "رؤیۃ" آئے تو اس کے معنی ہوں گے آنکھوں سے دیکھنا' اور اگر "رای" آئے تو اس کے معنی ہوں گے "دل سے دیکھنا اور جاننا" اور اگر "رویا" آئے تو عموماً اس کے معنی ہوں گے خواب میں دیکھنا اور کبھی بیداری کی آنکھوں سے دیکھنا' چنانچہ اساس البلاغہ میں ہے :

"رای رایته یعنی رویة' ورایته فی المنام رویا' ورایته رای العین' فارایته اراءة ورایت الهلال' فترائینا الهلال... ومن المجاز فلان یری الفلان رایا۔)

(اساس البلاغہ ص۳۱۱ لجار اللہ ابو القاسم محمود بن عمر الزمخشری)

ترجمہ :"رای' رایته کے معنی دیکھنے کے آتے ہیں جیسے (ورئیته فی المنام رؤیا) میں نے اس کو نیند میں دیکھا' اور (رایته رای العین) میں نے اس کو آنکھ سے دیکھا' اور (فارایته اراءة) میں نے اس کو دکھلایا دکھلانا (ورایت الهلال) اور میں نے چاند کو دیکھا (فترائینا الهلال) ہم نے دوسرے کو چاند دکھلایا۔ اور مجازا کہا جاتا ہے کہ فلاں نے فلاں کو خواب میں دیکھا"۔

ممکن ہے مواقع استعمال کے یہ قواعد کلیہ نہ ہوں' لیکن عربیت کا صحیح ذوق شاہد ہے کہ یہ اکثر وبیشتر صحیح ہیں۔ یوں بھی فنی قواعد عموماً کلی نہیں' اکثری ہی ہوتے ہیں۔ ان تینوں قواعد کے مطابق "رؤیت ہلال" کے معنی سر کی آنکھوں سے چاند دیکھنا بنتے ہیں' یہی وجہ ہے کہ جن ائمہ لغت نے حقیقی اور مجازی معنوں کو الگ الگ ذکر کرنے کا التزام کیا ہے انہوں نے رؤیت ھلال کو حقیقی معنی یعنی چشم سر سے دیکھنے کے تحت درج کیا ہے۔

اسی طرح جن حضرات نے "فروق الفاظ" کا اہتمام کیا ہے انہوں نے تصریح کی ہے کہ رؤیت ھلال اور تبصر کے معنی ہیں چاند دیکھنے کے لئے افق ہلال کی طرف نظر اٹھاکر دیکھنا' جیساکہ فقہ اللغہ میں ہے :

"فان نظر الی افق الهلال للیلة لیراه
قیل مبصر۔"

(فقہ اللغتہ ص ۱۰۴ ۔امام ابو منصور عبدالملک بن محمد الثعالبی)

ترجمہ :" اگر کوئی آدمی رات کو افق ہلال کی طرف چاند دیکھنے کے لئے نظر اٹھاکر دیکھے تو بھی کہا جاتا ہے کہ وہ آدمی چاند کو دیکھنے والا ہے"۔

فاضل مولف کے علم و تفقہ کے پیش نظر ان کے بارے میں یہ بدگمانی نہیں کی جاسکتی کہ یہ تمام امور ان کی نظر سے نہیں گزرے ہوں گے' یا یہ کہ وہ ائمہ لغت کی صحیح مراد سمجھنے سے قاصر رہے ہوں گے' مگر حیرت ہے کہ موصوف ان تمام چیزوں سے آنکھیں بند کرکے اس ادھوری بات کو لے اڑے کہ "رؤیت کا لفظ چونکہ متعدد معانی کے لئے آتا ہے'

لہٰذا رؤیت ہلال کو چشم سر سے مخصوص کردینا غیر معقول ہے"۔ جو حضرات کسی موضوع پر تحقیق کے لئے قلم اٹھائیں اور اتنے بڑے پندار کے ساتھ کہ "ہم کسی رائے کو' خواہ وہ اپنی ہو یا قدمائے اہل علم کی' حرف آخر نہیں سمجھتے"۔ ان کی طرف سے کم نظری' تساہل پسندی یا پھر مطلب پرستی کا یہ مظاہرہ بڑا ہی افسوس ناک اور تکلیف دہ ہے' جب "رؤیت" جیسے بدیہی اور "چشم دید" امور میں ہمارے نئے محققین کا یہ حال ہو تو عملی' نظری اور پیچیدہ مباحث میں ان سے دقیقہ رسی' بالغ نظری اور اصابت رائے کی توقع ہی عبث ہے۔

یہ تو خیر ائمہ لغت کی تصریحات تھیں' دل چسپ بات یہ ہے کہ خود ماہرین فلکیات' جن کے قول پر اعتماد کرنا فاضل مولف کے نزدیک حفاظت ایمان کا ذریعہ ہے' ان کے یہاں بھی رؤیت ھلال کے معنی سر کی آنکھوں سے دیکھنا ہی آتے ہیں' مزید یہ کہ ان کے یہاں اس رؤیت کے دو درجے ہیں(۱) : طبعی (۲)ارادی۔ اگر ہلال' افق سے اتنی بلندی پر ہو کہ وہ بلاتکلف دیکھا جاسکے اسے وہ "طبعی رؤیت" قرار دیتے ہیں' اور اگر اتنی بلندی پر نہ ہو بلکہ اتنا نیچے اور باریک ہو کہ اعلیٰ قسم کی دوربینوں کے بغیر اس کا دیکھنا ممکن نہ ہو اسے "رؤیت ارادی" کا نام دیا جاتا ہے' فلکیات کی تصریح کے مطابق قابل اعتبار طبعی رؤیت ہے نہ کہ ارادی۔ مجلّہ اسلامیہ بہاول پور میں ہے :

> "مراد از رؤیت طبعی است' نہ ارادی کہ بتوسط منظار ہائے جیدہ بہ بیند' چہ دریں حالت ہلال قبل ازانکہ بحد رؤیت رسیدہ باشد' دیدہ مے شود (زیچ بہادر خانی باب

ہفتم در رؤیت ہلال ص ۵۵۶ طبع بنارس ۱۸۵۸ء بحوالہ سہ ماہی مجلّہ' جامعہ اسلامیہ بہاول پور' اپریل ۱۹۶۸ء ص ۵۱' مقالہ مولانا عبدالرشید نعمانی"۔ وماہنامہ "معارف" اعظم گڑھ مارچ ۱۹۶۳ء صفحہ ۱۸۸

ترجمہ: "رؤیت ہلال سے مراد طبعی رؤیت ہے نہ کہ رؤیت ارادی کہ اعلیٰ قسم کی دوربینوں کے ذریعہ ہلال کو دیکھا جائے کیونکہ اس حالت میں تو ہلال کو اس کے حد رؤیت پر پہنچنے سے قبل بھی دیکھا جا سکتا ہے۔"

اور حضرات فقہائے کرامؒ جو شریعت اسلامیہ کے حقیقی ترجمان ہیں وہ بھی اسی پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد :" صوموا لرؤیتہ" وافطروا لرؤیتہ"میں' رؤیت حسی یعنی سر کی آنکھوں سے دیکھنا ہی مراد ہے' بدایۃ المجتہد میں ہے :

" فان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد اوجب الصوم والفطر للرویۃ والرویۃ انما یکون بالحس' ولو لا الاجماع علی الصیام بالخبر علی الرؤیۃ لبعد وجوب الصوم بالخبر بظاھر ھذا الحدیث "

(بدایۃ المجتہد لابن رشد ص ۲۸۵)

ترجمہ : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم اور فطر کو رؤیت کے ساتھ خاص کیا ہے اور رؤیت صرف آنکھ ہی کے ذریعہ سے ہو سکتی ہے اور اگر روزوں کیلئے

رؤیت پر حدیث پاک کے ساتھ ساتھ امت کا اجماع
ثابت نہ ہوتا تو صرف خبر کے ساتھ روزوں کو واجب کرنا
(اس حدیث کے ظاہر کی بنیاد پر) مشکل ہوتا"۔

اور اسی پر تمام مسلمانوں کا اجماع واتفاق ہے' جیساکہ احکام القرآن میں ہے :

" قال ابو بکر : قول رسول اللّه صلی اللّه علیه وسلم " صوموا لرؤیته" موافق لقوله تعالٰی یسئلونک عن الاهله' قل هی مواقیت للناس والحج" واتفق المسلمون علی ان معنی الآیة والخبر فی اعتبار رویة الهلال فی صوم رمضان' فدل ذالک علی ان رؤیة الهلال هی شهود الشهر۔"

(احکام القرآن لابی بکر الجصاص ص ۲۰۱ ج ا۔ طبع ۱۳۳۵ھ)

ترجمہ :"ابوبکر کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ :"صوموا الرؤیته" یہ اللہ تعالٰی کے اس قول :"یسئلونک عن الاهلة قل هی مواقیت للناس والحج" کے موافق ہے' اور مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ آیت اور حدیث رمضان کے روزوں سے رؤیت ہلال کے متعلق ہے' تو یہ قول بھی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ رؤیت ہلال سے مراد مہینہ کا موجود ہونا ہے"۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ "رؤیت ہلال" کے معنی سر کی

آنکھوں سے دیکھنا، قطعی طور پر متعین ہیں، اس میں کسی قسم کے شک و شبہ اور تردد کی گنجائش نہیں، یہی معنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک عہد سے آج تک لئے جاتے رہے ہیں، یہی ائمہ لغت کی تصریحات سے میل کھاتے ہیں، یہی فلکیات کی اصطلاح کے مطابق ہیں، یہی معنی مزاج شناسان نبوت۔ فقہائے کرامؒ۔نے حدیث سے سمجھے ہیں، اور چودہ صدیوں کی امت مسلمہ بھی اسی پر متفق ہے، مگر فاضل مولف کے کمال کی داد دیجئے کہ وہ ڈکشنری کی ناقص ادھوری اور ہلکی پھونک سے آسمان و زمین کی ہر چیز کو اڑا دینا چاہتے ہیں۔ کاش فاضل مولف سے یہ عرض کیا جاسکتا، طنز و تشنیع کے طور پر نہیں بلکہ محض دینی خیر خواہی، اسلامی اخوت اور اخلاص کے طور پر، کہ آپ نے اس مقام پر جو آسان راستہ اختیار کیا ہے، یعنی لغت کھول کر کسی لفظ کے متعدد معانی نکالو، اور پھر بلا تکلف اس لفظ کے شرعی معنی کو مشکوک کرڈالو، یہ راستہ جتنا آسان اور مختصر ہے، اس سے کہیں زیادہ پر خطر بھی ہے کیونکہ یہ تحقیق و اجتہاد کی طرف نہیں بلکہ۔ گستاخی معاف۔ سیدھا تلبیس و الحاد کی طرف جاتا ہے، امت مسلمہ میں خدا نہ کردہ اسی کی چلت ہوجائے تو ملاحدہ کی جماعت اسی غلط منطق سے صوم و صلاۃ، حج، زکوۃ اور تمام اصطلاحات شرعیہ کو مسخ کرسکتی ہے، کہا جاسکتا ہے کہ صلوۃ کے معنی لغت میں یہ یہ آتے ہیں، لہٰذا ارکان مخصوصہ کے ساتھ اسے خاص کردینا غیر معقول ہے، وقس علی ھذا، اس سے ظاہر ہے کہ اس کا انجام، دنیا میں امن و اصلاح نہیں، انتشار اور فساد ہوگا، اور آخرت میں دارالقرار نہیں، دارالبوار ہوگا، اللہ تعالیٰ اہلیت دیں تو اجتہاد ضرور کیجئے! مگر خدا کے لئے پہلے

اجتہاد اور الحاد کے درمیان اچھی طرح سے فرق کرلیجئے! تحقیق نئی ہو یا پرانی، اس کا حق مسلم! لیکن، خدارا، تحقیق اور تلبیس دونوں کے حدود کو جدا جدا رکھئے۔

رؤیت ہلال کی احادیث حضرات عمرؓ، علیؓ، ابن مسعودؓ، عائشہؓ، ابو ہریرہؓ، جابر بن عبد اللہؓ، براء بن عازبؓ، حذیفہ بن الیمانؓ، سمرہ بن جندبؓ، ابو بکرہؓ، طلق بن علیؓ، عبد اللہ بن عباسؓ، عبد اللہ بن عمرؓ، رافع بن خدیجؓ وغیرہم صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کی روایت سے حدیث کے مستند مجموعوں میں موجود ہیں، جنہیں اس مسئلہ میں کسی صحیح نتیجہ پر پہنچنے کے لئے پیش نظر رکھنا ضروری تھا، مگر موصوف نے اپنے خاص مقصد کا پردہ رکھنے کے لئے ان سے استفادہ کی ضرورت نہیں سمجھی، صرف ایک روایت، جس کے آخری جملے میں قدرے اجمال پایا جاتا ہے، نقل کرکے فوراً لغت کا رخ کرلیا، آیئے چند روایات پر نظر ڈالیں، اور پھر دیکھیں کہ صحابہؓ و تابعینؒ اور فقہائے مجتہدینؒ نے ان سے کیا سمجھا ہے، صحیحین میں ہے:

ا:...."عن عبد اللّٰہ بن عمر (رضی اللّٰہ عنهما) ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال :الشهر تسع وعشرون لیلة، فلاتصوموا حتی تروہ، فان غم علیکم فاکملوا العدة ثلاثین۔"

(متفق علیہ مشکوٰۃ ص۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مہینہ

انتیس کا بھی ہوتا ہے مگر تم "چاند دیکھے بغیر" روزہ نہ رکھا کرو، اور اگر (انتیس کا) چاند ابر یا غبار کی وجہ سے نظر نہ آئے تو تیس کی گنتی پوری کرلیا کرو"۔

۲:...."عن عبد اللّٰہ بن عمر رضی اللّٰہ عنہما: ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ذکر رمضان، فقال : لاتصوموا حتی تروا الہلال، ولاتفطروا حتی تروہ، فان غم علیکم فاقدروالہ "

(متفق علیہ، مشکوٰۃ ص۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:(انتیس کا) چاند دیکھے بغیر نہ تو روزے رکھنا شروع کرو اور نہ چاند دیکھے بغیر روزے موقوف کرو، اور ابر یا غبار کی وجہ سے نظر نہ آئے تو اس کے لئے (تیس دن کا) اندازہ رکھو۔"

۳:...."کتب عمر بن عبد العزیز (رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ) الی اہل البصرۃ بلغنا عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم... نحو حدیث ابن عمر عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم زاد وان احسن ما یقدرلہ، اذ راینا ہلال شعبان لکذا

وکذا؟ فالصوم ان شاء اللّٰہ لکذا وکذا؟ الا ان یروا الهلال قبل ذلک"

(ابوداؤد ص ۳۱۸)

ترجمہ :" خلیفہ راشد عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے اہل بصرہ کو خط لکھا کہ :"ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث پہنچی ہے۔ یہاں اسی مذکورہ بالا حدیث ابن عمرؓ کا مضمون ذکر کیا اور اتنا اضافہ کیا : اور بہترین اندازہ یہ ہے کہ ہم نے شعبان کا چاند فلاں دن دیکھا تھا' اس لئے (تیس تاریخ کے حساب سے) روزہ انشاء اللہ فلاں دن ہوگا' ہاں چاند اس سے پہلے (انتیس کو) نظر آجائے تو دوسری بات ہے۔"

۴ :....حدثنا حسین بن الحارث الجدلی... ان امیر مکة خطب ثم قال عهد الینا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان ننسک الرؤیة فان لم نره وشهد شاهدا عدل نسکنا بشهادتها... ان فیکم من هو اعلم باللّٰه ورسوله منّی' وشهد هذا من رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم واوما بیده الی رجل قال الحسین فقلت لشیخ الی جنبی' من هذا الذی اوما الیه الامیر' قال هذا عبد اللّٰه بن عمر وصدق کان

اعلم باللّٰہ منہ' فقال : بذلک امرنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم"۔

(ابوداؤد ص۳۱۹ ج۱)

ترجمہ : "حسین بن حارث جدلی فرماتے ہیں' امیر مکہ نے خطبہ دیا' پھر فرمایا کہ : آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تاکیداً یہ حکم دیا تھا کہ ہم عید' بقرعید صرف چاند دیکھ کر کیا کریں' اور اگر (ابر یا غبار کی وجہ سے) ہم نہ دیکھ سکیں (یعنی رؤیت عامہ نہ ہو) مگر دو معتبر اور عادل گواہ رؤیت کی شہادت دیں' تو ہم ان کی شہادت پر عید' بقرعید کرلیا کریں' اور ایک صاحب جو حاضر مجلس تھے' ان کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا آپ کی اس مجلس میں یہ صاحب موجود ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے احکام مجھ سے زیادہ جانتے ہیں' اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جو حکم الٰہی میں نے ذکر کیا یہ اس کے گواہ ہیں۔ حارث کہتے ہیں میں نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے ایک بزرگ سے دریافت کیا کہ یہ کون صاحب ہیں' جن کی طرف امیر صاحب نے اشارہ کیا؟ کہا کہ : یہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ اور امیر صاحب نے صحیح کہا تھا' یہ واقعی خدا و رسول کے احکام کے بڑے عالم تھے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اسی کا حکم

فرمایا ہے"۔

۵:.... "عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جعل اللہ الاھلۃ مواقیت للناس، فصوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فعدوا ثلاثین یوما۔"

(رواہ الطبرانی کما فی تفسیر ابن کثیر ص ۳۲۵ ج۱، دار احیا الکتب العربیہ مصر، واخرجہ الحاکم فی المستدرک بمعناہ وقال صحیح لاسناد واقرہ علیہ الذہبی)

ترجمہ: "حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہلالوں (نئے چاند) کو لوگوں کے لئے اوقات کی ...ن کا ذریعہ بنایا ہے پس چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو اور اگر مطلع ابر آلود ہو تو تیس دن شمار کرلو"۔

۶:.... "عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان حال بینکم وبین منظرہ سحاب او قترۃ فعدوا ثلاثین۔"

(احکام القرآن للجصاص ص۲۰۱ ج۱)

ترجمہ :"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر ہی افطار کرو' اور اگر تمہارے اور اس کے نظر آنے کے درمیان ابر یا سیاہی حائل ہوجائے تو تیس دن شمار کرلو"۔

۷:....عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنہما ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال صوموا رمضان لرؤیتہ فان حال بینکم غمامۃ او ضبابۃ فاکملوا عدۃ شہر شعبان ثلاثین ولاتستقبلوا رمضان بصوم یوم من شعبان"۔

(احکام القرآن ص۲۰۲ ج۱)

ترجمہ :"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا رمضان کا روزہ چاند دیکھ کر رکھا کرو' پھر اگر تمہارے درمیان ابر یا دھند حائل ہوجائے تو ماہ شعبان کی گنتی تیس دن پوری کرلو۔ اور رمضان کے استقبال میں شعبان ہی کے دن کا روزہ شروع نہ کردیا کرو"۔

۸:...."عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنہما قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لاتصوموا قبل رمضان' صوموا لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ'

فان حالت دونه' غیابة فاکملوا ثلاثین یوماً۔"

(ترمذی ص:۸۱ ج:۱)

ترجمہ: "حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان سے پہلے ہی روزہ شروع نہ کردیا کرو' بلکہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو' اور چاند دیکھ کر روزہ افطار کرو اور اگر اس کے دیکھنے میں ابر حائل ہوجائے' تو تیس دن پورے کرلیا کرو"۔

۹:..... "عن ابی البختری قال خرجنا للعمرة فلما نزلنا ببطن نخلة تراءینا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلاث وقال بعض القوم هو ابن لیلتین فلقینا ابن عباس (رضی الله عنهما) فقلنا انا رآئینا الهلال فقال بعض القوم هو ابن ثلاث وقال بعض القومهو ابن لیلتین فقال: ای لیلة رایتموه؟ قلنا: لیلة کذا وکذا؟ فقال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم مدّه للرؤیة فهو للیلة رایتموه۔ وفی روایة عنه قال اهللنا رمضان ونحن بذات عرق فارسلنا رجلاً الی ابن عباس یساله فقال ابن عباس (رضی الله عنهما) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالٰی قد امده

لرؤیته فان اغمی علیکم فاکملوا العدة ۔ "

(مسلم ص ۳۴۸ ج۱، مشکوۃ ص ۱۷۴، ۱۷۵)

ترجمہ :" ابو البختری کہتے ہیں ہم عمرہ کے لئے نکلے، بطن نخلہ پہنچے تو چاند دیکھنے لگے، کسی نے کہا تیسری رات کا ہے، اور کسی نے کہا دوسری رات کا ہے، بعد ازاں جب ہماری ملاقات ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوئی تو ہم نے ان سے عرض کیا کہ ہم نے چاند دیکھا تھا، مگر بعض کی رائے تھی کہ دوسری رات کا ہے، اور بعض کا خیال تھا کہ تیسری رات کا ہے، فرمایا تم نے کس رات دیکھا؟ ہم نے عرض کیا فلاں رات! فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینے کی مدت کا مدار رؤیت پر رکھا ہے لہذا یہ چاند اسی رات کا تھا جس رات تم نے دیکھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ہم نے رمضان کا چاند ذات عرق میں دیکھا (اور ہمارے درمیان اختلاف رائے ہوا کہ کس تاریخ کا ہے) چنانچہ ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس ایک آدمی اس کی تحقیق کے لئے بھیجا، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا مدار رؤیت پر رکھا ہے پس اگر نظر نہ آسکے تو گنتی پوری کرلی جائے"۔

۱۰:.... " عن ابی ھریرة رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فاکملوا

العدة ثلاثین۔"

(متفق علیہ، مشکوۃ ص ۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو، پھر اگر وہ ابر وغبار کی وجہ سے نظر نہ آئے تو تیس دن کی گنتی پوری کرو"۔

۱۱:.... "عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم انا امة امیة لانکتب ولا نحسب، الشھر ھکذا وھکذا وعقد الابھام فی الثالثة، ثم قال الشھر ھکذا وھکذا وھکذا یعنی تمام الثلاثین یعنی مرة تسعاً وعشرین ومرة ثلثین"۔

(متفق علیہ، مشکوۃ ص ۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہم تو امت امیہ ہیں، ہمیں اوقات کی تعیین کے لئے حساب کتاب کی ضرورت نہیں بس (اتنا جان لو کہ) مہینہ کبھی اتنا، اتنا ہوتا ہے دونوں ہاتھوں سے اشارہ فرمایا، اور تیسری مرتبہ ایک انگلی بند فرمائی (یعنی انتیس کا)۔ اور کبھی اتنا، اتنا، اتنا ہوتا ہے، یعنی پورے تیس کا۔ کبھی انتیس کا اور کبھی تیس کا"۔

۱۲:.... "عن جابر بن عبد اللّٰہ رضی اللّٰہ عنہ

قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم اذا رایتم الهلال فصوموا واذا رایتموه فافطروا فان غم علیکم فعدوا ثلاثین یوما۔"

(الفتح الربانی تبویب مسند احمد ص۲۴۸ ج۹)

ترجمہ :" حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم چاند دیکھ لو' تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھ لو تب افطار کرو' پھر اگر مطلع ابر آلود ہو تو تیس دن گن لو"۔

۱۳:...."عن قیس بن طلق عن ابیه رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان اللّٰه عز وجل جعل هذه الاهله مواقیت للناس' صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فاتموا العدة"۔

(الفتح الربانی ص۲۴۷ ج۹)

ترجمہ :" طلق بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان ہلالوں (نئے چاند) کو لوگوں کے لئے تعیین اوقات کا ذریعہ بنایا ہے' پس چاند دیکھ کر روزہ رکھا کرو' اور چاند دیکھ کر افطار کیا کرو' پھر اگر مطلع ابر آلود ہونے کی بنا پر وہ نظر نہ آئے تو (تیس دن کی) گنتی پوری کرو"۔

۱۴:.... "عن عائشة رضی اللہ عنها تقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یتحفظ من شعبان ما لا یتحفظ من غیرہ ثم یصوم لرؤیة رمضان، فان غم علیه عد ثلاثین یوما ثم صام"۔

(ابو داؤد ص۳۱۸)

ترجمہ :"ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جتنا شعبان کے چاند کا اہتمام فرماتے تھے اتنا کسی دوسرے ماہ کا نہیں فرماتے تھے، پھر چاند دیکھ کر رمضان کا روزہ رکھا کرتے تھے، لیکن مطلع غبار آلود ہونے (اور کہیں سے رؤیت کی اطلاع نہ ملنے) کی صورت میں (شعبان کے) تیس دن پورے کیا کرتے تھے"۔

۱۵:.... "عن ابی هریرة رضی اللہ عنه قال قال النبی صلی اللہ علیه وسلم لاتقدموا الشهر بیوم ولا بیومین الا ان یوافق ذلک صوما کان یصومه احدکم صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فعدوا ثلاثین ثم افطروا۔"

(رواہ الترمذی وقال حدیث ابی هریرة حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم، ترمذی ص۱۴۷ ج۱)

ترجمہ :"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مہینے کی آمد سے

ایک دو دن پہلے ہی روزہ شروع نہ کردیا کرو' البتہ اس دن کا روزہ رکھنے کی کسی کو عادت ہو تو دوسری بات ہے' بلکہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو' اور اگر مطلع غبار آلود ہونے کی وجہ سے وہ نظر نہ آئے تو تیس دن پورے کرکے پھر افطار کرو"۔

۱۶:.... "عن حذیفة (رضی اللّٰہ عنہ) قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لاتقدموا الشھر حتی تروا الھلال او تکملوا العدة' ثم صوموا حتی تروا الھلال او تکملوا العدة۔"

(ابو داؤد ص۳۱۸)

ترجمہ :"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مہینے کی آمد سے پہلے ہی روزہ شروع نہ کردیا کرو جب تک کہ چاند نہ دیکھ لو یا گنتی پوری نہ کرلو' پھر برابر روزے رکھتے رہو' جب تک کہ چاند نہ دیکھ لو یا گنتی پوری نہ کرلو"۔

۱۷:.... "عن ابن عباس (رضی اللّٰہ عنھما) قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم : لاتقدموا الشھر بصیام یوم ولا یومین الا ان یکون شیئی یصومہ احدکم' ولاتصوموا حتی تروہ ثم صوموا حتی تروہ' فان حال دونہ

غمامة فاتموا العدة ثلاثین ثم افطروا؟ والشهر تسع وعشرون۔"

(ابو داؤد ص۳۱۸)

ترجمہ :"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا رمضان سے ایک دو دن پہلے ہی روزہ شروع نہ کردیا کرو" الا یہ کہ اس دن روزہ رکھنے کی کسی کی عادت ہو (مثلاً دوشنبہ یا پنجشنبہ کا دن ہو) بہرحال چاند دیکھے بغیر روزہ نہ رکھو' پھر چاند نظر آنے تک برابر روزے رکھتے رہو' اور اگر اس کے ورے بادل حائل ہوں تو تیس کی گنتی پوری کرلو' تب افطار کرو۔ ویسے مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے"۔

۱۸:.... "عن عبد الرحمٰن بن زید بن الخطاب یقول انا صحبنا اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم وتعلمنا منهم وانهم حدثونا ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم قال صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته' فان اغمی علیکم فعدوا ثلاثین' فان شهد ذوا عدل' فصوموا وافطروا؟ وانسکوا۔"

(سنن دار قطنی ص۱۶۸ ج۲)

ترجمہ :"حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن خطابؓ فرماتے ہیں ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی صحبت میں رہے ہیں' اور ان ہی سے علم

سیکھا ہے' انہوں نے ہمیں بتلایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے : چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر افطار کرو' اور اگر ابر و غبار کی وجہ سے نظر نہ آئے تو تیں دن شمار کرلو لیکن اگر اس حالت میں دو معتبر اور عادل شخص روٗیت کی شہادت دیں' تب بھی روزہ' عید اور قربانی کرو"۔

ان تمام احادیث کا مضمون مشترک ہے' مگر ہر حدیث کسی نئے افادے پر مشتمل ہے'اس لئے سب کا سامنے رکھنا ضروری ہے' ان احادیث سے حسب ذیل امور اول نظر میں واضح طور پر مستفاد ہوتے ہیں:

۱ : --------اسلامی احکام میں قمری مہینوں اور سالوں کا اعتبار ہو گا۔

۲ :........قمری مہینہ کبھی انتیس کا ہوتا ہے' کبھی تیں کا۔

۳ : --------روٗیت ہلال میں سر کی آنکھوں سے چاند دیکھنے کا مفہوم قطعی طور پر متعین ہے' ان احادیث میں کسی دوسرے معنی کے احتمال کی گنجائش نہیں۔ چنانچہ بدایۃ المجتہد لابن رشد القرطبی میں ہے :

"فان العلماء اجمعوا ان الشهر العربی یکون تسعا وعشرین' ویکون ثلاثین' وعلی ان الاعتبار فی تحدید شهر رمضان انما هو الرؤیة' لقوله علیه الصلاة والسلام : "صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته" وعنی بالرویة اول ظهور القمر بعد السوال"۔

(بدایة المجتهد لابن رشد القرطبی ص ۲۰۷ ج ۱)

ترجمہ :"علما کا اس پر اجماع ہے کہ عربی مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے اور تیس کا بھی اور اس پر بھی اجماع ہے کہ رمضان کے مہینہ کی تحدید صرف رؤیت سے ہوتی ہے اس لئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ چاند کو دیکھ کر تم روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر ہی روزہ افطار کرو۔ اور (سائل کے) سوال پر رؤیت سے چاند کا اول ظہور ہی مراد ہے"۔

۴ :——— قمری مہینوں کی تبدیلی کا مدار چاند نظر آنے یا تیس دن پورے ہونے پر ہے اگر انتیس کا چاند نظر آجائے تو نیا مہینہ شروع ہوجائے گا' ورنہ سابقہ ماہ کے تیس دن شمار کرنا لازم ہوگا۔

احکام القرآن' ابوبکر جصاص رازی میں ہے :

"وقوله صلى الله عليه وسلم صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته فان غم عليكم فاكملوا العدة ثلاثين' هو اصل فى اعتبار الشهر ثلاثين' الا ان يرى قبل ذالک الهلال' فان كان شهر غم علينا هلاله فعلينا ان نعده ثلاثين' هذا فى سائر الشهور التى تتعلق بها الاحكام' وانما يصير الى اقل من ثلاثين برؤية الهلال"۔

(ص ۲۰۲ ج ۱)

ترجمہ :"حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ "چاند دیکھ کر روزہ رکھو' اور چاند دیکھ کر افطار کرو' اور اگر (بادلوں کی وجہ سے) چاند نظر نہ آئے تو تیس دن کی گنتی مکمل کیا کرو"۔ یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے' الا یہ کہ اس سے پہلے چاند نظر آجائے۔ اگر کوئی مہینہ ایسا ہے کہ اس میں بادلوں کی وجہ سے چاند نہ نظر آئے تو ہم پر لازم ہے کہ ہم اس کو تیس کا شمار کریں' اور یہ اصول ان تمام مہینوں کے بارہ میں ہے جن کے ساتھ احکام متعلق ہوتے ہیں اور مہینہ کے تیس سے کم ہونے کا اعتبار صرف چاند دیکھنے پر ہو گا"۔

۵ :—— اگر افق پر ابر' غبار' سیاہی یا اور کوئی چیز مانع رؤیت نہ ہو تو انتیس کے چاند کا ثبوت "رؤیت عامہ" سے ہو گا' جب پورے علاقہ یا ملک کے لوگ چاند دیکھنے میں کوشاں ہوں' اور اس کے باوجود عام رؤیت نہ ہوسکے' تو علاقے اور ملک کے صرف دو چار افراد کے دعوے سے "رؤیت" کا ثبوت نہیں ہوگا۔ چنانچہ ان احادیث طیبہ میں انفرادی شہادت قبول کرنے کا حکم مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں دیا گیا ہے' اور مطلع صاف ہونے کی صورت میں انفرادی شہادت کی بجائے اذا رایتم (جب تم دیکھ لو) فرماکر "رؤیت عامہ" پر ثبوت ہلال کا مدار رکھا گیا ہے' اور عقلاً بھی یہ بات بدیہی ہے کہ جب مطلع صاف ہو' سب لوگ سراپا اشتیاق بن کر افق پر ٹکٹکی باندھے ہوئے ہوں' اور کوئی چیز مانع رؤیت نہ

ہو' اس کے باوجود رؤیت عامہ نہ ہو سکے' تو ایسی صورت میں ایک دو افراد کا یہ دعویٰ کہ "ہم نے چاند دیکھا ہے" پوری قوم کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے' ظاہر ہے کہ پوری قوم کو اندھا یا ضعیف البصر قرار نہیں دیا جاسکتا ہے' بلکہ اس کی بجائے اس انفرادی بیان ہی کو غلط ماننا ہوگا' بالخصوص جب کہ بلند و بالا چوٹیوں پر دوربینوں کی مدد سے بھی چاند نظر نہ آئے تو ان لوگوں کی غلطی یا غلط بیانی اور بھی واضح ہو جائے گی۔

احکام القرآن' ابو بکر جصاص رازی میں ہے :

"قال ابو بکر انما اعتبر اصحابنا اذا لم یکن بالسماء علة شهادة الجمع الکثیر الذین یقع العلم بخبرهم' لان ذالک فرض قد عمت الحاجة الیه' والناس مامورون بطلب الهلال فغیر جائزان یطلبه الجمع الکثیر ولا علة بالسماء مع توافی همهم وحرصهم علی رؤیته ثم یراه النفر الیسیر منهم دون کافتهم' علمنا انهم غالطون غیر مصیبین' فاما ان یکونوا راؤا خیالا فظنوه هلالا' او تعمدوا الکذب' وجواز ذالک غیر ممتنع' وهذا اصل صحیح تقضی العقول بصحته' وعلیه مبنی امر الشریعة والخطاء فیه یعظم ضرره ویتوصل الملحدون الی ادخال الشبهة علی

الاغمار والحشو وعلی من لم یتیقن ما ذکرنا من الاصل۔"

(احکام القرآن ص۲۰۲ ج۱ طبع ۱۳۳۵ھ)

ترجمہ :"امام ابو بکر جصاصؒ فرماتے ہیں جب آسمان پر کوئی بادل وغیرہ نہ ہو تو ہلال رمضان کی رؤیت کے لئے ایک ایسی کثیر جماعت کی شہادت ضروری ہے جس کی خبر سے یہ یقین حاصل ہو جائے کہ انہوں نے چاند دیکھا ہے اس لئے کہ روزوں کی فرضیت کی وجہ سے چاند کا دیکھنا فرض ہے اور تمام لوگوں کی ضرورت اس سے متعلق ہے اور لوگ چاند دیکھنے کے لئے مامور ہیں' پس یہ ممکن نہیں کہ سب لوگ اپنی بھرپور کوشش' ہمت اور رؤیت کی حرص کے باوجود چاند نہ دیکھ سکیں' لیکن ان میں سے ایک قلیل جماعت کو چاند نظر آجائے' اس سے معلوم ہوا کہ یہ تھوڑی سی جماعت غلطی پر ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اس جماعت قلیل نے کوئی خیالی چیز دیکھی ہو اور اس کو انہوں نے چاند خیال کرلیا ہو' یا جان بوجھ کر جھوٹ بول رہے ہوں' اور یہ اصول اپنی جگہ ایک صحیح اصول ہے جس کی صحت کا عقل سلیم بھی تقاضا کرتی ہے' اور اس پر شریعت کا اصول وضع ہوا ہے اور اس میں غلطی کرنا بہت بڑے نقصان کا سبب ہو سکتا ہے۔ اور اس سے ملحدین' اسلام میں شبہات اور قطع برید پیدا کرسکتے ہیں"۔

۶ : ........ مطلع غبار آلود ہو تو جیسا کہ احادیث بالا میں تصریح ہے' ہلال عید کا ثبوت کم از کم دو معتبر عادل اور دیانت دار گواہوں کی چشم دید شہادت سے ہوگا (اور دو عینی شاہدوں کی گواہی پر دو معتبر اشخاص کی گواہی جسے "شہادت علی الشہادت" کہا جاتا ہے' اسی طرح قاضی کے فیصلہ پر دو عادلوں کی گواہی (شہادت علی قضاءِ القاضی) کا حکم بھی یہی ہے' کیونکہ یہ دونوں بھی "حجت ملزمہ" ہیں' کما صرح بہ القوم' صرف ایک شخص کی شہادت یا محض افواہی خبروں کا اعتبار نہ ہوگا۔ جو حضرات اختلاف مطالع کے قائل نہیں (اور ہمارے فاضل مولف ان ہی کے موید ہیں) ان کے نزدیک مندرجہ ذیل حدیث کا محمل بھی یہی ہے :

"عن کریب ان ام الفضل بنت
الحارث بعثته الی معاویة بالشام قال :
فقدمت الشام' فقضیت حاجتها واستهل
علیّ هلال رمضان وانا بالشام فرأ ینا
الهلال لیلة الجمعة' ثم قدمت المدینة فی
آخر الشهر فسالنی ابن عباس ثم ذکر
الهلال' فقال : متی رایتم الهلال؟
فقلت: رایناه لیلة الجمعة فقال : انت
رایته لیلة الجمعة؟ فقلت : راه الناس
وصاموا وصام معاویة' فقال: لکن رایناه
لیلة السبت' فلا نزال نصوم حتی نکمل
ثلاثین یوما او نراه' فقلت :الا تکتفی

بروية معاوية وصيامه؟ قال: لا، هكذا امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم۔"

(ابو داؤد ص۳۱۹، ترمذی ص۸۷ ج۱)

ترجمہ :"حضرت کریب فرماتے ہیں : ام الفضلؓ بنت حارث (والدہ ابن عباسؓ) نے انہیں حضرت معاویہؓ کے پاس شام میں بھیجا، میں شام میں گیا اور اپنے کام سے فارغ ہوا، تو رمضان کا چاند مجھے شام ہی میں ہوا چنانچہ ہم نے جمعہ کی رات کو چاند دیکھا، پھر رمضان مبارک کے آخر میں میں مدینہ طیبہ واپس آیا، حضرت ابن عباسؓ نے مجھ سے حال احوال دریافت کئے، پھر چاند کا ذکر آیا تو دریافت فرمایا : تم نے چاند کب دیکھا تھا؟ میں نے کہا ہم نے جمعہ کی رات کو دیکھا فرمایا : تو نے جمعہ کی رات کو خود دیکھا تھا؟ میں نے کہا لوگوں نے چاند دیکھ کر روزہ رکھا اور حضرت معاویہؓ نے بھی روزہ رکھا، فرمایا لیکن ہم نے سنیچر کی رات کو دیکھا ہے، اس لئے ہم تو اپنے حساب سے تیس روزے پورے کریں گے، الا یہ کہ خود انتیس کا چاند دیکھ لیں، میں نے کہا کیا آپ حضرت معاویہؓ کی رؤیت اور روزہ رکھنے (کے فیصلہ کو) کافی نہیں سمجھتے؟ فرمایا، نہیں! (کیونکہ ہمیں وہاں کی رؤیت کا ثبوت دو ثقہ گواہوں کی شہادت سے نہیں ملا، صرف تمہاری ایک آدمی کی اطلاع ہمارے افطار کے لئے حجت نہیں) ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی

طرح حکم فرمایا ہے"۔

اور جن حضرات کے نزدیک مطالع کا اختلاف معتبر ہے، وہ اس کی توجیہ یہ کریں گے، کہ چونکہ ہر علاقہ کا مطلع الگ ہے اس لئے ایک مطلع کی رؤیت دوسرے علاقے والوں کے لئے کافی نہیں، خواہ اس کا ثبوت صحیح شہادت سے بھی ہوجائے۔

اور مطلع غبار آلود ہونے کی صورت میں ہلال رمضان کے لئے، دوسری احادیث کے مطابق صرف ایک مسلمان عادل یا مستور الحال کی خبر بھی کافی ہوگی، جیسا کہ ابوداؤد میں ہے :

ا:...."عن ابن عباس (رضی اللہ عنہما) قال :جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال :انی رایت الھلال یعنی ھلال رمضان، فقال :اتشھد ان لا الہ الا اللہ، قال :نعم، قال :اتشھد ان محمدا رسول اللہ، قال نعم، قال یا بلال اذن فی الناس ان یصوموا غدا۔"

(رواہ ابوداؤد، والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی، مشکوۃ ص۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور کہا : میں نے رمضان کا چاند دیکھا ہے (عام رؤیت نہیں ہوئی تھی) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : کیا تم اللہ کی توحید کے قائل ہو؟ اس نے کہا جی ہاں،

فرمایا : کیا تم میری رسالت کو مانتے ہو؟ اس نے کہا جی ہاں' فرمایا : بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ کل روزہ رکھیں"۔

۲:...."وعن ابن عمر (رضی اللہ عنہما) قال تراء الناس الهلال' فاخبرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی رایتہ' فصام وامر الناس بصیامہ"

(رواہ ابو داؤد والدارمی والروایتان فی المشکوۃ ص ۱۷۴)

ترجمہ :"حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں لوگ چاند دیکھ رہے تھے' (مگر ابر کی وجہ سے عام لوگوں کو نظر نہیں آیا) میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی کہ میں نے دیکھ لیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری خبر پر خود بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا حکم دیا"۔

۷ :—— ان احادیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ارشاد فرمودہ ہدایات پر نظر ڈالئے تو واضح ہوگا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثبوت ہلال کے لئے ایک قطعی اصول اور ضابطہ مقرر فرمایا' یعنی انتیس کو مطلع صاف ہونے کی صورت میں رؤیت عامہ کا اعتبار ہوگا اور مطلع کے غبار آلود ہونے کی صورت میں شہادت کا اعتبار کیا جائے گا اور دونوں مفقود ہوں تو تیس دن پورے کئے جائیں گے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خود اپنا عمل اسی ضابطے پر تھا' صحابہؓ وتابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین اسی

اصول کے پابند تھے۔ اور امت مسلمہ کو اسی قاعدے کی پابندی کا بار بار تاکیدی حکم فرمایا۔ اور الحمد للہ امت مسلمہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے بموجب اس کا خوب التزام بھی کیا۔ لیکن کسی حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ادنیٰ سے ادنیٰ اور ہلکے سے ہلکا اشارہ اس طرف نہیں فرمایا کہ اس اصول کو چھوڑ کر امت کسی مرحلے میں کسی دوسرے طریقہ پر بھی اعتماد کرسکتی ہے، کسی حسابی فن سے بھی اس سلسلہ میں مدد لے سکتی ہے، یا روزہ وافطار کے اوقات متعین کرنے کے لئے کسی دوسرے اصول کی طرف بھی رجوع کرسکتی ہے۔ اب اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وضع فرمودہ اصول رؤیت کو چھوڑ کر کسی فن پر اعتماد کرنے اور اس کے ماہرین کی طرف رجوع کرنے سے بھی منشائے نبوت پورا ہوسکتا تھا۔ جیسا کہ فاضل مولف اسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر تھوپنا چاہتے ہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ہمیں اس کا کوئی معمولی اشارہ تو ملنا چاہئے تھا؟ یا کم از کم صحابہؓ وتابعینؒ اور ائمہ ھدیٰؒ کی طرف سے اس اصول نبویؐ سے ہٹ کر کسی دوسری راہ کو اختیار کرنے کی گنجائش کا کہیں سراغ ملتا؟

دور حاضر کی کم سوادی اور ستم ظریفی کا ایک مظہر یہ بھی ہے، کہ جو چیز اپنے ذہن عالی میں آئے اسے کھینچ تان کر بڑوں کی طرف منسوب کرو، اور جو چیز بڑوں سے صراحتاً ثابت ہو، اس سے صاف مکر جاؤ، اور اگر اس طرح نہ بن آتی ہو تو اسے تاویل کے خراد پر چڑھاؤ۔ "خاندانی منصوبہ بندی" سے لے کر سوشل ازم تک جو بات کسی کے ذہن نے اچھی سمجھی

فٹ سے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر ڈالا۔ صحابہ کرامؓ کا حال یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو ارشادات انہوں نے ایک دو بار نہیں' بیسیوں بار اپنے کانوں سے سنے ہوتے تھے' ان کی روایت میں بھی حد درجہ محتاط تھے' مگر ہمارے یہاں اپنے ذہنی وساوس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔

لیکن ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اصول رؤیت کو اپنانے اور اختیار کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے کہیں لا نکتب ولا نحسب (ہم حساب کتاب نہیں کیا کرتے) کہہ کر اوقات کی تعیین کے باب میں حسابی تخمینوں کی حوصلہ شکنی فرمائی' کہیں دونوں ہاتھوں کے اشارے سے الشہر ھکذا وھکذا وھکذا (مہینہ اتنا اتنا اور اتنا ہوتا ہے) کہہ کر ماہ وسال کے سلسلہ میں حساب پر بالکلیہ بے اعتمادی کا اظہار فرمایا۔ ورنہ ظاہر ہے کہ اس مضمون کو سمجھانے کے لئے کہ مہینہ کبھی ۲۹ کا ہوتا ہے کبھی ۳۰ کا' دونوں ہاتھوں کو چھ دفعہ اٹھانے اور ھکذا کا لفظ چھ دفعہ دہرانے کی بہ نسبت ۲۹' ۳۰ کا عدد مختصر بھی تھا اور واضح بھی' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطب ان دو ہندسوں سے نا آشنا بھی نہیں تھے۔

چنانچہ صحیح مسلم کی شرح "اکمال اکمال المعلم" المعروف "شرح ابی" میں ہے :

"وفی احادیث الاشارۃ ھذہ
الارشاد الی تقریب الاشیاء بالتمثیل وھو
الذی قصدہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یصنع

ذالک لاجل ما وصفهم به من الامیة "لا یحسبون لا یکتبون" لانهم لا یجهلون الثلاثین والتسع وعشرین' مع ان التعبیر عنهما باللفظ اخف من الاشارة المکررة وانما وصفهم بذالک سدا لباب الاعتداد بحساب المنجمین الذی تعتمده العجم فی صومها' وفطرها وفصولها۔"

(ص ۲۲۳ ج ۳ طبع مصر ۱۳۲۷ھ)

ترجمہ :" اور جن احادیث میں اشارہ سے مہینہ کے تیس اور انتیس کے ہونے کی مقدار سمجھائی گئی ہے' اس میں یہ بتانا مقصود ہے کہ مثالوں کے ذریعہ سے بات کو سمجھنا آسان ہوتا ہے' اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کے اشارہ سے یہ بات سمجھائی' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ (اشارہ سے سمجھانے کا طریقہ) اس لیے نہیں اپنایا کہ وہ لوگ وصف امیت سے موصوف تھے اور حساب وکتاب کرنا نہیں جانتے تھے' کیونکہ وہ لوگ تیس اور انتیس کے لفظ سے جاہل نہیں تھے' حالانکہ بار بار کے اشارہ کی بجائے تیس اور انتیس کے لفظ سے تعبیر کرنا آسان تھا' لیکن اس کے باوجود آپؐ نے اشارہ سے بات سمجھائی اس لئے کہ منجم لوگوں کے حساب کی لوگوں میں عادت پڑچکی تھی اور اسی پر عجمی لوگ اپنے روزہ اور افطار کرنے' اور سالوں کی گنتی کا

اعتماد کرتے تھے' اس سے ان کے حساب وغیرہ کا دورازہ بند کرنا مقصود تھا"۔

اسی طرح کہیں فلا تصوموا حتی تروہ ولا تفطروا حتی تروہ (روزہ نہ رکھو جب تک چاند نہ دیکھ لو' اور افطار نہ کرو جب تک چاند نہ دیکھ لو) فرماکر رؤیت کے بغیر کسی نوع کے حسابی تخمینہ پر اعتماد کرتے ہوئے روزہ وافطار کرنے سے امت کو صاف صاف منع فرمایا۔ اور کہیں چاند دیکھ کر "دوسری تاریخ کا ہے" نعرہ لگانے کو قرب قیامت کی علامت بتلاکر' حسابی طریقوں پر اعتماد سے نفرت دلائی' اور اسے ذہنی انحطاط اور دینی تنزل کا مظہر قرار دیا جیسا کہ کنزالعمال میں ہے :

"عن ابن مسعود رضی اللہ عنه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم من اقتراب الساعة ان یری الهلال قبلا فیقال للیلتین وان تتخذ المساجد طرقا' وان یظهر موت الفجاءة۔"

(رواہ الطبرانی فی الاوسط کنزالعمال ص۱۷۶ ج۷)

ترجمہ :" حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ "من جملہ قرب قیامت کی علامات کے یہ ہے کہ چاند کو سامنے دیکھ کر کہا جائے گا' یہ تو دوسری رات کا ہے' اور مساجد کو گزرگاہ بنالیا جائے گا اور اچانک موتیں عام ہوں گی"۔

اور کہیں بلا استثنا اہل نجوم کی تصدیق کو "کفر" سے تعبیر فرمایا۔ مگر کسی موقع پر بھی یہ تصریح نہیں فرمائی کہ اہل نجوم کی تقویم پر اعتبار کرتے ہوئے بھی چاند کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ ابو داوٗد کی شرح "المنھل العذب المورود" میں ہے :

"وحسبک فی ابطال العمل بالحساب والتنجیم قوله تعالٰی "قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللّٰه" وقوله صلی اللّٰه علیه وعلی آله وسلم "من اتی عرافا اوکاهنا فصدقه بما یقول' فقد کفر بما انزل علی محمد صلی اللّٰه علیه وعلی آله وسلم" (احمد والحاکم)۔

ومن احادیث المصابیح' من اقتبس علمًا من النجوم اقتبس شعبة من السحر۔"

(ص ۳۷ ج ۱۰)

ترجمہ :"تیرے لئے علم اعداد اور علم نجوم کے باطل ہونے کیلئے اللہ تعالیٰ کا یہی قول کافی ہے کہ :" آپؐ فرمادیجئے آسمان اور زمین میں غیب سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا"۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ :"جو آدمی علم نجوم جاننے والے یا کاہن کے پاس گیا اور جو کچھ اس نے کہا اور اس نے اس کی تصدیق کی' تو اس نے کفر کیا اس دین کا جو حضور

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا گیا"۔

"اور مصابیح کی احادیث میں ہے کہ "جس نے علوم نجوم سے کچھ سیکھا' اس نے جادو کے ایک حصہ کو حاصل کیا"۔

ادھر قرآن حکیم نے شرعی اصول اوقات کو چھوڑ کر کسی خود ساختہ اصطلاح سے ماہ وسال کی ادل بدل کو' جو جاہلیت اولیٰ کا شعار تھا "زیادۃ فی الکفر" اور زینہ گمراہی قرار دیا۔ (التوبہ آیت ۲)

ان تمام امور کو سامنے رکھ کر ہر شخص جس کی چشم انصاف بند نہ ہوگئی ہو' آسانی سے فیصلہ کرسکتا ہے کہ ثبوت ہلال کے شرعی اصول اور نبوی ضابطہ کو چھوڑ کر صرف جنتری کے بھروسے پر روزہ افطار کرنا مزاج نبوت سے کہاں تک میل کھاتا ہے؟ منشا نبوت کو کہاں تک پورا کرتا ہے' اور فاضل مولف کے بقول اسے "رؤیت کی ترقی یافتہ تعبیر" کہنا اور اس بدعت کو حفاظت ایمان کا ذریعہ بتلاکر اس کی پرچار کرنا کہاں تک بجا ہے؟

علامہ ابن عربیؒ شرح ترمذی میں اصول رؤیت کو چھوڑنے اور حسابی طریقوں سے رؤیت کو ثابت کرنے کی مذمت کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"اوہ یا ابن شریح' این مسالتک الشریحیۃ' واین صوارمک السریحیۃ' تسلک ھذا المضیق فی غیر الطریق' وتخرج الی الجھل عن العلم والتحقیق' ما لمحمد والنجوم؟.... وکانک لم تقرا قولہ "اما نحن امۃ امیۃ لا نحسب ولا نکتب'

الشهر هكذا وهكذا وهكذا"۔ واشار بيديه الكريمتين ثلاث اشارات وخنس بابهامه في الثالثة فاذا كان يتبرا من الحساب الاقل بالعقد المصطلح عليه مبينا باليدين تنبيها على التبري عن اكثر منه فما ظنك بمن يدعي عليه بعد ذالک ان يحيل على حساب النيرين وينزلهما على درجات في افلاک غائبا ويقرنهما باجتماع واستقبال حتی يعلم بذالک استهلال۔"

(ص۲۰۸ ج ۳)

ترجمہ :"اے ابن شریح! کہاں ہے تیرا مسلہ شرعیہ؟ تو کشادہ راستہ چھوڑ کر ان تنگ راستوں پر جاتا ہے اور تو علم اور تحقیق سے نکل کر جہالت کی طرف جاتا ہے..... حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور نجوم کی آپس میں کیا نسبت ہے؟ گویا تو نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نہیں پڑھا کہ "ہم امی امت ہیں ہم حساب وکتاب کو نہیں جانتے مہینہ اتنے' اتنے' اتنے کا ہوتا ہے' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ مبارک سے تین بار اشارہ کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری بار اپنے انگوٹھے کو بند کرلیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصطلاحی گنتی اور حساب کا مختصر طریقہ چھوڑ کر ہاتھوں کے

اشارہ سے یہ بات بیان فرمادی تو اس میں اس بات پر تنبیہہ ہے کہ اس سے زیادہ کو چھوڑ دیا جائے۔

آپ کا کیا گمان ہے اس آدمی کے بارہ میں جو اس کے بعد بھی دعوی کرتا ہے کہ یہ چیز علم نجوم کے حوالہ کی جائے اور وہ ان دونوں کو آسمان کے پوشیدہ درجات پر لاتا ہے اور ان دونوں کو جوڑتا ہے اجتماع اور استقبال کے ساتھ تاکہ اس طریقہ سے چاند کو جان سکے"۔

ان احادیث میں صحابہ و تابعین (رضی اللہ عنہم اجمعین) کے طرز عمل کی وضاحت بھی موجود ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم کردہ "اصول رؤیت" پر سختی سے کاربند تھے' اور وہ بار بار خطبوں میں' خطوط میں اور نجی مجلسوں میں :"عهدا الينا رسول الله صلى الله عليه وسلم' هكذا امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم" کہہ کر امت کو اسی اصول پر کاربند رہنے کی تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ پورا ذخیرۂ حدیث وسیر' چھان جایئے' مگر آپ کو کسی صحابیؓ کے بارے میں یہ نہیں ملے گا' کہ انہوں نے اس اصول رؤیت کو چھوڑ کر کسی حسابی تخمینے پر اعتماد کرنے کا فتوی دیا ہو' یہی وجہ ہے کہ باتفاق امت' شریعت اسلامیہ نے ثبوت ہلال کے باب میں اہل حساب و فلکیات کی رائے کا اعتبار نہیں کیا' بلکہ ان کی تحقیق کو سرے سے کالعدم اور لغو قرار دیا ہے' مثلاً ماہرین فلکیات کی رائے ہو کہ فلاں تاریخ کو چاند ہوگا' لیکن رؤیت شرعیہ نہ ہوسکے تو باجماع امت اس رؤیت پر احکام ہلال جاری نہیں ہوں گے اور ماہرین فلکیات کی رائے لغو ہوگی۔

چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی فتح الباری' ص۹۸ ج۴' عمدۃ القاری للعینی ص۱۸۲ ج۵' ص۱۹۹ ج۵۔ زرقانی علی الموطا ص۱۵۴ ج۲' رد المحتار لابن عابدین الشامی ص۱۰۰ ج۲' احکام القرآن للجصاص وغیرہ وغیرہ حضرات اکابرؒ کا موقف بھی یہی ہے۔ یہاں سب کا نام دینا بھی ممکن نہیں' چہ جائیکہ ان کی تصریحات نقل کی جائیں' البتہ امام جصاص رازیؒ کی تصریح تو سن ہی لیجئے' فرماتے ہیں :

"فالقائل باعتبار منازل القمر وحساب المنجمین خارج عن حکم الشریعۃ ولیس ھذا القول مما یسوغ الاجتھاد فیہ' لدلالتہ الکتاب ونص السنۃ واجماع الفقھاء بخلافہ۔"

(ص۲۰۲ ج۱)

ترجمہ : منازل قمر اور فلکیات کے حساب پر اعتماد کرنا حکم شریعت سے خارج ہے' اور یہ ایسی چیز نہیں جس میں اجتہاد کی گنجائش ہو' کیونکہ کتاب اللہ' سنت نبویہ اور اجماع فقہا کے دلائل اس کے خلاف ہیں"۔

رہا یہ سوال کہ شریعت نے احکام ھلال کا مدار رؤیت پر کیوں رکھا' فلکیاتی تحقیقات پر کیوں نہیں رکھا' ہمارے نزدیک یہ سوال ہی بے محل ہے' بحیثیت مسلمان ہمارا کام یہ ہے کہ ہم اچھی طرح یہ تحقیق کریں کہ فلاں باب میں شارع نے کیا حکم دیا ہے؟ یہ معلوم ہوجانے کے بعد ہمیں شارع سے یہ پوچھنے کا حق نہیں کہ یہ حکم آپ نے کیوں دیا ہے؟ کیونکہ

ہمارے مسلمان ہونے کا پہلا نتیجہ اس بات کا قطعی یقین ہے کہ شارع کی طرف سے جو حکم بھی دیا جاتا ہے' اس سے خود شارع کی کوئی غرض وابستہ نہیں' بلکہ وہ سراسر بندوں ہی کی مصلحت کے پیش نظر دیا گیا ہے' کبھی اس مصلحت کا اظہار مناسب ہوتا ہے' کبھی نہیں ہوتا' لیکن وہ مصلحت بہرحال اس حکم پر مرتب ہوگی' خواہ بندوں کو اس کا علم ہو یا نہ ہو' اس لئے وہ خود کسی مصلحت کا اظہار فرمادیں تو ان کی غایت عنایت ہے' ورنہ بندے کو یہ حق کب حاصل ہے؟ کہ وہ اس بات پر اصرار کرے کہ پہلے اس حکم کی مصلحت بتلائیے تب مانوں گا (اور آپ جانتے ہیں کہ اگر کوئی مصلحت بتلانے کی ہو تب بھی اس ذہنیت کے شخص کو تو کبھی نہیں بتلائی جاسکتی)۔

بہرحال ہمیں یہ تحقیق کرنے کا حق ہے کہ شریعت نے ہلال کا مدار فلکیات پر رکھا ہے یا نہیں اور اسے کسی درجہ میں قابل اعتبار قرار دیا ہے' یا بالکلیہ ناقابل اعتماد' لیکن یہ سوال ہم نہیں کرسکتے کہ شریعت نے ہلال کا مدار رؤیت پر کیوں رکھا اور فلکیات وغیرہ پر کیوں نہیں رکھا؟ ہوسکتا ہے کہ اس میں شارع کے پیش نظر بندوں کی بہت سی مصلحتیں ہوں' اور وہ صرف رؤیت پر مرتب ہوسکتی ہوں اور فلکیات پر نہیں۔ مثلاً دوسری قوموں کے ماہ وسال کا مدار تقویمی حسابوں پر تھا' شارع نے اس امت کی انفرادیت کو محفوظ رکھنے کے لئے جس طرح اور بہت سی چیزوں میں ان کی مشابہت سے امت کو بچانا چاہا' اسی طرح ان کی تقویمی مشابہت سے بھی امت کو محفوظ رکھنا چاہا اس لئے ان کو ایک مستقل نظام تقویم دیا۔

علامہ "ابیؒ" کی شرح مسلم میں ہے :

"سدا لباب الاعتداد بحساب المنجمين الذی تعتمده العجم فی صومها وفطرها وفصولها"۔

(اکمال اکمال المعلم شرح مسلم للابی ص۲۲۷)

ترجمہ :" عجم کے لوگ اپنے روزہ اور افطار اور سالوں کی گنتی میں منجم لوگوں کے حساب پر جو اعتماد کرتے تھے اور عادت بنائے ہوئے تھے اس عادت کو ختم کرنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا۔"۔

یا ہوسکتا ہے' کہ چونکہ دوسرے حسابی طریقوں سے ماہ وسال کی تعیین فطری اور تحقیقی نہیں تھی بلکہ اختراعی اور تقریبی تھی' چنانچہ انہیں اس کمی بیشی کو برابر کرنے کے لئے "لیپ" کی اصطلاح ایجاد کرنا پڑی' اس کے برعکس اسلام دین فطرت تھا' اس نے چاہا کہ امت اسلامیہ کے ماہ وسال کی تعیین کے لئے "رؤیت" اور مشاہدہ کا فطری طریقہ مقرر کیا جائے' کیونکہ یہ اختراعی اور تقریبی طریقے اس کی فطرت سے میل نہیں کھاتے تھے۔ یا ممکن ہے اس امر کی رعایت رکھی گئی ہو کہ چونکہ اسلام کے پورے نظام کی بنیاد تکلف اور تعمق پر نہیں بلکہ سادگی اور سہولت پر رکھی گئی ہے اس لئے "اسلام کے نظام تقویم" کو بھی مشاہدہ اور رؤیت جیسے آسان اور سادہ اصول پر مبنی کیا گیا تاکہ اس نظام کے "جزو وکل" میں مناسبت رہے' اور اس باب میں امت تکلف اور مشقت میں مبتلا نہ ہوجائے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ اس حکمت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"اقول لما کان اوقات الصوم مضبوطًا بالشهر القمری باعتبار رؤیة الهلال وهو تارةً ثلاثون یومًا وتارةً تسعة وعشرون وجب فی صورة الاشتباه ان یرجع الی هذا الاصل' وایضًا مبنی الشرائع علی الامور الظاهرة' عند الامیین دون التعمق والحسابات النجومیة بل الشریعة واردة باخمال ذکرها وهو قوله صلی اللّٰه علیه وسلم "انا امة امیة لانکتب ولانحسب"

(حجة اللّٰہ البالغة للشیخ المحدث الدهلوی ص۵۱ ج۲)

ترجمہ :" میں کہتا ہوں کہ جب روزوں کے اوقات کا انضباط قمری مہینوں پر رؤیت ہلال کے اعتبار سے ہے' اور یہ مہینہ کبھی تیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی انتیس دن کا' تو اشتباہ کی صورت میں اسی اصول کی طرف لوٹنا واجب ہے اور نیز امیین کے نزدیک شریعت کی بنیاد امور ظاہرہ پر ہوتی ہے نہ کہ گہرائی اور علم نجوم کے حساب پر' بلکہ شریعت تو اس کے ذکر سے بھی اعراض کرنے کا حکم دیتی ہے جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے "ہم امی امت ہیں ہم حساب وکتاب کو نہیں جانتے"۔

یا ممکن ہے کہ اس چیز کا لحاظ رکھا گیا ہو' کہ نظام تقویم بہرحال اوقات کی تعیین کا ایک ذریعہ ہے اور جو قوم ذرائع میں منہمک ہو کر رہ جائے اکثر و بیشتر مقاصد اس کی نظر سے اوجھل ہو جاتے ہیں' اور فطری طور پر ان کی صلاحیتیں ذرائع ہی میں کھپ کر ضائع ہو جاتی ہیں اس لئے چاہا گیا کہ امت مسلمہ کو نظام تقویم ایسا دیا جائے جس میں منہمک ہو کر مقصدی صلاحیتیں کھو بیٹھنے کا ذرا بھی اندیشہ نہ ہو' بس آنکھ کھولی' چاند دیکھ لیا' تقویم درست ہو گئی' اور سب اپنے اپنے کام میں لگ گئے' نہ ضرب کی ضرورت نہ تقسیم کی' نہ محکمہ موسمیات قائم کرنے کی ضرورت نہ اس پر ریسرچ کی۔

یا ممکن ہے یہ امر پیش نظر ہو کہ اس امت میں امیر بھی ہوں گے' غریب بھی' عالم بھی' جاہل بھی' مرد بھی اور عورتیں بھی۔ اور بیشتر عبادات و معاملات کا مدار نظام تقویم پر ہے اس لئے چاہا گیا کہ جس طرح نظام تقویم سے متعلقہ احکام کے مکلف امت کے سبھی طبقات ہیں' اسی طرح ان کو نظام تقویم بھی ایسا دیا جائے جس پر ہر شخص اپنے مشاہدے کی روشنی میں پورے شرح صدر کے ساتھ یقین کر سکے۔

یا ممکن ہے کہ شارع کو جو یقین ہلال کے باب میں مطلوب ہے وہ رؤیت اور مشاہدے پر ہی مرتب ہو سکتا ہو۔ اس کی نظر میں حسابی جنتری اس یقین کے پیدا کرنے میں ناکافی ہو۔ یا ہو سکتا ہے کہ شارع نے اس امر کو پسند نہ فرمایا ہو کہ روزہ و افطار تو سب کریں' مگر ان کے اوقات کی تعیین ایک خاص گروہ کے رحم و کرم پر ہو' اس لئے نظام تقویم ایسا مقرر فرمایا کہ ایک عامی بھی اپنے وقت کی تعیین ٹھیک اسی طرح کر سکتا ہے' جس طرح

ایک ماہر فلکیات۔ اور ایک بدوی بھی اسی طرح اپنے اوقات کا حساب لگاسکتا ہے' جس طرح ایک شہری۔ بلکہ بعید نہیں کہ ماہر فلکیات یا عالم کی نظر کمزور ہو' اور ایک عامی بدوی کی نظر تیز۔ اس صورت میں خود ماہر فلکیات یا عالم کو مسکین ان پڑھ کی طرف رجوع کرنا پڑے۔

الغرض شارع کے پیش نظر بیسیوں حکمتیں ہوسکتی ہیں۔ اس لئے ہمارا کام یہ نہیں کہ چوں وچرا کا سوال اٹھائیں' اور شارع سے بحث و تکرار میں مشغول ہوکر فرصت اور وقت کے ساتھ دین وایمان بھی ضائع کریں' ہمارا کام تو یہ ہے کہ شارع کی حکمت وشفقت پر ایک دفعہ ایمان لے آئیں' پھر اس کی جانب سے جو حکم دیا جائے اسے اپنے حق میں سراسر خیر وبرکت کا موجب اور عین حکمت و مصلحت کا مظہر سمجھ کر اس پر فوراً عمل پیرا ہوجائیں۔

زباں تازہ کردن باقرار تو
نیگیختن علت از کار تو

---

آخر میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ راقم الحروف کا وہ تبصرہ جو موصوف جعفر شاہ پھلواری کی اس کتاب پر ماہنامہ بینات شعبان ۱۳۸۸ھ کے نقد و نظر میں شائع ہوا تھا درج کردیا جائے۔

**رؤیت ہلال** : ------ مولانا محمد جعفر شاہ پھلواری ہمارے ملک کے مشہور صاحب قلم اور ادارۂ ثقافت اسلامیہ کے رفیق ہیں' زیر نظر کتابچہ میں انہوں نے "رؤیت ہلال اور فلکیات" کے موضوع پر گفتگو کی ہے' کتابچہ کے مندرجات پر

نظر کرنے سے پہلے اس کی شان نزول کو سمجھ لینا ضروری ہے۔ موصوف کا تعلق یہاں کے "حشویہ فرقہ" سے ہے، جس کا نعرہ موصوف کے الفاظ میں یہ ہے :

"حضرات! ہمارے خیال میں ہم پاکستانیوں کی اس وقت کوئی معین شریعت نہیں ہے، پچھلے ادوار کی شریعتوں پر چل رہے ہیں.... جب ہم ان "خام مواد" سے استفادہ کرتے ہوئے ایک بات متعین کرلیں گے اور حکومت اسے نافذ کردے گی تو ہمارے لئے وہی شریعت ہوگی اور پھر وہ ہمیشہ کے لئے نہیں ہوگی۔ ضرورت کے وقت مجالس قانون ساز یا کوئی اور مقرر کردہ کمیٹی اس میں بھی ترمیم کرسکتی ہے"۔ (۱)

ان حضرات کے نزدیک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے اسلام میں "دین" اور "شریعت" دو الگ الگ چیزوں کے جدا جدا نام ہیں، چنانچہ

" دین تو وہ روح اور اسپرٹ ہے جو تبدیل نہیں ہوسکتی اور شریعت اسی روح کی تشکیل کا نام ہے، مقصد اسپرٹ کو باقی رکھنا ہے اور شکل بدلنے سے اسپرٹ نہیں بدل جاتی"۔

(حوالہ مذکورہ ص ۸۴۳)

قرآن کریم اور سنت نبویؐ نے عبادات و معاملات میں حلال و حرام، جائز و ناجائز، فرض و واجب، سنت و مستحب اور صحیح و فاسد کے جو احکام نافذ فرمائے ہیں

(۱) (مولانا جعفر شاہ کا مقالہ "تعقل و تدبر کے لئے قرآن حکیم کی تاکید" مشمولہ ماہنامہ "فکر و نظر" راولپنڈی (از ص ۸۳۲ تا ۸۴۰) ماہ مئی ۱۹۶۸ء۔ یہ مقالہ راولپنڈی کی بین الاقوامی کانفرنس کے لئے لکھا گیا تھا مگر بروقت گم ہوجانے کی وجہ سے وہاں پڑھا نہیں گیا)۔

عام مسلمانوں کے نزدیک وہ واجب التسلیم ہیں مگر "حشویہ" کا خیال ہے کہ یہ صرف اسی دور کی شریعت تھی جس میں دین کی روح اور اسپرٹ کو اس دور کے تقاضوں کے مطابق ملحوظ رکھا گیا تھا' اور ہمیں اسی روح اور اسپرٹ کو باقی رکھتے ہوئے اپنے دور کے تقاضوں کے مطابق اسے بدل کر اس کی جگہ "نئی شریعت" وضع کرنی ہے اور وقتی تقاضوں کے مطابق شریعت محمدیہ میں قطع وبرید' کانٹ چھانٹ' ترمیم و تنسیخ اور رد وبدل کا نام "اجتہاد" ہے' موصوف کے لفظوں میں :

> "ناقابل ترمیم صرف دین (بمعنی روح' اسپرٹ) ہے' اور شریعت ہر دور میں ترمیم قبول کرسکتی ہے' اور یہیں "اجتہاد" کی ضرورت ہوتی ہے۔ ترمیم کا یہ مطلب نہیں کہ شروع سے آخر تک سب کچھ بدل دیا جائے بلکہ (الف) ان شریعتوں میں جو چیز اپنے عصری تقاضوں کے مطابق ہوگی وہ باقی رکھی جائے گی' (ب) جس کی ضرورت نہیں اسے ترک کردیا جائے گا (ج) جس جدید شے کی ضرورت ہوگی اس کا اضافہ کردیا جائے گا' اور اس وقت صرف عالمی مصالح امت کو پیش نظر رکھا جائے گا"۔

(حوالہ مذکور ص ۸۴۴)

مطلب یہ کہ شریعت خداوندی کے احکام "پختہ عقل" مسلمانوں کے لئے "خام مواد" کی حیثیت رکھتے ہیں۔ (شریعت کے لئے "خام مواد" کی اصطلاح موصوف نے اس مقالہ میں کئی جگہ استعمال کی ہے۔ ناقل) ان کا برتاؤ شریعت کے ساتھ بھی وہی ہوگا جو ایک اجنبی تہذیب کے رسوم وقانون کے ساتھ ہوتا

ہے' وہ جتنی شریعت کو مفید مطلب پائیں گے باقی رکھیں گے اور جتنی کو چاہیں ترک کردیں گے اور جتنا چاہیں اس میں اضافہ کرلیں گے' عبادات میں بھی اور معاملات میں بھی۔

اب صرف یہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ "عالمی مصالح امت" کی تعیین کا حق کس کو حاصل ہے؟ اس کا جواب "حشویہ" کے پاس یہ ہے کہ دین میں اجتہاد پر کسی گروہ کی اجارہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا حق ہے' جو وہ اپنے منتخب نمائندوں (مرکزی حکومت اور پارلیمنٹ کے ارکان) کو تفویض کرتی ہے ان ہی کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق "وقتی تقاضوں" اور "مصالح امت" کی تشخیص کریں' اگر وہ بھولے سے دن کو "شب است ایں" کہہ بیٹھیں تو تمام قوم کا فرض ہے کہ وہ "اینک ماہ وپروین" کا اقرار کرے۔

اس تشریح سے معلوم ہوا ہوگا کہ مولانا جعفر شاہ صاحب جس "اجتہادی حشویت" یا نئی شریعت کے داعی ہیں' وہ مسٹر پرویز کے نظریہ "مرکز ملت" اور مغربی نقالوں کے نظریہ "تعمیر اسلام" کا معجون مرکب ہے' جس کا مقصد وحید پورے اسلام پر نظر ثانی کرنا ہے' مگر سردست جو شرعی مسائل اجتہادی ترمیم کے لئے زیر غور ہیں' ان کی مختصر فہرست موصوف نے یہ پیش کی ہے :

> "مثلاً انشورنس کا جوا' بینکوں کا سود' خاندانی منصوبہ بندی' انتقال خون کا مسئلہ' اعضائے انسانی کے دوسرے جسم میں منتقل کرنے کا مسئلہ' ذرائع پیداوار کو قومیانے کا جواز' جنتری کے مطابق چاند کا اعلان' عورتوں کے پردے کی نئی حد بندی' تعدد ازواج' شادی' طلاق' دعوت' ذبیحہ اور سفر حج جیسی "جائز" چیزوں پر پابندی کا جواز' جہیز کی اصلیت' حضانت کی مدت' مفقود

الخبر کی میعاد' یتیم پوتے کی وراثت' فوٹو' راگ گانے اور تصویر
کشی کے جواز کا مسئلہ وغیرہ وغیرہ"۔

(حوالہ بالا ص ۸۴۶)

مولانا موصوف اپنے رفقا سمیت اس خدمت پر مامور ہیں کہ قومی راہنماؤں کو شریعت محمدیہ کے جن اصول و فروع کو منسوخ کرکے ان کی جگہ وقتی تقاضوں کے مطابق نئی شریعت وضع کرنے کا الہام ہو جائے اس کے لئے رائے عامہ کو ہموار کریں اور علمی سطح پر لوگوں کو اس کا قائل کریں۔ اس سلسلہ میں موصوف جن اجتہادی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہیں' جس قسم کے دلائل فراہم کرتے ہیں اور جس تکنیک کو استعمال کرتے ہیں' زیر نظر کتابچہ اس کی اچھی مثال ہے۔

اسلامی اصول یہ ہے کہ قمری ماہ و سال کا مدار رؤیت ہلال پر ہے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے اب تک امت اسی اصول پر کاربند رہی ہے' اور روزہ' عید' اعتکاف' زکوۃ' حج' قربانی' عدت وغیرہ وغیرہ بہت سے احکام اسی اصول سے طے کئے جاتے ہیں' اس کے برعکس مولانا موصوف کا موقف یہ ہے کہ ان چیزوں کے لئے چاند دیکھنے کے بکھیڑے اس ترقی یافتہ دور سے میل نہیں کھاتے۔ "اس کے لئے نہ رؤیت ہلال کی ضرورت' نہ علما کمیٹی کی' نہ گواہیاں گزارنے کی' نہ ٹیلی فون پر تصدیق کرتے پھرنے کی"۔ (ص ۴۱) پس یہ حکومت کا کام ہے کہ وہ جنتری دیکھ کر بہت پہلے ہی سے عید وغیرہ کا اعلان کردیا کرے اور ہم آنکھیں بند کرکے اس پر آمنا و صدقنا کہا کریں۔ موصوف کے خیال میں "اس میں کسی قسم کا کوئی شرعی نقصان نہیں' بلکہ شرعی نقصان تو اختلاف کرنے میں ہے"۔

(ص ۴۸)

اب دیکھئے کہ اس شرعی اصول میں ترمیم کے لئے جس سے بیسیوں احکام شرعیہ مسخ ہوجاتے ہیں موصوف نے کیا اجتہادی اصول وضع کئے ہیں :

"یہ واضح رہے کہ ہم کسی رائے کو' خواہ وہ اپنی ہو یا قدمائے اہل علم کی' حرف آخر نہیں سمجھتے"۔

(ص ۵)

اپنا ذکر تو موصوف نے بطور تبرک کیا ہے' کہنا یہ ہے کہ شریعت کا کوئی مسئلہ خواہ کتنا ہی صریح اور قطعی کیوں نہ ہو' اور تمام اہل علم اس پر متفق ہی کیوں نہ ہوں اس میں بھی کوئی نہ کوئی نئی اپچ نکالی جاسکتی ہے' چنانچہ زیر نظر مسئلہ میں تمام علمائے امت متفق ہیں کہ رؤیت ہلال کے معنی ہیں سر کی آنکھوں سے چاند دیکھنا' مگر مولانا موصوف کے اجتہاد میں :

"یہاں رؤیت کے معنی وہ علم ہے جو تاریخی یا فنی شواہد سے حاصل ہوتا ہے یا خواب کی طرح قلب وخیال سے.... پس رؤیت ہلال کو صرف چشم سر کے ساتھ مخصوص کردینے کی کوئی معقول وجہ نہیں معلوم ہوتی"۔

(ص ۱۰)

اسی طرح تمام علما قانون کے نزدیک شہادت کے معنی ہیں :

"کسی شخص کا حاضر عدالت ہوکر گواہی دینا"۔

لیکن مولانا کے نزدیک یہ صحیح نہیں بلکہ وہ "بصیرت بھی کافی ہے جو گمان غالب پیدا کردے"۔

(ص ۳۴)

اور مسلمانوں کی شریعت اس کا اعتبار کرے نہ کرے اور اسے مانے یا نہ مانے مگر موصوف کے خیال میں :

"محض گواہوں کی شرعی گواہی سے جو غلبہ ظن پیدا
ہو سکتا ہے اس سے کہیں زیادہ موجودہ دور کے فلکیاتی علم سے
حاصل ہو جاتا ہے"۔
(ص ۳۴)

الغرض جب یہ اصول ایک دفعہ طے ہو جائے کہ پہلوں نے قرآن و سنت اور دین و شریعت کا جو مفہوم سمجھا وہ یا تو سرے سے غلط ہے' یا انکے دور کے لحاظ سے صحیح ہو تو ہو' کم از کم ہمارے لئے صحیح نہیں' اس کے بعد شریعت الٰہیہ کے ردوبدل کے لئے اچھی خاصی گنجائش نکل آتی ہے' اور اس سے اسلامی قطعیات کو بڑی آسانی سے "حشوی اجتہاد" کی زد میں لایا جاسکتا ہے۔ دین کے کسی بھی مسئلہ کو لے کر اس کے بارے میں کہا جاسکتا ہے "قدیم مسلمانوں کے دور میں یا ان کے خیال میں ایسا ہو گا لیکن اب ایسا نہیں ہے"۔ موصوف نے فلکیات پر اعتماد کو اسی منطق سے ثابت کرنا چاہا ہے۔ (ص ۲۳)

۲ : ------اس "حشوی اجتہاد" کا دوسرا اصول یہ ہے کہ امت کے کروڑوں علما و فقہا کے خلاف اگر کسی کا قول کہیں مل جائے' اس کی نقل خواہ کتنی ہی شاذ و مردود' غلط اور ناقابل اعتبار ہو' لیکن اسے وحی آسمانی کی طرح صحیح سمجھ کر اعلان کردو کہ یہ مسئلہ پہلے ہی سے مختلف فیہ چلا آیا ہے اور ہم فلاں قول کو اختیار کرتے ہیں' چنانچہ زیر نظر مسئلہ میں مولانا موصوف نے مطرف بن عبد اللہ' علامہ سبکی' قاضی عبد الجبار' ابن مقاتل اور مصنف جمع العلوم کے نام دیئے ہیں' کہ وہ اس فن پر مکمل یا "غیر مکمل" اعتماد کرتے تھے (ص ۱۱ تا ۱۳) حالانکہ اول الذکر کی طرف اس کی نسبت غلط ہے (فتح الباری ص ۹۴ ج ۴) علامہ سبکی کا قول

مردود ہے (شامی ص ۱۰۰ ج ۲) اور باقی بزرگوں کے بارے میں اول تو موصوف کو یہی معلوم نہیں کہ وہ کون تھے' (حد یہ ہے کہ مصنف جمع العلوم کے نام تک کا اتا پتا نہیں) علاوہ ازیں ان کا یہ قول بحوالہ شامی' زاہدی کی "قنیہ" سے نقل کیا گیا ہے' جس کے بارے میں خود علامہ شامی کی تصریح یہ ہے کہ وہ ناقابل اعتبار ہے' (شامی ص ۵۲ ج ۱) لیجئے چند مجاہیل کے غلط' مردود' ناقابل اعتبار اور گرے پڑے اقوال سے اجتہادی قلعہ تعمیر ہوگیا' اور چودہ صدیوں کو غلط فہمی کا شکار کہنے کا جواز پیدا ہوگیا۔

۳:۔۔۔۔۔ حشویت" کا تیسرا اصول یہ ہے کہ موقع پڑے تو جعل و تلبیس اور بعض دفعہ صریح غلط بیانی سے بھی گریز نہ کرو' چنانچہ سب کو معلوم ہے امام شافعیؒ اس مسئلہ میں پوری امت کے ساتھ متفق ہیں' لیکن مولانا موصوف نے امام شافعیؒ سے بھی منوالیا کہ رؤیت ہلال کے بجائے صرف جنتری دیکھ کر چاند کا پیشگی اعلان کیا جاسکتا ہے (ص ۲۵)

اور موصوف کی اس تلبیس کا منشا یہ ہے کہ "یوم شک" میں روزہ رکھنا چاہئے یا نہیں؟ اس کے بارے میں امام شافعیؒ کے نہیں بلکہ بعد کے مشائخ شافعیہ کے متعدد اقوال ہیں جو امام نوویؒ کی شرح مہذب اور حافظ ابن حجرؒ کی فتح الباری میں دیکھے جاسکتے ہیں' ان ہی میں ایک قول بعض محتاط شافعیہ کا یہ ہے کہ اگر حسابی تخمینہ اس کی تائید کرتا ہو تو جس شخص کو اس کی صحت پر اعتماد ہو اس کے لئے روزہ رکھ لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اسی کو موصوف نے' غلط فہمی یا جعل سازی کی وجہ سے' یوں مسخ کرلیا کہ امام شافعیؒ اور تمام شافعیہؒ فن فلکیات پر اعتماد کے قائل ہیں۔ (ص ۳)

۴ : ـــــ حشویت کا چوتھا اصول یہ ہے کہ مختلف قسم کے مغالطوں اور خوش گپیوں کو "قیاس" کا نام دیا جائے' مولانا موصوف کو اس اصول سے بھرپور استفادہ کی خاصی مشق ہے مثلاً :

۱۔ "اگر ٹیلیفون کی اطلاع پر آج شام کی دعوت قبول کی جاسکتی ہے' تو رویت کی شہادت کیوں قبول نہیں"۔ (ص ۲۸)

۲۔ "اگر کرنسی نوٹ نقدی کے قائم مقام ہیں تو فلکیات کا فن رویت کے قائم مقام کیوں نہیں"۔ (ص ۵)

۳۔ "اگر ٹینک چلانا شہسواری کی تعبیر ہے' تو رویت کی تعبیر جنتری سے کیوں نہیں ہوسکتی"۔ (ص ۵)

۴۔ "اگر میراث کی تقسیم میں حساب کتاب پر اعتماد کیا جاسکتا ہے تو چاند میں کیوں نہیں کیا جاسکتا؟"۔

۵۔ "اگر مشکیزے کے بجائے پمپنگ سے وضو کے لئے پانی لیا جاسکتا ہے' تو ہوائی جہاز سے چاند کیوں نہیں دیکھا جاسکتا"۔

۶۔ "اگر گوشت کے معاملہ میں قصائی پر اعتماد کیا جاتا ہے تو چاند کے معاملہ میں حکومت پر کیوں نہیں کیا جاتا"۔ (ص ۴۲)

ان زٹلیات کو نقل کرتے ہوئے بھی قلم کو گھن آتی ہے' مگر ان حضرات کا جگر گردہ ہے کہ وہ شرعی مسائل کو ان بچکانہ پہیلیوں سے حل کرنا چاہتے ہیں' جس کے لئے نہ علم کی ضرورت' نہ عقل کی' نہ فہم کی نہ دانش کی۔

ادارۂ ثقافت اسلامیہ سے اسلامی موضوعات پر اسی معیار کی کتابیں نکلتی رہیں' تو یقین کرنا چاہئے' کہ وہ اپنی نیک نامی میں ادارۂ طلوع اسلام اور ادارۂ تحقیقات اسلامی سے بھی آگے نکل جائے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

شہید اسلام

# حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی ؒ کی چند تصانیف

## آپ کے مسائل اور ان کا حل

جلد اول: عقائد، ختم نبوت، مہدی و مسیح، اسلام، غیر مسلم سے تعلقات، غلط عقائد رکھنے والے فرقے، جنت و دوزخ، توہم پرستی

جلد دوم: وضو کے مسائل، غسل و تیمم، پاکی سے متعلق عورتوں کے مسائل، نماز کے مسائل، جمعہ و عیدین کے مسائل

جلد سوم: نماز تراویح، نفل نمازیں، میت کے احکام، قبروں کی زیارت، ایصال ثواب، قرآن کریم، روزے کے مسائل، زکوٰۃ کے مسائل، صدقات

جلد چہارم: حج و عمرہ کے مسائل، قربانی، عقیقہ، حلال اور حرام جانور، کھانے کے مسائل

جلد پنجم: شادی بیاہ کے مسائل، طلاق، خلع، عدت، نان و نفقہ، عائلی قوانین

جلد ششم: تجارت، بیع و شرا، خرید و فروخت اور محنت و اجرت کے مسائل، شرکت و کاروبار، قرض کے مسائل، وراثت اور وصیت

جلد ہفتم: تصویر، داڑھی، وضع قطع، لباس، کھانے پینے کے شرعی احکام، والدین، اولاد اور پڑوسیوں کے حقوق، تبلیغ دین، کھیل کود، موسیقی، ذرائع ابلاغ، خاندانی منصوبہ بندی، تصوف

جلد ہشتم: پردہ، اخلاقیات، رسومات، معاملات، سیاست، تعلیم اور وظائف، جائز و ناجائز، جہاد اور شہید کے احکام

جلد نہم: متفرق مسائل

| | | |
|---|---|---|
| ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ (بڑی) | سیرت عمر بن عبدالعزیز | |
| ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ (چھوٹی) | رسائل یوسفی | |
| حسن یوسف (مقالات کا مجموعہ) | شیعہ سنی اختلافات اور صراط مستقیم | |
| اختلاف امت اور صراط مستقیم مکمل | عہد نبوت کے ماہ و سال | |
| عصر حاضر احادیث نبوی ﷺ کے آئینے میں | [illegible] | |
| شخصیات و تاثرات (دو جلدیں) | رجم کی شرعی حیثیت | |
| دور حاضر کے تجدد پسندوں کے افکار | دنیا کی حقیقت (دو جلدیں) | فتنہ گوہر شاہی |
| تحفہ قادیانیت (۳ جلدیں) | اصلاحی مواعظ | خاتم النبیین ﷺ |

مکتبہ لدھیانوی
18 سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی-5
دفتر ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی
فون 7780337 فیکس 7780340